۱۔ فرمایا ابوالحسن علیہ السلام نے کشتی نوحؑ کو حکم تھا کہ وہ بیت اللہ کا طواف کرے جبکہ زمین پانی میں ڈوب چکی تھی پس وہ موسم حج میں مقام منیٰ میں آئی پھر وہ پلٹی اور مطابق حکم الہٰی اس نے بیت اللہ کا طواف کیا۔ (ق)

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ کشتی نوح کا طول ایک ہزار دو سو ہاتھ اور عرض آٹھ سو ہاتھ اور بلندی دو سو ہاتھ تھی اس نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی سات بار اس کے بعد جودی پر ٹھہر گئی (مجہول)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ موسیٰ علیہ السلام ستر نبیوں کے ساتھ روحا پہاڑ کی گھاٹیوں سے آئے قطرانی (قطران کرفہ کے پاس ایک مقام) عبا پہنے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے حاضر ہے تیرا بندہ اور بندہ کا بیٹا۔ (موثق)

۴۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام گزرے روحا کے پتھریلے راستوں سے کہتے جاتے تھے لبیک اے بڑی بڑی مصیبتوں کو آسان کرنے والے اور اسی راستہ سے عیسیٰ علیہ السلام آئے یہ کہتے ہوئے حاضر ہے تیرا بندہ اور تیری کنیز کا بندہ اور اسی راستہ سے محمد مصطفیٰؐ یہ کہتے ہوئے آئے۔ اے ہر قسم کی بلندیوں والے میں حاضر ہوں (حسن)

۵۔ فرمایا موسیٰ نے احرام باندھا رملہ مصر سے اور گزرے روحا کے راستوں سے بحالت احرام کھینچتے تھے اپنے ناقہ کو کھجور کی چھال کی رسی سے اور آپ قطرانی کپڑے کی دو عبائیں پہنے ہوئے تھے آپ کے "لبیک" کی آواز کا جواب پہاڑ دیتے تھے۔ (ض)

۶۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کہ سلیمانؑ نے مع جن و انس و طیور و ہوا کے بیت اللہ کا حج کیا اور قباطی کپڑے کا لباس کعبہ کو پہنایا۔ (موثق)

۷۔ فرمایا کہ مسجد خیف میں سات سو انبیاء نے نماز پڑھی ہے اور رکن و مقام کے درمیان انبیاء کی قبریں ہیں اور آدم بھی حرم خدا کے اندر ہیں۔ (ض)

Presented by www.ziaraat.com

۸۔ فرمایا موسیٰ نے بنی اسرائیل کے ستر نبیوں کے ساتھ حج کیا ان کے اونٹوں کی نکیل لیف خرما کی تھی وہ جب لبیک کہتے تھے تو پہاڑ اس کا جواب دیتے تھے اور موسیٰ کی دو عبائیں قطرانی پڑے کی تھیں کہتے تھے حاضر ہے تیرا بندہ تیرے بندہ کا بیٹا۔ (مرسل)

۹۔ میں نے دیکھا کہ ابوعبداللہ علیہ السلام دروازہ کی طرف سے حجر کے پاس آئے اور بیت سے دو ہاتھ ہٹ کر نماز پڑھی، میں نے کہا آپ کے اہل بیت میں سے کسی کو نہیں دیکھا میزاب کے مقابل نماز پڑھتے۔ فرمایا یہ حضرت ہارون کے دونوں بیٹوں شبر و شبیر کا مصلّیٰ ہے۔ (مجہول)

۱۰۔ فرمایا رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان ستر نبی دفن ہیں جو مرے ہیں یا تو بھوک سے یا کوئی تکلیف اٹھا کر۔ (ض)

۱۱۔ فرمایا داؤد علیہ السلام جب مقام عرفہ میں تھے تو لوگوں کو دیکھا بڑی کثرت سے ہیں تو پہاڑ پر چڑھے اور دعا کرنے لگے جب عبادت سے فارغ ہوئے تو جبرئیل ان کے پاس آئے اور کہا اے داؤد تمہارا رب کہتا ہے کہ تم پہاڑ پر کیوں چڑھے کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ بہت سی آوازوں میں میرے اوپر کوئی آواز چھپ جاتی ہے پھر جبرئیل دریائی راستہ سے ان کو جدہ لے گئے چالیس روز بحری سفر کے بعد خشکی میں آئے۔ ایک چٹان ملی اس کو توڑا تو اس میں ایک کیڑا تھا پس جبرئیل نے کہا اے داؤد تمہارا رب کہتا ہے میں اس چٹان کے اندر اس کیڑے کی آواز سنتا ہوں تم نے خیال کیا کہ تمہاری آواز اور آوازوں میں مل کر مجھ سے مخفی ہو جائے گی۔

﴿باب ۹﴾

☆(ورود تبّع وأصحاب الفيل البيت وحفر عبدالمطلب زمزم وهدم قريش)☆
☆(الكعبة وبنائهم اياها وهدم الحجاج لها و بنائه اياها)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن الحسين بن المختار قال : حدَّثني إسماعيل بن جابر قال : كنت فيما بين مكّة و المدينة أنا و صاحب لي فتذاكرنا الأنصار فقال أحدنا : هم نُزّاع من قبائل وقال أحدنا : هم من أهل اليمن قال : فانتهينا إلى أبي عبدالله عليه السلام وهو جالس في ظلِّ شجرة فابتدء الحديث ولم نسأله فقال : إنَّ تبّعاً لمّا أن جاء من قبل العراق وجاء معه العلماء و أبناء الأنبياء فلمّا انتهى إلى هذا الوادي لهذيل أتاه أُناسٌ من بعض القبائل فقالوا : إنّك تأتي أهل بلدة قد لعبوا بالناس زماناً طويلاً حتّى اتّخذوا بلادهم حرماً و بنيتهم ربّاً أو ربّة فقال : إن كان كما تقولون قتلت مقاتليهم وسبيت ذرّيّتهم و هدمت بنيتهم ؛ قال : فسالت عيناه

Presented by www.ziaraat.com

حتّى وقعتا على خدّيه، قال: فدعى العلماء وأبناء الأنبياء فقال: انظروني وأخبروني لما أصابني هذا؟ قال: فأبوا أن يخبروه حتّى عزم عليهم قالوا: حدّثنا بأيّ شيء حدّثت نفسك؟ قال: حدّثت نفسي أن أقتل مقاتليهم وأسبي ذرّيّتهم وأهدم بنيتهم، فقالوا: إنّا لانرى الّذي أصابك إلّا لذلك، قال: ولم هذا؟ قالوا: لأنّ البلد حرم الله والبيت بيت الله وسكّانه ذرّيّة إبراهيم خليل الرّحمن، فقال: صدقتم فما مخرجي ممّا وقعت فيه؟ قالوا: تحدّث نفسك بغير ذلك فعسى الله أن يردّ عليك، قال: فحدّث نفسه بخير فرجعت حدقتاه حتّى ثبتتا مكانهما قال: فدعى بالقوم الّذين أشاروا عليه بهدمها فقتلهم ثمّ أتى البيت وكساه و أطعم الطعام ثلاثين يوماً كلّ يوم مائة جزور حتّى حملت الجفان إلى السباع في رؤوس الجبال ونثرت الأعلاف في الأودية للوحوش ثمّ انصرف من مكّة إلى المدينة فأنزل بها قوماً من أهل اليمن من غسّان و هم الأنصار.

٢ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن ابن أبي عمير، عن محمّد بن حمران؛ و هشام بن سالم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لمّا أقبل صاحب الحبشة بالفيل يريد هدم الكعبة مرّوا بإبل لعبدالمطّلب فاستاقوها فتوجّه عبدالمطّلب إلى صاحبهم يسأله ردّ إبله عليه فاستأذن عليه فأذن له وقيل له: إنّ هذا شريف قريش أو عظيم قريش وهو رجل له عقل و مروّة، فأكرمه وأدناه ثمّ قال لترجمانه: سله ما حاجتك، فقال له: إنّ أصحابك مرّوا بإبل لي فاستاقوها فأحببت أن تردّها عليّ، قال: فتعجّب من سؤاله إيّاه ردّ الإبل وقال: هذا الّذي زعمتم أنّه عظيم قريش و ذكرتم عقله يدع أن يسألني أن انصرف عن بيته الّذي يعبده أما لو سألني أن أنصرف عن هدّه لانصرفت له عنه، فأخبره التّرجمان بمقالة الملك فقال له عبدالمطّلب: إنّ لذلك البيت ربّاً يمنعه وإنّما سألتك ردّ إبلي لحاجتي إليها، فأمر بردّها عليه و مضى عبد المطلب حتّى لقى الفيل على طرف الحرم، فقال له: محمود؛ فحرّك رأسه فقال له: أتدري لما جيىء بك؟ فقال برأسه: لا[٢]، فقال: جاؤوا بك لتهدم بيت ربّك أفتفعل؟ فقال برأسه: لا، قال: فانصرف عنه عبد المطّلب وجاؤوا بالفيل ليدخل الحرم، فلمّا انتهى إلى طرف الحرم امتنع من الدّخول فضربوه فامتنع فأداروا به نواحي الحرم كلّها، كلّ ذلك يمتنع عليهم فلم يدخل و بعث

الله عليهم الطير كالخطاطيف في مناقيرها حجر كالعدسة أو نحوها فكانت تحاذي برأس الرّجل ثمّ ترسلها على رأسه فتخرج من دبره حتّى لم يبق منهم أحدٌ إلّا رجل هرب فجعل يحدّث النّاس بما رأى إذا طلع عليه طائر منها فرفع رأسه فقال: هذا الطير منها وجاء الطّير حتّى حاذى برأسه ثمّ ألقاها عليه فخرجت من دبره فمات.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن النّعمان، عن سعيد بن عبدالله الأعرج، عن أبي عبد الله عليه السلام قال: إنّ قريشاً في الجاهليّة هدموا البيت فلمّا أرادوا بناءه حيل بينهم وبينه واُلقي في روعهم الرّعب حتّى قال قائل منهم: ليأتي كلّ رجل منكم بأطيب ماله ولا تأتوا بمال اكتسبتموه من قطيعة رحم أو حرام ففعلوا فخلّي بينهم وبين بنائه فبنوه حتّى انتهوا إلى موضع الحجر الأسود فتشاجروا فيه أيّهم يضع الحجر الأسود في موضعه حتّى كاد أن يكون بينهم شرّ فحكّموا أوّل من يدخل من باب المسجد فدخل رسول الله صلّى الله عليه وآله فلمّا أتاهم أمر بثوب فبسط ثمّ وضع الحجر في وسطه ثمّ أخذت القبائل بجوانب الثّوب فرفعوه ثمّ تناوله صلّى الله عليه وآله فوضعه في موضعه فخصّه الله به.

٤ ـ عليّ بن إبراهيم؛ وغيره بأسانيد مختلفة رفعوه قالوا: إنّما هدمت قريش الكعبة لأنّ السيل كان يأتيهم من أعلا مكّة فيدخلها فانصدعت وسرق من الكعبة غزال من ذهب رجلاه من جوهر وكان حائطها قصيراً وكان ذلك قبل مبعث النّبيّ صلّى الله عليه وآله بثلاثين سنة فأرادت قريش أن يهدموا الكعبة ويبنوها ويزيدوا في عرصتها ثمّ أشفقوا من ذلك وخافوا إن وضعوا فيها المعاول أن تنزل عليهم عقوبة، فقال الوليد بن المغيرة دعوني أبدء فإن كان لله رضى لم يصبني شيء وإن كان غير ذلك كففنا، فصعد على الكعبة وحرّك منه حجراً فخرجت عليه حيّة وانكسفت الشّمس فلمّا رأوا ذلك بكوا وتضرّعوا وقالوا: اللّهمّ إنّا لا نريد إلّا الاصلاح، فغابت عنهم الحيّة فهدموه ونحّوا حجارته حوله حتّى بلغوا القواعد الّتي وضعها إبراهيم عليه السلام فلمّا أرادوا أن يزيدوا في عرصته وحرّكوا القواعد الّتي وضعها إبراهيم عليه السلام أصابتهم زلزلة شديدة وظلمة فكفّوا عنه وكان بنيان إبراهيم الطّول ثلاثون ذراعاً والعرض اثنان وعشرون ذراعاً

Presented by www.ziaraat.com

والسّمك تسعة أذرع، فقالت قريش: نزيد في سمكها فبنوها فلمّا بلغ البناء إلى موضع الحجر الأسود تشاجرت قريش في وضعه فقال كلّ قبيلة: نحن أولى به نحن نضعه فلمّا كثر بينهم تراضوا بقضاء من يدخل من باب بني شيبة فطلع رسول الله صلى الله عليه وآله فقالوا: هذا الأمين قد جاء فحكّموه فبسط رداءه وقال بعضهم: كساء طاروني كان له ووضع الحجر فيه ثمّ قال: يأتي من كلّ ربع من قريش رجل فكانوا عتبة بن ربيعة بن عبد شمس والأسود بن المطّلب من بني أسد بن عبدالعزّى. و أبو حذيفة بن المغيرة من بني مخزوم. و قيس بن عديّ من بني سهم فرفعوه ووضعه النّبيّ صلى الله عليه وآله في موضعه وقد كان بعث ملك الرّوم بسفينة فيها سقوف و آلات وخشب وقوم من الفعلة إلى الحبشة ليبنى له هناك بيعة فطرحتها الرّيح إلى ساحل الشّريعة فبطحت فبلغ قريشاً خبرها فخرجوا إلى السّاحل فوجدوا ما يصلح للكعبة من خشب و زينة وغير ذلك فابتاعوه وصاروا به إلى مكّة فوافق ذرع ذلك الخشب البناء ماخلا الحجر فلمّا بنوها كسوها الوصائد وهي الأردية .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن داود بن سرحان، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله ساهم قريشاً في بناء البيت فصار لرسول الله صلى الله عليه وآله من باب الكعبة إلى النّصف ما بين الرّكن اليمانيّ إلى الحجر الأسود .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم؛ وغيره رفعوه قال: كان في الكعبة غزالان من ذهب وخمسة أسياف فلمّا غلبت خزاعة جرهم على الحرم ألقت جرهم الأسياف و الغزالين في بئر زمزم وألقوا فيها الحجارة وطمّوها وعمّوا أثرها، فلمّا غلب قصيّ على خزاعة لم يعرفوا موضع زمزم و عمي عليهم موضعها، فلمّا غلب عبد المطّلب وكان يفرش له في فناء الكعبة ولم يكن يفرش لأحد هناك غيره فبينما هو نائم في ظلّ الكعبة فرأى في منامه أتاه آت فقال له: احفر برّة، قال: وما برّة؟ ثمّ أتاه في اليوم الثّاني فقال: احفر طيّبة، ثمّ أتاه في اليوم الثّالث فقال: احفر المصونة، قال: وما المصونة؟ ثمّ أتاه في اليوم الرّابع فقال: احفر زمزم لاتنزح ولا تذم تسقي الحجيج الأعظم عند

Presented by www.ziaraat.com

الغراب الأعصم عند قرية النّمل وكان عند زمزم حجر يخرج منه النّمل فيقع عليه الغراب الأعصم في كلّ يوم يلتقط النّمل فلمّا رأى عبد المطّلب هذا عرف موضع زمزم فقال لقريش: إنّي اُمرت في أربع ليال في حفر زمزم وهي مأثرتنا وعزّنا فهلمّوا نحفرها فلم يجيبوه إلى ذلك فأقبل يحفرها هو بنفسه وكان له ابن واحد وهو الحارث وكان يعينه على الحفر، فلمّا صعب ذلك عليه تقدّم إلى باب الكعبة ثمّ رفع يديه و دعا الله عزّ وجلّ و نذر له إن رزقه عشر بنين أن ينحر أحبّهم إليه تقرّباً إلى الله عزّ وجلّ فلمّا حفر وبلغ الطّوى طوى إسماعيل وعلم أنّه قد وقع على الماء كبّر و كبّرت قريش وقالوا: يا أبا الحارث هذه مأثرتنا ولنا فيها نصيب، قال لهم: لم تعينوني على حفرها هي لي ولولدي إلى آخر الأبد.

٧ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن القاسم بن يحيى، عن جدّه الحسن بن راشد قال: سمعت أبا إبراهيم عليه السلام يقول: لمّا احتفر عبد المطّلب زمزم وانتهى إلى قعرها خرجت عليه من إحدى جوانب البئر رائحة منتنة أفظعته فأبى أن ينثني وخرج ابنه الحارث عنه ثمّ حفر حتّى امعن فوجد في قعرها عيناً تخرج عليه برائحة المسك ثمّ احتفر فلم يحفر إلّا ذراعاً حتّى تجاره النّوم فرأى رجلاً طويل الباع حسن الشّعر جميل الوجه جيّد الثّوب طيّب الرّائحة وهو يقول: احفر تغنم وجدّ تسلم ولا تدّخرها للمقسم، الأسياف لغيرك والبئر لك أنت أعظم العرب قدراً ومنك يخرج نبيّها ووليّها و الأسباط النّجباء الحكماء العلماء البصراء والسيوف لهم وليسوا اليوم منك ولا لك ولكن في القرن الثّاني منك بهم ينير الله الأرض و يخرج الشّياطين من أقطارها ويذلّها في عزّها ويهلكها بعد قوّتها و يذلّ الأوثان و يقتل عبّادها حيث كانوا ثمّ يبقى بعده نسل من نسلك هو أخوه ووزيره و دونه في السنّ وقد كان القادر على الأوثان لا يعصيه حرفاً و لا يكتمه شيئاً و يشاوره في كلّ أمر هجم عليه واستعيى عنها عبد المطّلب فوجد ثلاثة عشر سيفاً مسندة إلى جنبه فأخذها و أراد أن يبثّ، فقال: و كيف و لم أبلغ الماء ثمّ حفر فلم يحفر شبراً حتّى بدا له قرن الغزال ورأسه فاستخرجه وفيه طبع لا إله إلّا الله محمّد رسول الله عليّ وليّ الله فلان خليفة الله فسألته فقلت: فلان متى كان قبله أو بعده؟ قال: لم يجيء بعد ولا جاء

شيء من أشراطه فخرج عبد المطّلب وقد استخرج الماء و أدرك وهو يصعد فإذا أسود له ذنب طويل يسبقه بداراً إلى فوق فضربه فقطع أكثر ذنبه ثمّ طلبه ففاته وفلان قاتله إن شاء الله ومن رأى عبد المطّلب أن يبطل الرّؤيا الّتي رآها في البئر ويضرب السّيوف صفائح البيت فأتاه الله بالنّوم فغشيه وهو في حجر الكعبة فرأى ذلك الرّجل بعينه وهو يقول: يا شيبة الحمد احمد ربّك فإنّه سيجعلك لسان الأرض ويتبعك قريش خوفاً ورهبة وطمعاً، ضع السّيوف في مواضعها واستيقظ عبد المطّلب فأجابه أنّه يأتيني في النّوم فإن يكن من ربّي فهو أحبّ إليّ وإن يكن من شيطان فأظنّه مقطوع الذّنب، فلم ير شيئاً ولم يسمع كلاماً فلمّا أن كان اللّيل أتاه في منامه بعدّة من رجال و صبيان فقالوا له: نحن أتباع ولدك و نحن من سكّان السّماء السّادسة السّيوف ليست لك تزوّج في مخزوم تقو[ى] واضرب بعد في بطون العرب، فإن لم يكن معك مال فلك حسب فادفع هذه الثّلاثة عشر سيفاً إلى ولد المخزوميّة ولا يبان لك أكثر من هذا وسيف لك منها واحد سيقع من يدك فلا تجد له أثراً إلّا أن يستجنه جبل كذا وكذا فيكون من أشراط قائم آل محمّد صلّى الله عليه وعليهم فانتبه عبد المطّلب وانطلق والسّيوف على رقبته فأتى ناحية من نواحي مكّة ففقد منها سيفاً كان أرقّها عنده فيظهر من ثمّ ، ثمّ دخل معتمراً وطاف بها على رقبته والغزالين أحداً وعشرين طوافاً وقريش تنظر إليه وهو يقول: اللّهمّ صدّق وعدك فأثبت لي قولي وانشر ذكري وشدّ عضدي وكان هذا ترداد كلامه وما طاف حول البيت بعد رؤياه في البئر ببيت شعر حتّى مات ولكن قد ارتجز على بنيه يوم أراد نحر عبد الله فدفع الأسياف جميعها إلى بني المخزوميّة إلى الزّبير وإلى أبي طالب وإلى عبد الله فصار لأبي طالب من ذلك أربعة أسياف سيف لأبي طالب وسيف لعليّ وسيف لجعفر وسيف لطالب وكان للزّبير سيفان وكان لعبد الله سيفان ثمّ عاد[ت] فصارت لعليّ الأربعة الباقية اثنين من فاطمة واثنين من أولادها فطاح سيف جعفر يوم اُصيب فلم يدر في يد من وقع حتّى السّاعة؛ ونحن نقول: لا يقع سيف من أسيافنا في يد غيرنا إلّا رجل يعين به معنا إلّا صار فحماً قال: وإنّ منها لواحد[اً] في ناحية يخرج كما تخرج الحيّة فيبين منه ذراع وما يشبهه فتبرق له الأرض مراراً ثمّ يغيب فإذا

كان الليل فعل مثل ذلك فهذا دأبه حتّى يجيء صاحبه ولو شئت أن اُسمّي مكانه لسمّيته ولكن أخاف عليكم من أن اُسمّيه فتسمّوه فينسب إلى غير ماهو عليه .

٨ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي عليٍّ صاحب الأنماط ، عن أبان بن تغلب قال : لمّا هدم الحجّاج الكعبة فرَّق الناس ترابها فلمّا صاروا إلى بنائها فأرادوا أن يبنوها خرجت عليهم حيّة فمنعت النّاس البناء حتّى هربوا فأتوا الحجّاج فأخبروه فخاف أن يكون قد منع بناءها فصعد المنبر ثمَّ نشد الناس وقال : أنشد الله عبداً عنده ممّا ابتلينا به علم لما أخبرنا به ، قال : فقام إليه شيخ فقال : إن يكن عند أحد علم فعند رجل رأيته جاء إلى الكعبة فأخذ مقدارها ثمَّ مضى فقال الحجّاج : من هو ؟ قال : عليُّ بن الحسين عليهما السلام فقال : معدن ذلك فبعث إلى عليِّ ابن الحسين صلوات الله عليهما فأتاه فأخبره ما كان من منع الله إيّاه البناء ، فقال له عليُّ بن الحسين عليهما السلام : ياحجّاج عمدت إلى بناء إبراهيم وإسماعيل فألقيته في الطريق و انتهبته كأنّك ترى أنّه تراث لك اصعد المنبر وأنشد الناس أن لا يبقى أحدٌ منهم أخذ منه شيئاً إلّا ردَّه ، قال : ففعل فأنشد الناس أن لا يبقى منهم أحدٌ عنده شيء إلّا ردَّه قال : فردُّوه فلمّا رأى جمع التراب أتى عليُّ بن الحسين صلوات الله عليهما فوضع الأساس وأمرهم أن يحفروا قال : فتغيّبت عنهم الحيّة وحفروا حتّى انتهوا إلى موضع القواعد، قال لهم عليُّ بن الحسين عليهما السلام : تنحّوا فتنحّوا فدنا منها فغطّاها بثوبه ثمَّ بكى ثمَّ غطّاها بالتراب بيد نفسه ثمَّ دعا الفعلة فقال : ضعوا بناءكم ، فوضعوا البناء فلمّا ارتفعت حيطانها أمر بالتراب فقلّب فألقى في جوفه فلذلك صار البيت مرتفعاً يصعد إليه بالدَّرج .

باب ۹

اصحاب فیل کا کعبہ پر حملہ عبد المطلب کا چاہ زمزم کھودنا وغیرہ

۱۔ راوی کہتا ہے کہ ہم مکہ اور مدینہ کے درمیان تھے میں اور میرا ایک دوست ، ہم نے انصار کے متعلق تذکرہ کیا۔ ہم میں

Presented by www.ziaraat.com

سے ایک نے کہا وہ قبائلیوں میں سے نکلے ہیں ایک نے کہا وہ اہل یمن سے ہیں ہم حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کے پاس آئے آپ درخت کے سایہ میں بیٹھے تھے آپ نے بغیر ہمارے سوال کئے بات کی ابتدا کی۔ فرمایا تبع جب عراق کی طرف سے آیا اور اس کے ساتھ علما و اولاد انبیا تھی جب وادی ہذیل میں پہنچا تو اس کے پاس بعض قبیلوں کے کچھ لوگ آئے اور اس سے کہنے لگے تم ایسے لوگوں کے پاس آئے ہو جو مدت دراز سے لوگوں کے ساتھ کھیلے ہیں اب انھوں نے اپنے شہروں کو حرم بنا لیا ہے اور اپنے گھروں رب و ربہ (خدا اور بت) کی جگہ بنا لیا ہے اس نے کہا اگر ایسا ہے جیسا تم کہتے ہو تو میں ان سے ضرور لڑوں گا اور ان کی اولاد کو قیدی بناؤں گا اور ان کے گھروں کو ڈھا دوں گا۔ حضرت نے فرمایا یہ کہتے ہوئے اس کی آنکھیں نکل کر اس کے رخسار پر آگئیں۔ فرمایا تبع نے علماء اور انبیاء کو بلا کر کہا یہ صورت ہے مجھے کیا کرنا چاہیئے انھوں نے رائے دینے سے انکار کیا۔ یہاں تک کہ اس نے ان سے جنگ کا ارادہ کیا تب انھوں نے کہا جو آپ کے دل میں ہو وہ کیجیے۔ اس نے کہا میرے دل میں ہے کہ لڑوں اور ان کی اولاد کو قید کر دوں اور گھروں کو گرا دوں انھوں نے کہا ہم اس کے متعلق کچھ نہیں جانتے۔ امام نے فرمایا اس لیے کہ ایسا نہیں انھوں نے کہا یہ حرم خدا ہے اللہ کا گھر ہے اور یہاں کے ساکن ابراہیم خلیل اللہ کی اولاد ہیں۔ اس نے کہا تم نے سچ کہا۔ لیکن جو ارادہ میرا ہے وہ بدلنے والا نہیں انھوں نے کہا آپ اپنے نفس سے پھر اس بارہ میں بات کریں شاید اللہ خیال بدل دے اس کے نفس نے نیک رائے دی اور وہ باز رہا اور اس کی دونوں آنکھیں اپنی جگہ پر آ گئیں پھر وہ جیسی تھیں ویسی ہی ہو گئیں۔

پھر اس نے ان کو بلایا جنھوں نے بیت اللہ کو ڈھانے کا مشورہ دیا تھا پس ان سب کو قتل کیا پھر خانہ کعبہ میں آیا اور اسے لباس پہنایا اور ایک ماہ تک ہر روز اہل مکہ کو کھانا کھلایا یہاں تک کہ بڑے ظرفوں میں ان درندوں کے لیے کھانا بھیجا جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر تھے اور مویشیوں کے لیے چارہ فراہم کیا اور وہاں سے مدینہ آیا یمن والے غسانیوں کو وہاں اتارا یہ انصار کہلائے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حضرت نے جب بادشاہ حبش کعبہ کو منہدم کرنے کے ارادہ سے ہاتھی لے کر آیا تو عبدالمطلب کے اونٹوں کی طرف سے گزرا اور ان کو ہنکا کر لے گیا۔ عبدالمطلب بادشاہ کے پاس گئے تاکہ واپسی کا مطالبہ کریں اس سے ملنے کی اجازت چاہی، جب گئے تو ان کے متعلق بتایا گیا کہ یہ شریف قریش ہیں اور ان کے سردار ہیں اور صاحب عقل و فہم ہستی ہیں اس نے عزت کے ساتھ اپنے پاس بٹھایا پھر اپنے ترجمان سے کہا پوچھو کیا حاجت ہے انھوں نے کہا تیرے سپاہی میرے اونٹ ہنکا لائے ہیں ان کی واپسی کے لیے آیا ہوں اس نے اس سوال پر تعجب کیا اور کہنے لگا یہی وہ ہیں جن کو قریش کا سردار اور صاحب عقل و فہم کہا گیا ہے انھوں نے مجھ سے یہ درخواست نہ کی کہ ان کی عبادت گاہ کا انہدام نہ کروں اگر یہ درخواست کرتے تو میں پلٹ جاتا۔ ترجمان نے بادشاہ کا قول بیان کیا۔ عبدالمطلب نے اس سے کہا اس گھر کا ایک مالک ہے وہ تیرے حملے کو رد کرے گا۔ میں اونٹوں کا مالک ہوں ان کی واگزاشت چاہتا ہوں اس نے واپسی کا حکم دے دیا۔

عبدالمطلب وہاں سے چلے اور اس ہاتھی کے پاس آئے جو حرم کے پاس کھڑا تھا اس سے کہا اے محمود اس نے سر ہلایا فرمایا کیا تو جانتا ہے کہ تجھے یہاں کیوں لائے ہیں اس نے سر ہلا کر کہا نہیں۔ فرمایا تیرے رب کا گھر گرانے کے لئے کیا تو ایسا کرے گا اس نے سر ہلایا کہ نہیں، یہ کہہ کر عبدالمطلب چلے آئے اور وہ ہاتھی لے کر حرم میں داخلہ کے لئے بڑھے لیکن ہاتھی نے قدم آگے نہ بڑھایا انھوں نے اسے مارا اور آگے بڑھانا چاہا وہ نہ بڑھا تو پھر مارا مگر وہ نہ بڑھا تب انھوں نے چاروں طرف سے حرم کو گھیر لیا۔ پس خدا نے ابابیل جیسے پرندے بھیجے جن کی منقاروں میں مسور کے دانے کے برابر کنکری تھی، وہ ہر ایک کے سر کے اوپر آئے اور کنکری اس پر ڈالی جو بدن پھوڑ کر اس کے مقعد سے نکل گئی یہاں تک کہ ان میں سے کوئی باقی نہ رہا سوائے ایک کے جو لوگوں سے یہ حال بیان کرنے کے لئے باقی رہا ایک پرندہ اس کے سر پر بھی منڈلاتا رہا یہاں تک کہ اس نے کنکری اس کے سر پر بھی گرا دی جو مقعد سے جا نکلی اور وہ بھی مر گیا۔ (م)

۳۔ فرمایا حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ زمانہ جاہلیت میں قریش نے خانہ کعبہ کو گرا دیا جب بنانے کا ارادہ کیا تو ان کے درمیان اختلاف ہوا اور ان کے دلوں میں رعب سما گیا۔ ان میں سے ایک نے کہا۔ ہر ایک تم میں سے اپنا اپنا پاک و طیب مال لائے ایسا مال نہ ہو جو قطع رحم یا بطریق حرام حاصل کیا گیا ہو انھوں نے ایسا ہی کیا۔ پس انھوں نے تعمیر کا کام شروع کر دیا جب حجر اسود تک پہنچے تو اس امر میں جھگڑا شروع ہوا کہ حجر کو اس کی جگہ پر رکھے کون، قریب تھا کہ فتنہ برپا ہو جائے آخر طے پایا کہ جو شخص سب سے پہلے دروازہ سے داخل ہو وہ رکھے چنانچہ حضرت رسول خدا داخل ہوئے آپؐ نے کہا ایک چادر لاؤ اسے بچھا کر آپ نے حجر کو اس میں رکھا اور قبائلیوں سے کہا ہر ایک اس کا ایک ایک گوشہ پکڑ لے اس کے بعد آپؐ نے حجر کو اٹھا کر اس کی جگہ رکھ دیا اور اللہ نے یہ کام آپ سے مخصوص کیا۔ (م)

۴۔ فرمایا قریش نے اس لئے کعبہ کو گرایا کہ مکہ کے بالائی حصہ سے جو سیلاب آیا تھا اس سے دیوار شق ہو گئی تھی اور کعبہ کے اندر سے جو ہرن چوری ہو گیا جو سونے یا جواہرات کا تھا اور اس کی دیواریں نیچی تھیں یہ واقعہ بعثت نبی سے چھبیس برس پہلے کا ہے۔ قریش نے کعبہ کو گرا کر دوبارہ بنانے اور عمارت کو بڑھانے کا ارادہ کیا۔ پھر اس بات سے ڈرے کہ اس پر پھاوڑہ چلائیں اور عذاب الٰہی نازل ہو جائے۔ ولید بن مغیرہ نے کہا اس کام کے لئے مجھے چھوڑ دو اگر اس کام میں اللہ کی مرضی ہوتی تو مجھے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور اس کے سوا کچھ ہوا تو میں کافی ہوں پس وہ کعبہ پر چڑھ گیا اور ایک پتھر کو حرکت دی وہاں سے ایک سانپ نکلا اور سورج گرہن میں آیا یہ دیکھا تو رونے اور چیخنے چلانے لگے اور کہنے لگے یا اللہ ہم نے اس عمل سے عمارت میں اصلاح چاہی ہے پس سانپ غائب ہو گیا۔ انھوں نے کعبہ کو گرا دیا اور اس کے پتھر اس کے آس پاس رکھ دیئے جب ان بنیادوں تک پہنچے جو ابراہیم علیہ السلام نے رکھی تھیں تو انھوں نے انھیں بڑھانا چاہا۔ عرض میں جوں ہی بنیادوں کو ہلایا سخت زلزلہ آ گیا اور تاریکی چھا گئی پس وہ رک گئے۔ حضرت ابراہیم

کی بنیادوں کا طول تیس ہاتھ تھا اور چوڑائی ۲۲ ہاتھ اور بلندی ۹ ہاتھ، قریش نے کہا بلندی بڑھائی جائے۔ پس انھوں تعمیر کی، جب تعمیر حجر اسود تک پہنچی تو حجر اسود کے رکھتے وقت قریش میں جھگڑا ہو گیا ہر قبیلہ کا کہنا تھا کہ میں اس کے رکھنے کا زیادہ مستحق ہوں آخر جب نزع نے طول پکڑا تو اس بات پر فیصلہ ہوا کہ کل جو سب سے باب بنی شیبہ میں داخل ہو وہ رکھے۔ پس حضرت رسول خدا داخل ہوئے۔ لوگوں نے کہا یہ امین ہیں انہی کو حکم بنایا جائے۔ حضرت نے اپنی چادر بچھا دی بعض نے کہا وہ طاروئی تھی حضرت نے اس میں حجر کو رکھا اس کے بعد فرمایا قریش کے ہر قبیلے کا سردار آئے پس بنی عتبہ بن ربیعہ ابن عبد الشمس اور اسود بن مطلب اور بنی اسد سے ابن عبد العزیٰ اور ابو حذیفہ بن المغیرہ بنی مخزوم سے قیس بن عادی بنی سہم سے، ان سب نے چادر کو پکڑ کر اٹھایا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود حجر کو اس کے مقام پر رکھا۔

اور بادشاہ روم نے ایک کشتی میں چھتوں کے تختے اور لکڑی کے متعلق اوزار اور کاریگروں کو حبشہ بھیجا تھا کہ وہاں جا کر فروخت کریں ہوا نے اس کشتی کو ساحل شریعت پر پہنچا دیا اور وہ وہاں ٹھہر گئی جب قریش کو خبر ملی تو وہ ساحل پر گئے اور وہاں کعبہ کی ضرورت کے مطابق لکڑی کا سامان زیبائش وغیرہ پایا پس اسے خرید کر مکہ لے آئے وہ پوری ثابت ہوئی انھوں نے سوائے حجر کے اور سب تعمیر مکمل کر لی اس کے بعد انھوں نے سرخ رنگ کے کپڑے سے اس کا لباس تیار کیا اور وہ چادروں کی صورت میں تھا۔ (مرفوع)

۵- فرمایا حضرت نے تعمیر کعبہ میں حضرت رسول خدا قریش کے ساتھ شریک رہے یہ شرکت باب کعبہ سے لے کر نصف حصہ تک اس رقبہ کے تھی جو باب کعبہ کے رکن یمانی سے حجر تک ہے۔ (حسن)

۶- کعبہ میں سونے کے دو ہرن تھے اور پانچ تلواریں جب خزاعہ نے جرہم پر غلبہ حاصل کیا تو جرہم نے وہ تلواریں اور ہرن کنوئیں میں ڈال دیئے یعنی زمزم میں اور اس میں پتھر بھر کر اس کا نشان باقی نہ رکھا جب قصی خزاعہ پر غالب آئے تو انھوں نے زمزم کا کوئی نشان باقی نہ پایا اس کا مقام ان سے پوشیدہ رہا۔ جب عبد المطلب نے غلبہ حاصل کیا تو ان کے لئے صحن کعبہ میں فرش بچھایا جاتا تھا ان سے پہلے اور کسی کے لئے ایسا نہیں کیا جاتا تھا۔

جب وہ کعبہ کے سایہ میں سو رہے تھے تو انھوں نے خواب میں دیکھا کہ ایک آنے والا کہہ رہا ہے کہ برہ کو کھود دو دوسرے روز اس نے خواب میں کہا طیبہ کو کھود دو، تیسرے روز اس نے کہا مصونہ کو کھود دو، چوتھے روز کہا زمزم کو کھود دو اور سستی نہ کرو اور کسی کی مذمت کا خوف نہ کرو یہ کنواں حاجیوں کے تمام مجمع کو سیراب کرے گا وہاں کھود دو جہاں سفید پروں والا کوا ہے اور جہاں چیونٹیوں کا ڈل ہے۔

جب عبد المطلب نے خواب میں یہ دیکھا اور زمزم کی جگہ معلوم ہو گئی تو قریش سے کہا چار راتوں سے میں زمزم کا کھودنا دیکھ رہا ہوں یہ ہمارے بزرگوں کی یادگار ہے ہماری عزت کا سرمایہ ہے آؤ تاکہ ہم اسے کھودیں کسی نے ہامی نہ

Presented by www.ziaraat.com

بھری اس کے بعد خود کھودنے پر آمادہ ہوئے ان کے اس وقت صرف ایک بیٹا حارث نامے تھا وہی کھودنے میں مدد کرتا تھا۔

جب یہ کام دشوار معلوم ہوا تو باب کعبہ پر آکر دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور نذر کی کہ اگر خدا انہیں دس بیٹے دے تو ان میں سے جو سب سے زیادہ محبوب ہوگا اسے راہ خدا میں ذبح کریں گے۔ غرضیکہ بعد میں پھر کھودا جب اس پتھریلی جگہ پہنچے جو طوی اسمٰعیل کہلاتی ہے اور پانی کے آثار ظاہر ہوئے تو عبدالمطلب نے تکبیر کہی اور کہنے لگے یہ ہمارے بزرگوں کی یادگار ہے لہٰذا اس میں ہمارا بھی حصہ ہے فرمایا تم نے میری مدد نہیں کی کھودنے میں لہٰذا یہ میرا اور میرے بیٹے کا ہے قیامت تک۔ (مرفوع)

۷۔ جب زمزم کو کھودتے کھودتے آخر پر پہنچے تو ایک طرف سے بڑی بدبودار ہوا نکلی جس سے کھودنے کا کام رکا لیکن انھوں نے روگردانی نہ کی لیکن ان کے فرزند حارث باہر نکل گئے کھودنے کا کام جاری رہا اس کے بعد تہہ میں ایک چشمہ پایا جس سے مشک کی سی خوشبو آئی، آگے ایک ہاتھ اور کھودا ہوگا کہ نیند غالب آئی کہ ایک قد آور شخص کو دیکھا، خوبصورت بال، خوبصورت چہرہ، عمدہ لباس، خوشبو سے معطر وہ کہہ رہا ہے کھود ختم کرو اور کوشش کرو، تم سلامت رہو گے اور ان تلواروں کو اپنے غیر پر تقسیم کرنے کے لئے ذخیرہ مت بناؤ، سونا خاص تمہارے ہی لئے ہے تم بلحاظ قدر و منزلت سردار عرب ہو تمہاری نسل میں نبی اور ولی ہوگا، اسباط ہوں گے علماء ہوں گے حکماء ہوں گے صاحب بصیرت ہوں گے اور یہ تلواریں ان کے لئے ہیں۔

لیکن یہ چیزیں تمہارے لئے اب نہیں بلکہ دوسری صدی میں وہ لوگ پیدا ہوں گے جن کے نور سے زمین روشن ہوگی اور اطراف ارض سے شیاطین نکالے جائیں گے وہ ذلیل ہوں گے اور بعد قوت کے ہلاک ہوں گے ان کے بت ذلیل ہوں گے ان کے پجاری قتل کئے جائیں گے جہاں کہیں ہوں گے پھر اس کے بعد تمہاری نسل سے اس نبی کا بھائی اور وزیر ہوگا جو سن میں اس سے کم ہوگا اور وہ قادر ہوگا بت شکنی پر اور نبی کی کسی بات پر نافرمانی نہ کرے گا اور نہ نبی اس سے کسی بات کو چھپائے گا اور ہر امر میں اس سے مشورہ کرے گا۔ عبدالمطلب پر اس خواب سے فکر کا ہجوم ہوا اور وہ اس کے سمجھنے میں حیران رہ گئے انھوں نے اپنے پہلو کے برابر ۱۳ تلواروں کو رکھا ہوا پایا انھوں نے اس کو اٹھا لیا۔

اور اوپر جانا چاہا پھر دل میں کہا کہ ابھی تو میں پانی تک نہیں پہنچا پس پھر کھودنے لگے ابھی ایک بالشت ہی کھودا ہوگا کہ ہرن کا سینگ اور اس کا سر برآمد ہوا جس پر چھپا ہوا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ علیؑ ولی اللہ فلاں خلیفۃ اللہ، میں نے کہا فلاں اس نبی کے قبل ہوگا یا بعد، کہا ابھی اس کے شرائط کے متعلق کچھ نہیں آیا۔ پس عبدالمطلب پانی نکلنے کے بعد کنوئیں سے باہر نکلنے لگے تو ایک کالا سانپ جس کی لمبی دُم تھی جلدی سے اوپر کی طرف چڑھا انھوں نے اس پر ضرب لگائی اس کی دُم کا زیادہ حصہ کٹ گیا پھر وہ ایسا چھپا کہ باوجود تلاش کے نہ ملا۔ فلاں (مراد حضرت حجت، انشاء اللہ

اس کو قتل کریں گے۔ عبدالمطلب کی خواہش ہوئی کہ اس خواب کو باطل قرار دیں جو کنوئیں کے اندر دیکھا تھا اور تلواریں خانۂ کعبہ کے گوشوں میں گاڑدیں ان کو نیند آگئی وہ حجر کعبہ کے پاس تھے پھر اسی شخص کو کہتے سنا، اے شیبۃ الحمد اپنے رب کی حمد کرو، وہ تم کو عنقریب لسان الارض بنائے گا قریش تمہاری پیروی کریں گے کچھ خوف سے کچھ طمع سے، تلواروں کو ان کی جگہ پر رکھو، عبدالمطلب جاگے اور جواب دیا۔ جو میرے خواب میں آیا اگر وہ میرے رب کی طرف سے ہے تو وہ مجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہے اور اگر شیطان سے ہے تو میرے گمان میں وہی دُم کٹا ہے پس انھوں نے نہ کسی کو دیکھا اور نہ کوئی بات سنی۔ اس کے بعد ہر رات کو خواب میں کچھ مردوں اور لڑکوں کو یہ کہتے سنتے کہ ہم آپ کے فرزند کے تابعین میں سے ہیں۔ ہم چھٹے آسمان کے ساکنوں میں سے ہیں یہ تلواریں آپ کے لئے نہیں ہیں تم بنی مخزوم میں شادی کرو ان سے تم کو قوت حاصل ہوگی پھر دیگر بطون عرب سے تعلق پیدا کرنا اگر تمہارے پاس مال نہ بھی ہوگا تب بھی کچھ حرج نہ ہوگا۔ پس یہ تیرہ تلواریں اولاد مخزومیہ کو دے دو، پس اس سے زیادہ تمہارے لئے بیان نہیں، ان میں سے ایک تلوار تمہارے لئے ہے جو تمہارے ہاتھ سے گرے گی اسے اس اس طرح رسی سے باندھ کر رکھنا ورنہ اس کا پتہ نہ چلے گا یہی تلوار قائم آل محمد کے ظہور کی شرطوں میں سے ہوگی۔

عبدالمطلب جب خواب سے جاگے تو تلواروں کو اپنی گردن پر رکھا اور مکہ کی سمت آئے ان میں سے ایک تلوار نکالی جو سب سے زیادہ تیز اور چمکدار تھی پھر وہاں سے نذر کی اور عمرہ کی نیت سے داخل ہوئے اور خانۂ کعبہ کا طواف کیا۔ درآنحالیکہ ان کی گردن پر درنون ہرن تھے ۱۲ بار طواف کیا اور قریش دیکھ رہے تھے وہ کہتے جاتے تھے اے خدا تیرہ وعدہ سچا ہے میری بات کو ثابت رکھ، میرے ذکر کو نشر کر اور میرے بازو کو قوی کر، اور اس کلام کا تکرار کرتے جاتے تھے اور اس کے بعد کہ بیت اللہ میں خواب دیکھا تھا انھوں نے طواف نہیں کیا اور مرگئے اور جب وہ وقت آیا کہ حضرت عبداللہ کو نحر کریں تو وہ سب تلواریں فاطمہ مخزومیہ کی اولاد کو دیں، زبیر اور ابوطالب کو چار اور ایک علی کو ایک جعفر کو، ایک طالب کو اور زبیر کے پاس دو رہیں اور دو عبداللہ کو ملیں پھر دوبارہ تقسیم ہوئی تو علی کو چار دیں دو فاطمہ کو دو ان کی اولاد کو، جعفر کی تلوار گم ہوگئی اور پھر پتہ نہ چلا کس ہاتھ لگی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کوئی تلوار ہماری تلواروں میں سے غیر کے پاس نہیں جاسکتی مگر وہ شخص جو اس سے ہماری اعانت کرے گا ورنہ وہ کھٹی ہو جائے اور ان تلواروں میں سے ایک تلوار ناحیہ مقدسہ سے اسی طرح نکلے گی جیسے سانپ بل کھاتا نکلتا ہے پس ظاہر ہوئی اس سے ہاتھ جیسی چیز ظاہر ہوگی جس سے بار بار زمین روشن ہوگئی پھر غائب ہوگئی رات آئی تو پھر ایسا ہی ہوا یہ ہے دابہ، جب تک اس کا مالک آئے اگر تو چاہے تو اس کا مقام بتاؤں تو بتا دوں گا لیکن مجھے تم لوگوں سے یہ خوف ہے کہ اگر میں اس کا نام بتادوں تو تم اس

کا نام بیان کرو گے اور جو قوت اس کو ہے اسے عاجزی کی طرف نسبت دو گے۔ (رقم)

۸۔ ابان بن تغلب نے کہا جب حجاج نے کعبہ کو گرا دیا تو لوگ اس کی مٹی اٹھا اٹھا کر لے گئے جب اس کو بنانا چاہا تو ایک سانپ نکلا اور اس نے تعمیر سے روک دیا لوگ بھاگ کر حجاج کے پاس آئے اور اس کو واقعہ کی خبر دی وہ ڈر گیا کہ تعمیر سے روک دیا گیا ہے وہ منبر پر گیا اور لوگوں کو قسم دے کر کہا اگر کسی کو اس مصیبت کا سبب معلوم ہو تو ہمیں بتائے ایک بوڑھے آدمی نے کھڑے ہو کر کہا صرف ایک ہی شخص ہیں جو اس کی بابت بتلا سکتے ہیں۔ اس نے کہا وہ کون ہیں کہا علی بن الحسین، اس نے حضرت کو بلا بھیجا اور اس رکاوٹ کی وجہ پوچھی۔ فرمایا اے حجاج تو نے ابراہیم و اسمٰعیل کی بنائی ہوئی عمارت کو گرا دیا اور اس کا متبرک ملبہ سڑک پر ڈلوا دیا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگ اسے اٹھا اٹھا کر لے گئے تو نے ایسا عمل کیا گویا وہ تیری میراث تھا منبر پر جا اور لوگوں کو قسم دے کہ جس نے جو کچھ لیا ہے وہ واپس کرے کسی کے پاس کچھ باقی نہ رہے غرض کہ سب نے لوٹا دیا سب مٹی جمع ہو گئی تو حضرت علی بن الحسین علیہ السلام آئے۔ آپ نے داغ بیل ڈالی اور مزدوروں کو کھودنے کا حکم دیا اس کے بعد وہ سانپ غائب ہو گیا اور لوگوں نے کھودنا شروع کیا جب وہ قواعد تک پہنچے تو حضرت نے فرمایا اب تم ہٹ جاؤ، وہ ہٹ گئے آپ بنیاد کے پاس گئے اور اپنے لباس سے ڈھانپ دیا۔ پھر مزدوروں کو بلایا اور فرمایا یہاں بنیاد رکھو، جب اس کی دیواریں کچھ بلند ہو گئیں تو جتنا ملبہ تھا اسے ان کے اندر بھروا دیا جس سے خانۂ کعبہ اتنا اونچا ہو گیا کہ سیڑھیوں سے چڑھا جائے۔

﴿باب﴾

☆(في قوله تعالى فيه آيات بينات)☆

۱ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن الحسن بن محبوب، عن ابن سنان قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن قول الله عزَّ وجلَّ: «إنَّ أوَّل بيت وضع للناس للذي ببكّة مباركاً وهدى للعالمين☆فيه آياتٌ بيّناتٌ» ماهذه الآيات البيّنات؟ قال: مقام إبراهيم حيث قام على الحجر فأثّرت فيه قدماه والحجر الأسود ومنزل إسماعيل عليه السلام.

۲ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال، عن ابن بكير، عن زرارة قال: قلت لأبي جعفر عليه السلام: قد أدركت الحسين عليه السلام قال: نعم أذكر وأنا معه في المسجد الحرام وقد دخل فيه السيل والناس يقومون على المقام يخرج الخارج يقول: قد ذهب به السيل ويخرج منه الخارج فيقول: هو مكانه قال: فقال لي: يا فلان ماصنع هؤلاء؟ فقلت: أصلحك

Presented by www.ziaraat.com

الله يخافون أن يكون السيل قدذهب بالمقام ، فقال : ناد أنّ الله تعالى قدجعله علماً لم يكن ليذهب به فاستقرّوا و كان موضع المقام الّذي وضعه إبراهيم عليه السلام عند جدار البيت فلم يزل هناك حتّى حوّله أهل الجاهليّة إلى المكان الّذي هو فيه اليوم فلمّا فتح النبيّ صلى الله عليه وآله مكة ردّه إلى الموضع الّذي وضعه إبراهيم عليه السلام فلم يزل هناك إلى أن ولي عمر بن الخطاب فسأل الناس من منكم يعرف المكان الّذي كان فيه المقام؟ فقال رجل : أنا قدكنت أخذت مقداره بنسع فهو عندي فقال : ائتني به فأتاه به فقاسه ثمّ ردّه إلى ذلك المكان .

باب

آیات بیّنات

۱۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا آیہ انّ اول بیت الخ میں آیات بینات سے کیا مراد ہے فرمایا مقام ابراہیم یعنی وہ پتھر جس پر نشان قدم ابراہیم ہے اور حجر اسود اور منزل اسمٰعیل۔

۲۔ زرارہ کہتے ہیں میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا، میں نے امام حسین علیہ السلام کو دیکھا ہے فرمایا ہاں میں بتاتا ہوں میں مسجد الحرام میں حضرت کے ساتھ تھا کہ سیلاب اس میں داخل ہوا لوگ مقام ابراہیم پر کھڑے تھے کوئی باہر نکلنے والا کہتا تھا مقام ابراہیم بہہ گیا کوئی کہتا تھا اپنی جگہ پر ہے حضرت نے پوچھا لوگ کیا کہتے ہیں، میں نے کہا لوگ خایف ہیں اس سے کہ سیلاب مقام ابراہیم کو بہا نے جائے گا فرمایا پکار کر کہو اللہ نے اسے نشان قرار دیا ہے۔ سیلاب اسے بہا نہیں سکتا اپنے مقام پر ٹھہرے رہیں اور مقام کی وہ جگہ جہاں ابراہیم علیہ السلام نے رکھا تھا خانہ کعبہ کی دیوار کے پاس تھا وہیں رہا یہاں تک اہل جاہلیت نے اس جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ رکھ دیا۔ جب مکہ فتح ہوا تو پھر اسی جگہ پر رکھا گیا جہاں ابراہیم نے رکھا تھا۔ وہ عمر کے وقت تک وہیں رہا۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کوئی تم میں ہے جو مقام ابراہیم کی اصلی جگہ جانتا ہو۔ ایک شخص نے کہا اس کی بیت سے دوری کا ایک ناپ میرے پاس ہے انھوں نے کہا لے آؤ۔ پس حجر کو اکھاڑ کر اس کے لحاظ سے لگا دیا گیا۔ (موثق)

﴿باب نادر﴾

١ ـ محمّد بن عقيل ، عن الحسن بن الحسين ، عن عليّ بن عيسى ، عن عليّ بن الحسن ، عن محمّد بن يزيد الرفاعيّ رفعه أنّ أمير المؤمنين عليه السلام سئل عن الوقوف بالجبل لم لم يكن في الحرم ؟ فقال : لأنّ الكعبة بيته والحرم بابه فلمّا قصدوه وافدين وقفهم بالباب يتضرّعون ، قيل له : فالمشعر الحرام لم صار في الحرم ؟ قال : لأنّه لمّا أذن لهم بالدّخول وقفهم بالحجاب الثاني فلمّا طال تضرّعهم بها أذن لهم لتقريب قربانهم فلمّا قضوا تفثهم تطهّروا بها من الذّنوب الّتي كانت حجاباً بينهم وبينه أذن لهم بالزّيارة على الطهارة قيل له : فلم حرّم الصيام أيّام التشريق ؟ قال : لأنّ القوم زوّار الله وهم في ضيافته ولا يجمل بمضيف أن يصوم أضيافه ، قيل له : فالتعلّق بأستار الكعبة لأيّ معنى هو ؟ قال : مثل رجل له عند آخر جناية وذنب فهو يتعلّق بثوبه يتضرّع إليه ويخضع له أن يتجافى عن ذنبه .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن صفوان ـ أو رجل ـ عن صفوان ، عن ابن بكير ، عن أبيه ، عن أبي جعفر عليه السلام قال ، إنّ المزدلفة أكثر بلاد الله هواماً فإذا كانت ليلة التروية نادى مناد من عند الله يا معشر الهوامّ ارحلن عن وفد الله ، قال : فتخرج في الجبال فتسعها حيث لا ترى فإذا انصرف الحاجّ عادت .

باب

نوادر

١. امیر المومنین علیہ السلام سے پوچھا گیا جبل پر ٹھہرنے کے متعلق کہ جب وہ داخل حرم نہیں تو کیوں فرمایا کعبہ اللہ کا گھر ہے اور حرم اس کا دروازہ ہے جب آنے والے آنے کا ارادہ کریں تو ان کو دروازہ پر تضرع و زاری کرنی چاہیے پوچھا گیا اور مشعر الحرام کو داخل حرم کیوں کیا گیا۔ فرمایا اذن دخول کے حجاب ثانی کے پاس ٹھہرنا چاہیے۔ جب ان کی تضرع و زاری زیادہ ہو تو ان کو اجازت دی جائے قربانی کی جب وہ اس طرح

اپنے نفس کی کثافت دور کرلیں اور ان گناہوں سے پاک ہو جائیں جو حجاب بنے ہوئے تھے ان کے اور خدا کے درمیان، تو اذن دیا جائے زیارت کعبہ کا، کہا گیا روزہ کیوں حرام کیا گیا ایام تشریق میں فرمایا اس لئے کہ لوگ زائرین خدا ہو کر اس کے مہمان ہوتے ہیں اور میزبان کے لئے یہ اچھا نہیں کہ اس کا مہمان روزے سے ہو۔ پوچھا گیا کہ کعبہ کے پردوں سے تعلق رکھنے کا کیا مطلب، جب کسی کا آخری گناہ بھی رہ جائے تو اس کو چاہیئے کہ غلاف کعبہ پکڑ کر گریہ وزاری کرے تاکہ ہر گناہ سے دور ہو جائے۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا حضرت ابوجعفرؑ نے مزدلفہ اکثر بلاد اللہ ہے جب شب تردیہ آتی ہے تو اللہ کی طرف سے ایک منادی ندا کرتا ہے کہ اے کیڑے مکوڑو خدا کی بارگاہ میں آنے والوں سے دور ہو جاؤ پس وہ پہاڑوں سے نکل کر غیر معلوم جگہ میں چلے جاتے ہیں اور ان کے جانے کے بعد آجاتے ہیں۔ (ض)

﴿باب ۱۳﴾

☆(ان الله عز وجل حرّم مكة حين خلق السماوات والارض)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن النّعمان ، عن سعيد الأعرج عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ قريشاً لـمّا هدموا الكعبة وجدوا في قواعده حجراً فيه كتاب لم يحسنوا قراءته حتّى دعوا رجلاً فقرأه فإذا فيه : أنا الله ذو بكّة حرّمتها يوم خلقت السّماوات والأرض و وضعتها بين هذين الجبلين و حففتها بسبعة أملاك حفّاً (١) .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن زرارة قال : سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول : حرّم الله حرمه أن يُختلى خلاه أو يعضد شجرة إلّا الإذخر أو يصاد طيره .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لـمّا قدم رسول الله صلى الله عليه وآله مكّة يوم افتتحها فتح باب الكعبة فأمر بصور في الكعبة فطمست فأخذ بعضادتي الباب فقال : لا إله إلّا الله وحده لا شريك له صدق وعده ونصر عبده وهزم الأحزاب وحده ماذا تقولون وماذا تظنّون ؟ قالوا : نظنّ خيراً و نقول خيراً أخ كريم وابن أخ كريم وقد قدرت ، قال : فإنّي أقول كما قال أخي يوسف: لا

Presented by www.ziaraat.com

تثريب عليكم اليوم يغفر الله لكم وهو أرحم الرّاحمين ، ألا إنّ الله قد حرّم مكّة يوم خلق السّماوات والأرض فهي حرام بحرام الله إلى يوم القيامة لا ينفر صيدها ولا يعضد شجرها ولا يختلى خلاها ولا تحلّ لقطتها إلّا لمنشد فقال العبّاس : يا رسول الله إلّا الإذخر فإنّه للقبر والبيوت ؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وآله إلّا الإذخر .

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله يوم فتح مكّة : إنّ الله حرّم مكّة يوم خلق السّماوات والأرض وهي حرام إلى أن تقوم السّاعة لم تحلّ لأحد قبلي ولا تحلّ لأحد بعدي ولم تحلّ لي إلّا ساعة من نهار .

باب ۱۲

اللہ نے مکہ کو صاحبِ حرمت بنایا ہے

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ جب قریش نے کعبہ کو گرایا تو اس کی بنیادوں میں ایک پتھر پایا جس پر کچھ لکھا تھا لیکن لوگ پڑھ نہ سکے ایک شخص کو تلاش کیا۔ اس نے پڑھا۔ میں مکہ کا مالک ہوں میں نے اسے صاحب حرمت بنایا ہے جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں نے اس کو ان دو پہاڑوں کے درمیان رکھا ہے اور اس کا طواف کرتے ہیں سات فرشتے۔ (م)

۲۔ فرمایا حضرت نے اللہ نے حرام کیا ہے اس کو کہ حرم کے اندر گھاس پامال کی جائے سوائے سوکھی گھاس کے اور درخت نہ کاٹا جائے اور پرندہ کا شکار نہ کیا جائے۔ (موثق)

۳۔ فرمایا جب رسول اللہ فتح مکہ کے بعد مکہ آئے تو آپ نے کعبہ کو کھولا اور حکم دیا کہ جو تصویریں بنی ہوئی ہیں وہ مٹا دی جائیں اور دروازہ کا بازو پکڑ کر فرمایا لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ ، اس نے اپنے وعدہ کو پورا کیا اور اپنے بندہ کی مدد کی اور مخالف گروہوں کو شکست دی ، اب بتاؤ تم کیا کہتے ہو؟ اور میرے متعلق کیا گمان رکھتے ہو؟ انھوں نے کہا نیکی کرنے کا ، آپ ہمارے اخ کریم ہیں اور اخ کریم کے فرزند ہیں آپ کو ہم پر بہر

Presented by www.ziaraat.com

طرح کی قدرت ہے فرمایا میں تمہارے حق میں وہی کہتا ہوں جو میرے بھائی یوسف نے کہا تھا کہ اب تم پر کوئی گناہ نہیں، اللہ رحم کرنے والا ہے آگاہ ہو کہ اللہ نے زمین و آسمان کو پیدا کیا ہے مکہ کو صاحب حرمت بنایا ہے پس وہ قیامت تک بحرمت ایزدی محترم ہے اس میں شکار نہ کیا جائے اس کا درخت نہ کاٹا جائے اور اس کا سبزہ نہ کچلا جائے اور اس میں گری پڑی چیز اٹھانا حلال نہیں مگر اعلان کرنے والے کے لئے، عباس نے کہا یا رسول اللہ کیا اذخر (ایک قسم کی خوشبودار گھاس جسے قبروں میں رکھتے ہیں اور جلانے کے لئے گھروں میں رکھتے ہیں) جو قبروں میں اور گھروں میں کام آتی ہے۔ فرمایا سوائے اذخر کے۔ (موثق)

۳۔ روز فتح مکہ رسول اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین کی پیدائش کے وقت سے خانۂ کعبہ کو محترم بنایا ہے اور وہ محترم رہے گا روز قیامت تک، مجھ سے پہلے اور نہ میرے بغیر احرام داخل ہونا حلال نہیں، سوائے دن میں ایک ساعت کے لئے۔ (حسن)

﴿باب ۱۳﴾

﴿ في قوله تعالى : «ومن دخله كان آمناً» ﴾

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن محبوب ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن قول الله عزَّ وجلَّ : «ومن دخله كان آمناً» البيت عنى أم الحرم ؟ قال : من دخل الحرم من النّاس مستجيراً به فهو آمنٌ من سخط الله ومن دخله من الوحش والطّير كان آمناً من أن يهاج أو يؤذى حتّى يخرج من الحرم .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن قول الله عزَّ وجلَّ : «ومن دخله كان آمناً» قال : إذا أحدث العبد في غير الحرم جناية ثمَّ فرَّ إلى الحرم لم يسع لأحد أن يأخذه في الحرم ولكن يمنع من السوق ولا يبايع ولا يطعم ولا يسقي ولا يكلّم ، فإنّه إذا فعل ذلك به يوشك أن يخرج فيؤخذ وإذا جنى في الحرم جناية اُقيم عليه الحدُّ في الحرم لأنّه لم يدع للحرم حرمته .

محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن

Presented by www.ziaraat.com

عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن قول الله عزّ و جلّ : « ومن دخله كان آمناً » قال : إن سرق سارق بغير مكّة أو جنى جناية على نفسه ففرّ إلى مكّة لم يؤخذ مادام في الحرم حتّى يخرج منه ولكن يمنع من السوق ولا يبايع ولا يجالس حتّى يخرج منه فيؤخذ وإن أحدث في الحرم ذلك الحدث اُخذ فيه .

باب ۱۳

حرم خدا میں داخل ہونے والے کے لئے امان ہے

۱۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا اور کہا یہاں خانۂ کعبہ مراد ہے یا حرم، فرمایا جو حرم میں پناہ لینے کے لئے داخل ہوا وہ غضب الٰہی سے امن میں رہا اور جو وحشی جانور و پرندہ اس میں داخل ہوگا نہ اسے ہٹایا جائے گا نہ ایذا پہنچائی جائے گی جب تک وہ اس سے نہ نکلے۔ (حسن)

۲۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا فرمایا جب کوئی بندہ حرم کے علاوہ کسی جگہ کوئی گناہ کرے اور بھاگ کر حرم میں آجائے تو کسی کو یہ حق نہیں کہ اسے حرم کے اندر گرفتار کرلے۔ لیکن اسے خرید و فروخت اور کھانے پینے سے اور بات کرنے سے منع کریں اور اس کے بعد جب وہ نکلے تو پکڑ لیں اور اگر حرم کے اندر جرم کرے تو وہیں اس پر حد جاری کریں کیونکہ اس نے حرم کعبہ کی حرمت کو ضایع کیا ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے پوچھا اس آیت کا مطلب، فرمایا اگر کوئی مکہ کے علاوہ کہیں اور چوری کرے یا اپنے نفس کے متعلق کوئی گناہ کرے اور بھاگ کر مکہ آجائے تو جب تک حرم کے اندر رہے گا پکڑا نہ جائے گا جب تک خود نہ نکلے۔ لیکن نہ تو اس کے ساتھ خرید و فروخت کی جائے گی اور نہ ہم نشینی، جب وہ باہر نکلے پکڑ لیا جائے اور اگر حرم کے اندر ارتکاب جرم کرے تو وہیں پکڑ لیا جائے۔ (ض)

﴿باب ۱۴﴾

﴿الالحاد بمكّة والجنايات﴾

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : اُتي أبو عبدالله عليه السلام في المسجد فقيل له إنّ سبعاً من سباع الطير على الكعبة ليس يمرّ به شيء من حمام الحرم إلّا ضربه فقال :

Presented by www.ziaraat.com

انصبوا له واقتلوه فإنّه قد ألحد .

٢ ـ ابن أبي عمير ، عن معاوية قال : سألت أباعبدالله عليه السلام ، عن قول الله عزّ و جلّ : «ومن يرد فيه بإلحاد بظلم » قال : كلّ ظلم إلحاد و ضرب الخادم في غير ذنب من ذلك الإلحاد .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكنانيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ و جلّ : «ومن يرد فيه بإلحاد بظلم نذقه من عذاب أليم » فقال : كلّ ظلم يظلمه الرّجل نفسه بمكّة من سرقة أو ظلم أحد أو شيء من الظلم فإنّي أراه إلحاداً ولذلك كان يتّقي أن يسكن الحرم .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل قتل رجلاً في الحلّ ثمّ دخل الحرم فقال : لا يقتل ولا يطعم ولا يسقى ولا يبايع ولا يؤوى حتّى يخرج من الحرم فيقام عليه الحدّ ، قلت : فما تقول في رجل قتل في الحرم أو سرق ؟ قال : [illegible] في الحرم صاغراً إنّه لم ير للحرم حرمة وقد قال الله تعالى : «فمن اعتدى عليكم فاعتدوا عليه بمثل ما اعتدى عليكم » فقال : هذا هو في الحرم فقال : «لا عدوان إلّا على الظالمين» .

باب

مکّہ میں الحاد و ارتکابِ جرم

ا۔ امام علیہ السلام مسجد میں تشریف لائے تو آپ سے کہا گیا ایک شکاری پرندہ کعبہ کے اوپر بیٹھا ہے جو چیز حرم پر سے گزرتی ہے وہ اسے مارتا ہے فرمایا اسے پکڑو اور قتل کردو کیونکہ اس نے جنگ کی ہے (حسن)

۲۔ میں نے اس آیت کے متعلق حضرت سے پوچھا، فرمایا ہر ظلم الحاد ہے اور بے گناہ اپنے خادم کو مارنا یہ بھی الحاد ہے (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

۳۔ میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق پوچھا فرمایا ہر وہ ظلم جو کوئی اپنے نفس پر کرتا ہے مکہ کے اندر چوری ہو یا کسی قسم کا ظلم کسی پر کرے تو میں اسے الحاد سمجھتا ہوں ایسے شخص کو مکہ سے نکال باہر کیا جائے (مجہول)

۴۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جس نے ایک شخص کو مقام حِل میں قتل کیا اور اس کے بعد وہ حرم میں داخل ہو گیا۔ فرمایا وہاں اس کو قتل نہ کیا جائے بلکہ اس کو کھانے کو نہ دیا جائے نہ پینے کو نہ اس سے خرید و فروخت کی جائے یہاں تک کہ وہ حرم سے باہر آئے اس وقت اس پر حد جاری کی جائے۔ میں نے کہا اور اس کے بارے میں کیا حکم ہے جو حرم کے اندر قتل کرے یا چوری کرے فرمایا حرم ہی میں اس پر حد جاری کی جائے۔ خدا فرماتا ہے جو تم پر ظلم کرے تم بھی اس پر کرو۔ مگر اتنا ہی جتنا اس نے کیا ہے اور جبکہ امام علیہ السلام حرم میں تھے آپ نے فرمایا نہیں ہے سزا مگر ظالموں کے لیے۔ (حسن)

﴿باب ۱۵﴾

☆(اظهار السلاح بمكّة)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لاينبغي أن يدخل الحرم بسلاح ، إلّا أن يدخله في جوالق أو يغيّبه ـ يعني يلفّ على الحديد شيئاً ـ .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسن ، عن صفوان ، عن شعيب العقرقوفيّ ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يريد مكّة أو المدينة يكره أن يخرج معه بالسلاح ، فقال : لا بأس بأن يخرج بالسلاح من بلده ولكن إذا دخل مكّة لم يظهره .

باب ۱۵

مکہ میں ہتھیار لے جانا

۱۔ فرمایا حضرت نے کہ حرم میں ہتھیاروں کے ساتھ داخل نہ ہونا چاہیے ہاں اگر وہ نیاموں میں ہوں یا کسی چیز میں لپیٹے ہوں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

۲۔ میں نے کہا ایک شخص مکہ یا مدینہ جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو کیا وہ مکروہ ہے کہ وہ ہتھیار لے کر نکلے۔ فرمایا اپنے شہر سے لے کر جانے میں کوئی حرج نہیں، لیکن جب داخل مکہ ہو تو اسے چھپالے (ص)

﴿باب ۱۶﴾

☆(لبس ثياب الكعبة)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد بن خالد ، عن محمّدبن عليٍّ ، عن عبدالله ابن جبلة ، عن عبدالملك بن عتبة قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عمّا يصل إلينا من ثياب الكعبة هل يصلح لنا أن نلبس شيئاً منها ؟ قال : يصلح للصّبيان والمصاحف و المخدَّة تبتغي بذلك البركة إن شاءالله .

باب ۱۶

لباس کعبہ کا پہننا

۱۔ میں نے پوچھا لباس کعبہ سے اگر کچھ مل جائے تو کیا ہم اس سے کوئی چیز از قسم لباس بنا کر پہن سکتے ہیں فرمایا چھوٹے بچوں کے لیے حصول برکت کے واسطے یا قرآن کا جزدان یا جلد پر چڑھانا اور ایک روایت میں ہے کہ اس کا استعمال کرنا اور فروخت کرنا جائز ہے۔ (م)

﴿باب ۱۷﴾

☆(كراهة أن يؤخذ من تراب البيت وحصاه)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن عليِّ بن الحكم ، عن داودبن النعمان ، عن أبي أيّوب الخزّاز ، عن محمّدبن مسلم قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول: لاينبغي لأحد أن يأخذ من تربة ماحول الكعبة وإن أخذ من ذلك شيئاً ردَّه .

٢ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمدبن محمّد بن أبي نصر ، عن المفضّل بن صالح ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أخذت سكّاً من سكّ[2] المقام وتراباً من تراب البيت وسبع حصيات ، فقال : بئس ما صنعت أمّا التراب

و الحصا فردّه .

۳ ـ أحمد بن مهران ، عمّن حدّثه ، عن محمّد بن سنان ، عن حذيفة بن منصور قال : قلت لأبي عبدالله علیه السلام : إنّ عمّي كنس الكعبة و أخذ من ترابها فنحن نتداوي به ؟ فقال : ردّه إليها .

٤ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان ، عن زيد الشحّام قال : قلت لأبي عبدالله علیه السلام : أخرج من المسجد وفي ثوبي حصاة قال : فردّها أو اطرحها في مسجد .

باب

کعبہ کی مٹی یا سنگریزہ اٹھا کر لے جانا مکروہ ہے

۱۔ حضرت نے فرمایا کسی کے لئے سزاوار نہیں کہ کعبہ کے اردگرد کی مٹی اٹھائے اور اگر اٹھالی ہے تو اسے لوٹا دے۔ (م)

۲۔ میں نے حضرت سے کہا میں مقام ابراہیم سے کچھ خوشبو اور بیت اللہ کی مٹی اور سات کنکریاں لے لی ہیں فرمایا برا کیا، مٹی اور کنکریاں واپس کرو (ض)

۳۔ میں نے کہا میرا چچا بیت اللہ میں جھاڑو دیتا ہے اور اس کی خاک رکھ لیتا ہے تو کیا ہم اس سے علاج امراض کرسکتے ہیں فرمایا اسے لوٹا دو (ض)

۴۔ میں نے کہا میں مسجد نبوی سے نکلتا ہوں تو میرے لباس میں کچھ کنکریاں ہوتی ہیں فرمایا انھیں لوٹا دو یا کسی مسجد میں رکھ دو۔ (مرسل)

﴿باب﴾

❁(كراهية المقام بمكة)❁

۱ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عليّ بن الحكم ؛ و صفوان ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر علیه السلام قال : لاينبغي للرّجل أن يقيم بمكّة سنة قلت : كيف يصنع ؟ قال : يتحوّل عنها ولاينبغي لأحد أن يرفع بناء فوق الكعبة .

Presented by www.ziaraat.com

وروي أنّ المقام بمكّة يقسي القلوب .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عمّن ذكره ، عن ذريح ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام [قال :] إذا فرغت من نسكك فارجع فإنّه أشوق لك إلى الرّجوع .

باب ۸

مکّہ میں کراہت قیام

۱۔ فرمایا کسی شخص کو نہیں چاہیئے کہ وہ ایک سال مکہ میں قیام کرے اور نہ یہ کہ کعبہ کے اوپر کوئی عمارت بنائے (م)

۲۔ ایک روایت میں ہے کہ مکہ میں قیام دلوں کو سخت بنا دیتا ہے فرمایا جب تم اعمال حج سے فارغ ہو جاؤ تو واپس جاؤ تاکہ پھر آنے کا شوق باقی رہے۔ (مرسل)

﴿ باب ۹ ﴾

﴿ شجر الحرم ﴾

١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن عبد الكريم ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا تنزع من شجر مكّة إلّا النّخل وشجر الفاكهة .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كلّ شيء ينبت في الحرم فهو حرام على النّاس أجمعين .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي نصر ، عن أبي جميلة ، عن إسحاق بن يزيد قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : الرّجل يدخل مكّة فيقطع من شجرها قال : اقطع ما كان داخلاً عليك ولا تقطع مالم يدخل منزلك عليك .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن

Presented by www.ziaraat.com

ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : شجرة أصلها في الحلّ وفرعها في الحرم ؟ فقال : حرم أصلها لمكان فرعها ، قلت : فإنّ أصلها في الحرم و فرعها في الحلّ فقال : حرّم فرعها لمكان أصلها .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يخلّى عن البعير في الحرم يأكل ماشاء .

٦ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن حمّاد ابن عثمان ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الشجرة يقلعها الرّجل من منزله في الحرم ، قال : إن بني المنزل و الشجرة فيه فليس له أن يقلعها و إن كانت نبتت في منزله و هو له فليقلعها .

باب ۱۹

شجر حرم

۱۔ فرمایا حضرت نے مکہ کے درخت سے کوئی چیز نہ توڑی جائے سوائے خرمہ یا پھل والے درختوں کے پھل کے۔

۲۔ فرمایا ہر وہ شے جو حرم میں اُگے تمام لوگوں پر حرام ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو مکہ میں داخل ہو اور اس کا درخت کاٹے۔ فرمایا جو حصہ تمہارے گھر میں ہے اسے کاٹو اور جو تمہارے گھر سے خارج ہے اسے قطع نہ کرو۔ (ض)

۴۔ میں نے کہا ایک درخت کی جڑ مقام حل میں ہے اور شاخ حرم میں، فرمایا جڑ کا احترام کیا جائے گا شاخ کی وجہ سے۔ میں نے کہا اگر حرم میں ہو اور شاخ حل میں، فرمایا شاخ کا احترام کیا جائے گا اصل کی وجہ سے۔ (حسن)

۵۔ فرمایا اونٹ کو حرم میں چھوڑ دو جو چاہے کھائے (حسن)

۶۔ میں نے پوچھا اس درخت کے بارے میں جسے ایک شخص جس کا گھر حرم میں ہے اکھاڑتا ہے فرمایا اگر اس نے گھر بنایا اور وہ درخت پہلے سے وہاں تھا تو اسے نہیں اکھاڑے گا اور اگر گھر بنانے کے بعد پھوٹا ہے تو اسے اکھاڑ سکتا ہے (ض)

Presented by www.ziaraat.com

﴿ باب ۲ ﴾

﴿ما يذبح في الحرم وما يخرج به منه﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عبد الكريم ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا يذبح بمكّة إلّا الإبل والبقر والغنم والدّجاج .

۲ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ما كان يصفّ من الطير فليس لك أن تخرجه وما كان لا يصفّ فلك أن تخرجه ؛ قال : و سألته عن دجاج الحبش ، قال : ليس من الصيد إنّما الصيد ما طار بين السماء والأرض .

۳ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن محمد بن مسلم قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام و أنا حاضرٌ عن الدّجاج الحبشي يخرج به من الحرم فقال : إنها لا تستقل بالطيران .

باب ۲

حرم میں کیا ذبح کیا جائے اور کیا نکالا جائے

۱۔ فرمایا نہ ذبح کیا جائے مکہ میں مگر اونٹ گائے، بکری، مرغی (م)

۲۔ فرمایا جو پرندے صف باندھ کر اڑتے ہیں تو ان کو حرم سے باہر نہیں نکالا جائے گا اور جو پرواز نہیں کرتے ان کو نکال دیا جائے۔ میں نے کہا اور حبشی مرغی، فرمایا وہ شکار میں داخل نہیں، شکار میں داخل وہ پرندے ہیں جو آسمان اور زمین کے درمیان اڑتے ہیں (حسن)

۳۔ ایک شخص نے حبشی مرغی کے متعلق پوچھا جو حرم سے نکالی جائے فرمایا کچھ حرج نہیں کیونکہ وہ مستقل پرواز کرنے والی نہیں۔ (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب ۲۱﴾

﴿صيد الحرم وما تجب فيه الكفارة﴾

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيِّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا كنت حلالاً فقتلت الصّيد في الحلِّ ما بين البريد إلى الحرم فعليك جزاؤه فإن فقأت عينه أو كسرت قرنه أو جرحته تصدقت بصدقة.

٢ ـ عليٌّ، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سألته عن رجل اُهدي له حمام أهليٌّ وهو في الحرم فقال: إن هو أصاب منه شيئاً فليتصدَّق بثمنه نحواً ممّا كان يسوي في القيمة.

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن مثنّى بن عبدالسلام، عن محمّد بن أبي الحكم قال: قلت لغلام لنا: هيّىء لنا غداء فأخذ طياراً من الحرم فذبحها وطبخها فأخبرت أباعبدالله عليه السلام فقال: ادفنها وأفد كلَّ طائر منها.

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، ومحمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيِّ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الصيد يصاد في الحلِّ ثمَّ يجاء به إلى الحرم وهو حيٌّ، فقال: إذا أدخله إلى الحرم حرم عليه أكله وإمساكه فلا تشترينَّ في الحرم إلّا مذبوحاً ذبح في الحلِّ ثمَّ جيىء به إلى الحرم مذبوحاً فلا بأس للحلال.

٥ ـ عليٌّ، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن حريز، عن زرارة أنَّ الحكم سأل أباجعفر عليه السلام عن رجل اُهدي له حمامة في الحرم مقصوصة؟ فقال أبوجعفر عليه السلام: انتفها وأحسن إليها وأعلفها حتّى إذا استوى ريشها فخلِّ سبيلها.

٦ ـ أبوعليٍّ الأشعريُّ، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن منصور ابن حازم، عن مثنّى بن عبد السلام، عن كرب الصيرفيِّ قال: كنّا جماعة فاشترينا

Presented by www.ziaraat.com

طيراً فقصصناه ودخلنابه مكّة فعاب ذلك علينا أهل مكّة فأرسل كرب إلى أبي عبدالله عليه السلام فسأله فقال: استودعوه رجلاً من أهل مكّة مسلماً أو امرأة مسلمة فإذا استوى خلّوا سبيله.

٧ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن صفوان بن يحيى، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال: من أصاب طيراً في الحرم وهو محلّ فعليه القيمة و القيمة درهم يشتري به علفاً لحمام الحرم.

٨ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن خلّاد، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: في رجل ذبح حمامة من حمام الحرم، قال: عليه الفداء، قلت: فيأكله؟ قال: لا، قلت: فيطرحه قال: إذا يكون عليه فداء آخر، قلت: فما يصنع به؟ قال: يدفنه.

٩ ـ عدَّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن مثنّى الحنّاط عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: سألته عن رجل خرج بطير من مكّة إلى الكوفة قال: يردُّه إلى مكّة.

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: في الحمامة درهم وفي الفرخ نصف درهم وفي البيضة ربع درهم.

١١ ـ عدَّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن ابن محبوب، عن ابن رئاب، عن ابن بكير قال: سألت أحدهما عليهما السلام عن رجل أصاب طيراً في الحلّ فاشتراه فأدخله الحرم فمات، فقال: إن كان حين أدخله الحرم خلّى سبيله فمات فلا شيء عليه وإن كان أمسكه حتّى مات عنده في الحرم فعليه الفداء.

١٢ ـ أبوعليّ الأشعريّ، عن محمّد بن الجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن عبد الرَّحمن بن الحجّاج قال: سألت أبا الحسن عليه السلام عن رجل رمى صيداً في الحلّ فمضى برميته حتّى دخل الحرم فمات أعليه جزاؤه؟ قال: لا، ليس عليه جزاؤه لأنّه رمى حيث رمى وهو له حلال إنّما مثل ذلك مثل رجل نصب شركاً في الحلّ إلى جانب الحرم فوقع فيه صيد فاضطرب الصيد حتّى دخل الحرم فليس عليه جزاؤه لأنّه

كان بعد ذلك شيء، فقلت: هذا القياس عند الناس، فقال: إنما شبهت لك شيئاً بشيء.

١٣ - صفوان بن يحيى، عن زياد أبي الحسن الواسطي، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال: سألته، عن قوم قفلوا على طائر من حمام الحرم الباب فمات؟ قال: عليهم بقيمة كل طير درهم [نصف] يعلف به حمام الحرم.

١٤ - عدة من أصحابنا، عن سهل بن زياد؛ وعلي بن إبراهيم، عن أبيه جميعاً عن ابن محبوب، عن ابن رئاب، عن مسمع بن عبدالملك، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل حل في الحرم رمى صيداً خارجاً من الحرم فقتله قال: عليه الجزاء لأن الآفة جاءته من قبل الحرم؛ قال: وسألته عن رجل رمى صيداً خارجاً من الحرم في الحل فتحامل الصيد حتى دخل الحرم، فقال: لحمه حرام مثل الميتة.

١٥ - محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن الحسن بن علي، عن عبدالله بن سنان عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعته يقول: في حمام مكة الطير الأهلي غير حمام الحرم من ذبح طيراً منه وهو غير محرم فعليه أن يتصدق بصدقة أفضل من ثمنه فإن كان محرماً فشاة عن كل طير.

١٦ - أحمد بن محمد، عن ابن فضال، عن يونس بن يعقوب قال: أرسلت إلى أبي الحسن عليه السلام أن أخاً لي اشترى حماماً من المدينة فذهبنا بها إلى مكة فاعتمرنا وأقمنا إلى الحج ثم أخرجنا الحمام معنا من مكة إلى الكوفة فعلينا في ذلك شيء؟ قال للرسول: إني أظنهن كن فرهة قال له: يذبح مكان كل طير شاة.

١٧ - أبو علي الأشعري، عن محمد بن عبدالجبار، عن صفوان، عن ابن مسكان عن إبراهيم بن ميمون قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: رجل نتف حمامة من حمام الحرم قال: يتصدق بصدقة على مسكين ويعطي باليد التي نتف بها فإنه قد أوجعه.

١٨ - محمد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن صفوان بن يحيى، عن منصور ابن حازم قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: أهدي لنا طائر مذبوح بمكة فأكله أهلنا فقال: لا يرى به أهل مكة بأساً، قلت: فأي شيء تقول أنت؟ قال: عليهم ثمنه.

١٩ - بعض أصحابنا، عن أبي جرير القمي قال: قلت لأبي الحسن عليه السلام: نشتري

الصّفور فندخلها الحرم فلنا ذلك؟ فقال كلّ ما اُدخل الحرم من الطير ممّا يصفّ جناحه فقد دخل مأمنه فخلّ سبيله .

۲۰ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن يزيد بن خليفة قال : كان في جانب بيتي مكتل فيه بيضتان من حمام الحرم فذهب الغلام يكبّ المكتل وهو لا يعلم أنّ فيه بيضتين فكسرهما فخرجت ، فلقيت عبدالله بن الحسن فذكرت ذلك له فقال : تصدّق بكفّين من دقيق ، قال : ثمّ لقيت أبا عبدالله عليه السلام بعد فأخبرته فقال : ثمن طيرين تعلف به حمام الحرم ، فلقيت عبدالله بن الحسن فأخبرته ، فقال : صدقك حدّث به فإنّما أخذه عن آبائه .

۲۱ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، و أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان ، عن عبد الرحمن بن الحجّاج قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن فرخين مسرولين ذبحتهما وأنا بمكّة فقال لي : لم ذبحتهما ؟ فقلت : جاءتني بهما جارية من أهل مكّة فسألتني أن أذبحهما فظننت أنّي بالكوفة ولم أذكر الحرم ، فقال : عليك قيمتهما ، قلت : كم قيمتهما ؟ قال : درهم وهو خير منهما .

۲۲ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة ، عن داود بن فرقد قال : كنّا عند أبي عبدالله عليه السلام بمكّة و داود بن عليّ بها فقال لي أبوعبدالله عليه السلام : قال لي داود بن عليّ ما تقول يا أبا عبدالله في قماري اصطدناها و قصّيناها ؟ فقلت : تنتف وتعلف فإذا استوت خلّي سبيلها .

۲۳ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن مثنّى قال : خرجنا إلى مكّة فاصطادت النساء قمريّة من قماري أمج حيث بلغنا البريد فنتفت النساء جناحيه ثمّ دخلوا بها مكّة فدخل أبو بصير على أبي عبدالله عليه السلام فأخبره فقال : تنظرون امرأة لابأس بها فتعطونها الطير تعلفه وتمسكه حتّى إذا استوى جناحاه خلّته .

۲۴ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عيسى ، عن عمران الحلبيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ما يكره من الطير ؟ فقال : ما صفّ على رأسك .

Presented by www.ziaraat.com

۲۵ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن البرقي ، عن داود بن أبي يزيد العطار عن أبي سعيد المكاري قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجل قتل أسداً في الحرم ؟ قال : عليه كبش يذبحه .

۲۶ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن بكير ابن أعين ، عن أحدهما عليهما السلام في رجل أصاب ظبياً في الحل فاشتراه فأدخله الحرم فمات الظبي في الحرم ، فقال : إن كان حين أدخله الحرم خلّى سبيله فمات فلا شيء عليه وإن كان أمسكه حتّى مات عنده في الحرم فعليه الفداء .

۲۷ ـ عدة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ؛ وأحمد بن محمد جميعاً ، عن ابن أبي نصر قال : أخبرني حمزة بن اليسع قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الفهد يشترى بمنى ويخرج به من الحرم فقال : كلّ ما أدخل الحرم من السبع مأسوراً فعليك إخراجه .

۲۸ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفلي ، عن السكوني ، عن جعفر ، عن أبيه ، عن علي عليه السلام أنّه سئل عن شجرة أصلها في الحرم وأغصانها في الحل على غصن منها طائر رماه رجل فصرعه ، قال : عليه جزاؤه إذا كان أصلها في الحرم .

۲۹ ـ علي ، عن أبيه ، عن ابن محبوب ، عن مالك بن عطيّة ، عن عبدالأعلى بن أعين قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل أصاب صيداً في الحل فربطه إلى جانب الحرم فمشى الصيد برباطه حتّى دخل الحرم والرّباط في عنقه فأجرّه الرّجل بحبله حتّى أخرجه من الحرم والرّجل في الحل ؟ فقال : ثمنه ولحمه حرام مثل الميتة .

باب ۱۲

حرم میں شکار کرنا اور اس کا کفّارہ

۱۔ فرمایا حضرت نے اگر تم محل ہو اور مقام حل میں پرندا ور حرم کے درمیان تم نے شکار کیا تو اس کا بدلہ دینا ہوگا اور اگر ایک آنکھ پھوڑ دی ہے یا سینگ توڑ دیا ہے تو صدقہ دینا ہوگا۔

۲۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جسے حرم کے اندر کسی نے پالتو کبوتر کا ہدیہ دیا ہو فرمایا اگر اس نے جانور کو

ہلاک کیا ہو تو اس کی قیمت کی رقم تصدق کرے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا، میں نے اپنے غلام سے کہا کھانا تیار کر اس نے حرم کا ایک پرندہ پکڑ کر ذبح کیا اور پکا لیا۔ حضرت نے فرمایا اس کھانے کو دفن کر دو اور اسی جنس کا ایک پرندہ بدلہ میں دو۔ (ح)

۴۔ حضرت سے پوچھا گیا اس شکار کے متعلق جو حل میں کیا جائے پھر حرم میں لایا جائے فرمایا جب حرم میں لایا جائے تو اس پر کھانا حرام ہے اور اس کا روکے رہنا بھی، حرم میں خریدا نہ جائے مگر اس کا گوشت جو مقام حل میں ذبح کیا گیا ہو پھر حرم میں لایا جائے تو اس شخص کے لئے جائز ہے جو احرام باندھے ہوئے نہ ہو۔ (ح)

۵۔ امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس حرم میں ایک آدمی کبوتر کا ہدیہ لایا جس کے پر کٹے ہوئے تھے آپ نے فرمایا اس کے کٹے پر نوچ دے اور اسے دانہ پانی دے اور جب تک اس کے نئے پر پھوٹیں اس سے اچھا برتاؤ کر، جب نئے پر پھوٹ آئیں تو اسے چھوڑ دینا۔ (ح)

۶۔ ہماری جماعت نے ایک پرندہ خریدا ہم نے اس کو قینچی کر دیا اور اسے لے کر مکہ آئے اہل مکہ نے ہم پر اعتراض کیا۔ کرب نے حضرت ابوعبداللہ سے اس کے متعلق پوچھا۔ فرمایا وہ طائر وہاں کسی مسلمان مرد یا عورت کے سپرد کر دو اور جب اس کے نئے پر پھوٹ آئیں تو اسے آزاد کر دو۔ (مجہول)

۷۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا جو محل حرم کے اندر کسی پرندے کو اذیت دے تو اس پرندے کی قیمت اسے درہم کی صورت میں دینی ہوگی اور اس قیمت سے طیور حرم کے لئے غلہ خریدا جائے گا۔ (ح)

۸۔ راوی نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو حرم کے کبوتر کو ذبح کر لے، فرمایا اسے فدیہ دینا ہوگا۔ میں نے کہا پھر کھالے فرمایا نہیں، اس صورت میں اسے دوسرا فدیہ دینا پڑ جائے گا۔ میں نے کہا پھر کیا کرے۔ فرمایا دفن کر دے۔ (مجہول)

۹۔ میں نے پوچھا ایک شخص مکہ سے پرندہ لے کر کوفہ گیا فرمایا اسے لوٹا دینا چاہیئے (حسن)

۱۰۔ فرمایا کبوتر کا کفارہ ایک درہم ہے چوزہ کا نصف درہم اور انڈے کا ¼ درہم۔ (حسن)

۱۱۔ اگر کسی مقام حل میں پرندہ پکڑا اور ایک شخص اسے خرید کر داخل حرم ہو اور وہ مر جائے۔ فرمایا اگر حرم میں آ کر اسے آزاد کر دیا تھا اور پھر وہ مر گیا تو کوئی کفارہ نہیں اور اگر روکے رہا اور مر گیا تو کفارہ دینا ہوگا۔ (ح)

۱۲۔ میں نے پوچھا ایک شخص نے شکار کے تیر مارا مقام حل میں وہ تڑپ کر حرم میں داخل ہوگیا اور وہاں مر گیا۔ فرمایا کیا اس پر فدیہ ہے فرمایا نہیں اس لئے کہ جب اس نے تیر مارا تو وہ اس کے لئے حلال تھا اس کی مثال اس شخص کی ہے جو جال مقام حل میں بچھائے حرم کی سمت اور اس میں شکار آ پھنسے اور وہ تڑپ کر نکل جائے اور حرم میں داخل ہو تو اس پر کفارہ نہیں کیونکہ یہ امر بعد میں واقع ہوا۔ میں نے کہا لوگوں کا قیاس یہی ہے فرمایا نہیں تمہیں ایک شے کا شبہ دوسری پر ہوا۔ (م)

Presented by www.ziaraat.com

۱۳۔ میں نے کہا کچھ لوگوں نے حرم کے ایک کبوتر پر دروازہ بند کر لیا اور وہ مر گیا۔ فرمایا ان پر پورے کبوتر کی قیمت نصف درہم کفارہ ہوگا جس سے حرم کے کبوتروں کو دانہ دیا جائے گا۔ (ح)

۱۴۔ میں نے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو حرم میں حِل ہوا در حرم کے باہر والے شکار کو تیر مارے اور وہ مر جائے فرمایا اس پر کفارہ ہے کیونکہ طائر پر جو آفت آئی وہ حرم کی طرف سے آئی، میں نے پوچھا ایک شخص نے حرم کے باہر سے تیر مارا، مقام حل سے شکار بھاگ کر حرم میں داخل ہو گیا۔ فرمایا اس کا گوشت مردار کی طرح حرام ہے۔ (ح)

۱۵۔ فرمایا مکہ کے پالتو کبوتر کے متعلق جو حرم کے کبوتروں میں سے نہ ہو کر جو بغیر احرام کی حالت کے اسے ذبح کرے گا تو اس کو صدقہ دینا ہوگا۔ جو اس کی قیمت سے زیادہ ہو۔ اگر بحالت احرام ایسا کیا ہے تو ایک بکری ہر طائر کے بدلے دینا ہوگی۔ (موثق)

۱۶۔ میں نے کہا میرا ایک بھائی ہے اس نے کچھ کبوتر مدینہ سے خریدے۔ ہم ان کو لے کر مکہ گئے عمرہ بجالائے اور حج کے لیے وہاں ٹھہرے، پھر ہم ان کبوتروں کو لے کر کوفہ گئے تو کیا ہمیں اس کے متعلق کچھ کفارہ دینا ہوگا۔ آپ نے تاکید سے فرمایا یہ ان کے متعلق سستی کی گئی لہٰذا ہر کبوتر کے مقابل ایک بکری ذبح کی جائے۔ (موثق)

۱۷۔ میں نے کہا ایک شخص نے حرم کے ایک کبوتر کے پَر نوچ ڈالے فرمایا ایک مسکین کو صدقہ دے اور اسی ہاتھ سے دے جس سے پَر اکھاڑے ہیں کیونکہ اسی سے اذیت دی ہے۔ (ض)

۱۸۔ میں نے کہا ہمارے لیے ایک ذبح کیا ہوا پرندہ تحفتہً بھیجا گیا ہمارے اہل و عیال نے اسے کھا لیا اہل مکہ نے اعتراض تو نہیں کیا آپ کیا فرماتے ہیں فرمایا اس کی قیمت اس کو دینی ہوگی۔

۱۹۔ میں نے ابوالحسن علیہ السلام سے کہا ہم نے شکرے خریدے ہم نے حرم میں انھیں چھوڑ دیا فرمایا ہر وہ پرندہ جو پر مار کر اڑ سکے جب وہ جائے امن میں داخل ہو جائے تو اسے چھوڑ دو۔ (مجہول)

۲۰۔ میرے گھر میں ایک کونہ میں زنبیل لٹکی تھی جس میں حرم کے کبوتر کے دو انڈے رکھے تھے لڑکے نے زنبیل کو الٹ دیا آپ پتہ نہ تھا کہ اس میں انڈے ہیں وہ اس نے توڑ دیئے۔ میں نے عبداللہ بن الحسن سے اس کے متعلق پوچھا انھوں نے کہا دو مستحق آٹا دے دو، پھر میں عبداللہ سے ملا حضرت نے فرمایا دو پرندوں کی قیمت دو تاکہ اس سے حرم کے کبوتروں کے لیے دانہ دیا جائے۔ میں نے عبداللہ بن حسن سے کہا۔ انھوں نے جو کچھ فرمایا ہے اپنے آبا سے اخذ کر کے فرمایا ہے۔

۲۱۔ میں نے کہا مکہ میں میں نے دو چوزے ذبح کیے۔ حضرت نے پوچھا کیوں، میں نے کہا مکہ کی ایک کنیز نے مجھ سے ان کے ذبح کرنے کی درخواست کی تھی، میں اس خیال میں رہا کہ میں کوفہ میں ہوں حرم کا خیال دل سے نکل گیا۔ فرمایا ان دونوں کی قیمت تم کو دینی ہوگی۔ میں نے کہا وہ کیا ہے فرمایا ایک درہم، یہ ان دونوں سے بہتر ہے۔ (ض)

۲۲۔ میں نے کہا ہم نے کچھ قمریاں پکڑیں اور ان کو قینچ کر دیا۔ فرمایا ان کے پر نوچ ڈالو، ان کو پرورش کرو جب ان کے پر

Presented by www.ziaraat.com

پھوٹ آئیں تو ان کو آزاد کر دو۔ (ح)

۲۳۔ ہم مکہ کی طرف چلے عورتوں نے ابج (نام، مقام) کی ایک قمری پکڑ لی جب مقام برید پہ پہنچے تو عورتوں نے اس قمری پرندے کے پر نوچ لیے پھر مکہ میں داخل ہوئے۔ ابو بصیر حضرت ابو عبداللہؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس امر کی اطلاع دی فرمایا عورتوں کو مہلت دو کہ وہ اس قمری کو دانہ پانی دیں اور اس کی نگرانی کریں جب اس کے بازو ٹھیک ہو جائیں تو چھوڑ دیں۔ (موثق)

۲۴۔ میں نے پوچھا طیور میں کس کی حرمت ہے، فرمایا جو مستقلاً اڑنے والے ہیں۔ (ض)

۲۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے شیر کو حرم میں قتل کیا فرمایا ایک بھیڑ کو وہ ذبح کرے۔

۲۶۔ ایک آدمی نے ایک ہرن کو پکڑا دوسرے نے اسے خریدا اور حرم میں داخل کر دیا ہرن وہاں مر گیا۔ فرمایا اگر حرم میں داخل کرتے وقت ہرن کو آزاد کر دیا تھا تو اس کا کوئی کفارہ نہیں اور اگر اسے روکے رہا ہے اور اسی حالت میں وہ مر گیا تو اسے فدیہ دینا ہوگا۔

۲۷۔ میں نے حضرت سے تیندوے (ایک درندہ) کے متعلق پوچھا کہ اگر کوئی درندہ چیتا یا تیندوا داخل حرم ہو جائے فرمایا اس کا نکال دینا تم پر واجب ہے

۲۸۔ اگر ایک درخت کی جڑ حرم میں ہو اور شاخیں حل میں اور وہاں کسی شاخ پر بیٹھے طائر کو کوئی مار گرائے، فرمایا اس پر بدلہ دینا لازم ہوگا۔ (مجہول)

۲۹۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جس نے حل میں جانور پکڑا ہو اور اسے حرم کے قریب باندھ دیا ہو وہ جانور مع رسی کے حرم میں چلا جائے رسی اس کی گردن میں ہو اور شخص مقام حل میں رہ کر اس رسی کو کھینچے اور حرم سے نکال لے فرمایا اس کی قیمت یا اس کا گوشت مردار کی طرح اس پر حرام ہوگا۔ (ض)

﴿باب ۲۲﴾

(لقطة الحرم)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : اللّقطة لقطتان لقطة الحرم تعرّف سنة فإن وجدت صاحبها وإلّا تصدّقت بها ، ولقطة غيرها تعرّف سنة فإن جاء صاحبها وإلّا فهي كسبيل مالك

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن فضيل

Presented by www.ziaraat.com

ابن يسار، قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل يجد اللّقطة في الحرم، قال : لايمسّها وأمّا أنت فلا بأس لأنّك تعرّفها .

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن أبي عمير، عن فضيل بن غزوان قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام فقال له الطيّار : إنّي وجدت ديناراً في الطواف قد انسحق كتابته فقال : هو له .

٤ ـ محمّد بن يحيى، عن محمّد بن أحمد، عن محمّد بن عيسى، عن محمّد بن رجاء الارجاني قال : كتبت إلى الطيّب عليه السلام أنّي كنت في المسجد الحرام فرأيت ديناراً فأهويت إليه لآخذه فإذا أنا بآخر ثمّ بحثت الحصا فإذا أنا بثالث فأخذتها فعرّفتها فلم يعرفها أحد فما ترى في ذلك ؟ فكتب : فهمت ما ذكرت من أمر الدّنانير فإن كنت محتاجاً فتصدّق بثلثها وإن كنت غنيّاً فتصدّق بالكلّ .

باب

لقطہ حرم

۱۔ گری پڑی چیز دو قسم کی ہے اوّل جو حرم میں ملے تو ایک سال تک اس کا تعارف کرایا جائے اگر اس کا مالک ملجائے تو اسے دیدے اور نہ ملے تو اسے تصدق کردے، دوسرے جو حرم کے علاوہ اگر کہیں اور ملے تو ایک سال تک اس کا تعارف کرایا جائے اگر مالک مل جائے تو اسے دے دے اور نہ ملے تو اپنے پاس رکھے۔ (حسن)

۲۔ فضل بن یسار کہتے ہیں میں نے حضرت سے پوچھا اس لقطہ کے متعلق جو حرم میں ملے فرمایا اس کو نہ چھوئے لیکن تمہارے لیے حرج نہیں کیونکہ تم تعارف کراؤ گے۔ (مجہول)

۳۔ ایک شخص نے پوچھا میں نے طواف کرتے ہوئے ایک دینار پایا جس کی تحریر مٹ گئی تھی، فرمایا وہ تم اپنے پاس رکھو

۴۔ میں نے حضرت کو لکھا میں مسجد الحرام میں تھا میں نے ایک دینار پڑا ہوا دیکھا میں اسے لینے کے لیے جھکا تو دوسرا نظر آیا میں نے سنگریزوں کو ٹٹولا تو تیسرا ملا۔ میں نے ان کو لے لیا آپ ان کے بارے میں کیا فرماتے ہیں حضرت نے لکھا تم نے دیناروں کے متعلق جو لکھا ہے اگر تم محتاج ہو تو تیسرا حصہ تصدق کرکے اپنے صرف میں لاؤ اور اگر غنی ہو تو کل تصدق کردو (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

باب ۲۳

(فضل النظر الى الكعبة)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن زرارة قال : كنت قاعداً إلى جنب أبي جعفر عليه السلام و هو محتب مستقبل الكعبة ، فقال : أما إنَّ النظر إليها عبادة فجاءه رجل من بجيلة يقال له : عاصم بن عمر فقال لأبي جعفر عليه السلام : إنَّ كعب الأحبار كان يقول : إنَّ الكعبة تسجد لبيت المقدس في كلّ غداة ، فقال أبوجعفر عليه السلام : فما تقول فيما قال كعب ؟ فقال : صدق ، القول ما قال كعب فقال أبوجعفر عليه السلام : كذبت وكذب كعب الأحبار معك وغضب ؛ قال زرارة ما رأيته استقبل أحداً بقول كذبت غيره ثمّ قال : ما خلق الله عزَّ وجلَّ بقعة في الأرض أحبَّ إليه منها ـ ثمّ أومأ بيده نحو الكعبة ـ ولا أكرم على الله عزَّ وجلَّ منها لها حرَّم الله الأشهر الحرم في كتابه يوم خلق السماوات والأرض ثلاثة متوالية للحجّ : شوَّال وذوالقعدة وذوالحجّة وشهر مفرد للعمرة [وهو] رجب .

٢ ـ وبهذا الإسناد ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنَّ الله تبارك وتعالى حوَّل الكعبة عشرين ومائة رحمة منها ستّون للطائفين وأربعون للمصلّين وعشرون للناظرين .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي عبدالله الخزّاز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنَّ للكعبة للحظة في كلّ يوم يغفر لمن طاف بها أو حنَّ قلبه إليها أو حبسه عنها عذر .

٤ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن الحسن بن عليّ عن ابن رباط ، عن سيف التمار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من نظر إلى الكعبة لم يزل تكتب له حسنة وتمحى عنه سيّئة حتّى ينصرف ببصره عنها .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : النظر إلى الكعبة عبادة والنظر إلى الوالدين عبادة والنظر إلى الإمام عبادة ؛ وقال

Presented by www.ziaraat.com

من نظر إلى الكعبة كتبت له حسنة ومحيت عنه عشر سيّئات

٦ ـ محمّد بن يحيى عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن عليّ بن عبدالعزيز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من نظر إلى الكعبة بمعرفة فعرف من حقّنا و حرمتنا مثل الّذي عرف من حقّها وحرمتها غفر الله له ذنوبه وكفاه همّ الدّنيا والآخرة .

باب ۲۳

کعبہ پر نظر کرنا عبادت ہے

۱۔ میں امام محمد باقر علیہ السلام کے پہلو میں بیٹھا تھا حضرت دو زانو قبلہ رخ بیٹھے تھے آپ نے فرمایا اس کی طرف نظر کرنا عبادت ہے ناگاہ بجیلہ کا ایک شخص عاصم بن عمر نامی آیا اور کہنے لگا کعب الاحبار کہتا ہے کہ خانۂ کعبہ ہر صبح کو سجدہ کرتا ہے بیت المقدس کو، حضرت نے فرمایا تم اس بارے میں کیا کہتے ہو اس نے کہا کعب نے جو کچھ کہا ٹھیک کہا ہے فرمایا تم بھی جھوٹے کعب بھی جھوٹا اور آپ نے اظہار غضب کیا۔ زرارہ نے کہا میں نے حضرت کے سوا کسی کو یوں جھوٹا کہتے نہیں دیکھا پھر فرمایا اللہ نے کسی خطۂ زمین کو اپنے لیے اس سے زیادہ محبوب قرار نہیں دیا پھر کعبہ کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ مکرم اور کوئی جگہ نہیں وہ حرم خدا ہے اس نے اپنی کتاب میں بسلسلۂ حج تین مسلسل ماہ کو محترم قرار دیا ہے یعنی شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ اور رجب کا ایک مہینہ عمرہ کا ہے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا اللہ نے نہیں پیدا کیا کعبہ کے گرد ایک سو بیس رحمتیں رکھی ہیں ان میں ساٹھ طواف کرنے والوں کے لیے اور چالیس نماز گزاروں کے لیے اور بیس دیکھنے والوں کے لیے۔

۳۔ فرمایا کعبہ باعث نظر رحمت الٰہی ہے ہر روز گناہ بخشے جاتے ہیں اس کا طواف کرنے والوں کے اور اس کے جس کا دل اس کی طرف مائل ہو یا جس کو کوئی عذر اس کے لیے روکے۔ (مجہول)

۴۔ فرمایا جو کعبہ کی طرف نگاہ کرے اس کے نام پر ہمیشہ نیکی لکھی جائے گی اور اس کا گناہ محو ہوگا جب تک کہ وہ کعبہ کی طرف سے نظر ہٹائے۔ (ض)

۵۔ فرمایا حضرت نے کعبہ کی طرف نظر کرنا عبادت ہے والدین کی طرف نظر کرنا عبادت ہے امام کی طرف نظر کرنا عبادت ہے فرمایا جو کعبہ کی طرف نظر کرے گا تو اس کے لیے ایک حسنہ لکھا جائے گا اور دس گناہ محو کیا جائے گا۔ (حسن)

۶۔ فرمایا جو کعبہ کی طرف معرفت کے ساتھ نظر کرے اور معرفت ہمارے حق و حرمت کی رکھتا ہو وہ مثل اس کے ہے جو کعبہ کے حق اور حرمت کو پہچانتا ہو تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا اور امور دنیا و آخرت میں اس کی مدد کریگا۔ (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب ۲۴﴾

☆(فيمن رأى غريمه في الحرم)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن شاذان بن الخليل أبي الفضل ، عن سماعة بن مهران ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل لي عليه مال فغاب عنّي زماناً فرأيته يطوف حول الكعبة أفأتقاضاه مالي ؟ قال : لا ، لاتسلّم عليه ولا تروّعه حتّى يخرج من الحرم

باب ۲۴

جو اپنے مقروض کو کعبہ میں دیکھے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص میرا مقروض ہے اور وہ غائب ہو گیا ہے ایک مدت کے بعد میں نے اسے کعبہ میں طواف کرتے ہوئے پایا تو کیا میں اس پر تقاضا کروں فرمایا نہیں اسے سلام بھی نہ کرو اور نہ اسے ذلیل کرو جب تک وہ حرم میں ہے۔ (مجہول)

﴿باب ۲۵﴾

☆(ما يهدى الى الكعبة)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز قال : أخبرني ياسين قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : إنّ قوماً أقبلوا من مصر فمات منهم رجلٌ فأوصى بألف درهم للكعبة فلمّا قدم الوصيُّ مكّة سأل فدلّوه على بني شيبة فأتاهم فأخبرهم الخبر فقالوا : قد برءت ذمّتك ادفعها إلينا فقام الرَّجل فسأل النّاس فدلّوه على أبي جعفر محمّد بن عليّ عليهما السلام قال أبوجعفر عليه السلام : فأتاني فسألني فقلت له : إنَّ الكعبة غنيّة عن هذا انظر إلى من أمَّ هذا البيت فقطع به أو ذهبت نفقته أو ضلّت راحلته أو عجز أن يرجع إلى أهله فادفعها إلى هؤلاء الّذين سمّيت لك فأتى الرَّجل بني شيبة فأخبرهم

Presented by www.ziaraat.com

بقول أبي جعفر عليه السلام فقالوا : هذا ضالٌّ مبتدع ليس يؤخذ عنه ولاعلم له ونحن نسألك بحقّ هذا و بحقّ كذا وكذا لما أبلغته عنّا هذا الكلام قال : فأتيت أبا جعفر عليه السلام فقلت له : لقيت بني شيبة فأخبرتهم فزعموا أنّك كذا وكذا وأنّك لاعلم لك ثمّ سألوني بالعظيم ألا بلّغتك ماقالوا قال : وأنا أسألك بما سألوك لمّا أتيتهم فقلت لهم : إنّ من علمي أن لو ولّيت شيئاً من أمر المسلمين لقطّعت أيديهم ثمّ علّقتها في أستار الكعبة ثمّ أقمتهم على المصطبّة ثمّ أمرت منادياً ينادي ألا إنّ هؤلاء سرّاق الله فاعرفوهم .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن بنان بن محمّد ، عن موسى بن القاسم ، عن عليّ بن جعفر ، عن أخيه أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن رجل جعل جاريته هدياً للكعبة كيف يصنع قال : إنّ أبي أتاه رجل قد جعل جاريته هدياً للكعبة فقال له : قوّم الجارية أو بعها ثمّ مر منادياً يقوم على الحجر فينادي : ألا من قصرت به نفقته أو قطع به طريقه أو نفد به طعامه فليأت فلان بن فلان ومره أن يعطي أوّلاً فأوّلاً حتّى ينفد ثمن الجارية .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن صالح بن السنديّ ، عن جعفر بن بشير ، عن أبان ، عن أبي الحرّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : جاء رجل إلى أبي جعفر عليه السلام فقال : إنّي أهديت جارية إلى الكعبة فأعطيت بها خمسمائة دينار فماترى ؟ قال : بعها ثمّ خذ ثمنها ثمّ قم على حائط الحجر ثمّ ناد وأعط كلّ منقطع به وكلّ محتاج من الحاجّ .

٤ ـ أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحسن الميثميّ ، عن أخويه محمّد وأحمد ، عن عليّ بن يعقوب الهاشميّ ، عن مروان بن مسلم ، عن سعيد بن عمرو الجعفيّ ، عن رجل من أهل مصر قال : أوصى إليّ أخي بجارية كانت له مغنّية فارهة و جعلها هدياً لبيت الله الحرام فقدمت مكّة فسألت فقيل : ادفعها إلى بني شيبة وقيل لي غير ذلك من القول فاختلف عليّ فيه ، فقال لي رجل من أهل المسجد : ألا اُرشدك إلى من يرشدك في هذا إلى الحقّ ؟ قلت : بلى ، قال : فأشار إلى شيخ جالس في المسجد فقال : هذا جعفر بن محمّد عليهما السلام فسله قال : فأتيته عليه السلام فسألته و قصصت عليه القصّة فقال : إنّ الكعبة لا تأكل ولا تشرب وما اُهدي لها فهو لزوّارها بع الجارية وقم على الحجر فناد هل من منقطع به وهل من محتاج من زوّارها فإذا أتوك فسل عنهم وأعطهم و أقسم فيهم ثمنها ، قال : فقلت له : إنّ بعض من سألته أمرني بدفعها إلى بني شيبة ؟ فقال : أما إنّ

قائمنا لو قد قام لقد أخذهم و قطع أيديهم وطاف بهم وقال : هؤلاء سرّاق الله .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن أبي عبدالله البرقي ، عن بعض أصحابنا قال : دفعت إليّ امرأة غزلاً فقالت : ادفعه بمكّة ليخاط به كسوة الكعبة فكرهت أن أدفعه إلى الحجبة وأنا أعرفهم ، فلمّا صرت بالمدينة دخلت على أبي جعفر عليه السلام فقلت له : جعلت فداك إنّ امرأة أعطتني غزلاً وأمرتني أن أدفعه بمكّة ليخاط به كسوة الكعبة فكرهت أن أدفعه إلى الحجبة ، فقال : اشتر به عسلاً وزعفراناً وخذ طين قبر أبي عبدالله عليه السلام وأعجنه بماء السماء واجعل فيه شيئاً من العسل والزّعفران و فرّقه على الشيعة ليداووا به مرضاهم .

باب ۲۵

کعبہ کو کیا ہدیہ لے جائے

۱۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کچھ لوگ مصر سے آئے ان میں سے ایک مرگیا اور یہ وصیت کرگیا کہ ہزار درہم کعبہ کو دیئے جائیں، وصی جب مکہ میں آیا تو لوگوں سے پوچھا کسے دیئے جائیں انھوں نے بنی شیبہ کو بتایا وہ ان کے پاس گیا اور اطلاع دی انھوں نے کہا تم اپنی ذمہ داری سے بری ہوجاؤگے وہ رقم ہمیں دے دو، وہ وہاں سے اٹھا اور لوگوں سے پوچھا، انھوں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو بتایا، امام فرماتے ہیں وہ میرے پاس آیا اور مجھ سے پوچھا۔ میں نے کہا کعبہ مال سے بے پرواہ ہے تم تلاش کرو ایسے لوگوں کو جو اس گھر کی طرف آنے والے ہوں اور راہ میں لٹ گئے ہوں یا زادراہ ختم ہوگیا ہو یا اس کی سواری گم ہوگئی ہو ان لوگوں پر وہ رقم صرف کرو جن کا میں نے ذکر کیا وہ وہ شخص پھر بنی شیبہ کے پاس گیا اور حضرت کا قول بیان کیا۔ انھوں نے کہا (معاذ اللہ) وہ گمراہ ہیں بدعتی ہیں ان سے کوئی نہیں پوچھتا، وہ جاہل ہیں ہم اس کو اپنے حق کی بنا پر تجھ سے مانگتے ہیں تم ہماری بات وہاں لے کیوں گئے۔ وہ شخص کہتا ہے میں پھر ابوجعفر علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا کہ وہ لوگ تو ایسا ایسا کہتے ہیں آپ کو جاہل بتایا اور مال مانگا اور جو انھوں نے کہا وہ میں نے آپ تک پہنچایا۔ حضرت نے فرمایا پھر تم نے کیا کہا میں نے کہا یہ بات میرے علم میں ہے کہ اگر میں نے کسی چیز کا مال مسلمین میں سے ان کو مالک بنا دیا تو ان کے ہاتھ کاٹے جائیں گے، پھر اس شخص سے آپ نے فرمایا اس مال کو کعبہ کے پردوں کے پاس رکھ اور ان کو صحن کے پاس کھڑا کرکے ندا کر کہ یہ اللہ کے چور ہیں انھیں پہچان لو۔ (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

۲۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں جس نے اپنی کنیز کو تحفۃً کعبہ کو دیا ہو تو وہ کیا کرے فرمایا میرے والد کے پاس بھی ایک ایسا ہی شخص آیا تھا آپ نے اس سے فرمایا اس کنیز کی قیمت کا معاملہ کنیز سے کرایا سے فروخت کرنے اور حجر اسود کے پاس کسی سے ندا کرا کہ جس کا زادِ راہ کم ہوگیا ہو یا راستہ میں لٹ گیا ہو یا اس کا کھانا کم ہوگیا ہو تو وہ فلاں بن فلاں سے ملے پس جو لوگ پہلے آئیں انھیں دیتا جائے جب تک وہ ختم نہ ہو۔ (مجہول)

۳۔ ایک شخص امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا میں نے ایک کنیز جسے میں نے پانچ سو دینار میں خریدا تھا کعبہ کے لئے ہدیہ دی، تو میں کیا کروں، فرمایا اسے فروخت کر اور دیوار حجر پر کھڑے ہو کر ندا کر اور جس کا زادِ راہ ختم ہوگیا یا جو حاجی محتاج ہو اسے دے دے۔ (مجہول)

۴۔ ایک شخص نے اپنے بھائی کو وصیت کی ایک کنیز کے متعلق جو گانے والی طرب افزا تھی کہ یہ ہدیہ ہے خانۂ کعبہ کے لئے وہ مکہ آئی اس کے متعلق پوچھا گیا لوگوں نے کہا بنی شیبہ کے حوالے کردیجئے۔ اس کے علاوہ بھی لوگوں نے بتایا۔ میرے بارے میں اختلاف ہوا، اہل مسجد میں سے ایک شخص نے کہا۔ میں تیری رہنمائی ایک ایسے شخص کی طرف کرتا ہوں جو تجھے صحیح امر کی طرف ہدایت کرے گا مسجد میں بیٹھے ہوئے ایک بزرگ کی طرف اشارہ کیا کہ یہ جعفر بن محمد ہیں ان سے پوچھ، راوی کہتا ہے کہ میں ان کے پاس گیا اور سوال کیا اور سارا قصہ بیان کیا۔ فرمایا کعبہ تو نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے جو ہدیہ اس کے پاس بھیجا جائے وہ اس کے زائرین کے لئے ہے، غریب محتاجوں کے لئے جب وہ تیرے پاس آئیں تو ان سے سوال کر اور ان کو دے دے اور اس کی قیمت ان میں تقسیم کردے میں نے کہا بعض لوگوں سے میں نے سوال کیا تو انھوں نے مجھے دینے کو کہا بنی شیبہ کو فرمایا جب ہمارے قائمؑ کا ظہور ہوگا تو ان سب کو دھر پکڑے گا اور ان کے ہاتھ قلم کرے گا اور ان کے گرد گھوم کر کہے گا یہ ہیں اللہ کے چور۔ (مجہول)۔

۵۔ مجھے ایک عورت نے سوت دیا کہ اسے مکہ لے جا تاکہ اس سے لباس کعبہ سیا جائے۔ میں نے یہ پسند نہ کیا کہ وہ دربانوں کے سپرد کردوں۔ حضرت نے فرمایا اس کو فروخت کرکے شہد و زعفران خرید کر اور اسے شیعوں میں تقسیم کر تاکہ وہ اپنے مریضوں کا علاج کریں۔ (مرسل)

﴿ باب ۲۶ ﴾

(في قوله عزّ وجل «سواء العاكف فيه والباد»)

۱۔ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن الحكم، عن الحسين بن أبي العلاء قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إنّ معاوية أوّل من علّق على بابه مصراعين بمكّة

Presented by www.ziaraat.com

فمنع حاجّ بيت الله ماقال الله عزّ و جلّ: « سواء العاكف فيه والباد » وكان الناس إذا قدموا مكّة نزل البادي على الحاضر حتّى يقضي حجّه و كان معاوية صاحب السلسلة الّتي قال الله تعالى : « في سلسلة ذرعها سبعون ذراعاً فاسلكوه ﴿ إنّه كان لايؤمن بالله العظيم » وكان فرعون هذه الأُمّة .

باب ۲۶

آیۂ سواء العاکف فیہ والباد کا مطلب

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے معاویہ پہلا وہ شخص ہے جس نے مکہ میں اپنے گھر کے دروازے میں دو کواڑ لگوائے اور بیت اللہ کے حاجیوں کو داخلے سے روکا حالانکہ خدا نے فرمایا ہے کہ اس شہر والا اور باہر والا بادیہ نشین برابر ہے جب تک کہ وہ حج کو پورا کرے اور معاویہ ہی وہ زنجیر والا ہے جس کے متعلق خدا نے فرمایا ہے کہ دوزخی ایسی ہی زنجیر میں جکڑے ہوں گے جس کا طول ستر ہاتھ کا ہوگا، چونکہ وہ خدا پر ایمان نہیں لائے لہذا انھیں جکڑ لو اور معاویہ اس امت کا فرعون تھا۔ (ض)

﴿باب ۲۷﴾

﴿ حج النبي صلى الله عليه وآله ﴾

١ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن يحيى، عن غياث بن إبراهيم عن جعفر عليه السلام قال: لم يحجّ النّبيّ صلى الله عليه وآله بعد قدومه المدينة إلّا واحدة و قد حجّ بمكّة مع قومه حجّات.

٢ ـ أحمد بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن عيسى الفرّاء، عن عبد الله بن أبي يعفور، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: حجّ رسول الله صلى الله عليه وآله عشر حجّات مستسرّاً في كلّها يمرّ بالمأزمين فينزل ويبول .

٣ ـ أحمد بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن يونس بن يعقوب، عن عمر بن يزيد، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: حجّ رسول الله صلى الله عليه وآله عشرين حجّة .

Presented by www.ziaraat.com

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله أقام بالمدينة عشر سنين لم يحجَّ ثمَّ أنزل الله عزَّ وجلَّ عليه : «وأذِّن في النّاس بالحجِّ يأتوك رجالاً وعلى كلِّ ضامر يأتين من كلِّ فجٍّ عميق » فأمر المؤذِّنين أن يؤذِّنوا بأعلى أصواتهم بأنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله يحجُّ في عامه هذا ، فعلم به من حضر المدينة وأهل العوالي والأعراب و اجتمعوا لحجِّ رسول الله صلى الله عليه وآله وإنّما كانوا تابعين ينظرون ما يؤمرون ويتبعونه أو يصنع شيئاً فيصنعونه فخرج رسول الله صلى الله عليه وآله في أربع بقين من ذي القعدة فلمّا انتهى إلى ذي الحليفة زالت الشّمس فاغتسل ثمَّ خرج حتّى أتى المسجد الّذي عند الشجرة فصلّى فيه الظّهر وعزم بالحجِّ مفرداً وخرج حتّى انتهى إلى البيداء عند الميل الأوَّل فصفَّ له سماطان فلبّى بالحجِّ مفرداً وساق الهدي ستّاً و ستّين أو أربعاً وستّين حتّى انتهى إلى مكّة في سلخ أربع من ذي الحجّة فطاف بالبيت سبعة أشواط ثمَّ صلّى ركعتين خلف مقام إبراهيم عليه السلام ثمَّ عاد إلى الحجر فاستلمه وقد كان استلمه في أوَّل طوافه ثمَّ قال : إنَّ الصّفا والمروة من شعائر الله فأبدء بما بدء الله تعالى به وإنَّ المسلمين كانوا يظنّون أنَّ السّعي بين الصّفا والمروة شيء صنعه المشركون فأنزل الله عزَّ وجلَّ : «إنَّ الصفا والمروة من شعائر الله فمن حجَّ البيت أو اعتمر فلا جناح عليه أن يطّوَّف بهما » ثمَّ أتى الصّفا فصعد عليه واستقبل الرُّكن اليمانيَّ فحمد الله و أثنى عليه ودعا مقدار ما يقرء سورة البقرة مترسّلاً ثمَّ انحدر إلى المروة فوقف عليها كما وقف على الصّفا ثمَّ انحدر و عاد إلى الصّفا فوقف عليها ثمَّ انحدر إلى المروة حتّى فرغ من سعيه ، فلمّا فرغ من سعيه و هو على المروة أقبل على النّاس بوجهه فحمد الله وأثنى عليه ثمَّ قال : إنَّ هذا جبرئيل ـ وأومأ بيده إلى خلفه ـ يأمرني أن آمر من لم يسق هدياً أن يحلَّ ولو استقبلت من أمري ما استدبرت لصنعت مثل ما أمرتكم ولكنّي سقت الهدي ولا ينبغي لسائق الهدي أن يحلَّ حتّى يبلغ الهدي محلّه ؛ قال : فقال له رجل من القوم : لنخرجنَّ حجّاجاً ورؤوسنا وشعورنا تقطر فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله : أما إنّك لن تؤمن بهذا أبداً ؛ فقال له سراقه بن مالك بن جعشم الكنانيّ : يا رسول الله علّمنا ديننا كأنّا خلقنا اليوم فهذا الّذي أمرتنا به لعامنا هذا أم لما يستقبل؟

Presented by www.ziaraat.com

فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله : بل هو للأبد إلى يوم القيامة ، ثمّ شبّك أصابعه وقال : دخلت العمرة في الحجّ إلى يوم القيامة ، قال : وقدم علي عليه السلام من اليمن على رسول الله صلى الله عليه وآله وهو بمكّة فدخل على فاطمة سلام الله عليها وهي قد أحلّت فوجد ريحاً طيّبة ووجد عليها ثياباً مصبوغة فقال : ماهذا يا فاطمة ؟ فقالت أمرنا بهذا رسول الله صلى الله عليه وآله فخرج علي عليه السلام إلى رسول الله صلى الله عليه وآله مستفتياً ، فقال : يا رسول الله إنّي رأيت فاطمة قد أحلّت وعليها ثياب مصبوغة ؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وآله : أنا أمرت النّاس بذلك فأنت يا علي بما أهللت ؟ قال : يا رسول الله إهلالاً كإهلال النبيّ ، فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله : قرّ على إحرامك مثلي وأنت شريكي في هديي ، قال : ونزل رسول الله صلى الله عليه وآله بمكّة بالبطحاء هو وأصحابه ولم ينزل الدّور فلمّا كان يوم التّروية عند زوال الشّمس أمر النّاس أن يغتسلوا ويهلّوا بالحجّ وهو قول الله عزّ وجلّ الّذي أنزل على نبيّه صلى الله عليه وآله : «فاتّبعوا ملّة (أبيكم) إبراهيم» فخرج النّبيّ صلى الله عليه وآله وأصحابه مهلّين بالحجّ حتّى أتى منى فصلّى الظّهر والعصر والمغرب والعشاء الآخرة والفجر ثمّ غدا والنّاس معه وكانت قريش تفيض من المزدلفة وهي جمع ويمنعون النّاس أن يفيضوا منها ، فأقبل رسول الله صلى الله عليه وآله وقريش ترجو أن تكون إفاضته من حيث كانوا يفيضون فأنزل الله تعالى عليه «ثمّ أفيضوا من حيث أفاض النّاس واستغفروا الله» يعني إبراهيم وإسماعيل وإسحاق في إفاضتهم منها ومن كان بعدهم ، فلمّا رأت قريش أنّ قبّة رسول الله صلى الله عليه وآله قد مضت كأنّه دخل في أنفسهم شيء للّذي كانوا يرجون من الإفاضة من مكانهم حتّى انتهى إلى نمرة وهي بطن عرنة بحيال الأراك فضربت قبّته وضرب النّاس أخبيتهم عندها فلمّا زالت الشّمس خرج رسول الله صلى الله عليه وآله ومعه قريش وقد اغتسل وقطع التّلبية حتّى وقف بالمسجد فوعظ النّاس وأمرهم ونهاهم ، ثمّ صلّى الظهر والعصر بأذان وإقامتين ، ثمّ مضى إلى الموقف فوقف به فجعل النّاس يبتدرون أخفاف ناقته يقفون إلى جانبها فنحّاها ، ففعلوا مثل ذلك ، فقال : أيّها النّاس ليس موضع أخفاف ناقتي بالموقف ولكن هذا كلّه ـ وأومأ بيده إلى الموقف ـ فتفرّق النّاس وفعل مثل ذلك بالمزدلفة فوقف النّاس حتّى وقع القرص قرص الشّمس ـ ثمّ أفاض وأمر النّاس بالدعة حتى انتهى إلى المزدلفة وهو المشعر

الحرام فصلّى المغرب والعشاء الآخرة بأذان واحد و إقامتين ثمّ أقام حتّى صلّى فيها الفجر وعجّل ضعفاء بني هاشم بليل وأمرهم أن لا يرموا الجمرة ـ جمرة العقبة ـ حتّى تطلع الشمس فلمّا أضاء له النّهار أفاض حتّى انتهى إلى منى فرمى جمرة العقبة وكان الهدي الّذي جاء به رسول الله صلى الله عليه وآله أربعة وستّين أو ستّة وستّين وجاء عليّ عليه السلام بأربعة و ثلاثين أو ستّة وثلاثين، فنحر رسول الله صلى الله عليه وآله ستّة وستّين ونحر عليّ عليه السلام أربعة وثلاثين بدنة وأمر رسول الله صلى الله عليه وآله أن يؤخذ من كلّ بدنة منها جذوة من لحم، ثمّ تطرح في برمة، ثمّ تطبخ، فأكل رسول الله صلّى الله عليه وآله و سلّم وعليّ وحسيا من مرقها ولم يعطيا الجزّارين جلودها ولا جلالها ولا قلائدها و تصدّق به وحلق وزار البيت ورجع إلى منى وأقام بها حتّى كان اليوم الثّالث من آخر أيّام التّشريق، ثمّ رمى الجمار ونفر حتّى انتهى إلى الأبطح فقالت له عائشة: يارسول الله ترجع نساؤك بحجّة و عمرة معاً وأرجع بحجّة؟ فأقام بالأبطح وبعث معها عبد الرّحمن بن أبي بكر إلى التّنعيم فأهلّت بعمرة ثمّ جاءت و طافت بالبيت و صلّت ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعت بين الصّفا والمروة، ثمّ أتت النّبيّ صلى الله عليه وآله فارتحل من يومه ولم يدخل المسجد الحرام ولم يطف بالبيت و دخل من أعلى مكّة من عقبة المدنيّين وخرج من أسفل مكّة من ذي طوى.

٥ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن إسماعيل بن همّام، عن أبي الحسن عليه السلام قال: أخذ رسول الله صلى الله عليه وآله حين غدا من منى في طريق ضبّ ورجع ما بين المأزمين وكان إذا سلك طريقاً لم يرجع فيه.

٦ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ و محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله حين حجّ حجّة الإسلام خرج في أربع بقين من ذي القعدة حتّى أتى الشّجرة فصلّى بها ثمّ قاد راحلته حتّى أتى البيداء فأحرم منها و أهلّ بالحجّ وساق مائة بدنة وأحرم النّاس كلّهم بالحجّ لا ينوون عمرة ولا يدرون ما المتعة حتّى إذا قدم رسول الله صلى الله عليه وآله مكّة طاف بالبيت وطاف النّاس معه ثمّ صلّى ركعتين عند المقام واستلم الحجر،

Presented by www.ziaraat.com

ثمّ قال: أبدء بما بدء الله عزّ وجلّ به فأتى الصّفا فبدء بها ثمّ طاف بين الصّفا والمروة سبعاً فلمّا قضى طوافه عند المروة قام خطيباً فأمرهم أن يحلّوا و يجعلوها عمرة و هو شيء أمر الله عزّ وجلّ به فأحلّ النّاس و قال رسول الله صلى الله عليه وآله: لو كنت استقبلت من أمري ما استدبرت لفعلت كما أمرتكم ولم يكن يستطيع أن يحلّ من أجل الهدي الّذي كان معه إنّ الله عزّ وجلّ يقول: «ولا تحلقوا رؤسكم حتّى يبلغ الهدي محلّه» فقال سراقة بن مالك بن جعشم الكنانيّ: يا رسول الله علّمنا كأنّا خلقنا اليوم أرأيت هذا الّذي أمرتنا به لعامنا هذا أو لكلّ عام؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وآله: لا بل للأبد الأبد. وإنّ رجلاً قام فقال: يا رسول الله نخرج حجّاجاً و رؤوسنا تقطر؟! فقال رسول الله صلى الله عليه وآله: إنّك لن تؤمن بهذا أبداً قال: وأقبل عليّ عليه السلام من اليمن حتّى وافى الحجّ فوجد فاطمة سلام الله عليها قد أحلّت ووجد ريح الطّيب، فانطلق إلى رسول الله صلى الله عليه وآله مستفتياً فقال رسول الله صلى الله عليه وآله: يا عليّ بأيّ شيء أهللت؟ فقال: أهللت بما أهلّ به النّبيّ صلى الله عليه وآله فقال: لا تحلّ أنت فأشركه في الهدي وجعل له سبعاً وثلاثين ونحر رسول الله صلى الله عليه وآله ثلاثاً وستّين فنحرها بيده ثمّ أخذ من كلّ بدنة بضعة فجعلها في قدر واحد ثمّ أمر به فطبخ فأكل منه وحسا من المرق وقال: قد أكلنا منها الآن جميعاً؛ والمتعة خير من القارن السّائق وخير من الحاجّ المفرد. قال: وسألته أليلاً أحرم رسول الله صلى الله عليه وآله أم نهاراً؟ فقال: نهاراً قلت: أيّة ساعة؟ قال: صلاة الظهر.

٧ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن النّضر ابن سويد، عن عبد الله بن سنان قال: قال أبو عبد الله عليه السلام: ذكر رسول الله صلى الله عليه وآله الحجّ فكتب إلى من بلغه كتابه ممّن دخل في الإسلام: أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله يريد الحجّ يؤذنهم بذلك ليحجّ من أطاق الحجّ فأقبل النّاس فلمّا نزل الشّجرة أمر النّاس بنتف الإبط و حلق العانة والغسل والتجرّد في إزار ورداء أو إزار وعمامة يضعها على عاتقه لمن لم يكن له رداء وذكر أنّه حيث لبّى قال: «لبّيك اللّهمّ لبّيك لبّيك، لا شريك لك لبّيك، إنّ الحمد والنّعمة لك والملك لا شريك لك» وكان رسول الله صلى الله عليه وآله يكثر من ذي المعارج وكان يلبّي كلّما لقي راكباً أو علا أكمة أو هبط وادياً و من آخر اللّيل و في إدبار الصلوات، فلمّا دخل مكّة دخل من أعلاها من العقبة وخرج حين خرج من ذي طوى

Presented by www.ziaraat.com

فلمّا انتهى إلى باب المسجد استقبل الكعبة ـ وذكر ابن سنان أنّه باب بني شيبة ـ فحمدالله وأثنى عليه وصلّى على أبيه إبراهيم، ثمّ أتى الحجر فاستلمه فلمّا طاف بالبيت صلّى ركعتين خلف مقام إبراهيم عليه السلام ودخل زمزم فشرب منها، ثمّ قال: «اللّهمّ إنّي أسألك علماً نافعاً ورزقاً واسعاً وشفاءً من كلّ داءٍ وسقم» فجعل يقول ذلك وهو مستقبل الكعبة، ثمّ قال لأصحابه: ليكن آخر عهدكم بالكعبة استلام الحجر، فاستلمه ثمّ خرج إلى الصّفا، ثمّ قال: أبدء بما بدءالله به، ثمّ صعد على الصّفا فقام عليه مقدار ما يقرء الإنسان سورة البقرة.

٨ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن حمّاد بن عثمان، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعته يقول: نحر رسول الله صلى الله عليه وآله بيده ثلاثاً و ستّين و نحر عليّ عليه السلام ماغبر، قلت: سبعة وثلاثين؟ قال: نعم.

٩ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الّذي كان على بدن رسول الله صلى الله عليه وآله ناجية بن جندب الخزاعيّ الأسلميّ والّذي حلق رأس النّبيّ صلى الله عليه وآله في حجّته معمر بن عبدالله بن حراثة بن نصر بن عوف بن عويج بن عدى بن كعب؛ قال: ولمّا كان في حجّة رسول الله صلى الله عليه وآله وهو يحلقه، قالت قريش أي معمر؛ اُذن رسول الله صلى الله عليه وآله في يدك وفي يدك الموسى، فقال معمر: والله إنّي لأعدّه من الله فضلاً عظيماً عليّ، قال: وكان معمر هو الّذي يرحل لرسول الله صلى الله عليه وآله فقال رسول الله: يامعمر إنّ الرّحل اللّيلة لمسترخي، فقال معمر: بأبي أنت واُمّي لقد شددته كما كنت أشدّه ولكن بعض من حسدني مكاني منك يا رسول الله أراد أن تستبدل بي، فقال رسول الله صلى الله عليه وآله: ماكنت لأفعل.

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ و محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: اعتمر رسول الله صلى الله عليه وآله ثلاث عمر مفترقات: عمرة في ذي القعدة أهلّ من عسفان و هي عمرة الحديبية وعمرة أهلّ من الجحفة وهي عمرة القضاء وعمرة أهلّ من الجعرانة بعدما رجع من الطّائف

Presented by www.ziaraat.com

من غزوة حنين .

١١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن أبي نجران ، عن العلاء ابن رزين ، عن عمر بن يزيد قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أحجّ رسول الله صلى الله عليه وآله غير حجّة الوداع ؟ قال : نعم عشرين حجّة .

١٢ ـ سهلٌ ، عن ابن فضّال ، عن عيسى الفرّاء ، عن ابن أبي يعفور ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : حجّ رسول الله صلى الله عليه وآله عشرين حجّة مستسرّة كلّها يمرّ بالمأزمين فينزل فيبول .

١٣ ـ حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد بن سماعة ، عن جعفر بن سماعة ؛ ومحمّد ابن يحيى ، عن عبدالله بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم جميعاً ، عن أبان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : اعتمر رسول الله صلى الله عليه وآله عمرة الحديبية وقضى الحديبية من قابل ومن الجعرانة حين أقبل من الطائف ثلاث عمر كلّهنّ في ذي القعدة .

١٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ذكر أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله اعتمر في ذي القعدة ثلاث عمر كلّ ذلك يوافق عمرته ذا القعدة .

باب ۲

حج نبیؐ

۱۔ فرمایا رسولِ خدا نے بیس حج کیا مدینہ میں آنے کے بعد مگر ایک اور اپنی قوم کے ساتھ مکہ میں کئی حج کیے۔ (موثق)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ حضرت رسولِ خدا نے دس حج کیے، سب کے سب چھپ کر، آپ لوگوں کے ساتھ پہاڑوں کے تنگ راستوں سے گزرتے تھے منزلوں پر اُترتے تھے اور پیشاب کرتے تھے (مجہول)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے بیس حج کیے (موثق)

۴۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے قیام کیا مدینہ میں دس سال اور اس مدت میں حج نہ کر سکے پھر یہ آیت نازل ہوئی حج کے لیے لوگوں کو بلاؤ، مرد تمہارے پاس آئیں گے اور ہر گہرے درہ سے دُبلی پتلی اونٹنیوں پر سوار ہو کر چلے آئیں

گے حضورؐ نے موذنوں کو حکم دیا کہ بلند آواز سے اعلان کریں کہ رسول اللہ اس سال حج کریں گے پس جو لوگ مدینہ میں تھے وہ آگاہ ہو گئے اور آس پاس کے عربوں کو بھی مطلع کر دیا گیا سب لوگ جمع ہو گئے اور اس کا انتظار کرنے لگے کہ حضورؐ کیا حکم دیتے ہیں تاکہ اس کو بجا لائیں اور جیسا حضرت کریں ویسا ہی وہ بھی کریں ماہ ذی قعدہ کے چار دن باقی تھے کہ حضور مدینہ سے چلے جب مقام ذوالحلیفہ میں پہنچے تو زوال آفتاب ہو گیا تھا۔ آپ نے غسل کیا پھر وہاں سے چل کر اس مسجد میں آئے جو مسجد شجرہ کہلاتی ہے آپؐ نے وہاں نماز ظہر پڑھی اور حج مفردہ کا ارادہ کیا اور پہلی رات کے قریب مقام بیدا میں پہنچے وہاں دو ادنی کپڑے پہنائے گئے آپؐ نے حج مفردہ کا تلبیہ کیا اور ہدی کو لے چلے جن کی تعداد ۶۶ یا ۶۴ تھی اس کے بعد ۴ ذی الحجہ کو آپؐ مکہ پہنچے اور آپؐ نے سات مرتبہ خانۂ کعبہ کا طواف کیا۔ پھر آپؐ نے دو رکعت نماز مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھی پھر آپ حجر کے پاس آئے اور اسے بوسہ دیا اور پہلے طواف میں بھی بوسہ دیا تھا پھر فرمایا صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں پس میں حکم خدا کے مطابق کرتا ہوں مسلمان یہ گمان کرتے تھے کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا مشرکوں کا عمل ہے پس اللہ نے یہ آیت نازل کی کہ صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں پس جو حج کرے اور عمرہ بجا لائے اس پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ ان دونوں کا طواف کرے۔ پھر آپؐ صفا پر آئے اور رکن یمانی کی طرف رخ کیا اور خدا کی حمد و ثنا کی اتنی دیر دعا کی جتنی دیر میں مسلسل کوئی سورۂ بقر پڑھے، پھر مروہ پر تشریف لے گئے اور جتنی دیر صفا پر ٹھہرے تھے وہاں بھی ٹھہرے پھر وہاں سے کوہ صفا پر گئے اور ٹھہرے۔ پھر وہ مروہ پر گئے یہاں تک کہ ان کی سعی سے فارغ ہوئے در آنحالیکہ آپ مروہ پر تھے اور آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور خدا کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا یہ جبرئیل ہیں اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اپنی پشت کی طرف اور فرمایا کہ میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ جو ہدی کو نہیں لے جائے گا محل نہیں ہوگا اگر میں اپنے امر میں آگے بڑھوں گا تو پیچھے نہ ہٹوں گا۔ میں وہی کروں گا جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے میں ہدی لے جاؤں گا اور ہدی لے جانے والے کے لئے جائز نہیں ہے کہ ہدی کے اپنے مقام پر پہنچنے سے پہلے محل ہو جائے۔ ایک شخص نے کہا ہم حاجی بن کر ایسی صورت میں نہیں نکلیں گے کہ ہمارے سروں اور بالوں سے غسل جنابت کا پانی ٹپکتا ہو (یہ کہنے والے حضرت عمر تھے جنھوں نے حج تمتع کو حرام کیا) حضرت نے فرمایا تم اس پر کبھی ایمان نہ لاؤ گے حضرت کی یہ پیشین گوئی پوری ہوئی کہ انھوں نے اپنے عہد خلافت میں حج تمتع کو حرام کیا۔) سراقہ بن مالک نے کہا یا رسول اللہ ہم نے اپنے دین کو اس طرح جان لیا گویا ہم آج ہی پیدا ہوئے ہیں جو آپ نے ہمیں حکم دیا ہم نے اسے جان لیا۔

کیا یہ حکم ہمارے ہی لئے ہے فرمایا قیامت تک کے لئے ہے پھر اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں اور فرمایا اس طرح میں نے عمرہ کو حج میں داخل کیا قیامت تک کے لئے۔ حضرت علیؑ اسی موقع پر یمن سے آئے جب کہ

رسول اللہ مکہ میں تھے پس حضرت علیؑ فاطمہ علیہا السلام کے پاس آئے درآنحالیکہ وہ احرام کھول چکی تھیں اور خوشبو لگائے ہوئے تھیں اور رنگین کپڑے پہنے ہوئے۔ فرمایا اے فاطمہ ایسا کیوں ہے فرمایا رسول اللہ نے ہمیں اس کا حکم دیا ہے پس حضرت علی رسولؐ خدا کے پاس آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ فاطمہ مُحِل ہو گئیں اور انھوں نے رنگین کپڑے پہن لیے فرمایا میں نے لوگوں کو یہی حکم دیا ہے یا علی تم نے ہلہلہ کیسے فرمایا اسی نیت سے جو نبی کی ہے۔

رسولؐ اللہ نے فرمایا میری طرح تم احرام باندھے رہو ہدی میں میرے شریک ہو پھر حضرت مع اصحاب مکہ کے مقام بطحا پر آئے لیکن گھروں میں نہیں اترے جب یوم ترویہ آیا تو زوال آفتاب کے وقت لوگوں کو غسل کا حکم دیا کہ ہلہلہ حج کریں جیسا کہ خدا نے اپنے نبی پر نازل کیا ہے۔

اتباع کرو ملت ابراہیم کا خلوص سے پھر حضرت مع اصحاب ہلہلہ حج کرتے ہوئے نکلے اور منیٰ میں آئے اور ظہر کی نماز پڑھی، عصر اور مغرب، عشاء اور صبح کی نماز پڑھی پھر صبح کو لوگ آپ کے ساتھ تھے اور قریش مزدلفہ سے چل کھڑے ہوتے تھے اور لوگوں کو وہاں سے چلنے کے لیے منع کرتے تھے رسولؐ اللہ تشریف لائے اور قریش کو یہ امید تھی کہ ان کا یہ چل پڑنا اسی طرح کا ہو گا جیسے دوسرے لوگ چل کھڑے ہوتے ہیں۔ خدا نے رسولؐ پر یہ آیت نازل کی، تم بھی اسی طرح چل کھڑے ہو جیسے اور لوگ چل کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ سے استغفار کرو یعنی ابراہیم و اسمٰعیل و اسحاق، جس وقت وہاں سے چلتے تھے تم بھی چلو، اور جس وقت ان کے بعد والے چلتے تھے جب قریش نے دیکھا کہ حضرت کا خیمہ اکھڑ گیا تو ان کے دلوں میں یہ بات پیدا ہوئی جس کی چل کھڑے ہونے کے بارے میں وہ امید کرتے تھے یہاں تک کہ رسولؐ اللہ مقام نمرہ تک پہنچے اور وہاں آپ کا خیمہ نصب ہوا اس کے پاس اوروں نے بھی اپنے خیمے نصب کیے جب زوال آفتاب ہو گیا تو رسول اللہ خیمہ سے نکلے اور آپ کے ساتھ قریش تھے حضرت نے غسل کیا اور تلبیہ قطع کیا پھر آپؐ نے مسجد میں ٹھہر کر لوگوں کو وعظ کیا اور کچھ باتوں کا حکم دیا اور کچھ باتوں سے روکا پھر نماز ظہر و عصر ایک اذان اور دو اقامتوں سے ادا کی پھر موقف کی طرف گئے اور قیام کیا لوگ بڑھے کہ آپ کے ناقہ کے موزے درست کریں وہ ناقہ کے چاروں طرف جمع تھے آپ نے ان کو ہٹایا اور فرمایا لوگو یہ جگہ اس کام کے لیے نہیں ہے یہ سن کر لوگ متفرق ہو گئے اور انھوں نے یہ کام مزدلفہ میں کیا لوگ وہاں ٹھہرے رہے جب سورج غروب ہوا تو چلے حضرت نے دعا کا حکم دیا جب مزدلفہ آیا جو مشعر الحرام ہے تو مغرب و عشاء کی نماز ایک اذان اور دو اقامتوں سے پڑھی پھر قیام کیا اور وہیں صبح کی نماز پڑھی بنی ہاشم کے کمزور لوگوں کو رات ہی میں چلتا کیا اور حکم دیا کہ وہ طلوع آفتاب سے جمرۂ عقبہ پر رمی کریں اور دن نکلتے ہی وہاں سے چل دیں اور منیٰ پہنچیں، پھر حضرت نے جمرۂ عقبہ پر رمی کی اور جو ہدی رسولؐ اللہ اپنے ساتھ لائے تھے ان کی تعداد ۶۴ یا ۶۶ تھی اور حضرت علی نے نحر کیے ۳۴ اونٹ، اور رسولؐ اللہ نے حکم دیا کہ ہر قربانی سے تھوڑا سا گوشت لیا جائے اور اسے ہانڈی میں پکایا جائے،

Presented by www.ziaraat.com

پس رسول اللہ نے اور حضرت علی علیہ السلام نے اس میں سے تھوڑا سا شوربہ کھایا اور قصائیوں کو نہ قربان کی کھال دی اور نہ جسم کا کوئی حصہ اور نہ اونٹوں کے قلادے اور باقی تصدق کر دیا پھر بیت اللہ کی زیارت کی اور منیٰ کی طرف لوٹ آئے اور وہاں قیام کیا۔ تیسرے دن جو آخر ایام تشریق تھا پھر جمروں پر رمی کی اور نفرین کی پھر ابطح آئے، حضرت عائشہ نے کہا یا رسول اللہ اپنی ازواج کو حج و عمرہ ایک ساتھ کرنے کے لیے کہیے (چونکہ وہ حائض ہونے والی تھیں) اور آپ حج کیجیے۔ حضرت مقام ابطح پر ٹھہرے اور عائشہؓ کو عبدالرحمن بن ابی بکر کے ساتھ تنعیم میں بھیج دیا جہاں انھوں نے عمرہ کا ہلہلہ کیا اور بیت اللہ آکر طواف کیا اور رسول اللہ داخل ہوئے بالائی حصہ مکہ سے عقبہ مدینیین ہو کر اور خارج ہوئے اسفل مکہ کے مقام طوی سے۔ (حسن)

۵۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے کہ منیٰ سے آنحضرت منب کی راہ سے چلے اور پتھریلے راستوں سے گزرے آپ جس راستہ سے جاتے تھے اس سے لوٹتے نہ تھے۔ (م)

۶۔ فرمایا حضرت عبداللہ نے کہ جب رسول اللہ نے حج کا ارادہ کیا تو آپ مدینہ سے چلے جبکہ ذی قعدہ کے چار دن باقی تھے اور شجرہ تک آئے وہاں نماز پڑھی پھر سواری کو چلایا اور بیدا میں آئے یہاں احرام باندھا اور ہلہلہ کیا سو قربانی کے اونٹ آپ کے ساتھ تھے تمام لوگوں نے حج کا احرام باندھا۔ نیت عمرہ کی نہیں کی اور وہ حج تمتع کو جانتے بھی نہ تھے جب رسول اللہ مکہ آئے تو حضرت نے طواف کیا اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ طواف کیے پھر مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھی اور حجر اسود کو بوسہ دیا۔ پھر فرمایا جو حکم خدا ہے اب وہ بجا لاتا ہوں اس کے بعد آپ کوہ صفا پر آئے اور صفا و مروہ کے درمیان سات طواف کیے جب مروہ پر پہنچ کر وہ ختم ہوئے تو آپ نے خطبہ پڑھا اور لوگوں سے فرمایا محل ہو جائیں اور اس کو عمرہ قرار دیں۔

اور وہ ایک ایسا حکم ہے جس کا اللہ نے حکم دیا ہے اور فرمایا جب میں اپنے معاملہ میں کوئی قدم آگے بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹاتا۔ جو میں نے تم کو حکم دیا ہے وہ خود بھی کرتا ہوں اور نہیں سزاوار ہے اس کے لیے جو اپنے ساتھ ہدی لایا ہے کہ محل ہو جائے اس سے پہلے کہ ہدی اپنے مقام پر پہنچے، سراقہ نے کہا یا رسول اللہ ہم نے جان لیا اس طرح گویا ہم آج ہی پیدا ہوئے ہیں یہ تو فرمائیے کیا یہ حکم اسی سال کے لیے ہے یا ہر سال کے لیے فرمایا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ یہ اچھا ہے کہ حج کے زمانہ میں (عمرہ کے بعد محل ہو کر عورت کے پاس جا سکیں اور پھر دوبارہ احرام باندھیں حج کے لیے غسل جنابت کا پانی ہمارے سروں سے ٹپکتا ہو۔

حضرت نے فرمایا تو کبھی ایمان نہ لائے گا حضرت علی یمن سے حج کرنے کے لیے آ گئے آپ نے جناب فاطمہ کو محل حالت میں پایا اور خوشبو بھی پائی رسول اللہ کے پاس آئے اور فتویٰ پوچھا۔ حضرت نے پوچھا یا علی تم نے کیا نیت کی ہے فرمایا وہی جو آپ کی نیت ہے فرمایا احرام نہ کھولو، اور ان کو اپنی قربانی میں شریک کیا اور ۳۷ قربانیاں

ان کے حصہ میں دیں اور ۶۳ اپنے حصہ میں رکھیں۔

اور حضرت نے ان کو اپنے ہاتھ سے نحر کیا اور ہر قربانی سے تھوڑا سا گوشت لے کر اسے ایک ہانڈی یا دیگ میں ڈالا اور پکوایا پھر تھوڑا سا شوربہ کھایا اور فرمایا اب ہم نے سب میں سے کھایا اور فرمایا حج تمتع بہتر ہے حج قران سے اور وہ بہتر ہے حج افراد سے، میں نے پوچھا حضور نے احرام رات کو باندھا تھا یا دن میں، فرمایا دن میں، میں نے کہا کس وقت فرمایا ظہر کے وقت، فرمایا رسول اللہ نے ذکر کیا حج کا اور لکھا ان لوگوں کو جن کا خط آیا تھا جو لوگ اسلام میں داخل ہوئے تھے کہ رسولؐ اللہ حج کا ارادہ رکھتے ہیں اس کو اطلاع دی جائے کہ جو حج کرنے کی طاقت رکھتا ہے لوگ آ گئے جب منزل شجرہ پر اترے تو آپ نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اپنی بغلوں کے بال نوچیں اور موئے زہار صاف کریں اور غسل کریں اور صرف ازار و ردا لباس میں رکھیں یا ازار و عمامہ اپنے کندھے پر رکھیں جن کے پاس ردا نہ ہو اور پھر اس طرح تلبیہ کیا۔ لبیک اللھم لبیک لبیک الخ اور حضرت رسولؐ خدا تلبیہ کرتے جب کوئی سوار ملتا یا کسی ٹیلہ پر چڑھتے یا آخر رات کو کسی وادی میں اترتے اور نمازوں کے بعد اور جب عقبہ کے بالائی حصہ سے مکہ میں داخل ہوتے اور جب وہاں سے نکلتے وادی طوی کی طرف سے ہو کر جب باب مسجد پر پہنچے تو کعبہ کا رخ کرتے، ابن سنان نے کہا کہ وہ باب بنی شیبہ ہے پس اللہ کی حمد و ثنا کرتے اور درود بھیجتے اپنے جد ابراہیم پر اور پھر حجر کے پاس آتے اسے بوسہ دیتے بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھتے پھر زم زم پر آتے اور اس کا پانی پیتے پھر فرمایا یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں علم نافع اور رزق واسع کا اور ہر درد کی شفا کا، اور یہ کعبہ کی طرف رخ کر کے فرماتے پھر آپؐ نے اصحاب سے فرمایا یہ تمہارے ساتھ میرا کعبہ سے آخری عہد ہے حجر کو بوسہ دینے کا اس کے بعد حضرت نے بوسہ دیا پھر کوہ صفا پر گئے اور فرمایا میں ظاہر کرتا ہوں اس امر کو جو اللہ نے ظاہر کیا پھر صفا پر اتنی دیر قیام کیا جتنی دیر کوئی سورۂ بقر پڑھے۔ (م)

۸۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ رسولؐ اللہ نے نحر کئے اپنے ہاتھ سے ۶۳ اونٹ اور علی علیہ السلام نے اس کے علاوہ میں نے کہا ۳۷ فرمایا ہاں۔ (ح)

۹۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ رسولؐ اللہ کے اونٹوں کی نگرانی کرنے والا ناجیہ بن جندب تھا اور حضرت کا سر مونڈنے والا حج میں معمر بن عبداللہ تھا۔

جب وہ حجۃ الوداع میں رسولؐ اللہ کا سر مونڈ رہا تھا تو قریش نے اس سے کہا کیا رسولؐ اللہ نے اجازت دی تھی کہ تیرے ہاتھ میں استرا ہو، اس نے کہا واللہ میں اپنے لئے خدا کا فضل سمجھتا ہوں یہ معمر وہ شخص ہے جو رسول اللہ کے لئے سواری کا اہتمام کرتا تھا۔

رسول اللہ نے فرمایا۔ اے معمر رات کی سواری ڈھیلی کسی گئی ہے اس نے کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

میں نے تو اسی طرح مضبوط باندھا تھا جیسے باندھا کرتا ہوں لیکن آپ کی جو نظر کرم میرے اوپر ہے لوگوں کو اس پر حسد ہے اور وہ میری جگہ لینا چاہتے ہیں حضرت نے فرمایا میں ایسا نہیں کروں گا۔ (حسن)

۱۰۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے تین عمرے متفرق کئے ایک ذی قعدہ میں احرام باندھا عسقان سے جو عمرہ حدیبیہ کہلاتا ہے دوسرے کا احرام باندھا جحفہ سے جو عمرہ قضا تھا اور ایک کا احرام باندھا جعرانہ سے جبکہ آپ طائف غزوہ حنین کے بعد لوٹے۔ (حسن)

۱۱۔ میں نے پوچھا کیا رسول اللہ نے حجۃ الوداع کے علاوہ کوئی اور بھی حج کیا تھا فرمایا بیس حج اور کئے تھے۔ (ح)

۱۲۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے چھپ کر بیس حج کئے آپ پتھریلے مقاموں سے گزرتے تھے اور صرف بول کے لئے اترتے تھے۔ (م)

۱۳۔ فرمایا رسول اللہ نے عمرہ حدیبیہ کیا اور حدیبیہ سے اگلے سال کیا اور جعرانہ سے طائف آتے ہوئے تین عمرے کئے اور تینوں ماہ ذی قعدہ میں کئے۔ (موثق)

۱۴۔ فرمایا حضرت نے کہ حضرت رسول خدا نے تین عمرے کئے ہر عمرہ ماہ ذی قعدہ میں۔ (موثق)

﴿ باب ۲۸ ﴾

☆(فضل الحج والعمرة وثوابهما)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عمرو بن عثمان الخزّاز ، عن عليّ بن عبدالله البجليّ ، عن خالد القلانسيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال عليُّ بن الحسين عليهما السلام : حجّوا واعتمروا تصحَّ أبدانكم وتتّسع أرزاقكم وتكفون مؤونات عيالكم ؛ وقال : الحاجُّ مغفورٌ له وموجوبٌ له الجنّة ومستأنفٌ له العمل ومحفوظ في أهله وماله .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن سيف بن عميرة ، عن عبد الأعلى قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : كان أبي يقول : من أمَّ هذا البيت حاجّاً أو معتمراً مبرَّأً من الكبر رجع من ذنوبه كهيئة يوم ولدته اُمّه ثمّ قرء : «فمن تعجّل في يومين فلا إثم عليه ومن تأخّر فلا إثم عليه لمن اتّقى » قلت : ما الكبر ؟ قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : إنّ أعظم الكبر غمص الخلق وسفه الحقّ قلت : ما غمص الخلق وسفه الحقّ ؟ قال : يجهل الحقّ ويطعن على أهله ومن فعل ذلك نازع الله رداءه .

Presented by www.ziaraat.com

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : ضمان الحاجّ والمعتمر على الله إن أبقاه بلّغه أهله وإن أماته أدخله الجنّة .

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليّ ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عن آبائه عليهم السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الحجّة ثوابها الجنّة و العمرة كفّارة لكلّ ذنب .

٥ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن يحيى بن عمرو بن كليع ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي قد وطّنت نفسي على لزوم الحجّ كلّ عام بنفسي أو برجل من أهل بيتي بمالي ؟ فقال : وقد عزمت على ذلك ؟ قال : قلت : نعم ، قال : إن فعلت فأبشر بكثرة المال .

٦ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : الحجّاج يصدرون على ثلاثة أصناف : صنف يعتق من النّار وصنف يخرج من ذنوبه كهيئة يوم ولدته أمّه و صنف يحفظ في أهله وماله ، فذاك أدنى ما يرجع به الحاجّ .

٧ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالله بن يحيى الكاهليّ قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول و يذكر الحجّ فقال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : هو أحد الجهادين هو جهاد الضّعفاء و نحن الضعفاء أما إنّه ليس شيء أفضل من الحجّ إلّا الصّلاة وفي الحجّ لههنا صلاة وليس في الصّلاة قبلكم حجّ ، لا تدع الحجّ و أنت تقدر عليه أما ترى أنّه يشعث رأسك و يقشف فيه جلدك و يمتنع فيه من النّظر إلى النّساء وإنّا نحن لههنا ونحن قريب ولنا مياه متّصلة ما نبلغ الحجّ حتّى يشقّ علينا فكيف أنتم في بعد البلاد وما من ملك ولا سوقة يصل إلى الحجّ إلّا بمشقّة في تغيير مطعم أو مشرب أو ريح أو شمس لا يستطيع ردّها و ذلك قوله عزّ وجلّ : « و تحمل أثقالكم إلى بلد لم تكونوا بالغيه إلّا بشقّ الأنفس إنّ ربّكم لرؤوف رحيم ».

٨ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن حمّاد بن عيسى ، عن ربعيّ ابن عبدالله ، عن الفضيل بن يسار قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : لايحالف الفقر والحمّى مدمن الحجّ والعمرة .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبي أيّوب ، عن سعد الاسكاف قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : إنّ الحاجّ إذا أخذ في جهازه لم يخط خطوة في شيء من جهازه إلّا كتب الله عزّ و جلّ له عشر حسنات و محى عنه عشر سيّئات ورفع له عشر درجات حتّى يفرغ من جهازه متى ما فرغ فإذا استقبلت به راحلته لم تضع خفّاً ولم ترفعه إلّا كتب الله عزّ وجلّ له مثل ذلك حتّى يقضي نسكه فإذا قضى نسكه غفر الله له ذنوبه ، وكان ذا الحجّة والمحرّم وصفر وشهر ربيع الأوّل أربعة أشهر تكتب له الحسنات ولاتكتب عليه السّيّئات إلّا أن يأتي بموجبة فإذا مضت الأربعة الأشهر خلط بالنّاس .

١٠ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن حسين بن خالد قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : لأيّ شيء صار الحاجّ لا يكتب عليه الذّنب أربعة أشهر ؟ قال : إنّ الله عزّ وجلّ أباح المشركين الحرم في أربعة أشهر إذ يقول : « فسيحوا في الأرض أربعة أشهر » ثمّ وهب لمن يحجّ من المؤمنين البيت الذّنوب أربعة أشهر .

١١ ـ أحمد ، عن أبي محمّد الحجّال ، عن داود بن أبي يزيد ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ لايزال عليه نور الحجّ ما لم يلمّ بذنب .

١٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي محمّد الفرّاء قال : سمعت جعفر بن محمّد عليهما السلام يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : تابعوا بين الحجّ والعمرة فإنّهما ينفيان الفقر والذّنوب كما ينفي الكير خبث الحديد .

١٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن عليّ بن إسماعيل ، عن عليّ بن الحكم ، عن جعفر ابن عمران ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ والعمرة سوقان من أسواق الآخرة ، اللازم لهما في ضمان الله إن أبقاه أدّاه إلى عياله وإن أماته أدخله الجنّة .

Presented by www.ziaraat.com

١٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن محمّد بن عيسى ، عن زكريّا المؤمن ، عن إبراهيم بن صالح ، عن رجل من أصحابنا ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال : الحاجّ والمعتمر وفد الله إن سألوه أعطاهم وإن دعوه أجابهم وإن شفعوا شفّعهم و إن سكتوا إبتدءهم ويعوّضون بالدّرهم ألف [ألف] درهم .

١٥ ـ وعنه ، عن عبدالمؤمن ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : درهم تنفقه في الحجّ أفضل من عشرين ألف درهم تنفقها في حقّ .

١٦ ـ وعنه ، عن عبدالمؤمن ، عن داود بن أبي سليمان الجصّاص ، عن عذافر قال قال أبو عبدالله عليه السلام : ما يمنعك من الحجّ في كلّ سنة ؟ قلت : جعلت فداك العيال قال : فقال : إذا متّ فمن لعيالك ؟ أطعم عيالك الخلّ والزّيت وحجّ بهم كلّ سنة .

١٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن عليّ بن أسباط ، عن سليمان الجعفريّ عمّن رواه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليّ بن الحسين عليهما السلام يقول : بادروا بالسّلام على الحاجّ والمعتمر ومصافحتهم من قبل أن تخالطهم الذّنوب .

١٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن عيسى ، عن زكريّا المؤمن ، عن شعيب العقرقوفيّ ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ والمعتمر في ضمان الله ، فإن مات متوجّهاً غفر الله له ذنوبه وإن مات محرماً بعثه الله ملبّياً و إن مات بأحد الحرمين بعثه الله من الآمنين وإن مات منصرفاً غفر الله له جميع ذنوبه .

١٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن فضّال ، عن الرّضا عليه السلام قال : سمعته يقول : ما وقف أحد في تلك الجبال إلّا استجيب له فأمّا المؤمنون فيستجاب لهم في آخرتهم وأمّا الكفّار فيستجاب لهم في دنياهم .

٢٠ ـ وعنه ، عن أبيه ، عن عليّ بن أسباط ، عن بعض أصحابنا قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا أخذ النّاس منازلهم بمنى نادى مناد : يامنى قد جاء أهلك فاتّسعي في فجاجك و اترعي في منابك و مناد ينادي : لو تدرون بمن حللتم لأيقنتم بالخلف بعد المغفرة .

٢١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن أبي الجارود ،

Presented by www.ziaraat.com

عن أبي جعفر عليه السلام قال: «ففرّوا إلى الله إنّي لكم منه نذيرٌ مبين» قال: حجّوا إلى الله عزّ وجلّ.

٢٢ـ عليٌّ، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا أخذ النّاس منازلهم بمنى نادى مناد: لو تعلمون بفناء من حللتم لأيقنتم بالخلف بعد المغفرة.

٢٣ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال، عن يونس بن يعقوب، عن خاله عبدالله بن عبدالرحمن، عن سعيد السمّان قال: كنت أحجّ في كلّ سنة فلمّا كان في سنة شديدة أصاب الناس فيها جهد فقال لي أصحابي: لو نظرت إلى ما تريد أن تحجّ العام به فتصدّقت به كان أفضل قال: فقلت لهم: وترون ذلك؟ قالوا: نعم، قال: فتصدّقت تلك السنة بما أريد أن أحجّ به وأقمت قال: فرأيت رؤيا ليلة عرفة و قلت: والله لا أعود ولا أدع الحجّ قال: فلمّا كان من قابل حججت فلمّا أتيت منى رأيت أبا عبدالله عليه السلام وعنده النّاس مجتمعون فأتيته فقلت له: أخبرني عن الرجل وقصصت عليه قصّتي وقلت: أيّهما أفضل الحجّ أو الصدقة؟ فقال: ما أحسن الصدقة ـ ثلاث مرّات ـ قال: قلت: أجل فأيّهما أفضل؟ قال: ما يمنع أحدكم من أن يحجّ ويتصدّق قال: قلت: ما يبلغ ماله ذلك ولا يتّسع قال: إذا أراد أن ينفق عشرة دراهم في شيء من سبب الحجّ أنفق خمسة وتصدّق بخمسة أو قصّر في شيء من نفقته في الحجّ فيجعل ما يحبس في الصدقة فإنّ له في ذلك أجراً قال: قلت: هذا لو فعلناه استقام، قال: ثمّ قال: وأنّى له مثل الحجّ ـ فقالها ثلث مرّات ـ إنّ العبد ليخرج من بيته فيعطي قسماً حتّى إذا أتى المسجد الحرام طاف طواف الفريضة ثمّ عدل إلى مقام إبراهيم فصلّى ركعتين فيأتيه ملك فيقوم عن يساره فإذا انصرف ضرب بيده على كتفه فيقول: يا هذا أمّا ما مضى فقد غفر لك وأمّا ما يستقبل فجدّ.

٢٤ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن أبي أيّوب، عن أبي حمزة الثمالي قال: قال رجل لعليّ بن الحسين عليهما السلام: تركت الجهاد وخشونته ولزمت الحجّ ولينه قال: وكان متّكئاً فجلس وقال: ويحك أما بلغك ما قال رسول الله صلّى الله عليه وآله في حجّة الوداع إنّه لمّا وقف بعرفة وهمّت الشمس أن تغيب قال رسول الله صلّى الله عليه وآله: يا بلال قل للناس

Presented by www.ziaraat.com

فلينصتوا فلمّا نصتو قال رسول الله صلى الله عليه وآله : إنّ ربّكم تطوّل عليكم في هذا اليوم فغفر لمحسنكم وشفّع محسنكم في مسيئكم فأفيضو مغفوراً لكم ؛ قال : ـ و زاد غير الثمالي أنّه قال : إلّا أهل التبعات ـ فإنّ الله عدل يأخذ للضعيف من القويّ فلمّا كانت ليلة جمع لم يزل يناجي ربّه ويسأله لأهل التبعات فلمّا وقف بجمع قال لبلال : قل للنّاس فلينصتوا فلمّا نصتوا قال : إنّ ربّكم تطوّل عليكم في هذا اليوم فغفر لمحسنكم وشفّع محسنكم في مسيئكم فأفيضوا مغفوراً لكم وضمن لأهل التبعات من عنده الرّضا .

٢٥ ـ عليّ ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : لمّا أفاض رسول الله صلى الله عليه وآله تلقّاه أعرابيّ بالأبطح فقال : يارسول الله إنّي خرجت أريد الحجّ ففاتني وأنا رجل ميّل ـ يعني كثير المال ـ فمرني أصنع في مالي ما أبلغ به مايبلغ به الحاجّ قال : فالتفت رسول الله صلى الله عليه وآله إلى أبي قبيس فقال : لوأنّ أباقبيس لك زنته ذهبة حمراء أنفقته في سبيل الله مابلغت مابلغ الحاجّ .

٢٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن أبي إسماعيل السرّاج ، عن هارون بن خارجة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من دفن في الحرم أمن من الفزع الأكبر ، فقلت له : من برّ الناس و فاجرهم ؟ قال : من برّ الناس وفاجرهم .

٢٧ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن العلاء ، عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ أدنى مايرجع به الحاجّ الّذي لا يقبل منه أن يحفظ في أهله وماله ؛ قال : فقلت : بأيّ شيء يحفظ فيهم ؟ قال : لا يحدث فيهم إلّا ما كان يحدث فيهم وهو مقيم معهم .

٢٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جندب ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الحجّ جهاد الضعيف ثمّ وضع أبو عبدالله عليه السلام يده في صدر نفسه وقال : نحن الضعفاء ونحن [ال] ضعفاء ..

Presented by www.ziaraat.com

٢٩ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليِّ بن أبي حمزة ، عن إبراهيم بن ميمون قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي أحجُّ سنة و شريكي سنة ، قال : ما يمنعك من الحجِّ يا إبراهيم ؟ قلت : لا أتفرَّغ لذلك جعلت فداك أتصدَّق بخمسمائة مكان ذلك ؟ قال : الحجُّ أفضل ، قلت : ألف ؟ قال : الحجُّ أفضل ، قلت : فألف وخمسمائة ؟ قال : الحجُّ أفضل ، قلت : ألفين ؟ قال : أفي ألفيك طواف البيت ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك سعي بين الصفا والمروة ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك وقوف بعرفة ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك رمي الجمار ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك المناسك ؟ قلت : لا ، قال : الحجُّ أفضل .

٣٠ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال لي أبو عبدالله : قال لي إبراهيم ابن ميمون كنت جالساً عند أبي حنيفة فجاءه رجلٌ فسأله فقال : ما ترى في رجل قد حجَّ حجّة الإسلام ، الحجُّ أفضل أم يعتق رقبة ؟ فقال : لا بل عتق رقبة ، فقال أبو عبدالله عليه السلام : كذب والله وأثم لحجّة أفضل من عتق رقبة ورقبة ورقبة حتّى عدَّ عشراً ثمَّ قال : ويحه في أيِّ رقبة طواف بالبيت وسعي بين الصفا والمروة والوقوف بعرفة وحلق الرأس ورمي الجمار لو كان كما قال لعطّل النّاس الحجَّ ولو فعلوا كان ينبغي للإمام أن يجبرهم على الحجِّ إن شاؤوا وإن أبوا فإنَّ هذا البيت إنّما وضع للحجِّ .

٣١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن عمر ابن يزيد قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : حجّة أفضل من [عتق] سبعين رقبة ، فقلت : ما يعدل الحجَّ شيءٌ ، قال : ما يعدله شيءٌ ولدرهم واحدٌ في الحجِّ أفضل من ألفي ألف درهم فيما سواه من سبيل الله ثمَّ قال له : خرجت على نيّف وسبعين بعيراً وبضع عشرة دابّة ولقد اشتريت سوداً أكثر بها العدد ولقد آذاني أكل الخلِّ والزيت حتّى أنَّ حيدة أمرت بدجاجة فشويت فرجعت إليَّ نفسي .

٣٢ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حسين الأحمسيِّ ، عن أبي بصير قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : حجّة خير من بيت مملوءٌ ذهباً يتصدَّق به حتّى يفنى .

Presented by www.ziaraat.com

٣٣ - عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ربعيّ بن عبدالله ، عن الفضيل قال : سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول : لا و ربّ هذه البنية لا يخالف مد من الحجّ بهذا البيت حمّى ولا فقراً أبداً .

٣٤ - عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ؛ وأحمد بن محمّد جميعاً ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن محمّد بن عبدالله قال : قلت للرّضا عليه السلام : جعلت فداك إنّ أبي حدّثني عن آبائك عليهم السلام أنّه قيل لبعضهم : إنّ في بلادنا موضع رباط يقال له : قزوين و عدوّاً يقال له : الدّيلم فهل من جهاد أو هل من رباط ؟ فقال : عليكم بهذا البيت فحجّوه ، ثمّ قال : فأعاد عليه الحديث ثلاث مرّات كلّ ذلك يقول : عليكم بهذا البيت فحجّوه ثمّ قال في الثالثة : أما يرضى أحدكم أن يكون في بيته ينفق على عياله ينتظر أمرنا فإن أدركه كان كمن شهد مع رسول الله صلى الله عليه وآله بدراً وإن لم يدركه كان كمن كان مع قائمنا في فسطاطه هكذا و هكذا - و جمع بين سبّابتيه - فقال أبو الحسن عليه السلام : صدق هو على ماذكر .

٣٥ - عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن غالب ، عمّن ذكره عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ والعمرة سوقان من أسواق الآخرة والعامل بهما في جوار الله إن أدرك ما يأمل غفر الله له وإن قصر به أجله وقع أجره على الله .

٣٦ - محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن الحسن زعلان ، عن عبدالله ابن المغيرة ، عن ابن الطيّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : حجج تترى وعمر تسعى يدفعن عيلة الفقر وميتة السوء .

٣٧ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أتى النبيّ صلى الله عليه وآله رجلان رجل من الأنصار ورجل من ثقيف فقال الثقيفيّ : يا رسول الله حاجتي ، فقال : سبقك أخوك الأنصاريّ فقال : يا رسول الله إنّي على ظهر سفر وإنّي عجلان وقال الأنصاريّ : إنّي قد أذنت له فقال : إن شئت سألتني وإن شئت نبّأتك فقال : نبّئني يا رسول الله ، فقال : جئت تسألني عن الصلاة وعن الوضوء وعن السجود فقال الرّجل : إي و الّذي بعثك بالحقّ ، فقال : أسبغ الوضوء واملأ يديك من ركبتيك وعفّر جبينك في التراب

وصلّ صلاة مودّع ، وقال الأنصاريّ : يارسول الله حاجتي ، فقال : إن شئت سألتني و إن شئت نبّأتك ، فقال : يارسول الله نبّئني ، قال جئت تسألني عن الحجّ وعن الطواف بالبيت والسعي بين الصفا والمروة ورمي الجمار وحلق الرّأس ويوم عرفة فقال الرجل : إي و الّذي بعثك بالحقّ ، قال : لا ترفع ناقتك خفّاً إلّا كتب الله به لك حسنة ، و لا تضع خفّاً إلّا حطّ به عنك سيّئة و طواف بالبيت و سعي بين الصفا والمروة تنفتل كما ولدتك أمّك من الذّنوب و رمي الجمار ذخر يوم القيامة و حلق الرأس لك بكلّ شعرة نور يوم القيامة ويوم عرفة يوم يباهي الله عزّ و جلّ به الملائكة فلوحضرت ذلك اليوم برمل عالج وقطر السماء و أيّام العالم ذنوباً فإنّه تبت ذلك اليوم .

وفي حديث آخر له بكلّ خطوة يخطوا إليها يكتب له حسنة و يمحى عنه سيّئة ويرفع له بها درجة .

٣٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن الحسن بن الجهم عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : قال أبوجعفر عليه السلام : مايقف أحدٌ على تلك الجبال برٌّ ولا فاجر إلّا استجاب الله له فأمّا البرّ فيستجاب له في آخرته ودنياه وأمّا الفاجر فيستجاب له في دنياه .

٣٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن المفضّل بن صالح ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الحاجّ ثلاثة فأفضلهم نصيباً رجلٌ غفر له ذنبه ماتقدّم منه وماتأخّر ووقاه الله عذاب القبر و أمّا الّذي يليه فرجلٌ غفرله ذنبه ماتقدّم منه ويستأنف العمل فيما بقي من عمره وأمّا الّذي يليه فرجل حفظ في أهله و ماله .

٤١ ـ ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ما من سفر أبلغ في لحم ولادم و لاجلد ولا شعر من سفر مكّة ، وما أحد يبلغه حتّى تناله المشقّة .

٤٠ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ؛ و عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ على ثلاثة أصناف : صنف يعتق من النّار و صنف يخرج من ذنوبه كهيئة يوم ولدته أمّه وصنف يحفظ في أهله وماله وهو أدنى ما يرجع به الحاجّ .

Presented by www.ziaraat.com

٤٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن داود بن أبي يزيد عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أخذ النّاس مواطنهم بمنى نادى مناد من قبل الله عزّ و جلّ : إن أردتم أن أرضى فقد رضيت .

٤٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عمر بن حفص ، عن سعيد بن يسار قال : قال أبو عبد الله عليه السلام ـ عشيّة من العشيّات و نحن بمنى و هو يحثّني على الحجّ و يرغبني فيه ـ : يا سعيد أيّما عبد رزقه الله رزقاً من رزقه فأخذ ذلك الرّزق فأنفقه على نفسه و على عياله ثمّ أخرجهم قد ضحاهم بالشّمس حتّى يقدم بهم عشيّة عرفة إلى الموقف فيقيل ، ألم تر فرجاً تكون هناك فيها خلل وليس فيها أحدٌ ؟ فقلت : بلى جعلت فداك ؟ فقال : يجيىء بهم قد ضحاهم حتّى يشعب بهم تلك الفرج فيقول الله تبارك و تعالى لا شريك له : عبدي رزقته من رزقي فأخذ ذلك الرّزق فأنفقه فضحى به نفسه و عياله ثمّ جاء بهم حتّى شعب بهم هذه الفرجة التماس مغفرتي أغفر له ذنبه وأكفيه ما أهمّه وأرزقه . قال : سعيد مع أشياء قالها نحواً من عشرة .

٤٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : إذا أخذ النّاس منازلهم بمنى نادى مناد : لو تعلمون بفناء من حللتم لأيقنتم بالخلف بعد المغفرة .

٤٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من مات في طريق مكّة ذاهباً أو جائياً أمن من الفزع الأكبر يوم القيامة .

٤٦ ـ أبو عليّ الأشعري ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن أبي المغرا ، عن سلمة بن محرز قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام إذ جاءه رجل يقال له : أبو الورد فقال لأبي عبدالله عليه السلام : رحمك الله إنّك لو كنت أرحت بدنك من المحمل ، فقال أبو عبدالله عليه السلام : يا أبا الورد ، إنّي أحبّ أن أشهد المنافع الّتي قال الله تبارك وتعالى: «ليشهدوا منافع لهم » إنّه لا يشهدها أحدٌ إلّا نفعه الله أمّا أنتم فترجعون مغفوراً

لكم وأمّا غيركم فيحفظون في أهاليهم وأموالهم .

٤٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن محمّد بن عبد الحميد ، عن عبدالله بن جندب ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان الرَّجل من شأنه الحجّ كلّ سنة ثمّ تخلّف سنة فلم يخرج قالت الملائكة الّذين على الأرض للّذين على الجبال : لقد فقدنا صوت فلان ، فيقولون : اطلبوه فيطلبونه فلا يصيبونه فيقولون : اللّهمّ إن كان حبسه دين فأدّ عنه أو مرض فاشفه أو فقر فأغنه أو حبس ففرّج عنه أو فعل فافعل به والنّاس يدعون لأنفسهم وهم يدعون لمن تخلّف .

٤٨ ـ أحمد ، عن عمرو بن عثمان ، عن عليّ بن عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليّ بن الحسين صلوات الله عليهما يقول : يامعشر من لم يحجّ استبشروا بالحاجّ وصافحوهم وعظّموهم فإنّ ذلك يجب عليكم ، تشاركوهم في الأجر .

باب ۲۸

حج و عمرہ کی فضیلت اور انکا ثواب

۱۔ فرمایا علی بن الحسین علیہ السلام نے کہ حج و عمرہ کرو کہ ان سے تمہارے بدن تندرست رہیں گے اور رزق وسیع ہوں گے اور تمہارے اہل و عیال کے خرچ میں کفایت ہوگی اور فرمایا حاجی کے گناہ بخش دیئے جائیں گے جنت اس پر واجب ہوگی اور عمل کا نئے سرے سے آغاز ہوگا اور اس کے اہل و مال حفاظت میں رہیں گے۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا حضرت نے میرے والد ماجد نے فرمایا جو خانۂ کعبہ کے حج کا یا عمرہ کا ارادہ کرے درآنحالیکہ وہ کبر سے بری ہو اور گناہوں سے باز آئے تو وہ اپنے گناہ سے پاک ہوجائے گا گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے پھر یہ آیت پڑھی۔ میں نے پوچھا کبر کیا ہے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ دوسرے لوگوں کو عیب لگائے اور حق بات کو جہالت سمجھے اور حق سے جاہل ہو اور حق پرستوں کو طعنے دے جو ایسا کرے گا اللہ سے جھگڑا کرے گا اس کی رداہیں ۔ خدا نے فرمایا ہے الکبریا ردائی۔

۳۔ فرمایا حضرت نے اللہ کی ضمانت ہے کہ حج و عمرہ کرنے والے کو باقی رکھے اور اس کے اہل تک پہنچادے اور اگر موت دے تو جنت میں داخل کرے۔ (ض)

۴۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے حج کا ثواب جنت ہے اور عمرہ اس کا کفارہ ہے (ض)

Presented by www.ziaraat.com

۵۔ میں نے کہا میں نے یہ قرار دیا ہے کہ ہر سال یا تو خود حج کروں یا اپنے خاندان والوں میں سے کسی سے اپنا مال دے کر نیابتہً حج کراؤں فرمایا کیا تو نے ایسا ارادہ کیا ہے، میں نے کہا ہاں، فرمایا تو یقین کر تیرے مال میں زیادتی ہوگی۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا حضرت نے حاجی تین قسم کے ہیں ایک وہ جو نار دوزخ سے آزاد ہوں گے دوسرے وہ جو اپنے گناہوں کے بخشے جانے کے بعد ایسے ہوں گے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہیں۔ حاجی کے لیے یہ کم سے کم ثواب ہے (حسن)

۷۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے حج کا ذکر کرتے ہوئے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ حج دو جہادوں میں سے ایک جہاد ہے یہ جہاد کمزوروں کا اور ہم کمزور ہیں سوائے نماز کوئی عبادت حج سے افضل نہیں اور حج میں نماز ہے اور نماز میں حج نہیں، حج کو ترک نہ کرو در آنحالیکہ تم قادر ہو کیا تم نہیں دیکھتے کہ اس میں تمہارے سر کے بالوں کی پراگندگی ہوتی ہے تمہاری جلد بدن کو سختی برداشت کرنا ہوتی ہے، عورتوں پر نظر کرنا ممنوع ہوتا ہے۔ ہم تو یہاں ہیں ہم تو قریب رہنے والے ہیں ہمیں برابر پانی ملتا رہتا ہے اور پھر بھی حج میں نفس کو بڑی تکلیف ہوتی ہے تمہارا تو ذکر ہی کیا۔ جو دور دراز شہروں میں رہتے ہیں پردیس، پھر راہوں کی تکلیف اٹھا کر حج کے لئے آتے ہیں، نہ مزیدار کھانا ملتا ہے نہ پانی پھر سرد و گرم ہوائیں اور سخت دھوپ، ان کے رد پر تمہیں قدرت نہیں، جیسا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ مویشی تمہارا بوجھ اٹھا کر ایک شہر سے دوسرے شہر لے جاتے ہیں اگر تم خود لے جاتے تو بڑی تکلیف اٹھانے کے بعد۔ (حسن)

۸۔ فرمایا رسولؐ خدا نے فقر اور گرانی حج و عمرہ سے نہ روکے یعنی ان چیزوں کے خوف سے ترک نہ کرو (مجہول)

۹۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب حج کا ارادہ کرنے والا اپنا سامان سفر درست کرنے لگتا ہے تو اس مدت میں اس کے ہر قدم پر دس حسنات لکھے جاتے ہیں اور دس گناہ محو ہو جاتے ہیں اور سامان سفر کی درستی تک دس درجہ اس کے بلند ہوتے ہیں اور جب سواری تیار ہوتی ہے تو سوار ہونے سے پہلے تک اسی طرح ہوتا ہے اور جب وہ اپنے مناسک حج پورے کر لیتا ہے تو اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور ذی الحجہ، محرم، صفر، ربیع الاوّل یہ چار ماہ اس کے لئے حسنات لکھے جاتے ہیں اور گناہ نہیں لکھے جاتے مگر ہاں اگر کوئی خاص سبب پیدا ہو جب یہ چار ماہ گزر جاتے ہیں تو وہ عام آدمیوں میں شامل ہو جاتا ہے۔ (مختلف فیہ)

۱۰۔ میں نے پوچھا حاجی کے لئے چار ماہ گناہ کیوں نہیں لکھے جاتے۔ فرمایا مشرکوں کے لئے چار ماہ خدا نے یہ رعایت کی ہے کہ ان سے جنگ نہ کی جائے جیسا کہ فرماتا ہے چار ماہ زمین پر چلو پھرو، پس مومنین کے لئے یہ رعایت کی ہے کہ چار ماہ ان کے گناہ نہ لکھے جائیں۔ (مجہول)

۱۱۔ فرمایا جب تک حاجی گناہ نہیں کرتا اس سے نورِ حج زائل نہیں ہوتا۔ (مجہول)

۱۲۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے حج کے بعد عمرہ اور عمرہ کے بعد حج کرو کیونکہ یہ دونوں فقر اور گناہ کو اس طرح دور کر

Presented by www.ziaraat.com

دیتے ھیں جیسے ریتی رگڑ کر لوہے کا زنگ دور کر دیتی ہے۔ (مرسل)

۱۳۔ فرمایا حج و عمرہ آخرت کے بازاروں میں سے دو بازار ہیں اور خدا کی یہ ضمانت ہے کہ حج و عمرہ کرنے والے کو باقی رکھے اور اسے اس کے اہل و عیال تک پہنچا دے اور اگر اس کو مارے تو داخل جنت کرے۔

۱۴۔ فرمایا حج اور عمرہ کرنے والے اللہ کی فرستادہ جماعت ہیں اگر وہ اس سے سوال کریں گے تو وہ ان کو دے گا اور اگر وہ اس سے دعا کریں گے تو قبول کرے گا اور اگر وہ سفارش کریں گے تو وہ منظور کرے گا اور اگر چپ رہیں گے تو ابتدا کرے گا اور ایک درہم کے بدلے ہزار درہم دے گا۔ (مجہول)

۱۵۔ فرمایا ایک درہم حج میں خرچ کرنا افضل ہے راہِ حق میں دس ہزار درہم خرچ کرنے سے۔ (ضو)

۱۶۔ فرمایا تجھے حج سے ہر سال کیا چیز روکتی ہے اس نے کہا اہل و عیال، فرمایا اگر تو مر جائے تو اہل و عیال کا کیا ہوگا اہل و عیال کو سرکہ اور زیتون کھلاؤ اور ہر سال حج کرو (ض)

۱۷۔ فرمایا علی بن الحسینؑ نے کہ حج اور عمرہ کرنے والوں پر سلام کی ابتدا کرو ان سے مصافحہ کرو، قبل اس کے کہ گناہوں سے آغشتہ ہو کر ملو۔ (مجہول)

۱۸۔ فرمایا حاجی اور معتمر، اللہ کی ضمانت میں ہے اگر مناسک ادا کرتا ہوا مرے گا تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا اگر بحالت احرام مرے گا تو اللہ اس کو تلبیہ کرنے والوں کی صورت میں مبعوث کرے گا اور اگر وہ حرم میں مرے گا تو اللہ اسے امن والوں میں مبعوث کرے گا اور اگر حج سے نمٹ کر مرے گا تو اللہ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔ (ضو)

۱۹۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے نہیں ٹھہرا ان پہاڑوں میں کوئی مگر یہ کہ اس کی دعا قبول کی گئی اور دیگر مومنین، تو ان کی قبولیت کا تعلق آخرت سے ہوگا اور کفار کی دعائیں ان کی دنیا میں قبول ہوں گی۔ (ضو)

۲۰۔ فرمایا جب منیٰ میں لوگ پہنچتے ہیں تو منیٰ میں ایک منادی ندا کرتا ہے تیرے اہل آگئے پس اپنی تنگیوں میں کشادگی پیدا کر اور اپنے ثواب میں رعایت کر اور ایک منادی ندا کرے گا کاش تم جانتے کہ تم کس کے یہاں اترے ہو تو تم یقین کرتے بدلہ مغفرت کے بعد۔ (حسن)

۲۱۔ فرمایا اللہ کی طرف چلو، میں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں اللہ کی طرف حج کرو۔ (مرسل)

...باد لطیف آباد، یونٹ نمبر ۸...

۲۲۔ ترجمہ نمبر ۲ میں دیکھو۔

۲۳۔ راوی کہتا ہے میں ہر سال حج کرتا تھا ایک سال سخت قحط پڑا اور لوگوں کو سخت تکلیف کا سامنا ہوا میرے دوستوں نے کہا کہ اس سال حج کا ارادہ ملتوی کر دو اور یہ رقم صدقہ میں دو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا میں نے کہا کیا تم نے اس پر غور کیا ہے انھوں نے کہا ہاں میں نے تصدق کرنے کا ارادہ کیا، عرفہ کی رات کو پھر غور کیا تو یہ طے کیا کہ میں حج کو ترک نہ کروں گا اگلے سال میں حج کو گیا مقام منیٰ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے ملاقات ہوئی بہت سے لوگ

حضرت کے پاس جمع تھے میں نے یہ واقعہ بیان کیا اور پوچھا حج افضل ہے یا صدقہ، آپؑ نے تین بار فرمایا صدقہ کا کیا کہنا میں نے کہا لیکن ان میں زیادہ بہتر کون ہے۔ فرمایا تمہیں کیا چیز حج اور صدقہ سے روکتی ہے میں نے کہا مال کی کمی ان دونوں کو بجالانے کی اجازت نہیں دیتی۔ فرمایا اگر کوئی بسلسلہ حج کسی امر میں دس درہم خرچ کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس میں پانچ درہم خرچ کرے اور پانچ درہم صدقہ دے یا حج کے زمانہ میں اپنے کھانے پینے میں کمی کرے اور جو بچایا ہے وہ صدقہ دے۔ میں نے کہا ہم اگر ایسا کریں تو ٹھیک ہے پھر آپؑ نے تین بار فرمایا حج کے برابر کیا چیز ہو سکتی ہے جب کوئی حج کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو نیکی کا ایک حصہ اسے مل جاتا ہے اور جب مسجد الحرام میں آتا ہے اور طواف فریضہ کرتا ہے اور وہاں سے آکر مقام ابراہیم پر آکر نماز پڑھتا ہے تو ایک فرشتہ بائیں جانب آتا ہے اور جب وہ نماز پڑھ کر بیٹھتا ہے تو اس کے شانہ کو ہلا کر کہتا ہے تیرے پچھلے گناہ معاف اب آگے نیکی کر۔

۲۴۔ ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ حضرت علی بن الحسین علیہ السلام سے ایک شخص نے کہا میں نے جہاد اور اس کی سختی کو چھوڑ کر حج اور اس کی آسانی کو لے لیا ہے امام علیہ السلام تکیہ لگائے ہوئے تھے یہ سن کر اٹھ بیٹھے اور فرمایا وائے ہو تیرے اوپر، کیا تجھ تک یہ حدیث نہیں پہنچی جو حجۃ الوداع میں فرمائی تھی۔ جبکہ عرفہ میں قیام کیا تھا اور سورج غروب ہونے والا تھا۔ حضرت نے بلال کو حکم دیا کہ لوگوں کو کہو خاموش ہو جائیں جب سب ہمہ تن گوش ہوئے تو حضرت نے فرمایا اس دن اللہ نے بخش دیا تمہارے نکوکاروں کو اور شفاعت قبول کی تمہارے نیکوں کی، تمہارے بدی کرنے والوں کے متعلق پس فائدہ حاصل کرو اس مغفرت کا جو تمہارے لئے ہے اور ابو حمزہ ثمالی راوی حدیث کے علاوہ ایک اور راوی نے اس حدیث میں اتنے الفاظ اور زیادہ بیان کئے۔

اے پہاڑوں کی گھاٹیوں میں رہنے والو اللہ نے عدل کیا ہے کہ وہ قوی سے ضعیف کے بارے میں مواخذہ کرتا ہے جب رات ہوئی تو آپ اہل شعاب کے متعلق اللہ سے مناجات کرتے رہے رحمت کا سوال کرتے رہے پھر بلال سے فرمایا لوگوں کو خاموش کرو جب سب خاموش ہوئے تو فرمایا اللہ نے آج کے دن تم پر بخشش کی ہے تمہارے نیکوں کو بخش دیا اور بدوں کے بارے میں تمہارے نیکوں کی سفارش قبول کی، پس خدا کی بخشش لے کر اٹھو اہل شعاب کے لئے خدا کی طرف سے رضا ہے۔ (حسن)

۲۵۔ جب حضرت چلے تو مقام ابلح میں ایک اعرابی ملا اور کہنے لگا میں حج کو نکلا ہوں آپ مجھے معاف کر دیں میں مالدار آدمی ہوں آپ حکم دیں کہ اتنا مال دے دوں جو ایک حاجی کے ثواب کے لئے کافی ہو، حضرت نے فرمایا اگر یہ کوہ ابو قبیس سونا ہو جائے اور تو اس کو راہ خدا میں خرچ کر دے تب بھی وہ ثواب نہ پا سکے گا جو ایک حاجی کا ہوتا ہے۔ (حسن)

۲۶۔ فرمایا جو حرم میں دفن ہوگا قیامت کے خوف سے امن میں رہے گا۔ میں نے کہا ہر نیک و بد فرمایا ہاں ہر نیک و بد (ض)

۲۷۔ ادنیٰ بات اس حاجی کے لئے جس کا حج قبول ہو یہ ہے کہ اس کا اہل اور مال محفوظ ہو گا۔ میں نے کہا کس طرح حفاظت

ہوگی ان میں فرمایا ان میں کوئی حادثہ واقع نہ ہوگا مگر جبکہ وہ ان میں مقیم ہو اور کسی حادثہ کا سبب بنے۔

۲۸۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا حج کمزوروں کا جہاد ہے پھر اپنے سینہ پہ ہاتھ رکھ کر فرمایا ہم ہیں کمزور ہم ہیں کمزور۔ (مجہول)

۲۹۔ میں نے حضرت ابو عبداللہ سے کہا میں خود ایک سال حج کرتا ہوں اور ایک سال میرا شریک حج کرتا ہے فرمایا تمہیں کیا چیز مانع ہوتی ہے۔ میں نے کہا فراغت حاصل نہیں، میں اس کے بدلے پانچ سو روپے صدقہ دیتا ہوں فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا ایک ہزار دے دوں گا فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا ڈیڑھ ہزار دے دوں گا فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا دو ہزار دے دوں گا کیا تیرے دو ہزار طواف کے برابر ہو جائیں گے میں نے کہا نہیں تو کیا سعی صفا و مروہ کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں فرمایا تو کیا وقوف عرفہ کے برابر ہو جائیں گے میں نے کہا نہیں فرمایا کیا رمی جمرات کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں فرمایا کیا اور مناسک کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں، فرمایا تو حج افضل ہے۔ (ح)

۳۰۔ راوی کہتا ہے میں ابو حنیفہ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور سوال کیا کہ ایک شخص کے لئے حج افضل ہے یا غلام آزاد کرنا انھوں نے کہا۔ غلام آزاد کرنا، امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جھوٹا ہے وہ اور وہ یہ کہہ کر گنہگار ہوا بے شک حج افضل ہے غلام آزاد کرنے سے، غلام آزاد کرنے سے، غلام آزاد کرنے سے۔ یہاں تک کہ آپ نے دس تک گنا پھر فرمایا وائے ہو اس پر کون غلام برابر ہے طواف بیت کے صفا و مروہ کے درمیان سعی کے عرفہ اور حلق راس کے اگر ایسا ہوتا جیسا اس نے کہا اگر لوگ ایسا ہی کریں تو لوگ حج کرنا ہی چھوڑ دیں اس صورت میں امام کو لازم ہے ان سے جبراً حج کرائے اگر وہ انکار کریں تو کہے کہ یہ گھر تو حج کے لئے ہی بنایا گیا ہے۔ (م)

۳۱۔ میں نے ابو عبداللہ سے سنا حج افضل ہے ستر غلام آزاد کرنے سے، میں نے کہا حج کے بدلہ کی بھی کوئی چیز ہے فرمایا کوئی چیز اس کا عوض نہیں، ایک درہم جو حج میں خرچ کیا جائے وہ لاکھوں ان درہموں سے جو حج کے علاوہ راہ خدا میں خرچ کئے جائیں، پھر فرمایا حج کے لئے چلا تو ستر سے زیادہ کچھ اونٹ ساتھ تھے اور تقریباً دس گھوڑے اور میں نے بہت سے غلام خریدے تھے ایسی حالت میں کہ سرکہ اور زیتون کا تیل مجھے نقصان دیتا تھا میں کھا رہا تھا (تاکہ حج کے خرچ میں کمی نہ ہو) میری تکلیف دیکھ کر حمیدہ نے مرغی پکائی جس سے میری حالت درست ہوئی۔ (حسن)

۳۲۔ فرمایا ایک حج کرنا بہتر ہے اس سے کہ سونے سے بھرا ہوا ایک گھر کل کا کل خرچ کر دیا جائے۔ (حسن)

۳۳۔ فرمایا ابو جعفر علیہ السلام نے قسم خدا کی جب تک اس گھر کا حج ہے حاجیوں کی حاجت ہوگی اور ان کے لئے فقر نہ ہوگا۔

۳۴۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا میرے باپ نے آپ کے آبائے طاہرین سے یہ حدیث نقل کی کہ کسی نے ان سے کہا کہ ہمارے شہروں میں ایک موضع ہے رباط نامی جس کو قزوین کہا جاتا ہے اور دشمن ہے جس کو دیلم کہتے ہیں پس

Presented by www.ziaraat.com

ہم اس سے جہاد کریں یا رباط میں مقیم رہیں فرمایا تم اس گھر کا حج کرو پھر حضرت نے تین مرتبہ اس بات کو دہرایا اور دوسری بار کہا، کیا تم میں سے کوئی اس بات پر راضی نہیں کہ اپنے گھر میں اپنے عیال پر خرچ کرے اور ہمارے امر کا انتظار کرے اگر اس نے پا لیا تو ایسا ہے جیسے اس نے جنگ بدر میں رسول اللہ کے ساتھ شہادت پائی اور اگر نہ پایا تو وہ اس شخص کی طرح ہوگا جو ہمارے قائم کے ساتھ اس طرح ہو، اپنی دو انگلیوں کو ملا کر بتایا امام زمانؑ نے فرمایا جو کچھ اس نے بیان کیا ٹھیک ہے (مجہول)

۳۵۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ حج و عمرہ دو بازار ہیں آخرت کے بازاروں میں سے اور ان کو بجا لانے والا اللہ کے جوار رحمت میں ہوگا اگر اس نے اپنی امید کو پا لیا تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا اور اگر موت آ گئی تو اس کا اجر اللہ پر ہے۔ (مجہول)

۳۶۔ فرمایا حضرت نے حج میں تواتر ہے یعنی ایک کے بعد دوسرا اور عمرہ میں فصل ہو سکتا ہے یہ دونوں فقر کو دور کرتے ہیں اور بری موت سے بچاتے ہیں۔ (مجہول)

۳۷۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ حضرت رسول خدا کے پاس دو شخص آئے ایک انصاری اور دوسرا ثقیفی ثقیفی نے کہا یا رسول اللہ میری ایک حاجت ہے فرمایا تم سے پہلے تمہارے بھائی انصاری اپنی ضرورت بیان کرنا چاہتا ہے ثقیفی نے کہا یا رسول اللہ میں حالت سفر میں ہوں اور مجھے جلدی ہے انصاری نے کہا میں نے اجازت دی۔ حضرت نے ثقیفی سے فرمایا چاہے تو اپنی حاجت بیان کر چاہے تو میں بیان کر دوں۔ میں نے کہا حضور ہی بیان فرما دیں فرمایا تو پوچھنے آیا ہے نماز، وضو اور سجدہ کے متعلق، اس نے کہا بے شک ایسا ہی ہے وضو میں اعضا پر پانی جاری کرو، اپنے دونوں ہاتھ نماز میں گھٹنوں پر رکھو اور سجدہ میں اپنا ماتھا خاک پر رکھو اور ایسی پڑھو جیسی وداع کرنے والا پڑھے۔ انصاری نے کہا میری بھی حاجت ہے تم بیان کر دیں، اس نے کہا آپ ہی بیان فرما دیں فرمایا تم پوچھنا چاہتے ہو حج، طواف، سعی صفا و مروہ کے متعلق اور رمی جمرات اور سر منڈوانے والے اور یوم عرفہ کے متعلق اس نے کہا واللہ ایسا ہی ہے فرمایا جب تم اونٹ کو حج کو جانے کے لیے چرمی موزہ پہناؤ گے تو اللہ ایک حسنہ لکھے گا اور جب ان کو اتارو گے تو ایک گناہ محو کیا جائے گا اور جب طواف کرو گے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرو گے تو گناہوں سے اس طرح آزاد ہو جاؤ گے گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہو اور جب رمی جمرات کرو گے تو نیکیوں کا ذخیرہ ہوگا روز قیامت کے لئے اور حلق راس کراؤ گے تو روز قیامت ہر بال نورانی ہوگا اور روز عرفہ وہ دن ہے کہ اللہ ملائکہ پر مباہات کرتا ہے اگر اس دن تم وہاں موجود ہو تو اگر گناہ بقدر ریگ صحرا، بارش کے قطرات اور دنیا کے ایام کے برابر ہوں گے تو معاف ہو جائیں گے۔ (مجہول)

۳۸۔ فرمایا حضرت نے جو کوئی ان پہاڑوں پر ٹھہرے گا نیک ہو یا بد خدا اس کی دعا قبول کرے گا نیک کی آخرت اور دنیا کے

Presented by www.ziaraat.com

متعلق اور بد کی صرف دنیا کے متعلق۔ (موثق)

۳۹۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا حاجی تین ہیں ان میں بلحاظ نصیبہ افضل وہ ہے جس کے پہلے اور بعد کے سب گناہ بخش دیئے گئے ہوں اور عذاب قبر سے اللہ اسے بچا لے اور اس کے بعد وہ ہے جس کے پہلے گناہ اللہ بخش دے اور وہ اپنی باقی زندگی میں عمل شروع کرے اس کے بعد وہ ہے جو اپنے اہل و عیال میں بحفاظت پہنچ جائے۔ (ض)

۴۰۔ حضرت نے فرمایا کوئی سفر بلحاظ گزشت دخون وجلد اور بال سفر مکہ سے زیادہ سخت نہیں، بغیر سخت مشقت کے کوئی وہاں نہیں پہنچ سکتا۔ (موثق)

۴۱۔ فرمایا ابو عبداللہ نے حاجی تین قسم کے ہیں جو نار جہنم سے آزاد ہیں دوسرے وہ جو گناہ بخشے جانے کے بعد ایسے ہو جائیں گے جیسے بے گناہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہیں تیسرے وہ جن کا لوٹنا بحفاظت جان و مال ہو یہ ادنیٰ صلہ حج کا ہے (حسن)

۴۲۔ فرمایا جب لوگ منیٰ کو اپنا وطن بناتے ہیں تو ایک منادی اللہ کی طرف سے ندا کرتا ہے اگر تم میرا راضی ہونا چاہتے ہو تو میں راضی ہوں۔ (ح)

۴۳۔ ایک رات جب ہم منیٰ میں تھے حضرت ابو عبداللہ ہم کو حج کے لئے آمادہ کرتے رہے اور رغبت دلاتے رہے فرمایا اے سعید، اللہ بندہ کو اپنے پاس سے رزق دیتا ہے بندہ کو چاہیئے کہ اس رزق کو لے اور اپنے عیال پر خرچ کرے پھر ان کو چاشت کے وقت لے کر چلے اور رات کو ان کے ساتھ عرفہ پہنچے۔ موقف تک تو یہ عبادت مقبول ہوگی کیا تم نے اس کشادگی کو نہیں دیکھا جو یہاں ہے کہیں کوئی شے بھی نہیں۔ میں نے کہا بے شک، فرمایا ان کو دھوپ چڑھتے وقت لے آؤ تاکہ یہ کشادگی اس شے پر ہو جائے خدائے وحدہٗ لاشریک فرماتا ہے اے میرے بندے میں نے اسے رزق دیا اس نے اسے لیا۔ اس نے اسے اپنے اور اپنے عیال پر خرچ کیا پھر وہ ان کو حج کے لئے لایا تاکہ وسعت رزق ان پر پر تقسیم ہو اس نے میری بخشش کا سوال کیا۔ میں نے اس کے گناہ بخش دیئے اور اس کی مہم کو آسان کیا میں اس کو رزق دیتا ہوں میں نے کہا مع تمام اشیاء کے فرمایا تقریباً دس چیزیں (ض)

۴۴۔ فرمایا جب لوگ منیٰ میں جاتے ہیں تو ایک منادی ندا کرتا ہے کاش تم جانتے کہ کس کے صحن میں اترے ہو تو مغفرت کے بعد اس کی رحمت سے مایوس نہ ہوتے۔ (حسن)

۴۵۔ فرمایا جو مکہ کی راہ میں آتے جاتے مر جائے گا وہ روز قیامت کے عظیم الشان خوف سے امن میں رہے گا (حسن)

۴۶۔ میں حضرت کی خدمت میں حاضر تھا کہ ابو الورد نامی ایک شخص آیا اور کہنے لگا اے ابو عبداللہ اللہ کی رحمت آپ پر نازل ہو آپ محمل میں اپنے بدن کو کچھ دیر آرام دے لیں فرمایا اے ابو الورد، میں پسند کرتا ہوں کہ گواہ بنوں ان منافع کا جن کے لئے اللہ نے کہا ہے کہ وہ گواہی دیں ان منافع کی۔ جو گواہی دے گا اللہ اسے نفع پہنچائے گا تم

Presented by www.ziaraat.com

حج سے لوٹو گے اس حال میں کہ اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا لیکن تمہارے غیر تو محفوظ رہیں گے اپنے اہل اور مال میں۔ (مجہول)

۴۷۔ فرمایا جب کوئی شخص پوری شرائط کے ساتھ حج کرتا ہے ہر سال، اور ایک سال نہیں جاتا تو ملائکہ ارض و جبال کہتے ہیں ہمیں فلاں کی آواز سنائی نہیں دیتی، باہم کہتے ہیں اسے تلاش کرو تلاش کرنے پر نہیں پاتے تو کہتے ہیں یا اللہ اگر وہ قرض کی وجہ سے رکا ہے تو اس کا قرض ادا کر، اگر مرض نے روکا ہے تو شفا دے، اگر فقیر ہو گیا ہے تو غنی کر دے، اگر قید میں ہے تو اسے رہا کر، اگر کسی کام میں ہے تو اسے پورا کر دے، لوگ دعا کرتے ہیں اپنے نفسوں کے لئے اور فرشتے دعا کرتے ہیں اس کے لئے جو اپنے نفس کے خلاف کرے۔ (مرسل)

۴۸۔ فرمایا حضرت نے اے معشر جس نے حج نہیں کیا ہے اسے بشارت دو حاجی بننے کی، ایسے لوگوں سے مصافحہ کرو، ان کی تعظیم کرو یہ تمہارے اوپر واجب ہے ان سے کہو اور اس کو اس اجر میں شریک کرو۔ (مجہول)

﴿باب ۹۰﴾

☆(فرض الحج والعمرة)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة قال : كتبت إلى أبي عبدالله عليه السلام بمسائل بعضها مع ابن بكير وبعضها مع أبي العبّاس فجاء الجواب بإملائه : سألت عن قول الله عزَّ وجلَّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» يعني به الحجّ والعمرة جميعاً لأنّهما مفروضان وسألته عن قول الله عزَّ وجلَّ : «وأتمّوا الحجّ والعمرة لله» قال : يعني بتمامهما أداءهما واتّقاء ما يتّقي المحرم فيهما وسألته عن قوله تعالى : «الحجّ الأكبر» ما يعني بالحجّ الأكبر ؟ فقال : الحجّ الأكبر الوقوف بعرفة ورمي الجمار والحجّ الأصغر العمرة .

٢ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان بن عثمان ، عن الفضل أبي العبّاس ، عن أبي عبدالله عليه السلام « وأتمّوا الحجّ والعمرة لله » قال : هما مفروضان .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير ، عن عبدالرَّحمن بن الحجّاج قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : الحجّ

Presented by www.ziaraat.com

على الغنيّ والفقير؟ فقال: الحجّ على النّاس جميعاً كبارهم وصغارهم فمن كان له عذرعذره الله.

٤ ـ ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: العمرة واجبة على الخلق بمنزلة الحجّ على من استطاع لأنّ الله تعالى يقول: «وأتمّوا الحجّ والعمرة لله» وإنّما نزلت العمرة بالمدينة قال: قلت له: «فمن تمتّع بالعمرة إلى الحجّ» أيجزىء ذلك عنه؟ قال: نعم.

٥ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن موسى بن القاسم البجليّ؛ و محمّد بن يحيى، عن العمركيّ بن عليّ جميعاً، عن عليّ بن جعفر، عن أخيه موسى عليه السلام قال: إنّ الله عزّوجلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام و ذلك قوله عزّوجلّ: «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع اليه سبيلاً ومن كفر فإنّ الله غنيّ عن العالمين» قال: قلت فمن لم يحجّ منّا فقد كفر؟ قال: لا ولكن من قال: ليس هذا هكذا فقد كفر.

٦ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن سنان، عن حذيفة بن منصور، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إنّ الله عزّ و جلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام (٢).

٧ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن ابن محبوب، عن الفضل بن يونس، عن أبي الحسن موسى عليه السلام قال: ليس على المملوك حجّ ولا عمرة حتّى يعتق.

٨ ـ محمّد بن يحيى، عن محمّد بن أحمد، عن يعقوب بن يزيد، عن ابن أبي عمير، عن أبي جرير القمّيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الحجّ فرض على أهل الجدة في كلّ عام.

٩ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن الحسن بن الحسين، عن محمّد بن سنان، عن حذيفة بن منصور، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إنّ الله عزّوجلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام.

Presented by www.ziaraat.com

باب ۲۹

فرض حج و عمرہ

۱۔ میں نے چند مسائل حضرت کو لکھے ان میں سے بعض میں ابن بکیر سے بحث تھی اور بعض میں ابو العباس سے پس حضرت کے قلم سے لکھا ہوا جواب آیا۔ تم نے اس کے متعلق پوچھا ہے۔ لوگوں پر اللہ کی طرف سے حج بیت اللہ ہے اس کے لئے جسے راستہ کی سہولت ہو یعنی حج و عمرہ دونوں کے لئے یہ حکم ہے کیونکہ یہ دونوں فرض ہیں اور یہ سوال کیا کہ حج و عمرہ کو تمام کرو تو اس سے مراد ہے دونوں کو پوری طرح ادا کرنا اور بچنا ان باتوں سے دونوں میں جن سے محرم بچتا ہے اور سوال کیا تو نے حج اکبر سے تو حج اکبر نام ہے عرفات میں ٹھہرنا رمی جمرات کرنا اور حج اصغر یعنی عمرہ بجالانا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حج و عمرہ دونوں فرض ہیں۔ (ض)

۳۔ میں نے کہا کیا حج غنی و فقیر دونوں پر ہے فرمایا حج تو سب آدمیوں پر ہے بڑے ہوں یا چھوٹے لیکن اگر کوئی عذر ہے تو اللہ ان کا قبول کرنے والا ہے۔ (حسن)

۴۔ فرمایا عمرہ واجب ہے مخلوق پر مثل حج جو استطاعت رکھتا ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے حج و عمرہ کو تمام کرو، عمرہ کا حکم مدینہ میں نازل ہوا میں نے کہا جو حج تمتع کے ساتھ عمرہ بجالائے تو یہ اس کے لئے کافی ہوگا۔ فرمایا ہاں۔ (حسن)

۵۔ فرمایا اللہ نے فرض کیا حج کو مالداروں پر ہر سال (اگر ایک سال بجا نہ لائے تو دوسرے سال نہ یہ کہ ہر سال یعنی وجوب ساقط نہ ہوگا جب تک کسی نہ کسی سال بجا نہ لائے) اللہ فرماتا ہے اللہ کی طرف سے لوگوں پر بیت اللہ کا حج ہے جو وہاں تک جا سکتا ہو اور جو انکار کرے تو اللہ تمام عالموں کی عبادت سے بے پرواہ ہے میں نے کہا ہم میں سے جو کوئی حج نہ کرے تو کیا وہ کافر ہے فرمایا نہیں، ہاں جو یہ کہے کہ یہ کچھ نہیں تو وہ کافر ہے (ض)

۶۔ اللہ نے ہر سال اہل دولت پر حج فرض کیا یعنی اگر ایک سال نہ کرے تو دوسرے سال، دوسرے سال نہ کرے تو تیسرے سال فرض وجوب ہٹتا نہیں۔ (ض)

۷۔ غلام پر نہ حج ہے نہ عمرہ جب تک وہ آزاد نہ ہو (ض)

۸۔ ترجمہ نمبر ۶ میں گزرا۔

۹۔ " "

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب ٣﴾

☆(استطاعة الحج)☆

١ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» قال : ما السّبيل ؟ قال : أن يكون له مايحجّ به ، قال : قلت : من عرض عليه ما يحجّ به فاستحيى من ذلك أهو ممّن يستطيع إليه سبيلاً ؟ قال : نعم ما شأنه أن يستحيي ولويحجّ على حمار أجدع أبتر فإن كان يطيق أن يمشي بعضاً ويركب بعضاً فليحجّ .

٢ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن محمّد بن يحيى الخثعميّ قال : سأل حفص الكناسيّ أبا عبدالله عليه السلام وأنا عنده عن قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» ما يعني بذلك ؟ قال : من كان صحيحاً في بدنه مخلّى سربه له زاد وراحلة فهو ممّن يستطيع الحجّ ـ أو قال : ممّن كان له مال ـ فقال له حفص الكناسيّ : فإذا كان صحيحاً في بدنه مخلّى سربه له زاد وراحلة فلم يحجّ فهو ممّن يستطيع الحجّ ؟ قال : نعم .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن خالد بن جرير ، عن أبي الرّبيع الشاميّ قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ : «من استطاع إليه سبيلاً» فقال : ما يقول النّاس ؟ قال : فقيل له : الزّاد والرّاحلة ، قال : فقال أبو عبدالله عليه السلام : قد سئل أبو جعفر عليه السلام عن هذا فقال : هلك النّاس إذاً ، لئن كان من كان له زاد وراحلة قدر ما يقوت عياله ويستغني به عن النّاس ينطلق إليه فيسلبهم إيّاه لقد هلكوا ، فقيل له : فما السّبيل ؟ قال : فقال : السّعة في المال إذا كان يحجّ ببعض ويبقي بعضاً يقوت به عياله أليس قد فرض الله الزّكاة فلم يجعلها إلّا على من يملك مائتي درهم .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن سيف بن

Presented by www.ziaraat.com

عميرة ، عن أبي بكر الحضرمي قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي شيّعت أصحابي إلى القادسيّة فقالوا لي : انطلق معنا ونقيم عليك ثلاثاً فرجعت وليس عندي نفقة فيسّر الله ولحقتهم قال : إنّه من كتب عليه في الوفد لم يستطع أن لا يحجّ وإن كان فقيراً ومن لم يكتب لم يستطع أن يحجّ وإن كان غنيّاً صحيحاً .

٥ ـ محمّد بن أبي عبدالله ، عن موسى بن عمران ، عن الحسين بن يزيد النّوفليّ ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سأله رجل من أهل القدر فقال: يا ابن رسول الله أخبرني عن قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً » أليس قد جعل الله لهم الاستطاعة ؛ فقال :ويحك إنّما يعني بالاستطاعة الزّاد والرّاحلة ليس استطاعة البدن ، فقال الرّجل : أفليس إذا كان الزّاد والرّاحلة فهو مستطيع للحجّ فقال :ويحك ليس كما تظنّ قد ترى الرّجل عنده المال الكثير أكثر من الزّاد والرّاحلة فهو لا يحجّ حتّى يأذن الله تعالى في ذلك .

باب ۳۰

استطاعت حج

۱۔ آیہ و للہ علی الناس کے متعلق فرمایا حج اس پر ہے جسے راستہ کی سہولت ہو کسی نے پوچھا سبیل سے کیا مراد ہے فرمایا اس کے لئے وہ سب چیزیں مہیا ہوں جن سے حج کیا جا سکتا ہے میں نے کہا جن کے لئے سب سامان مہیا ہو اس پر بھی وہ باز رہے حالانکہ وہ صاحب استطاعت ہے فرمایا وہ کیوں باز رہا ہے اگر کن کٹے دُم کٹے گدھے پر بھی سفر ممکن ہو یا کچھ پیدل یا کچھ سواری تو بھی حج کرے۔ (مؤ)

۲۔ حفص کناسی نے حضرت ابو عبداللہ سے پوچھا من استطاع الیہ سبیلا سے کیا مراد ہے فرمایا جو شخص تندرست ہو اور راستے صاف ہوں زاد و راحلہ موجود ہو تو وہ مستطیع ہے یا یہ کہ اس کے پاس مال ہو۔ جس سے وہ تمام ضروریات پوری کر سکے، حفص نے کہا، اگر ان سب باتوں کے باوجود وہ حج نہ کرے تو وہ حج کے لئے مستطیع مانا جائے گا، فرمایا ہاں۔ (حسن)

۳۔ حضرت سے من استطاع الیہ سبیلا کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا لوگ کیا کہتے ہیں جس کے پاس زاد و راحلہ ہو فرمایا

Presented by www.ziaraat.com

حضرت نے ایسا ہی سوال امام محمد باقر علیہ السلام سے کیا گیا تھا فرمایا اس صورت میں لوگ ہلاک ہو جائیں گے کیونکہ اگر کسی کے پاس زاد و راحلہ اتنا ہی ہو کہ اس کے عیال کے خرچ کے لئے کافی ہو اور انھیں کسی سے مانگنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور ان سے اس کے حج کے لئے لے لیا جائے تو وہ ہلاک ہو جائیں گے پوچھا پھر سبیل سے کیا مراد ہے فرمایا مال میں وسعت تاکہ کچھ مال سے حج کرلے اور کچھ اپنے عیال کے لئے چھوڑے کیا ایسا نہیں ہے کہ اللہ نے زکوٰۃ اس پر فرض کی ہے جو دوسو روپیہ کا مالک ہو۔ (مجہول)

۴۔ میں نے حضرت سے کہا میں اپنے ساتھیوں کے پیچھے چلا قادسیہ کی طرف، انھوں نے کہا تم ہمارے ساتھ چلو، ہم تمہیں ایک تہائی خرچ دیں گے۔ میں واپس آگیا میرے پاس نفقہ سے کچھ نہ تھا پھر خدا نے مجھے آسانی پیدا کی اور میں ان سے جا ملا۔ فرمایا اگر وہ ایک جماعت میں شامل ہو گیا ہے تو اسے حج کرنا ہو گا چاہے غریب ہی ہو اور اگر شامل وفد نہیں تو حج ساقط اگرچہ غنی ہو۔ (کیونکہ بغیر قافلہ کے سفر نہیں کر سکتا) (حسن)

۵۔ فرمایا ایک قدریہ (مفوضہ) نے جن کا عقیدہ ہے کہ اعمال میں تقدیر الٰہی کو دخل نہیں) رسول اللہ سے آیہ لِلّٰہِ علی الناس الخ کے متعلق پوچھا۔ کیا ایسا نہیں ہے کہ اللہ نے سب کو استطاعت دی ہے۔ فرمایا وائے ہو تجھ پر استطاعت سے مراد زاد اور راحلہ ہے بدن کی استطاعت مراد نہیں اس نے کہا تو کیا ایسا نہیں کہ جب زاد و راحلہ ہو تو حج کے لئے مستطیع سمجھا جائے فرمایا وائے ہو تجھ پر ایسا نہیں ہے جیسا تو گمان کرتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص کے پاس کثیر مال ہے اور زاد و راحلہ بھی کافی ہے لیکن وہ حج نہیں کرتا جب تک اللہ کا اذن اس کے لئے نہ ہو۔ (ن)

﴿باب ۳۱﴾

☆(من سوّف الحج وهو مستطيع)☆

١ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن ذريح المحاربيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من مات ولم يحجّ حجّة الإسلام لم يمنعه من ذلك حاجة تجحف به أو مرض لا يطيق فيه الحجّ أو سلطان يمنعه فليمت يهوديّاً أو نصرانيّاً .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ : «ومن كان في هذه أعمى فهو في الآخرة أعمى وأضلّ سبيلاً » فقال : ذلك الّذي يسوّف نفسه الحجّ يعني حجّة الإسلام حتّى يأتيه الموت .

Presented by www.ziaraat.com

۳ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالرَّحمن بن أبي نجران ، عن أبي جميلة ، عن زيد الشَّحام قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : التاجر يسوِّف نفسه الحجَّ ؛ قال : ليس له عذر وإن مات فقد ترك شريعة من شرائع الإسلام .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصَّباح الكنانيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : أرأيت الرَّجل التّاجر ذا المال حين يسوِّف الحجَّ كلَّ عام و ليس يشغله عنه إلّا التّجارة أو الدَّين فقال : لا عذر له يسوِّف الحجَّ إن مات وقد ترك الحجَّ فقد ترك شريعة من شرائع الإسلام .

عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام مثله .

٥ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن أحمد النّهديِّ ، عن محمّد بن الوليد ، عن أبان بن عثمان ، عن ذريح المحاربيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من مات ولم يحجَّ حجّة الإسلام لم تمنعه من ذلك حاجة تجحف به أو مرض لا يطيق فيه الحجَّ أو سلطان يمنعه فليمت يهوديّاً أو نصرانيّاً .

٦ ـ حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد بن سماعة ، عن أحمد بن الحسن الميثميِّ ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي بصير قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من مات وهو صحيح موسر لم يحجَّ فهو ممّن قال الله عزَّ وجلَّ : «ونحشره يوم القيمة أعمى» قال : قلت : سبحان الله أعمى ! قال : نعم إنَّ الله عزَّ وجلَّ أعماه عن طريق الحقِّ .

باب ۳

باوجود استطاعت حج میں ٹال مٹول کرنا

۱۔ فرمایا جو بغیر حج کئے مرجائے اور کوئی ضرورت ایسی نہ ہو جو اسے حج کرنے سے روکے یا ایسی بیماری جس کی وجہ سے حج کی طاقت نہ رکھتا ہو یا کوئی بادشاہ اسے روکنے والا بھی نہ ہو تو وہ یہودی یا نصرانی کی موت مرے گا۔

۲۔ میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق پوچھا جو اس دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہے اور گم کردہ راہ ہے فرمایا اس سے مراد وہ ہے جو حج میں ٹال مٹول کرتا ہے یہاں تک کہ موت اسے آجاتی ہے (ض)

۴۔ میں نے کہا ایک تاجر حج میں ٹال مٹول کرتا ہے فرمایا اگر کوئی عذر نہیں ہے اور اس حالت میں وہ مرجائے گا تو شریعت اسلام کے ایک حکم کو چھوڑ دیا۔ (ض)
دوسری روایت میں بھی یہی مضمون ہے۔
میں نے کہا آپ نے غور کیا اس مالدار تاجر پر جو ہر سال حج کو ٹالتا ہے اور کوئی امر سوائے تجارت اور قرض کے مانع نہیں، فرمایا ان میں سے کوئی امر مانع حج نہیں، اگر بغیر حج کئے وہ مرجائے گا تو احکام شریعت میں سے ایک قسم کو اس نے ترک کیا۔ (مجہول)

۵۔ ترجمہ نمبر ایک میں دیکھئے۔ (موثق)

۶۔ فرمایا جو بغیر حج کئے بحالت صحت و مالداری مرجائے گا تو اس کو روز قیامت طریق سے اندھا اٹھائے گا۔

﴿باب ۳۲﴾

(من يخرج من مكة لايريد العود اليها)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حسين الأحمسيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من خرج من مكّة وهو لايريد العود إليها فقد اقترب أجله و دنا عذابه .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن حسين بن عثمان عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من خرج من مكّة و هو لايريد العود إليها فقد اقترب أجله ودنا عذابه .

٣ ـ أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن حمّاد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليٌّ صلوات الله عليه يقول لولده : يا بنيّ انظروا بيت ربّكم فلايخلونّ منكم فلاتناظروا .

باب ۳۲

جو مکہ سے نکل جائے اور پھر نہ لوٹے

۱۔ فرمایا جو مکہ سے اس ارادہ سے نکلے کہ واپسی کا ارادہ نہ ہو تو سمجھو اس کی موت قریب ہے اور عذاب نزدیک

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ (حسن)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے۔

۳۔ فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے اپنے فرزندوں سے، اے بیٹو اپنے رب کے گھر کی طرف نظر رکھو تم میں سے کوئی اس سے خالی نہ رہے اور نہ ڈھیل ڈالے۔ (م)

﴿باب ۳۳﴾

☆(أنه ليس في ترك الحج خيرة وان من حبس عنه فبذنب)☆

١ - محمد بن يحيى، عن محمد بن الحسين، عن النضر بن شعيب، عن يونس بن عمران ابن ميثم، عن سماعة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال لي: مالك لا تحج في العام؟ فقلت: معاملة كانت بيني وبين قوم وأشغال وعسى أن يكون ذلك خيرة، فقال: لا والله ما فعل الله لك في ذلك من خيرة، ثم قال: ما حبس عبد عن هذا البيت إلا بذنب وما يعفو أكثر.

باب ۳۳

ترک حج میں بہتری نہیں

۱۔ راوی کہتا ہے مجھ سے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا اس سال تم نے حج کیوں نہ کیا۔ میں نے کہا میرے اور قوم کے درمیان کچھ معاملات تھے اور کچھ مصروفیت تھی شاید وہ نیکی میں شمار ہو فرمایا جو کوئی اس گھر کے آنے سے رکا رہے گا وہ گنہگار ہوگا اس کے اکثر گناہ بخشے نہ جائیں گے۔ (ض)

﴿باب ۳۴﴾

☆(انه لو ترك الناس الحج لجاءهم العذاب)☆

١ - علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حسين الأحمسي، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لو ترك الناس الحج لما نوظروا العذاب - أو قال: أنزل عليهم العذاب -.

Presented by www.ziaraat.com

۲ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن حنان بن سدير ، عن أبيه قال : ذكرت لأبي جعفر عليه السلام البيت ، فقال : لو عطّلوه سنة واحدة لم يناظروا

۳ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن حمّاد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليٌّ صلوات الله عليه يقول لولده : يا بنيَّ انظروا بيت ربّكم فلا يخلونّ منكم فلا تناظروا .

باب ۳۴

ترک حج پر عذاب آئے گا

۱۔ اگر لوگ حج کو ترک کریں گے ان کو عذاب کی مہلت نہ دی جائے گی یا یہ فرمایا کہ ان پر عذاب نازل کیا جائے گا۔ (ح)

۲۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے خانۂ کعبہ کا ذکر کیا، فرمایا اگر سب لوگ ایک سال کے لیے معطل چھوڑ دیں گے تو ان عذاب سے مہلت نہ ملے گی۔ (موثق)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ علی علیہ السلام نے اپنے فرزندوں سے فرمایا کہ اے فرزندو اپنے رب کے گھر پر نظر رکھو تم میں سے کوئی اس معاملہ میں بخل سے کام نہ لے ورنہ عذاب سے مہلت نہ ملے گی۔ (ح)

﴿باب ۳۵ نادر﴾

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رجل ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام إنَّ رجلاً استشارني في الحجِّ وكان ضعيف الحال فأشرت إليه إن لا يحجَّ ، فقال : ما أخلقك أن تمرض سنة ، قال : فمرضت سنة .

باب ۳۵

نادر

۱۔ میں نے ابو عبداللہ سے کہا کہ ایک شخص نے مجھ سے حج کے بارے میں مشورہ کیا وہ مرد ضعیف الحال تھا میں نے کہا تم حج کو نہ جاؤ، فرمایا اگر سال بھر بیمار رہے اس نے کہا میں سال بھر بیمار رہا۔ (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب ۳۶﴾

✿(الاجبار على الحج)✿

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ؛ و هشام بن سالم ؛ ومعاوية بن عمّار ؛ وغيرهم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو أنّ الناس تركوا الحجّ لكان على الوالي أن يجبرهم على ذلك وعلى المقام عنده ولو تركوا زيارة النبيّ صلى الله عليه وآله لكان على الوالي أن يجبرهم على ذلك وعلى المقام عنده ، فإن لم يكن لهم أموال أنفق عليهم من بيت مال المسلمين .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو عطّل الناس الحجّ لوجب على الإمام أن يجبرهم على الحجّ إن شاؤوا و إن أبوا فانّ هذا البيت إنّما وضع للحجّ .

باب ۳۶

حج پر مجبور کیا جائے

۱۔ فرمایا اگر لوگ حج کو ترک کر دیں تو حاکم انھیں مجبور کرے اس مقام پر جہاں وہ ہے اور جو زیارت نبی ترک کریں، حاکم ان کو بھی مجبور کرے۔ (تاکہ ان مقامات مقدسہ کی توہین نہ ہو) اور اگر ان کے پاس خرچ نہ ہو تو بیت المال سے ان کو خرچ دیا جائے۔ (حسن)

﴿ باب ۳ ﴾

نوٹ:۔ شیعہ عموماً حج تمتع کرتے ہیں اس حج میں پہلے عمرہ کے لئے احرام باندھا جاتا ہے اعمال عمرہ بجالانے کے بعد احرام کھول دیا جاتا ہے اور چونکہ جو چیزیں محرم پر حرام ہو جاتی ہیں ان سے فائدہ اٹھانے کا موقع مل جاتا ہے اس لئے اس کو حج تمتع کہتے ہیں عمرہ کے بجالانے کے بعد حج کے لئے دوبارہ احرام باندھا جاتا ہے سنی حضرات حج تمتع نہیں کرتے اور ایک ہی احرام سے حج و عمرہ دونوں کر لیتے ہیں رسول اللہ نے اسی قسم کا حج کیا تھا مگر حضرت عمر نے حج تمتع کو حرام کر دیا ان کا یہ قول مشہور ہے (متعتان کانتا فی عہد رسول اللہ و انا احرمھما (متعہ اور حج تمتع رسول اللہ کے زمانہ میں دونوں رائج تھے میں ان دونوں کو حرام کرتا ہوں۔

﴿باب ۱۵﴾

☆(ماعلى المتمتع من الطواف والسعي)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، وصفوان جميعاً ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : على المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ثلاثة أطواف بالبيت وسعيان بين الصّفا والمروة وعليه إذا قدم مكّة طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة ثمّ يقصّر وقد أحلّ ، هذا للعمرة وعليه للحجّ طوافان وسعي بين الصّفا والمروة ويصلّي عند كلّ طواف بالبيت ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المتمتّع عليه ثلاثة أطواف بالبيت وطوافان بين الصّفا

والمروة وقطع التلبية من متعته إذا نظر إلى بيوت مكّة ويحرم بالحجّ يوم التروية و يقطع التلبية يوم عرفة حين تزول الشمس.

٣ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن منصور بن حازم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: على المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ثلاثة أطواف بالبيت ويصلّي لكلّ طواف ركعتين وسعيان بين الصفا والمروة.

باب ۵۱

حج تمتع کا طواف اور سعی

۱۔ فرمایا حج تمتع کے عمرہ میں تین طواف بیت ہیں اور صفا و مروہ کے درمیان دو بار سعی اور یہ کہ جب وارد مکہ ہو تو خانۂ کعبہ کا طواف کرے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے حج کے عمرہ میں یہی ہے اور حج کے لیے دو طواف ہیں اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور ہر طواف بیت کے ساتھ نماز پڑھنا اور دو رکعت نماز مقام ابراہیم پر پڑھنا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا تمتع کرنے والے پر تین طواف ہیں خانۂ کعبہ کے اور دو طواف ہیں صفا و مروہ کے درمیان اور جب مکہ کے مکانات نظر آئیں تو تلبیہ کو قطع کر دے اور حج کا احرام باندھے یوم ترویہ اور روز عرفہ وقت زوال آفتاب تلبیہ قطع کر دے۔ (فو)

۳۔ فرمایا حج تمتع کا عمرہ کرنے والے پر تین طواف ہیں اور ہر طواف پر دو رکعت نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی (حسن)

﴿باب ۵۲﴾

❁(صفة الاقران ومايجب على القارن)❁

١ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن منصور بن حازم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لايكون القارن إلّا بسياق الهدي وعليه طوافان بالبيت وسعي بين الصفا والمروة كما يفعل المفرد ليس بأفضل من المفرد إلّا بسياق الهدي.

Presented by www.ziaraat.com

۲ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : القارن لايكون إلّا بسياق الهدي وعليه طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة وطواف بعد الحجّ وهو طواف النساء .

۳ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : إنّي سقت الهدي وقرنت ، قال : ولم فعلت ذلك التمتّع أفضل ، ثمّ قال : يجزئك فيه طواف بالبيت وسعي بين الصّفا والمروة واحد . وقال : طف بالكعبة يوم النحر .

باب ۵۲

حج قران اور قارن پر کیا واجب ہے

۱۔ فرمایا حضرت نے حج قران کرنے والے پر قربانی کرنا اور بیت اللہ کے دو طواف کرنا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا ہے۔ جیسا کہ حج مفرد والا کرتا ہے مفرد والے سوائے قربانی لے جانے کے اور کوئی فضیلت نہیں۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حج قران کرنے والے پر ہدی کا لے جانا ہے اور بیت اللہ کا طواف اور دو رکعت نماز مقام ابراہیم پر اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور طواف النساء بعد الحج۔

۳۔ میں نے کہا میں حج قران کے لئے ہدی لے گیا فرمایا تو نے ایسا کیوں کیا۔ فرمایا تمتع افضل ہے پھر فرمایا کافی ہے تیرے لئے طواف بیت اور صفا و مروہ کے درمیان سعی ایک بار اور فرمایا روز قربانی کعبہ کا طواف کر۔ (حسن)

﴿باب ۵۳﴾

✿(صفة الاشعار والتقليد)✿

۱ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن يونس بن يعقوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي قد اشتريت بدنة فكيف أصنع بها ؟ فقال : انطلق حتّى تأتي مسجد الشجرة فأفض عليك من الماء والبس ثوبيك ثمّ أنخها مستقبل القبلة ثمّ أدخل المسجد فصلّ ثمّ افرض بعد صلاتك ثمّ اخرج إليها فأشعرها من الجانب

Presented by www.ziaraat.com

الأيمن من سنامها ثمّ قل : « بسم الله اللّهمّ منك و لك اللّهمّ تقبّل منّي » ثمّ انطلق حتّى تأتي البيداء فلبّه .

٢ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان ، عن محمّد الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن تجليل الهدي وتقليدها فقال : لاتبالي أيّ ذلك فعلت ، وسألته عن إشعار الهدي ، فقال : نعم من الشقّ الأيمن ، فقلت : متى نشعرها ؟ قال : حين تريد أن تحرم .

٣ ـ أبان ، عن عبدالرّحمن بن أبي عبدالله ؛ وزرارة قالا : سألنا أبا عبدالله عليه السلام عن البدن كيف تشعر ومتى يحرم صاحبها ومن أيّ جانب تشعر ومعقولة تنحر أو باركة ؟ فقال : تنحر معقولة وتشعر من الجانب الأيمن .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي نجران ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته ، عن البدن كيف تشعر ؟ قال : تشعر وهي معقولة وتنحر وهي قائمة ، تشعر من جانبها الأيمن ويحرم صاحبها إذا قلّدت وأشعرت .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن جميل بن درّاج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كانت البدن كثيرة قام فيما بين ثنتين ثمّ أشعر اليمنى ثمّ اليسرى ولايشعر أبداً حتّى يتهيّأ للاحرام لأنّه إذا أشعر وقلّد و جلّل وجب عليه الإحرام وهي بمنزلة التلبية

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : البدن تشعر من الجانب الأيمن و يقوم الرّجل في جانب الأيسر ثمّ يقلّدها بنعل خلق قد صلّى فيها .

باب ۵۲

صفت اشعار و تقلید

۱۔ میں نے کہا میں نے قربانی کا اونٹ خریدا ہے تو اب کیا کروں فرمایا اسے لے کر مسجد شجرہ تک جاؤ اور اپنے اوپر پانی

ڈالو اور اپنے دونوں کپڑے پہنو، پھر اپنی قربانی رو بقبلہ بٹھاؤ پھر مسجد میں جاؤ اور نماز پڑھو نماز کے بعد اپنا فرض پورا کرو اور پھر قربانی کے پاس جاؤ اور پھر کہو یا اللہ یہ تیری طرف سے ہے اور تیرے لئے ہے یا اللہ میری طرف سے اسے قبول کر پھر چل کر بیداء میں آؤ (نام ہے جگہ کا) پھر تلبیہ کرو۔

۲۔ میں نے پوچھا ہدی کے ذبح کرنے اور قلادہ ڈالنے کے متعلق فرمایا اس کے متعلق زیادہ غور نہ کرو جس طرح چاہو کرو میں نے قربانی کے لٹانے کے متعلق پوچھا۔ فرمایا داہنی جانب کی طرف، میں نے کہا ایسا کب کیا جائے فرمایا جب احرام باندھنے کا ارادہ ہو۔ (ض)

۳۔ ہم دونوں نے حضرت سے بدنہ کے متعلق سوال کیا کیونکر لٹایا جائے اور اس کا مالک کب احرام باندھے اور کس جانب لٹائے ہاتھ پاؤں باندھ کر نحر کرے یا بٹھا کر، فرمایا باندھ کر نحر کیا جائے اور داہنی طرف لٹایا جائے۔ (ض)

۴۔ میں نے قربانی کے اونٹ کے متعلق پوچھا کیوں کر ذبح کیا جائے۔ فرمایا لٹا کر اور ہاتھ پاؤں باندھ کر اور کھڑا کر کے بھی نحر کر سکتے ہو اور لٹاؤ تو داہنی جانب لٹاؤ اور اس کا مالک احرام باندھے ہو جب کہ قلادہ باندھے اور نحر کرے۔ (ض)

۵۔ فرمایا حضرت نے جب بہت سی قربانیاں ہوں تو ابتدا کرو اس سے جس کے دو دانت ہوں اور پھر اسے داہنی طرف لٹاؤ پھر بائیں طرف بعد نحر لوٹا دو اور اس وقت تک نحر نہ کرو جب تک احرام نہ باندھو اور یہ بمنزلہ تلبیہ کے ہے۔ (ض)

۶۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے بدنہ کو داہنی طرف لٹایا جائے اور نحر کرنے والا بائیں طرف ہو پھر اپنی پرانی جوتی کا جس میں نماز پڑھی ہو قلادہ ڈالے۔ (حسن)

باب الافراد

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المفرد بالحجّ عليه طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة وطواف الزيارة وهو طواف النساء وليس عليه هدي ولا أضحية قال : وسألته عن المفرد للحجّ هل يطوف بالبيت بعد طواف الفريضة قال : نعم ماشاء ويجدّد التلبية بعد الركعتين والقارن بتلك المنزلة يعقدان ما أحلّا من الطّواف بالتلبية .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۵۴

حج افراد

۱۔ فرمایا حج افراد والے پر بیت اللہ کا طواف ہے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور طواف الزیارت یعنی طواف النساء اس پر ہدی اور نہ قربانی نہیں ہے۔ میں نے پوچھا کیا وہ طواف فریضہ کے بعد طواف بیت کرے۔ فرمایا ہاں اگر چاہے اور تجدید تلبیہ کرے بعد دو رکعتوں کے اور حج قران کرنے والا اس منزلت پر بیٹھے تو طواف اور تلبیہ سے محل نہ ہوگا۔

﴿باب ۵۵﴾

۞(فيمن لم ينو المتعة)۞

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل لبّى بالحجّ مفرداً فقدم مكّة وطاف بالبيت وصلّى ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعى بين الصّفا والمروة قال : فليحل وليجعلها متعة إلّا أن يكون ساق الهدي .

٢ ـ أحمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن يونس بن يعقوب ، عمّن أخبره ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ماطاف بين هذين الحجرين الصّفا والمروة أحد إلّا أحلّ إلّا سائق الهدي .

باب ۵۵

جو نیت تمتع نہ کرے

۱۔ فرمایا جو حج مفرد کرنے کے لئے تلبیہ کرے اور مکہ آئے اور طواف بیت کرے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے فرمایا وہ محل ہو کر اب نیت تمتع کرکے قربانی لے جائے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حضرت نے جو طواف دو پتھروں یعنی صفا و مروہ کے درمیان کرے وہ نہیں محل ہوگا بغیر ہدی کے لے جائے (مرسل)

Presented by www.ziaraat.com

﴿ باب ۵۶ ﴾

﴿ حج المجاورين وقطان مكة ﴾

١ ـ عدة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عبد الكريم بن عمرو ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس لأهل سرف ولا لأهل مر ولا لأهل مكة متعة يقول الله عز وجل : « ذلك لمن لم يكن أهله حاضري المسجد الحرام » .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن علي بن الحكم ، عن علي بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت : لأهل مكة متعة ؟ قال : لا ، ولا لأهل بستان ولا لأهل ذات عرق ولا لأهل عسفان و نحوها .

٣ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حماد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عز وجل : « ذلك لمن لم يكن أهله حاضري المسجد الحرام » قال : من كان منزله على ثمانية عشر ميلاً من بين يديها و ثمانية عشر ميلاً من خلفها وثمانية عشر ميلاً عن يمينها وثمانية عشر ميلاً عن يسارها فلا متعة له مثل مر و أشباهها .

٤ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن داود ، عن حماد قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن أهل مكة أيتمتعون ؟ قال : ليس لهم متعة ، قلت : فالقاطن بها قال : إذا أقام بها سنة أو سنتين صنع صنع أهل مكة ، قلت : فإن مكث الشهر ؟ قال : يتمتع ، قلت : من أين ؟ قال : يخرج من الحرم ، قلت : أين يهل بالحج ؟ قال : من مكة نحواً مما يقول الناس .

٥ ـ أبو علي الأشعري ، عن محمد بن عبدالجبار ، عن صفوان ، عن عبدالرحمن بن الحجاج قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إني اُريد الجوار فكيف أصنع ؟ قال : إذا رأيت الهلال هلال ذي الحجة فاخرج إلى الجعرانة فأحرم منها بالحج ، فقلت له : كيف أصنع إذا دخلت مكة اُقيم إلى يوم التروية لا أطوف بالبيت ؟ قال : تقيم عشراً لا تأتي الكعبة إن عشراً لكثير إن البيت ليس بمهجور ولكن إذا دخلت فطف بالبيت واسع بين الصفا والمروة ، فقلت له : أليس كل من طاف بالبيت وسعى بين الصفا والمروة

Presented by www.ziaraat.com

فقد أحلّ؟ قال: إنّك تعقد بالتلبية ثمّ قال: كلّما طفت طوافاً وصلّيت ركعتين فاعقد بالتلبية، ثمّ قال: إنّ سفيان فقيهكم أتاني فقال: ما يحملك على أن تأمر أصحابك يأتون الجعرانة فيحرمون منها؟ فقلت له: هو وقت من مواقيت رسول الله صلى الله عليه وآله فقال: وأيّ وقت من مواقيت رسول الله صلى الله عليه وآله هو؟ فقلت له: أحرم منها حين قسّم غنائم حنين ومرجعه من الطائف، فقال: إنّما هذا شيء أخذته من عبد الله بن عمر كان إذا رأى الهلال صاح بالحجّ، فقلت: أليس قد كان عندكم مرضيّاً قال: بلى ولكن أما علمت أنّ أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله إنّما أحرموا من المسجد فقلت: إنّ أولئك كانوا متمتّعين في أعناقهم الدّماء وإنّ هؤلاء قطنوا بمكّة فصاروا كأنّهم من أهل مكّة وأهل مكّة لا متعة لهم فأحببت أن يخرجوا من مكّة إلى بعض المواقيت وأن يستغبّوا به أيّاماً فقال لي وأنا أخبره أنّها وقت من مواقيت رسول الله صلى الله عليه وآله يا أبا عبد الله فإنّي أرى لك أن لا تفعل فضحكت وقلت: ولكنّي أرى لهم أن يفعلوا، فسأل عبد الرّحمن عمّن معنا من النساء كيف يصنعن؟ فقال: لولا أنّ خروج النساء شهرة لأمرت الصّرورة منهنّ أن تخرج ولكن مر من كان منهنّ صرورة أن تهلّ بالحجّ في هلال ذي الحجة فأمّا اللّواتي قد حججن فإن شئن ففي خمس من الشهر وإن شئن فيوم التّروية فخرج وأقمنا فاعتلّ بعض من كان معنا من النساء الصرورة منهنّ فقدم في خمس من ذي الحجّة فأرسلت إليه أنّ بعض من معنا من صرورة النساء قد اعتللن فكيف تصنع؟ فقال: فلتنظر ما بينها وبين التروية فإن طهرت فلتهلّ بالحجّ وإلّا فلا يدخل عليها يوم التروية إلّا وهي محرمة، وأمّا الأواخر فيوم التروية، فقلت: إنّ معنا صبيّاً مولوداً فكيف نصنع به؟ فقال: مر أمّه تلقى حميدة فتسألها كيف تصنع بصبيانها، فأتتها فسألتها كيف تصنع، فقالت: إذا كان يوم التروية فأحرموا عنه وجرّدوه وغسّلوه كما يجرّد المحرم وقفوا به المواقف فإذا كان يوم النّحر فارموا عنه وأحلقوا عنه رأسه ومري الجارية أن تطوف به بين الصفا والمروة، قال: وسألته عن رجل من أهل مكّة يخرج إلى بعض الأمصار ثمّ يرجع إلى مكّة فيمرّ ببعض المواقيت أله أن يتمتّع؟ قال: ما أزعم أنّ ذلك ليس له لو فعل وكان الإهلال أحبّ إليّ.

Presented by www.ziaraat.com

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سمعته يقول : المجاور بمكّة سنة يعمل عمل أهل مكّة يعني يفرد الحجّ مع أهل مكّة وماكان دون السّنة فله أن يتمتّع .

٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان بن عثمان ، عن سماعة ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن المجاور أله أن يتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ؟ قال : نعم يخرج إلى مهلّ أرضه فيلبّي إن شاء .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عمّن أخبره ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : من دخل مكّة بحجّة عن غيره ثمّ أقام سنة فهو مكّيّ فإذا أراد أن يحجّ عن نفسه أو أراد أن يعتمر بعد ما انصرف من عرفة فليس له أن يحرم بمكّة ولكن يخرج إلى الوقت وكلّما حوّل رجع إلى الوقت .

٩ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان ، عن أبي الفضل قال : كنت مجاوراً بمكّة فسألت أبا عبدالله عليه السلام من أين أحرم بالحجّ ؟ فقال : من حيث أحرم رسول الله صلى الله عليه وآله من الجعرانة أتاه في ذلك المكان فتوح فتح الطائف وفتح خيبر و الفتح فقلت : متى أخرج ؟ قال : إن كنت صرورة فإذا مضى من ذي الحجّة يوم وإن كنت قد حججت قبل ذلك فإذا مضى من الشهر خمس .

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن سماعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المجاور بمكّة إذا دخلها بعمرة في غير أشهر الحجّ في رجب أو شعبان أو شهر رمضان أو غير ذلك من الشهور إلّا أشهر الحجّ فإنّ أشهر الحجّ شوّال وذو القعدة و ذو الحجّة من دخلها بعمرة في غير أشهر الحجّ ثمّ أراد أن يحرم فليخرج إلى الجعرانة فيحرم منها ثمّ يأتي مكّة ولا يقطع التّلبية حتّى ينظر إلى البيت ثمّ يطوف بالبيت ويصلّي الركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام ثمّ يخرج إلى الصّفا و المروة فيطوف بينهما ثمّ يقصّر و يحلّ ثمّ يعقد التلبية يوم التروية .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۵۶

مجاوروں اور خادموں کا حج

۱۔ فرمایا مقام سرف (مکہ سے دس میل پر ایک گاؤں) کے رہنے والے، مرو کے رہنے والے اور مکہ والے حج تمتع نہ کریں گے جیسا کہ خدا فرماتا ہے یہ حکم ان کے لیے جو مسجد الحرام کے آس پاس رہنے والے نہیں۔ (ض)

۲۔ میں نے کہا کیا اہل مکہ کے لئے حج تمتع ہے فرمایا نہیں، نہ اہل بستان کے لئے نہ اہل ذات العرق کے لئے اور نہ اہل عسفان جیسوں کے لئے۔ (ض)

۳۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا۔ یہ حکم اس کے لئے نہیں ہے جس کے اہل مسجد الحرام میں موجود ہوں فرمایا مراد ہے وہ جس کا مکان ۱۸ میل مکہ کے سامنے ہو اتنا ہی اس کے پیچھے اور اٹھارہ میل داہنی طرف، اتنے ہی بائیں طرف ان کے لئے تمتع نہیں۔ (ض)

۴۔ میں نے پوچھا اہل مکہ حج تمتع کریں۔ فرمایا ان کے لئے تمتع نہیں ہے میں نے کہا خدام کے لئے کیا صورت ہے فرمایا اگر وہ سال دو سال رہیں تو ان کے لئے یہی صورت ہے جو اہل مکہ کے لئے ہے میں نے کہا اگر ایک ماہ قیام رہا ہو تو فرمایا ان کو حج تمتع کرنا چاہیئے۔ میں نے کہا یہ کیوں فرمایا وہ حرم سے خارج ہیں میں نے کہا وہ تلبیہ کہاں سے کریں فرمایا جس کو لوگ کنارہ شہر کہتے ہیں۔ (حسن)۔

۵۔ میں نے حضرت سے کہا میں جوار مکہ میں رہنے کا ارادہ رکھتا ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے فرمایا جب تم ذی الحجہ کا چاند دیکھو تو جعرانہ کی طرف جاؤ اور وہاں سے حج کا احرام باندھو، میں نے کہا جب میں مکہ میں داخل ہوں تو کیا کروں یوم ترویہ تک وہاں قیام کروں، خانۂ کعبہ کا طواف نہ کروں فرمایا دس دن رہ کر تم خانۂ کعبہ میں نہ آؤ گے دس دن تو بہت ہوتے ہیں خانۂ کعبہ کو چھوڑا نہیں جا سکتا بلکہ جب تم مکہ میں داخل ہو تو خانۂ کعبہ کا طواف کرو اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرو۔ میں نے کہا میں وہ کل لباس پہنوں جو طواف اور سعی کے لئے پہنا جاتا ہے اور محل ہو جاؤں فرمایا تم ٹھہرو تلبیہ کے لیے، پھر فرمایا جب بھی تم کوئی طواف کرو دو رکعت نماز پڑھو تو تلبیہ کرو پھر فرمایا سفیان تمہارا فقیہہ میرے پاس آیا اور کہا آپ کس وجہ سے اپنے اصحاب کو جعرانہ جانے اور وہاں سے احرام باندھنے کا حکم دیتے ہیں، میں نے کہا یہ وقت مواقیت رسول اللہ سے۔ اس نے کہا یہ کیسے میں نے کہا رسول اللہ نے یہیں سے احرام باندھا تھا جب آپ نے غنایم حنین کی تقسیم کی تھی اور طایف سے لوٹے تھے اس نے کہا میں نے اس کو عبد اللہ بن عمر سے لیا ہے کہ جب وہ چاند دیکھتے تھے حج کے لیے پکارتے تھے

Presented by www.ziaraat.com

میں نے کہا تو کیا تمہاری مرضی پر منحصر ہے اس نے کہا کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ اصحاب رسولؐ مسجد سے احرام باندھتے تھے ہاں میں نے کہا وہ تمتع کرنے والے تھے اور ان کو قربانی دینی ہوتی تھی اور یہ لوگ مکہ میں خدمت گزار ہیں پس یہ مثل اہالیٔ مکہ ہیں اور اہل مکہ کے لئے حج تمتع نہیں، پس میں نے ان کو خبردار کرنا چاہا کہ وہ مکہ سے نکل کر کسی میقات تک جائیں اور چند روز مکہ سے غائب رہیں اس نے کہا اور میں بتاؤں گا کہ میقات رسولؐ یہ ہے لے ابوعبداللہ مناسب یہ ہے کہ آپ ایسا نہ کریں میں نے ہنس کر کہا میں یہی مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ ایسا کریں۔

عبدالرحمٰن نے کہا ہمارے ساتھ کچھ عورتیں ہیں ان کو کیا کرنا چاہیئے فرمایا اگر عورتوں کا میقات پر جانے کے لئے نکلنا باعث بدنامی نہ ہوتا تو میں حکم دیتا کہ بے پردہ غریب عورتیں نکلیں لیکن تم حکم دو کہ جو ان میں صرورہ ہیں وہ حج کا قصد کریں ذی الحجہ کا چاند دیکھ کر لیکن جو حج کر چکیں اگر وہ چاہیں تو پانچویں تاریخ اور چاہیں تو روز ترویہ ایسا کریں یہ فرما کر آپ چلے گئے اور ہم بھی اٹھ کھڑے ہوتے جو بے پردہ عورتیں (خدمتگارنیاں) ہمارے ساتھ تھیں ان میں سے بعض کو حیض آنے لگا جب حضرت پانچویں ذی الحجہ کو تشریف لائے تو میں نے کہلا کر بھیجا کہ بعض صرورہ عورتیں حائض ہوگئی ہیں تو ہم کیا کریں فرمایا وہ یوم ترویہ تک انتظار کریں اور اگر طاہر ہو جائیں تو حج کی تیاری کریں ورنہ یوم ترویہ سے ان کا تعلق نہ ہوگا رہیں دوسری عورتیں وہ یوم ترویہ سے مناسک ادا کریں۔

میں نے کہا ہمارے ساتھ ایک نوزائیدہ بچہ بھی ہے اس کے لئے کیا کریں فرمایا اس کی ماں سے کہو کہ وہ حمیدہ سے ملے اور دریافت کرے۔ وہ آئی اور پوچھا انھوں نے کہا یوم ترویہ اس کی طرف سے احرام باندھوا اور اسے نہلاؤ اور مواقف حج میں لے جاؤ جب روز قربانی آئے تو اس کی طرف سے رمی جمرات کرو اس کا سر منڈواؤ اور کنیز کو حکم دو کہ صفا و مروہ کے درمیان اس کی طرف سے سعی کرے۔

میں نے کہا ایک شخص گھر سے نکل کر بعض شہروں میں گیا پھر مکہ کی طرف لوٹا اور بعض مقامات حج کی طرف سے گزرا تو کیا وہ حج تمتع کر سکتا ہے فرمایا تو کیا اس کا گمان ہے کہ اگر وہ ایسا کرے گا تو اس کا ثواب نہ ملے گا میں پسند کرتا ہوں اس کو کہ وہ اس کا تہیہ کرے۔ (م)

۶۔ فرمایا مکہ میں جو ایک سال رہے اس کو اہلِ مکہ کی طرح حج افراد کرنا چاہیئے اور جو اس سے کم رہے اسے حج تمتع کرنا ہوگا۔ (مجہول)

۷۔ میں نے پوچھا مکہ میں عارضی رہنے والوں کے متعلق کہ کیا وہ حج تمتع کرے فرمایا۔ ہاں وہ میقات پر جائے اور اگر چاہے تو تلبیہ کرے۔ (ض)

۸۔ فرمایا جو مکہ میں داخل ہوا اور وہ اپنے عمر کی طرف سے حج کرے پھر ایک سال مکہ میں رہے تو وہ مکی ہے اب اگر اپنی طرف سے حج کا ارادہ کرے یا عرفہ سے لوٹتے ہوئے عمرہ بجالائے تو اس کے لئے مکہ سے احرام باندھنا ضروری

لیکن وقت پر نکلے اور جب لوٹے تو وقت پر (مرسل)

۹۔ میں نے کہا میں مکہ میں مجاور یں مکہ سے ہوں تو میں کہاں سے احرام باندھوں فرمایا جہاں سے رسول اللہ نے باندھا یعنی جعرانہ سے، وہ فتح طائف و مکہ کے بعد اس مقام پر پہنچے تھے۔ میں نے کہا میں مکہ سے باہر جاؤں فرمایا اگر تم مالدار نہیں ہو تو جب ذی الحجہ کا ایک دن گزر جائے تو نکلو اور اگر اس سے پہلے حج کر چکے ہو تو ذی الحجہ کے پانچ دن گزرنے کے بعد نکلو۔ (م)

۱۰۔ فرمایا مکہ کا مجاور جب عمرہ کرے حج کے مہینوں کے علاوہ رجب، شعبان یا رمضان میں کہ یہ مہینے حج کے مہینوں کے علاوہ ہیں حج کے مہینے شوال، ذیقعدہ اور ذی الحجہ ہیں۔

علاوہ حج کے مہینوں کے اگر احرام کا ارادہ کرے تو اسے چاہیئے کہ جعرانہ جائے اور وہاں سے احرام باندھے پھر مکہ آئے اور جب تک بیت اللہ نظر نہ آئے تلبیہ کو قطع نہ کرے پھر خانہ کعبہ کا طواف کرے پھر صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور تقصیر کے بعد محل ہو جائے پھر یوم ترویہ تلبیہ کرے۔ (مجہول)

﴿باب ۵﴾

☆(حج الصبيان والمماليك)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن مثنّى الحنّاط، عن زرارة، عن أحدهما عليه السلام قال: إذا حجَّ الرَّجل بابنه وهو صغير فإنّه يأمره أن يلبّي ويفرض الحجَّ فإن لم يحسن أن يلبّي لبّي عنه ويطاف به ويصلّي عنه قلت: ليس لهم ما يذبحون، قال: يذبح عن الصّغار ويصوم الكبار ويتّقي عليهم ما يتّقي على المحرم من الثّياب والطّيب فإن قتل صيداً فعلى أبيه.

٢ ـ أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن عبد الكريم، عن أيّوب أخي اُديم قال: سئل أبو عبد الله عليه السلام من أين يجرَّد الصّبيان؟ فقال: كان أبي يجرّدهم من فخّ.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن الحسن بن عليّ، عن يونس بن يعقوب، عن أبيه، قال: قلت لأبي عبد الله عليه السلام: إنَّ معي صبية صغاراً وأنا أخاف عليهم البرد فمن أين يحرمون؟ قال: ائت بهم العرج فيحرموا منها فإنّك إذا أتيت العرج وقعت في تهامة ثمَّ قال: فإن خفت عليهم فائت بهم الجحفة.

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي

Presented by www.ziaraat.com

عبدالله عليه السلام قال : انظروا من كان معكم من الصّبيان فقدّموه إلى الجحفة أو إلى بطن مرّ ويصنع بهم مايصنع بالمحرم و يطاف بهم ويرمى عنهم ومن لايجد منهم هدياً فليصم عنه وليّه وكان عليّ بن الحسين عليهما السلام يضع السكّين في يد الصّبيّ ثمّ يقبض على يديه الرّجل فيذبح .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن الفضل بن يونس ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ليس على المملوك حجّ ولا عمرة حتّى يعتق .

٦ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن غلمان لنا دخلوا معنا مكّة بعمرة و خرجوا معنا إلى عرفات بغير إحرام قال : قل لهم يغتسلون ثمّ يحرمون و اذبحوا عنهم كما تذبحون عن أنفسكم .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كلّ ما أصاب العبد وهو محرم في إحرامه فهو على السيّد إذا أذن له في الإحرام .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن غلام لنا خرجت به معي وامرته فتمتّع و أهلّ بالحجّ يوم التروية ولم أذبح عنه ، أله أن يصوم بعد النفر وقد ذهبت الأيّام الّتي قال الله عزّوجلّ ؟ فقال : ألاكنت أمرته أن يفرد الحجّ ؟ قلت : طلبت الخير ، فقال : كما طلبت الخير فاذبح شاة سمينة وكان ذلك يوم النّفر الأخير .

٩ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن سماعة أنّه سئل عن رجل أمر غلمانه أن يتمتّعوا ، قال : عليه أن يضحّي عنهم ، قلت : فإنّه أعطاهم دراهم فبعضهم ضحّى وبعضهم أمسك الدّراهم وصام ؟ قال : قد أجزء عنهم وهو بالخيار إن شاء تركها ، قال : ولو أنّه أمرهم وصاموا كان قد أجزء عنهم .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۵

بچوں اور غلاموں کا حج

۱۔ فرمایا جب کوئی اپنے بیٹوں کے ساتھ حج کرے اور وہ بچہ ہو تو اسے تلبیہ کرنے کو کہے اور اگر وہ نہ کہہ سکے تو کوئی اس کی طرف سے کہے اور اس کی طرف سے طواف کرے اور نماز پڑھے۔ میں نے کہا کیا یہ نہیں کر وہ ذبح کریں فرمایا چھوٹوں کی طرف سے ذبح کریں اور ان کے لئے وہی ہے کپڑوں اور خوشبو کے متعلق جو محرم کے لئے ہے اگر وہ کوئی شکار کرے گا تو کفارہ باپ پر ہوگا۔

۲۔ کسی نے پوچھا لڑکے کہاں سے احرام کے لئے کپڑے اتاریں فرمایا میرے والد مقام فخ سے کپڑے اتروا تے تھے۔

۳۔ میں نے کہا میرے ساتھ چھوٹی بچیاں ہیں میں ان کو ٹھنڈ لگنے سے ڈرتا ہوں پس کہاں سے احرام بندھواؤں فرمایا ان کو مقام عرج پر لاؤ اور وہاں سے احرام باندھو جب تم عرج تک پہنچو گے تو تہامہ پہنچ گئے پھر فرمایا اگر بچوں کے بیمار ہونے کا خوف ہو تو انھیں جحفہ لے آؤ۔ (مجہول)

۴۔ فرمایا ابوعبداللہ ؑ نے جو بچے تمہارے ساتھ ہوں ان کو مہلت دو اور جحفہ تک یا بطن مرو تک لاؤ اور ان کے لئے وہی ہے جو ایک محرم کے لئے ہوتا ہے ان کی طرف سے رمی جمرات کی جائے اور جو قربانی نہ کر سکے تو روزہ رکھے اس کی طرف سے اس کا ولی، حضرت علی بن الحسین بچہ کے ہاتھ میں چاقو دے دیتے تھے اور کوئی اس کے قبضہ کو پکڑ کر ذبح کر دیتا تھا۔

۵۔ فرمایا حضرت نے غلام جب تک آزاد نہ ہو نہ اس پر حج ہے نہ عمرہ (موثق)

۶۔ میں نے کہا چند لڑکے ہمارے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے اور ہمارے ساتھ بغیر احرام عرفات میں آگئے فرمایا ان سے کہو نہائیں پھر احرام باندھیں اور ان کی طرف سے تم اسی طرح قربانی کرو جیسے اپنی طرف سے کرتے ہو (موثق)

۷۔ فرمایا بحالت احرام غلام کو جو ضرورت پیش آئے گی وہ اس کے آقا کو پیش آئے گی بشرطیکہ اس کے اذن سے احرام باندھا ہو۔ (حسن)

۸۔ میں نے کہا میرا ایک لڑکا ہے میں اس کے ساتھ حج کو نکلا میں نے اس کو تمتع کا حکم دیا اس نے ہلہلہ حج کیا روز ترویہ لیکن میں نے اس کی طرف سے ذبح نہیں کیا، تو کیا وہ روزہ رکھے منیٰ سے چلے آنے کے بعد، حالانکہ وہ وقت گزر چکا جس کا حکم خدا نے دیا ہے فرمایا اگر تم نے حکم دیا ہے حج مفرد کا، میں نے کہا میں نے تو طلب خیر کیا ہے فرمایا طلب خیر کیا ہے تو ایک موٹی تازی بکری ذبح کرو یہ منیٰ کا آخری دن ہوگا۔ (ض)

Presented by www.ziaraat.com

۹۔ میں نے کہا ایک شخص نے اپنے چند لڑکوں کو تمتع کرنے کا حکم دیا۔ فرمایا اس پر لازم ہے کہ ان کی طرف سے قربانی کرے۔ میں نے کہا اس نے ان کو روپے دے دیئے تھے ان میں سے بعض نے قربانی کی بعض نے روپے روک لئے اور روزہ رکھ لیا فرمایا یہ ان کے لئے کافی ہے انھیں اختیار ہے قربانی ترک کرنے کا اگر اس نے ان کو روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے تو یہ ان کے لئے کافی ہے۔ (ض)

﴿ باب ۵ ﴾

☆(الرجل يموت صرورة أو يوصي بالحج)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل توفّي و أوصى أن يحجّ عنه قال : إن كان صرورة فمن جميع المال إنّه بمنزلة الدَّين الواجب و إن كان قدحجّ فمن ثلثه و من مات ولم يحجّ حجّة الإسلام ولم يترك إلّا قدر نفقة الحمولة وله ورثة فهم أحقّ بما ترك فإن شاؤوا أكلوا وإن شاؤوا [أ] حجّوا عنه .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن سعد بن أبي خلف قال : سألت أبا الحسن موسى عليه السلام عن الرَّجل الصّرورة يحجّ عن الميّت ؟ قال : نعم إذا لم يجد الصرورة ما يحجّ به عن نفسه فإن كان له ما يحجّ به عن نفسه فليس يجزىء عنه حتّى يحجّ من ماله وهي تجزىء عن الميّت إن كان للصّرورة مال و إن لم يكن له مال .

٣ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألته عن الرَّجل يموت ويوصي بحجّة فيعطي رجلٌ دراهم يحجّ بها عنه فيموت قبل أن يحجّ ثمّ أعطى الدَّراهم غيره قال : إن مات في الطريق أو بمكّة قبل أن يقضي مناسكه فإنّه يجزىء عن الأوّل ؟ قلت : فإن ابتلي بشيء يفسد عليه حجّه حتّى يصير عليه الحجّ من قابل أيجزىء عن الأوّل ؟ قال : نعم ، قلت : لأنّ الأجير ضامن للحجّ ؟ قال : نعم .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن الحسين بن عثمان ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أعطى رجلاً ما يحجّه فحدث بالرَّجل حدث ؟

فقال : إن كان خرج فأصابه في بعض الطريق فقد أجزءت عن الأوّل و إلاّ فلا .

۵ - محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن عليّ بن النعمان ، عن سويد القلاء ، عن أيّوب ، عن بريد العجليّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل استودعني مالاً فهلك و ليس لولده شيء و لم يحجّ حجّة الإسلام قال : حجّ عنه و ما فضل فأعطهم .

باب ۵

ایک شخص بغیر حج کئے مر جاتا ہے اور وصیت حج کر جاتا ہے

۱۔ فرمایا اس شخص کے متعلق جو مر جاتا ہے اور حج کی وصیت کر جائے تو اگر اس نے اب تک حج نہیں کیا ہے تو اس کے تمام مال سے خرچ حج بطور قرض واجب دینا ہوگا اور اگر حج کر لیا ہے تو ثلث مال سے دینا ہوگا اور جو بغیر حج کئے مر جائے اور اس نے بقدر نفقہ چھوڑا ہو اور اس کے وارث بھی ہوں تو انھیں اختیار ہوگا چاہے کھالیں چاہے اس کے بدلے کا حج کرا دیں۔ (حسن)

۲۔ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا جو صرورہ ہو (یعنی جس نے حج نہ کیا ہو) وہ میت کی طرف سے حج کرے فرمایا ہاں جب تک اس کو اتنا مال نہ ملے کہ وہ اپنی طرف سے حج کرے اگر اس کے پاس اتنا مال ہو کہ اپنے لیے حج کر سکے تو دوسرے کے لئے حج کرنا اس کے لئے کافی نہ ہوگا ہاں میت کے لئے کافی ہو جائے گا چاہے حج کرنے والے کے پاس مال ہو یا نہ ہو۔ (ص)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص مرتے وقت حج کی وصیت کرتا ہے پس ایک شخص کو حج کے لئے پیسے دیئے جاتے ہیں وہ حج کرنے سے پہلے مر جاتا ہے پھر وہ پیسے دوسرے کو دیتا ہے فرمایا اگر وہ راستہ میں مرا یا مکہ میں مناسک حج ادا کرنے سے پہلے مرا ہے تو یہ شخص اوّل کے حج کے لئے کافی ہوگا۔ میں نے کہا اگر وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہوا اور اس سال حج کو نہ جا سکے اور اگلے سال حج کرے تو یہ شخص اوّل کے لئے کافی ہو جائے گا فرمایا ہاں، میں نے کہا اس لئے کہ اجیر ضامن ہوتا ہے فرمایا ہاں۔ (موثق)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص نے کسی کو حج کے لئے پیسے دیئے اسے کوئی حادثہ پیش آگیا فرمایا اگر حج کے راستہ میں پیش آیا ہے تو شخص اوّل کے حج کے لئے کافی ہے۔ ورنہ نہیں (مرسل)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے مجھے کچھ مال سونپا اور اس کی اولاد کے پاس کچھ نہیں اور مرنے والے نے حج نہیں کیا تھا

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا اس کی طرف سے حج کرا دیا جائے اور جو بچے اس کی اولاد کو دے دیا جائے۔ (م)

﴿باب ۵۹﴾

☆(المرأة تحجّ عن الرجل)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن مصادف ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المرأة تحجّ عن الرَّجل الصَّرورة فقال : إن كانت قد حجّت وكانت مسلمة فقيهة فربَّ امرأة أفقه من رجل .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت : لأبي عبدالله عليه السلام الرَّجل يحجّ عن المرأة والمرأة تحجّ عن الرَّجل ؟ قال : لابأس .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : امرأة من أهلنا مات أخوها فأوصى بحجّة وقد حجّت المرأة ، فقالت: إن صلح حججت أنا عن أخي و كنت أنا أحقُّ بها من غيري ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : لا بأس بأن تحجَّ عن أخيها و إن كان لها مال ، فلتحجَّ من مالها فإنّه أعظم لأجرها .

٤ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن رفاعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : تحجّ المرأة عن أخيها وعن اُختها . وقال : تحجّ المرأة عن ابنها .

باب ۵۹

عورت کا مرد کی طرف سے حج کرنا

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے عورت اس مرد کی طرف سے جس نے حج نہیں کیا، کرسکتی ہے فرمایا اگر اس عورت نے حج نہ کیا ہو اور وہ مسلمان جو مسائل دین سے واقف ہو، بعض عورتیں مرد سے زیادہ فقیہہ ہوتی ہیں۔ (ض)

۲۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر مرد عورت کے بدلے اور عورت مرد کے بدلے حج کرے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ہمارے خاندان میں ایک عورت کا بھائی مر گیا۔ اس نے حج کی وصیت کی اور عورت حج کر چکی ہے اس نے

Presented by www.ziaraat.com

کہا اگر حالات درست ہوئے تو میں اپنے بھائی کی طرف سے حج کروں گی۔ میں بہ نسبت دوسرے کے زیادہ حقدار ہوں حضرت نے فرمایا کیا حرج ہے وہ اپنے بھائی کی طرف سے حج کرے اور اگر مالدار ہو تو اپنے مال سے کرے کہ اس کا بڑا اجر ہے۔ (حسن)

۴۔ فرمایا عورت حج کر سکتی ہے اپنے بھائی بہن اور بیٹے کی طرف سے۔ (ض)

﴿باب﴾

☆(من يعطى حجة مفردة فيتمتع أو يخرج من غير الموضع الذي يشترط)☆

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن محبوب ، عن هشام بن سالم ، عن أبي بصير ، عن أحدهما عليهما السلام في رجل أعطى رجلاً دراهم يحجّ بها عنه حجّة مفردة أيجوز له أن يتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ؟ فقال : نعم ، إنّما خالفه إلى الفضل .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن علي بن رئاب ، عن حريز قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل أعطى رجلاً حجّة يحجّ بها عنه من الكوفة فحجّ عنه من البصرة ، قال : لابأس إذا قضى جميع مناسكه فقدتمّ حجّه .

باب

کیا جس کو حج مفرد کے لئے روپیہ دیا گیا ہے حج تمتع کر سکتا ہے

۱۔ پوچھا گیا کہ ایک شخص نے حج تمتع کے کسی کو روپے دیئے آیا اس کے لئے جائز ہے کہ حج تمتع کرے فرمایا ہاں لیکن یہ فضیلت کے خلاف ہے (جس حج کو کہا تھا وہی کرنا چاہیئے تھا۔) (ص)

۲۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جس نے ایک شخص کو اپنا حج ادا کرنے پر اس شرط پر طے کیا کہ وہ کوفہ سے جائے مگر وہ بصرہ سے گیا۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر اس نے پورے مناسک ادا کر لئے تو اس کا حج پورا ہو گیا۔ (ض)

﴿باب﴾

☆(من يوصي بحجة فيحج عنه من غير موضعه او يوصي)☆
☆(بشيء قليل في الحج)☆

١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن

زكريا بن آدم قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن رجل مات و أوصى بحجة أيجوز أن يحج عنه من غير البلد الذي مات فيه ؟ فقال : ما كان دون الميقات فلابأس .

٢ ـ علي بن إبراهيم ، عن صالح بن السندي ، عن جعفر بن بشير ، عن أبان بن عثمان ، عن عمر بن يزيد قال : قال أبوعبدالله عليه السلام في رجل أوصى بحجة فلم تكفه من الكوفة : إنها تجزىء حجته من دون الوقت .

٣ ـ عدة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن محمد بن عبدالله قال : سألت أبا الحسن الرضا عليه السلام عن الرجل يموت فيوصي بالحج من أين يحج عنه ؟ قال : على قدر ماله إن وسعه ماله فمن منزله و إن لم يسعه ماله من منزله فمن الكوفة فإن لم يسعه من الكوفة فمن المدينة .

٤ ـ أحمد بن محمد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أوصى أن يحج عنه حجة الإسلام فلم يبلغ جميع ماترك إلا خمسين درهماً قال : يحج عنه من بعض الأوقات التي وقتها رسول الله صلى الله عليه وآله من قرب .

٥ ـ عدة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمد بن سنان ـ أوعن رجل عن محمد بن سنان ـ عن ابن مسكان ، عن أبي سعيد ، عمن سأل أباعبدالله عليه السلام عن رجل أوصى بعشرين درهماً في حجة ؟ قال : يحج بها رجل من موضع بلغه .

باب ۱۱

جو حج کے لئے وصیّت کرے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص مرگیا اور حج کی وصیت کی علاوہ اس شہر سے چلنے کے جس میں مرا ہے فرمایا اگر میقات کے پاس ہو تو کوئی حرج نہیں ۔ (ف ۲)

۲۔ فرمایا اس شخص کے بارے میں جو وصیت کرے حج کی لیکن جو خرچ کو دے وہ کوفہ سے پورا نہ ہو فرمایا قریب کے میقات سے اگر احرام باندھے گا تو حج پورا ہو جائے گا ۔ (مجہول)

۳۔ امام علیہ السلام سے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو مرتے وقت حج کی وصیت کرے تو کہاں سے حج کے لئے چلنا

Presented by www.ziaraat.com

چاہیئے فرمایا جتنی اس کے مال میں گنجائش ہو اگر نہ ہو تو کوفہ سے سفر کرے ورنہ مدینہ سے۔ (مجہول)

۴۔ حضرت سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے حج کرنے کی وصیت کی لیکن اس کا کل ترکہ پچاس درہم سے زیادہ نہیں ہوتا فرمایا میقاتوں میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائے ہیں جو سب سے زیادہ قریب ہو اس سے حج کرے۔ (م)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے حج کے لئے بیس درہم کی وصیت کی۔ فرمایا اس مقام سے حج کو جائے جو اس سفر کے لئے رقم کافی ہو (ض)

﴿باب ۶۲﴾

(الرجل يأخذ الحجة فلاتكفيه اويأخذها فيدفعها الى غيره)

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل قال : أمرت رجلاً يسأل أبا الحسن عليه السلام عن الرّجل يأخذ من رجل حجّة فلاتكفيه أله أن يأخذ من رجل أخرى ويتّسع بها و يجزىء عنهما جميعاً أويشركهما جميعاً إن لم تكفه إحديهما ؟ فذكر أنّه قال : أحبّ إليّ أن تكون خالصة لواحد فإن كانت لاتكفيه فلايأخذها .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن جعفر الأحول ، عن عثمان بن عيسى قال : قلت لأبي الحسن الرّضا عليه السلام : ماتقول في الرّجل يعطي الحجّة فيدفعها إلى غيره ، قال : لا بأس به .

٣ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن أحمد بن محمد ، عن محسن بن أحمد ، عن أبان ، عن عمر ابن يزيد قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجل أوصى بحجّة فلم تكفه ، قال : فيقدّمها حتّى يحجّ دون الوقت .

باب ۶۲

اگر سفر حج کے لئے جو رقم لی ہے وہ کافی نہ ہو

میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو حج بدل کا سفر خرچ کسی سے لے مگر وہ پورا نہ ہو تو بقیہ دوسرے سے لے اور خرچ پورا کرے تو یہ دونوں کے لئے کافی ہو گا یا درصورت کافی نہ ہونے کے دونوں کو شریک کرے فرمایا میں تو

Presented by www.ziaraat.com

اسی کو دوست رکھتا ہوں کہ ایک ہی کے لئے ہو اگر خرچ پورا نہ دے تو لے ہی نہیں۔ (مرسل)

۲۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا آپ کیا کہتے ہیں اس کے لیے جو کسی کا حج لیتا ہے اور پھر دوسرے کو دے دیتا ہے فرمایا کیا حرج ہے۔ (ض)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے وصیت کی حج کی لیکن خرچ کے لئے مال کافی نہیں، فرمایا دوسرے وقت کے لئے رکھا جائے۔ (مجہول)

﴿باب ۶۳﴾

☆(الحج عن المخالف)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن وهب بن عبد ربّه قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أيحجُّ الرَّجل عن النّاصب فقال : لا ، فقلت : فإن كان ؟ أبي قال : [فـ]إن كان أباك فنعم .

٢ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليِّ بن مهزيار قال : كتبت إليه الرَّجل يحجُّ عن الناصب هل عليه إثمٌ إذا حجَّ عن الناصب وهل ينفع ذلك الناصب أم لا ؟ فكتب لايحجّ عن الناصب ولا يحجّ به .

باب ۶۳

مخالف کی طرف سے حج

۱۔ میں نے کہا کیا ناصبی کی طرف سے حج کیا جا سکتا ہے، فرمایا نہیں، میں نے کہا اگرچہ میرا باپ ہو، فرمایا اگر تمہارا باپ ہے تو خیر۔ (حسن)

۲۔ میں نے لکھا کیا ناصبی کی طرف سے حج کیا جائے کیا اس کی طرف سے حج کرنے والے پر گناہ ہوگا اور کیا ناصبی کے لیے مفید ہوگا فرمایا ناصبی کی طرف سے حج نہ کرو اور نہ کیا جائے۔ (ض)

﴿باب ۶۴﴾

١ ـ محمّد بن يحيى ، عمّن حدَّثه ، عن إبراهيم بن مهزيار قال : كتبت إلى أبي محمّد عليه السلام : أنَّ مولاك عليَّ بن مهزيار أوصى أن يحجَّ عنه من ضيعة صيّر ربعها لك في كلّ

سنة حجّة إلى عشرين ديناراً وأنّه قد انقطع طريق البصرة فتضاعف المؤونة على الناس فليس يكتفون بعشرين ديناراً وكذلك أوصى عدّة من مواليك في حججهم ؟ فكتب : يجعل ثلاث حجج حجّتين إن شاء الله .

٢ ـ إبراهيم قال : وكتب إليه عليّ بن محمّد الحصيني : أنّ ابن عمّي أوصى أن يحجّ عنه بخمسة عشر ديناراً في كلّ سنة فليس يكفي فما تأمر في ذلك ؟ فكتب يجعل حجّتين في حجّة إنّ الله عالم بذلك .

باب ۶۴

خرچ کی کمی کی صورت میں

۱۔ میں نے ابو محمد علیہ السلام کو لکھا کہ آپ کے غلام علی بن مہزیار نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے حج کیا جائے محصول زمین سے جو ملے اس کا ایک چوتھائی تیرا ہو ہر سال حج کے لیے بیس دینار اس نے بصرہ کا راستہ منقطع کیا تاکہ لوگوں پر خرچ بڑھ جائے اور وہ بیس دینار پر بس نہ کریں ایسے ہی وصیت کی اس نے چند غلاموں کو ان کے حج میں آپ نے جواب میں لکھا اس صورت میں تین حج کی بجائے دو حج کیے جائیں۔ (مرسل)

۲۔ میں نے لکھا میرے چچا زاد بھائی نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے پندرہ دینار میں ہر سال حج کیا جائے لیکن یہ رقم کفایت نہیں کرتی۔ آپ نے لکھا دو حجوں کی بجائے ایک حج کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ اس مجبوری کو جانتا ہے (مرسل)

﴿باب ۶۵﴾

۞(ماينبغي للرجل أن يقول اذا حج عن غيره)۞

١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن عبدالكريم ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت : له الرّجل يحجّ عن أخيه أو عن أبيه أو عن رجل من الناس هل ينبغي له أن يتكلّم بشيء ؟ قال : نعم يقول بعد

Presented by www.ziaraat.com

ما يحرم : « اللّهمّ ما أصابني في سفري هذا من تعب أو شدّة أو بلاء أو شعث فأجر فلاناً فيه وأجرني في قضائي عنه » .

باب ۶۵

دوسرے کی طرف سے حج کرنیوالا کیا کہے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص اپنے بھائی باپ یا کسی اور کی طرف سے حج کرے تو کیا اسے کہنا چاہیئے فرمایا ہاں وہ کہے ۔ احرام کے بعد کہے یا اللہ اس سفر میں جو تکلیف مجھے پہنچی ہے اس تکان، سختی، مصیبت و پریشانی و زحمت کا اجر فلاں کو دے اور اس کا ثواب مجھے عطا کر ۔ (ض)

﴿ باب ۶۶ ﴾

☼(الرجل يحج عن غيره فحج عن غير ذلك أو يطوف عن غيره)☼

١ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن يحيى الأزرق قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : الرَّجل يحجّ عن الرَّجل يصلح له أن يطوف عن أقاربه ؟ فقال : إذا قضى مناسك الحجّ فليصنع ماشاء .

٢ ـ محمّد بن يحيى رفعه قال : سئل أبو عبد الله عليه السلام عن رجل أعطى رجلاً مالاً يحجّ عنه فحجّ عن نفسه فقال : هي عن صاحب المال .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبد الله عليه السلام في رجل أخذ من رجل مالاً ولم يحجّ عنه ومات لم يخلف شيئاً ، قال : إن كان حجّ الأجير اُخذت حجّته و دفعت إلى صاحب المال وإن لم يكن حجّ كتب لصاحب المال ثواب الحجّ .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۲۱

کوئی شخص کسی کے لئے حج و طواف کرے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص کسی کے لئے حج کرتا ہے اور اپنے اقارب کے لئے طواف کرتا ہے فرمایا مناسک حج ادا کرنے کے بعد جو چاہے کرے (ص)

۲۔ کسی نے پوچھا کسی نے ایک شخص کو حج کرنے کے لئے مال دیا اس نے اپنے لئے حج کیا فرمایا وہ حج صاحب مال کی طرف سے ہوگا۔ (مرفوع)

۳۔ پوچھا گیا اس شخص کے بارے میں جس نے کسی سے حج کے لئے مال لیا لیکن حج کرنے سے پہلے مر گیا اور مال سے کچھ نہ چھوڑا فرمایا اگر وہ اجیر تھا تو اس سے مال واپس لے کر صاحب مال کو دیا جائے گا اور اگر اس نے حج نہیں کیا (اور مر گیا) تو صاحب مال کو حج کا ثواب مل جائے گا۔ (حسن)

﴿ باب ۲۱ ﴾

☆(من حج عن غيره ان له فيها شركة)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن منصور بن العبّاس ، عن عليِّ بن أسباط ، عن رجل من أصحابنا يقال له : عبدالرحمن بن سنان قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام إذ دخل عليه رجلٌ فأعطاه ثلاثين ديناراً يحجُّ بها عن إسماعيل ولم يترك شيئاً من العمرة إلى الحجِّ إلّا اشترطه عليه حتّى اشترط عليه أن يسعى عن وادي محسّر ثمَّ قال : يا هذا إذا أنت فعلت هذا كان لإسماعيل حجّة بما أنفق من ماله وكان لك تسع بما أتعبت من بدنك .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عليِّ بن يوسف ، عن أبي عبدالله المؤمن عن ابن مسكان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : الرَّجل يحجُّ عن آخر ماله من الأجر والثواب ؟ قال : للّذي يحجُّ عن رجل أجر وثواب عشر حجج .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۶۶

جو غیر کی طرف سے حج کرے اسمیں شرکت

۱۔ میں حضرت کے پاس تھا کہ ایک شخص آیا آپ نے اسے ۳۰ دینار دیئے کہ ان سے اسماعیل کے لئے حج کرے اور عمرہ سے حج تک کوئی شرط ایسی نہ تھی جو آپ نے نہ کی ہو۔ یہاں تک کہ یہ شرط بھی کرلی کہ وادیٔ محسر سے سعی کرے۔ پھر اے شخص جب تو یہ کرے تو یہ حج اسماعیل کی طرف سے ہوگا اور جو اس کے مال سے خرچ ہوگا اس کا نواں حصہ تو لے لینا بدلے میں اس تکلیف کے جو تیرے بدن کو پہنچی (ضز)

۲۔ میں نے کہا جو کوئی دوسرے کی طرف سے حج کرتا ہے تو اس کا اجر و ثواب ہے فرمایا ایسے شخص کے لئے دس حج کا ثواب ہے۔ (ضز)

«باب ۶۸ نادر»

۱ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عمّن ذكره ، عن ابن أبي عمير ، عن عليّ بن يقطين قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : رجل دفع إلى خمسة نفر حجّة واحدة فقال : يحجّ بها بعضهم فسوّغها رجل منهم ، فقال لي : كلّهم شركاء في الأجر ، فقلت لمن الحجّ؟ قال : لمن صلّى في الحرّ والبرد .

باب ۶۸

نادر

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے ایک حج کے لئے پانچ آدمیوں کو پیسے دیئے کہ ان میں سے کوئی اس کی طرف سے حج کرے ان میں سے ایک نے کرلیا۔ فرمایا کل شرکا اجر میں شریک ہوں گے میں نے کہا لیکن حج کس سے منسوب ہوگا فرمایا جس نے گرمی و سردی میں نماز پڑھی ہوگی۔ (ض)

﴿ باب ۶۹ ﴾

☼(الرجل يعطى الحج فيصرف ما اخذ في غير الحج او تفضل)☼
☼(الفضلة مما اعطى)☼

١ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ؛ وسهل بن زياد جميعاً ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن محمّد بن عبدالله القمّي قال : سألت أبا الحسن الرِّضا عليه السلام عن الرَّجل يعطي الحجّة يحجُّ بها و يوسّع على نفسه فيفضل منها أيردُّها عليه ؟ قال : لاهي له .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن أحمد بن الحسن ، عن عمرو بن سعيد ، عن مصدِّق بن صدقة ، عن عمّار بن موسى السّاباطيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يأخذ الدَّراهم ليحجَّ بها عن رجل هل يجوز له أن ينفق منها في غير الحجِّ ؟ قال : إذا ضمن الحجَّ فالدَّراهم له يصنع بها ما أحبَّ وعليه حجّة .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان قال : بعثني عمر بن يزيد إلى أبي جعفر الأحول بدراهم وقال : قل له : إن أراد أن يحجَّ بها فليحجَّ و إن أراد أن ينفقها فلينفقها ؛ قال : فأنفقها ولم يحجَّ ، قال حمّاد : فذكر ذلك أصحابنا لأبي عبدالله عليه السلام فقال : وجدتم الشيخ فقيهاً .

باب ۶۹

حج کے لئے جو روپیہ دیا جائے وہ اور کام میں صرف ہو تو؟

۱۔ میں نے پوچھا ایک شخص نے حج کرانے کے لئے روپیے دیئے اجیر نے اپنے نفس پر تنگی کر کے کچھ پیسے بچالئے کیا وہ انھیں واپس کرے فرمایا نہیں وہ اسی کا مال ہے (مجہول)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے ایک آدمی کو کسی کی طرف سے حج کرنے کے لئے پیسے دیئے آیا وہ رقم حج کے سوا دوسرے کام میں صرف کر سکتا ہے فرمایا جب وہ حج کا ضامن ہو چکا پس روپیہ کو جیسے چاہے صرف کرے حج کرنا اس پر فرض ہے حماد نے کہا عمر بن یزید نے مجھے ابوجعفر احول کے پاس کچھ درہم دے کر بھیجا اور کہا ان سے کہنا چاہے اسے

رقم سے حج کرلیں چاہے اپنے خرچ میں لائیں پس انھوں نے وہ رقم خرچ کرلی اور حج نہ کیا۔ ہمارے اصحاب نے اس کا ذکر امام جعفر صادق علیہ السلام سے کیا فرمایا تمہارا شیخ فقیہہ ہے یعنی ان کے لئے ایسا کرنا جائز ہے (حسن)

﴿باب﴾

✿(الطواف و الحج عن الائمة عليهم السلام)✿

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن موسى بن القاسم البجليِّ قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : ياسيّدي إنّي أرجو أن أصوم في المدينة شهر رمضان ، فقال : تصوم بها إن شاء الله ، قلت : وأرجو أن يكون خروجنا في عشر من شوَّال وقد عوَّد الله زيارة رسول الله صلى الله عليه وآله وأهل بيته و زيارتك فربّما حججت عن أبيك وربّما حججت ، عن أبي وربّما حججت عن الرَّجل من إخواني وربّما حججت عن نفسي فكيف أصنع ؟ فقال : تمتّع ، فقلت : إنّي مقيم بمكّة منذ عشر سنين ؟ فقال : تمتّع .

٢ ـ أبو عليٍّ الأشعريُّ ، عن الحسن بن عليٍّ الكوفيِّ ، عن عليِّ بن مهزيار ، عن موسى بن القاسم قال : قلت لأبي جعفر الثاني عليه السلام : قد أردت أن أطوف عنك وعن أبيك فقيل لي : إنَّ الأوصياء لا يطاف عنهم ، فقال لي : بل طف ما أمكنك فإنّه جائز . ثمَّ قلت له بعد ذلك بثلاث سنين : إنّي كنت استأذنتك في الطواف عنك وعن أبيك فأذنت لي في ذلك فطفت عنكما ما شاء الله ثمَّ وقع في قلبي شيء فعملت به قال : وما هو؟ قلت : طفت يوماً عن رسول الله صلى الله عليه وآله فقال : ثلاث مرَّات صلّى الله على رسول الله ، ثمَّ اليوم الثاني عن أمير المؤمنين ثم طفت اليوم الثالث عن الحسن عليه السلام والرابع عن الحسين عليه السلام والخامس عن عليِّ ابن الحسين عليهما السلام والسادس عن أبي جعفر محمّد بن عليٍّ عليهما السلام واليوم السابع عن جعفر بن محمّد عليهما السلام واليوم الثامن عن أبيك موسى عليه السلام واليوم التاسع عن أبيك عليٍّ عليه السلام واليوم العاشر عنك ياسيّدي وهؤلاء الّذين أدين الله بولايتهم فقال : إذن والله تدين الله بالدِّين الّذي لا يقبل من العباد غيره ، قلت : وربّما طفت عن أمّك فاطمة عليها السلام وربّما لم أطف ، فقال : استكثر من هذا فإنّه أفضل ، ما أنت عامله إن شاء الله .

Presented by www.ziaraat.com

باب

حج اور طواف آئمہ کی طرف سے

۱۔ میں نے ابوجعفر علیہ السلام سے کہا، اے میرے سردار میں امید کرتا ہوں کہ ماہ رمضان کے روزے مدینہ میں رکھوں فرمایا انشاء اللہ رکھو گے۔ میں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میرا یہاں سے نکلنا ۲ شوال کو ہو اور اللہ مجھے زیارت رسولؐ اور اہلبیتؑ رسولؐ اور آپ کی زیارت نصیب کرے، اکثر میں نے حج کئے ہیں آپؑ کے والد کی طرف سے، اپنے باپ کی طرف سے اور اپنے بھائیوں اور اپنی ذات کی طرف سے، پس اب میں کیا کروں فرمایا حج تمتع کرو۔ میں نے کہا میں تو مکہ میں مقیم ہوں دس سال سے، فرمایا حج تمتع کرو۔(م)

۲۔ میں نے کہا میں نے ارادہ کیا ہے کہ طواف کروں آپ کی اور آپ کے والد کی طرف سے لوگ کہتے ہیں کہ اولیاءؑ کی طرف سے طواف نہیں ہوتا۔ فرمایا ہاں طواف کرو جتنا تم سے ممکن ہو کیونکہ یہ جائز ہے اس کے بعد میں نے کہا تین سال ہوئے کہ میں نے آپ کی اور آپ کے والد کی طرف سے طواف کی اجازت چاہی تھی پس آپ نے اس کی اجازت دی تھی اپنی اور اپنے والد کی طرف سے طواف کرنے کی پھر میرے دل میں ایک بات آئی جس پر میں نے عمل کیا۔ فرمایا وہ کیا ہے میں نے کہا ایک دن میں نے رسول اللہؐ کی طرف سے طواف کیا دوسرے روز امیرالمومنینؑ کی طرف سے تیسرے روز امام حسنؑ کی طرف سے چوتھے روز امام حسینؑ کی طرف سے پانچویں روز علی بن الحسینؑ کی طرف سے چھٹے روز امام محمد باقرؑ کی طرف سے ساتویں دن امام جعفر صادقؑ کی طرف سے آٹھویں دن آپ کے والد امام موسیٰ کاظمؑ کی طرف سے نویں روز آپؑ کے والد امام رضاؑ کی طرف سے، دسویں روز آپؑ کی طرف سے، یہ وہ لوگ ہیں جن کی ولایت پر اللہ نے ہمارا دین قائم کیا ہے فرمایا اجازت ہے واللہ خدا نے تجھے وہ دین عطا کیا ہے جس کے سوا کوئی دین قبول نہ کیا جائے گا میں نے کہا گاہ گاہ میں آپ کی جدہ ماجدہ حضرت فاطمہؑ کی طرف سے کرتا ہوں اور کبھی طواف بھی نہیں کرتا۔ فرمایا زیادہ کیا کرو یہ افضل ہے اس عمل سے جو تم کرو، انشاء اللہ (م)

(باب)

(من يشرك قرابته واخوته في حجته او يصلهم بحجة)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : أُشرك أبويّ في حجّتي ، قال : نعم ، قلت : أُشرك إخوتي

Presented by www.ziaraat.com

في حجّتي ؟ قال : نعم إنّ الله عزّ وجلّ جاعلٌ لك حجّاً ولهم حجّاً ولك أجر لصلتك إيّاهم ، قلت : فأطوف ، عن الرّجل والمرأة وهم بالكوفة ؟ فقال : نعم تقول حين تفتتح الطواف : « اللّهمّ تقبّل من فلان » الّذي تطوف عنه .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن بعض أصحابنا ، عن عمرو بن إلياس قال : حججت مع أبي وأنا صرورة فقلت : إنّي اُحبّ أن أجعل حجّتي عن اُمّي فانّها قد ماتت ؟ قال : فقال لي : حتّى أسألك أبا عبدالله عليه السلام فقال : إلياس لأبي عبدالله عليه السلام وأنا أسمع : جعلت فداك إنّ ابني هذا صرورة وقد ماتت اُمّه فأحبّ أن يجعل حجّته لها أفيجوز ذلك له ؟ فقال أبو عبدالله عليه السلام : يكتب له ولها ويكتب له أجر البرّ .

٣ ـ عدّة ، من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن أبي نصر ، عن صفوان الجمّال قال : دخلت على أبي عبدالله عليه السلام فدخل عليه الحارث بن المغيرة فقال : بأبي أنت واُمّي لي ابنة قيّمة لي على كلّ شيء وهي عاتق أفأجعل لها حجّتي ؟ قال : أما إنّه يكون لها أجرها ويكون لك مثل ذلك ولا ينقص من أجرها شيء .

٤ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يحجّ فيجعل حجّته و عمرته أو بعض طوافه لبعض أهله و هو عنه غائب ببلد آخر ، قال : قلت : فينقص ذلك من أجره ؟ قال : لا هي له ولصاحبه وله أجر سوى ذلك بما وصل ، قلت : وهو ميّت هل يدخل ذلك عليه ؟ قال : نعم حتّى يكون مسخوطاً عليه فيغفر له أو يكون مضيّقاً عليه فيوسّع عليه ، قلت : فيعلم هو في مكانه إن عمل ذلك لحقه ، قال : نعم ، قلت : وإن كان ناصباً ينفعه ذلك ؟ قال : نعم يخفّف عنه .

٥ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحارث بن المغيرة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام وأنا بالمدينة بعد ما رجعت من مكّة : إنّي أردت أن أحجّ عن ابنتي ، قال : فاجعل ذلك لها الآن .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن

Presented by www.ziaraat.com

ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرَّجل يشرك أباه وأخاه وقرابته في حجّته ؛ فقال : إذاً يكتب لك حجٌّ مثل حجّهم وتزداد أجراً بما وصلت .

٧ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن ابن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : من وصل أباه أوذا قرابة له فطاف عنه كان له أجره كاملاً وللّذي طاف عنه مثل أجره ويفضل هو بصلته إيّاه بطواف آخر . وقال : من حجَّ فجعل حجّته عن ذي قرابته يصله بها كانت حجّته كاملة وكان للّذي حجَّ عنه مثل أجره ، إنَّ الله عزَّ وجلَّ واسعٌ لذلك .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن بعض أصحابنا ، عن عليِّ بن محمّد الأشعث عن عليِّ بن إبراهيم الحضرميِّ ، عن أبيه قال : رجعت من مكّة فلقيت أبا الحسن موسى عليه السلام في المسجد وهو قاعد فيما بين القبر والمنبر ، فقلت : يا ابن رسول الله إنّي إذا خرجت إلى مكّة ربّما قال لي الرَّجل : طف عنّي اُسبوعاً وصلِّ ركعتين فأشتغل عن ذلك فإذا رجعت لم أدر ما أقول له ، قال : إذا أتيت مكّة فقضيت نسكك فطف اُسبوعاً وصلِّ ركعتين ثمَّ قل : « اللّهمَّ إنَّ هذا الطواف وهاتين الركعتين عن أبي واُمّي و عن زوجتي وعن ولدي وعن حامّتي وعن جميع أهل بلدي حرِّهم وعبدهم وأبيضهم وأسودهم » فلا تشاء أن قلت للرَّجل : إنّي قد طفت عنك وصلّيت عنك ركعتين . إلّا كنت صادقاً ، فإذا أتيت قبر النبيِّ صلى الله عليه وآله فقضيت ما يجب عليك فصلِّ ركعتين ثمَّ قف عند رأس النبيِّ صلى الله عليه وآله ثمَّ قل : « السلام عليك يانبيَّ الله من أبي واُمّي وزوجتي وولدي وجميع حامّتي ومن جميع أهل بلدي حرِّهم وعبدهم وأبيضهم وأسودهم » فلا تشاء أن تقول للرَّجل : إنّي أقرأت رسول الله صلى الله عليه وآله عنك السلام إلّا كنت صادقاً .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل قال : سألت أبا الحسن عليه السلام كم اُشرك في حجّتي ؟ قال : كم شئت .

١٠ ـ أحمد بن عبدالله ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن أبي عمران الأرمنيِّ ، عن عليِّ ابن الحسين ، عن محمّد بن الحسن ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : لو أشركت ألفاً في حجّتك لكان لكلِّ واحد حجّة من غير أن تنقص حجّتك شيئاً .

باب ۴۷

حج میں شرکت

۱۔ میں نے کہا میں اپنے والدین کو حج میں شریک کروں فرمایا ہاں میں نے کہا اور بھائی کو بھی شریک کر سکتا ہوں فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ تیرے لئے بھی حج کا ثواب دے گا اور ان کے لئے بھی اور تیرے لئے زیادہ اجر ہوگا ان کو شامل کرنے کی وجہ سے ، میں نے کہا مرد و عورت دونوں کی طرف سے طواف کروں درآنحالیکہ وہ کو نہ میں ہوں فرمایا ہاں جب طواف شروع کرو تو کہو یا اللہ قبول کر فلاں کی طرف سے جس کے بدلے طواف کیا گیا ہے ۔ (حسن)

۲۔ میں نے اپنے باپ کے ساتھ پہلی بار حج کیا ۔ میں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی ماں کی طرف سے حج کروں جو مرچکی ہے ۔ میں حضرت سے پوچھ رہا تھا کہ الیاس نے کہا درآنحالیکہ میں سن رہا تھا میں آپ پر فدا ہوں میرا یہ بیٹا پہلی بار حج کر رہا ہے اس کی ماں مرگئی ہے میں چاہتا ہوں کہ یہ اپنا حج اس کے لئے کرے کیا یہ جائز ہے فرمایا اس کے نام بھی لکھا جائے گا اور اس کی ماں کے نام بھی اور اس نیکی کا اجر اُسے علیحدہ ملے گا (مرسل)

۳۔ حارث بن مغیرہ حضرت کے پاس آیا اور کہا میرے پاس ایک لڑکی ہے جو سب کام کاج کرتی ہے اور وہ کنیز آزاد شدہ ہے کیا میں اس کے لئے حج کروں فرمایا اس کو بھی اجر ملے گا اور اتنا ہی تمہیں ، اس کے اجر میں سے کچھ کم نہ ہوگا ۔ (ضعیف)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص نے حج کیا پس وہ اس کا اور اپنے عمرہ کا اور بعض طواف کا ثواب اپنے کسی رشتہ دار کو دینا چاہتا ہے اور وہ موجود نہیں دوسرے شہر میں ہے تو کیا اس کے اجر میں کچھ کمی ہو جائے گی فرمایا نہیں اس کے لئے بھی ہوگا اور اس کے رشتہ دار کے لئے بھی اور اس صلۂ رحم کا اجر اور ملے گا میں نے کہا اگر وہ مرجائے تو بھی ہوگا فرمایا ہاں جب تک اس پر ناراض نہ ہو ، میں نے کہا کیا اسے بتادیا جائے اس کے مقام پر کہ یہ عمل اس کے لئے کیا گیا ہے فرمایا ہاں میں نے کہا اگرچہ وہ ناصبی ہو فرمایا اس صورت میں اس کے ثواب میں کمی آجائے گی (موثق)

۵۔ میں مکہ سے واپسی میں مدینہ آیا ۔ میں نے حضرت سے کہا ۔ میں اپنی بیٹی کی طرف سے حج کرنا چاہتا ہوں فرمایا اچھی کرلو ۔ (حسن)

۶۔ فرمایا اس شخص کے بارے میں جو اپنے حج میں اپنے باپ بھائی اور قرابتداروں کو شریک کرے تو اس کو وہی ثواب ملے گا جو ان دوسروں کو ملے گا اور اس کے ماسوا صلۂ رحم کا ملے گا ۔ (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

۷۔ فرمایا حضرت نے جو صلۂ رحم کرے اور وہ اس کا قطع بند اراس کی طرف سے طواف کرے تو اس کو پورا اجر ملے گا اور طواف کرنے والے کو اتنا ہی اجر اور اس کے علاوہ صلۂ رحم کا اجر جو دوسرے طواف کی برابر ہوگا اور فرمایا جو حج کرے اور اسے اپنے رشتہ دار کے لئے قرار دے تو جس نے کسی کے بدلے حج کیا ہے اسے پورا اجر ملے گا بے شک اللہ اس کے اجر میں اضافہ کردے گا۔ (مجہول)

۸۔ میں مکہ سے واپس ہوا تو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ملا آپ مسجد میں قبر رسولؐ اور منبر کے درمیان بیٹھے تھے میں نے کہا یا ابن رسول اللہ جب میں مکہ کی طرف جاتا ہوں تو بسا اوقات ایک شخص مجھ سے کہتا ہے میری طرف سے ایک ہفتہ طواف کر اور دو رکعت نماز پڑھ میں اس سے بے پرواہ ہو جاتا ہوں جب لوٹتا ہوں تو سمجھ میں نہیں آتا اس سے کیا کہوں فرمایا جب تو مکہ جائے اور مناسک حج ادا کرے تو ایک ہفتہ بکہ طواف کر اور دو رکعت نماز پڑھ اور کہو یا اللہ یہ طواف اور دونوں رکعتیں میرے باپ ماں اور تمام میرے اہل شہر کی طرف سے ہیں آزاد یا غلام کالے ہوں یا گورے اور میں پسند نہیں کرتا کہ تو کسی سے کہے کہ میں نے تیری طرف سے طواف کیا ہے اور دو رکعت نماز پڑھی ہے پھر قبر نبی کے سرہانے کھڑا ہو اور کہو سلام آپ پر اے نبی میرے ماں باپ، میری زوجہ اور اولاد اور تمام خاندان والے اور اہل شہر، آزاد و غلام، کالے اور گورے سب کا سلام اور کسی سے یہ نہ کہو کہ میں نے تیری طرف سے نبی پر سلام پڑھا اگر تو سچا ہوگا۔ (مجہول)

۹۔ میں نے کہا میں حج میں کتنے شریک کروں فرمایا جتنے چاہو۔ (ص)

۱۰۔ فرمایا اگر تم ایک ہزار کو حج میں شامل کرو تو ہر ایک کو حج کا پورا ثواب ملے گا بغیر تمہارے اجر میں کسی کمی کے۔ (مو)

﴿باب ۷۲﴾

﴿توفير الشعر لمن اراد الحج والعمرة﴾

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ أشهر معلومات شوّال و ذوالقعدة و ذوالحجّة فمن أراد الحجّ وفّر شعره إذانظر إلى هلال ذي القعدة ومن أراد العمرة وفّر شعره شهراً .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن الحسين بن أبي العلاء قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل يريد الحجّ أيأخذ من رأسه في شوال كلّه مالم ير الهلال ؟ قال : لابأس مالم ير الهلال .

٣ ـ أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن بعض أصحابنا ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لايأخذ الرّجل إذارأى هلال ذي القعدة و أراد الخروج من رأسه

Presented by www.ziaraat.com

ولامن لحيته .

۴ ـ عليٌ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : أعف شعرك للحجّ إذا رأيت هلال ذي‌القعدة و للعمرة شهراً .

باب

حج وعمرہ کے لئے بال بڑھانا

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے حج کے چند معلوم مہینے ہیں شوال، ذی قعدہ، ذی الحجہ، جو کوئی حج کا ارادہ کرے تو ذی قعدہ کا چاند دیکھ کر اپنے بال بڑھانے لگے اور اگر عمرہ کا ارادہ کرے تو ایک ماہ پہلے سے بڑھائے (حسن)

۲۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو حج کا ارادہ کرتا ہے تو وہ شوال میں اپنے بال کٹوا لے جب تک ہلال ذی قعدہ اس نے نہ دیکھا ہو فرمایا کیا حرج ہے جب تک ذی قعدہ کا چاند نظر نہ آئے۔ (حسن)

۳۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب ذی قعدہ کا چاند حج کو جانے والا دیکھ لے تو اپنے بال نہ بنوائے۔ سر اور داڑھی دونوں کے (مرسل)

۴۔ فرمایا جب حج کا ارادہ ہو تو ذی قعدہ کا چاند دیکھ کر بال کٹوانا چھوڑ دے اور عمرہ کے لئے ایک ماہ ہے۔

﴿باب﴾

☆(مواقيت الاحرام)☆

۱ ـ عليٌ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ و صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : من تمام الحجّ والعمرة أن تحرم من المواقيت الّتي وقّتها رسول‌الله صلى الله عليه وآله ولا تجاوزها إلّا وأنت محرمٌ فإنّه وقّت لأهل العراق ولم يكن يومئذ عراق بطن العقيق من قبل أهل العراق و وقّت لأهل اليمن يلملم و وقّت لأهل الطائف قرن المنازل و وقّت لأهل المغرب الجحفة وهي مهيعة و وقّت لأهل المدينة ذا الحليفة ومن كان منزله خلف هذه المواقيت ممّا يلي مكّة فوقته منزله .

Presented by www.ziaraat.com

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : الإحرام من مواقيت خمسة وقّتها رسول الله صلى الله عليه وآله لا ينبغي لحاجٍّ ولا لمعتمر أن يحرم قبلها ولا بعدها ، وقّت لأهل المدينة ذا الحليفة و هو مسجد الشجرة يصلّى فيه و يفرض فيه الحجُّ و وقّت لأهل الشام الجحفة و وقّت لأهل نجد العقيق ووقّت لأهل الطائف قرن المنازل و وقّت لأهل اليمن يلملم ولا ينبغي لأحد أن يرغب عن مواقيت رسول الله صلى الله عليه وآله .

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن الحكم ، عن داود بن النعمان ، عن أبي أيّوب الخزّاز قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : حدِّثني عن العقيق أوقت وقّته رسول الله صلى الله عليه وآله أو شيء صنعه الناس ؟ فقال : إنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله وقّت لأهل المدينة ذا الحليفة و وقّت لأهل المغرب الجحفة و هي عندنا مكتوبة مهيعة و وقّت لأهل اليمن يلملم و وقّت لأهل الطائف قرن المنازل ووقّت لأهل نجد العقيق وما أنجدت .

٤ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أحدهما عليهما السلام قال : حدُّ العقيق ما بين المسلخ إلى عقبة غمرة .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أوطاس ليس من العقيق .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن موسى بن جعفر ، عن يونس بن عبدالرَّحمن قال : كتبت إلى أبي الحسن عليه السلام : أنّا نحرم من طريق البصرة ولسنا نعرف حدَّ عرض العقيق ؟ فكتب : أحرم من وجرة .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليِّ بن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الإحرام من أيِّ العقيق أفضل أن أحرم ؟ فقال : من أوَّله أفضل .

Presented by www.ziaraat.com

۸ ۔ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من أقام بالمدينة شهراً وهو يريد الحجّ ثمّ بداله أن يخرج في غير طريق أهل المدينة الّذي يأخذونه فليكن إحرامه من مسيرة ستّة أميال فيكون حذاء الشجرة من البيداء ؛ وفي رواية اُخرى يحرم من الشجرة ثمّ يأخذ أيّ طريق شاء .

۹ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أوّل العقيق بريد البعث وهو دون المسلخ بستّة أميال ممّا يلي العراق وبينه وبين غمرة أربعة وعشرون ميلاً بريدان .

بعض أصحابنا قال : إذا خرجت من المسلخ فأحرم عند أوّل بريد يستقبلك .

باب

مواقیت احرام

۱۔ فرمایا تمام حج وعمرہ یہ ہے کہ اس میقات سے احرام باندھے جس کو رسول اللہ نے معین کر دیا ہے احرام باندھ کر ہی اس سے آگے بڑھے اہل عراق کا میقات بطن عقیق ہے اور اہل یمن کا یلملم اور اہل طایف کا قرآن المنازل اور اہل مغرب کا جحفہ اور اہل مدینہ کا ذا الحلیفہ اور جس کا ان مواقیت کے پیچھے ہو جو مکہ سے ملا ہو تو اس کا گھر ہی اس کا میقات ہے ۔ (حسن)

۲۔ مضمون وہی ہے جو اوپر گزرا ۔

۳۔ میں نے کہا مجھے عقیق نے بیان کیا کہ یہ میقات رسول اللہ نے بتائے ہیں یا لوگوں نے خود بنا لئے ہیں حضرت نے فرمایا رسول اللہ نے مقرر کئے ہیں۔

اہل مدینہ کے لئے ذا الحلیفہ، اہل مغرب کے لئے جحفہ جو ہمارے پاس مہیعہ لکھا ہے اور اہل یمن کے لئے یلملم اور اہل طایف کے لئے قران المنازل اور اہل نجد کے لئے عقیق ۔ (ح)

۴۔ فرمایا عقیق کی حد مسلخ سے عقبہ غمرہ تک ہے (ض)

۵۔ فرمایا اوطاس عقیق سے نہیں ہے (مرسل)

۶۔ میں نے پوچھا ہم طریق بصرہ سے احرام باندھتے ہیں اور حد عرض عقیق نہیں جانتے، آپ نے فرمایا احرام باندھو

Presented by www.ziaraat.com

ذخیرہ سے (مجہول)

۷- میں نے پوچھا میں کون سے عقیق سے احرام باندھوں فرمایا اوّل سے باندھنا افضل ہے۔ (موثق)

۸- فرمایا جب ایک ماہ سے مدینہ میں مقیم ہو اور حج کے لیے نکلے پھر پتہ چلے کہ وہ اس راستہ پر نہیں جس سے اہل مدینہ جاتے ہیں تو وہ اپنا احرام چھ میل کی مسافت سے باندھے اور یہ کھلے میدان کے درخت کے مقابل ہو اور ایک دوسری حدیث میں ہے درخت سے باندھے پھر جس راستہ سے چاہے جائے۔ (م)

۹- فرمایا اوّل عقیق برید البعث ہے اور وہ مسلخ سے چھ میل ہے عراق سے ملا ہوا اس کے اور غمرہ کے درمیان ۲۴ میل برید تک ہیں ہمارے بعض اصحاب نے کہا کہ جب تم مسلخ سے نکلو تو اوّل برید آنے پر احرام باندھ لو۔ (حسن)

﴿ باب ﴾

(من احرم دون الوقت)

١ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن الحسن بن محبوب، عن إبراهيم الكرخيّ قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل أحرم بحجّة في غير أشهر الحجّ دون الوقت الّذي وقّته رسول الله صلى الله عليه وآله قال: ليس إحرامه بشيء إن أحبّ أن يرجع إلى منزله فليرجع ولا أرى عليه شيئاً وإن أحبّ أن يمضي فليمض فإذا انتهى إلى الوقت فليحرم منه ويجعلها عمرة فإنّ ذلك أفضل من رجوعه لأنّه أعلن الإحرام بالحجّ.

٢ - عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن مثنّى، عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: الحجّ أشهر معلومات شوّال وذوالقعدة وذوالحجّة ليس لأحد أن يحرم بالحجّ في سواهنّ وليس لأحد أن يحرم دون الوقت الّذي وقّته رسول الله صلى الله عليه وآله فإنّما مثل ذلك مثل من صلّى في السفر أربعاً وترك الثنتين.

٣ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن محبوب، عن جميل بن صالح، عن فضيل بن يسار قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل اشترى بدنة قبل أن ينتهي إلى الوقت الّذي يحرم فيه فأشعرها وقلّدها أيجب عليه حين فعل ذلك ما يجب على المحرم؟

قال : لا ولكن إذا انتهى إلى الوقت فليحرم ثمّ ليشعرها ويقلّدها فإنّ تقليده الأوّل ليس بشيء .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن اُذينة قال : قال أبوعبدالله عليه‌السلام : من أحرم بالحجّ في غير أشهر الحجّ فلا حجّ له ومن أحرم دون الميقات فلا إحرام له .

٥ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن مهران بن أبي نصر ، عن أخيه رباح قال : قلت لأبي عبدالله عليه‌السلام : إنّا نروي بالكوفة أنَّ عليّاً صلوات الله عليه قال : إنَّ من تمام الحجّ والعمرة أن يحرم الرَّجل من دويرة أهله فهل قال هذا عليٌّ عليه‌السلام ؟ فقال : قد قال ذلك أمير المؤمنين عليه‌السلام لمن كان منزله خلف المواقيت ولو كان كما يقولون ما كان يمنع رسول الله صلى‌الله‌عليه‌وآله أن لا يخرج بثيابه إلى الشجرة .

٦ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن النعمان ، عن عليِّ بن عقبة عن ميسرة قال : دخلت على أبي عبدالله عليه‌السلام وأنا متغيّر اللّون فقال لي : من أين أحرمت قلت : من موضع كذا و كذا فقال : ربَّ طالب خير تزلُّ قدمه ، ثمَّ قال : يسرُّك ان صلّيت الظّهر في السفر أربعاً ؟ قلت : لا ، قال : فهو والله ذاك .

٧ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي جعفر عليه‌السلام قال : من أحرم دون الوقت و أصاب من النساء و الصيد فلا شيء عليه .

٨ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية قال : سمعت أباعبدالله عليه‌السلام يقول : ليس ينبغي لأحد أن يحرم دون المواقيت الّتي وقّتها رسول الله صلى‌الله‌عليه‌وآله إلّا أن يخاف فوت الشهر في العمرة .

٩ ـ أبوعليٍّ الأشعريُّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار عن أبي الحسن عليه‌السلام قال : سألته عن الرَّجل يجيء معتمراً عمرة رجب فيدخل عليه هلال شعبان قبل أن يبلغ الوقت أيحرم قبل الوقت ويجعلها لرجب أو يؤخّر الإحرام إلى العقيق ويجعلها لشعبان ؟ قال : يحرم قبل الوقت فيكون لرجب لأنَّ لرجب فضله وهو الّذي نوى .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۱۲

جو احرام خلاف وقت باندھے

۱۔ میں نے حضرت سے اس شخص کے متعلق پوچھا جو احرام باندھے حج کے مہینوں کے علاوہ۔ جو رسول اللہ نے بتائے ہیں۔ فرمایا وہ احرام ہی نہیں اگر وہ اپنے گھر لوٹنا چاہتا ہے تو لوٹ جائے اس پر کوئی الزام نہیں اور اگر چاہے تو میقات پر پہنچ کر احرام باندھے اور عمرہ کرے یہ افضل ہے اس کے گھر لوٹنے سے کیونکہ وہ احرام حج کا اعلان کر چکا ہے۔ (مجہول)۔

۲۔ فرمایا حضرت نے حج کے معلوم مہینے ہیں شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ اس وقت کے خلاف احرام باندھے جو رسول اللہ نے مقرر کیا ہے اور نہ معینہ میقات کے سوا دوسری جگہ سے ورنہ یہ ایسا ہی ہوگا جیسے کوئی سفر میں دو کے بجائے چار رکعت نماز پڑھے۔ (ض)

۳۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو احرام باندھنے کے وقت سے پہلے ہدنہ خرید لے اور اشعار و تقلید کرے تو کیا اس پر وہی واجب ہے جو محرم پر ہوتا ہے فرمایا نہیں، جب وہ میقات پر پہنچ لے اور احرام باندھ لے تب اشعار و تقلید کرے پہلا اشعار و تقلید بیکار ہوگا۔ (م)

۴۔ فرمایا جو ماہائے حج کے علاوہ کسی ماہ میں احرام باندھے اس کا حج نہیں ہوگا اسی طرح جو میقات معین کے خلاف کہیں سے احرام باندھے گا اس کا احرام بھی صحیح نہ ہوگا۔ (ض)

۵۔ میں نے حضرت سے کہا ہم کوفہ میں روایت کرتے ہیں کہ علی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حج و عمرہ کا پورا ہونا اس پر ہے کہ احرام دویرہ سے باندھے۔ فرمایا حضرت نے یہ اس شخص کے لئے فرمایا ہے جس کا گھر مواقیت کے پیچھے ہو اگر ایسا ہوتا جیسا لوگ کہتے ہیں تو رسول اللہ منع نہ کرتے اس سے کہ اپنے کپڑے نہ آتا ہے شجرہ تک (ض)

۶۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے در آنحالیکہ میرے چہرے کا رنگ بدلا ہوا تھا فرمایا تم نے کہاں سے احرام باندھا میں نے کہا فلاں مقام سے فرمایا بہت سے طالبان خیر کے قدم لڑکھڑا جاتے ہیں پھر فرمایا کیا تمہیں یہ بات خوش کرے گی کہ سفر میں ظہر کی نماز چار رکعت پڑھ لو میں نے کہا نہیں فرمایا واللہ یہ ایسا ہی ہے۔ (مجہول)

۷۔ فرمایا جو کوئی خلاف وقت احرام باندھے اور عورتوں سے مقاربت کرے تو اس پر کوئی کفارہ نہیں۔ (مرسل)

۸۔ فرمایا کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ میقات کے علاوہ کہیں اور سے احرام باندھے مگر یہ کہ عمرہ کے مہینے کے چلے جانے کا خوف کرے (ض)

۹۔ میں نے پوچھا اس کے بارے میں جو رجب کا عمرہ کرنے آتا ہے پس اسے ہلال شعبان نظر آتا ہے قبل اس کے کہ وقت پر احرام باندھے تو وہ رجب ہی کا قرار دے اور احرام میں عقیق تک پہنچنے کے لئے تاخیر کرے اور اسے شعبان کا قرار دے۔ فرمایا قبل از وقت باندھے تو وہ رجب کا ہوگا۔ کیونکہ رجب کی فضیلت ہے اور اسی کی اس نے نیت کی ہے۔ (موثق)

﴿باب ۷۵﴾

☆(من جاوز ميقات أرضه بغير احرام أو دخل مكة بغير احرام)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل نسي أن يحرم حتّى دخل الحرم قال: قال أبي: يخرج إلى ميقات أهل أرضه فإن خشي أن يفوته الحجّ أحرم من مكانه فإن استطاع أن يخرج من الحرم فليخرج ثمّ ليحرم.

٢ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن صفوان بن يحيى، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال: كتبت إليه أنّ بعض مواليك بالبصرة يحرمون ببطن العقيق وليس بذلك الموضع ماء ولا منزل وعليهم في ذلك مؤونة شديدة ويعجّلهم أصحابهم وجمّالهم ومن وراء بطن العقيق بخمسة عشر ميلاً منزل فيه ماء وهو منزلهم الّذي ينزلون فيه فترى أن يحرموا من موضع الماء لرفقه بهم وخفّته عليهم؟ فكتب: أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله وقّت المواقيت لأهلها ولمن أتى عليها من غير أهلها وفيها رخصة لمن كانت به علّة فلا يجاوز الميقات إلّا من علّة.

٣ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن الحكم، عن سيف بن عميرة، عن أبي بكر الحضرميّ قال: قال أبوعبدالله عليه السلام: إنّي خرجت بأهلي ماشياً فلم اُهلّ حتّى أتيت الجحفة وقد كنت شاكياً فجعل أهل المدينة يسألون عنّي فيقولون: لقيناه وعليه ثيابه وهم لا يعلمون وقد رخّص رسول الله صلى الله عليه وآله لمن كان مريضاً أو ضعيفاً أن يحرم من الجحفة.

٤ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد، عن رفاعة بن موسى

عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سألته عن الرّجل يعرض له المرض الشديد قبل أن يدخل مكّة؟ قال: لايدخلها إلّا بإحرام.

٥ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال، عن ابن بكير، عن زرارة، عن اُناس من أصحابنا حجّوا بامرأة معهم فقدموا إلى الوقت وهي لا تصلّي فجهلوا أنّ مثلها ينبغي أن يحرم فمضوا بها كما هي حتّى قدموا مكّة وهي طامث حلال فسألوا النّاس، فقالوا: تخرج إلى بعض المواقيت فتحرم منه وكانت إذا فعلت لم تدرك الحجّ فسألوا أباجعفر عليه السلام فقال: تحرم من مكانها قد علم الله نيّتها.

٦ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان، عن عبدالله بن سنان قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل مرّ على الوقت الّذي يحرم النّاس منه فنسي أوجهل فلم يحرم حتّى أتى مكّة فخاف إن رجع إلى الوقت أن يفوته الحجّ، فقال: يخرج من الحرم ويحرم ويجزئه ذلك.

٧ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن إسماعيل، عن محمّد بن الفضيل، عن أبي الصبّاح الكنانيّ قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل جهل أن يحرم حتّى دخل الحرم كيف يصنع؟ قال: يخرج من الحرم ثمّ يهلّ بالحجّ.

٨ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن جميل بن درّاج، عن بعض أصحابنا، عن أحدهما عليهما السلام في رجل نسي أن يحرم أوجهل وقد شهد المناسك كلّها وطاف وسعى قال: تجزئه نيّته إذا كان قد نوى ذلك فقد تمّ حجّه وإن لم يهلّ؛ وقال في مريض اُغمي عليه حتّى أتى الوقت، فقال: يحرم منه.

٩ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن إسحاق ابن عمّار قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن الإحرام من غمرة قال: ليس به بأس [أن يحرم منها] وكان بريد العقيق أحبّ إليّ.

١٠ ـ صفوان، عن معاوية بن عمّار قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن امرأة كانت مع قوم فطمثت فأرسلت إليهم فسألتهم؟ فقالوا: ما ندري أعليك إحرام أم لا وأنت حائض، فتركوها حتّى دخلت الحرم، قال: ان كان عليها مهلة فلترجع إلى الوقت

Presented by www.ziaraat.com

فلتحرم منه وإن لم يكن عليها وقت فلترجع إلى ما قدرت عليه بعدما تخرج من الحرم بقدر ما لا يفوتها .

۱۱ - علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن أحمد بن عمرو بن سعيد ، عن وردان ، عن أبي الحسن الأوّل عليه السلام قال : من كان من مكّة على مسيرة عشرة أميال لم يدخلها إلّا بإحرام .

۱۲ - علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن سورة بن كليب قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : خرجت معنا امرأة من أهلنا فجهلت الإحرام فلم تحرم حتّى دخلنا مكّة ونسينا أن نأمرها بذلك ؟ قال : فمروها فلتحرم من مكانها من مكّة أو من المسجد .

باب

جو بغیر احرام میقات سے گزرے اور بے احرام داخل مکہ ہو

۱۔ پوچھا اس شخص کے متعلق جو احرام باندھنا بھول جائے اور داخل حرم ہو فرمایا میرے والد نے فرمایا ہے کہ اپنی بستی والوں کے میقات کی طرف جائے اگر حج کے فوت ہونے کا خوف ہو تو اسی جگہ سے احرام باندھ لے اگر حرم سے جانے کا وقت ہو تو میقات پر جائے اور احرام باندھے۔ (حسن)

۲۔ میں حضرت کو لکھا، میں نے امام علیہ السلام کو لکھا کہ آپ کے بعض غلام بصرہ اور بطن عقیق سے احرام باندھتے ہیں اور یہ ایسی جگہ ہے جہاں پانی نہیں اور نہ یہ منزل ہے یہاں اترنے میں سخت تکلیف ہوتی ہے اور مسافر اور اونٹوں والے جلدی کرتے ہیں اور بطن عقیق کے علاوہ پندرہ میل دور ایک منزل ہے جہاں پانی ہے اور اس منزل پر لوگ اترتے ہیں پس آپ کی رائے ہے کہ اس مقام آب سے احرام باندھ لیں تاکہ ان لوگوں کی موافقت بھی ہو جائے اور سہولت بھی، حضرت نے جواب میں لکھا کہ رسول اللہ نے وہاں کے باشندوں کے لیے میقات معین کر دیئے ہیں پس ان کے خلاف کہیں سے احرام باندھنے کی اجازت صرف بیماروں کے لیے ہے۔ (ص)

۳۔ فرمایا حضرت نے میں اپنے اہل کے ساتھ پاپیادہ مدینہ سے چلا اور جحفہ پہنچا اور میں بیمار تھا اہل مدینہ کہنے لگے ہم نے ان کو جحفہ میں کپڑے پہنے ہوئے دیکھا ان کو یہ پتہ نہیں تھا کہ میں بیمار ہوں رسول اللہ نے اجازت دی ہے بیمار

اور ضعیف کو اس بات کی کہ وہ جحفہ سے احرام باندھے۔ (حسن)

۴۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جس کو شدید مرض لاحق ہو مکہ میں داخل ہونے سے پہلے فرمایا بغیر احرام کے داخل نہ ہو۔ (ص)

۵۔ زرارہ سے مروی ہے کہ کچھ لوگوں نے ایک عورت کے ساتھ حج کیا اور میقات تک آئے اس عورت نے نماز نہ پڑھی انھیں معلوم نہ تھا کہ اسے احرام باندھنا چاہیئے پس وہ اسی حالت میں مکہ پہنچے، عورت کو حیض آرہا تھا انھوں نے لوگوں سے مسئلہ پوچھا انھوں نے کہا اس کو کسی میقات تک جانا اور وہاں سے احرام باندھ کر آنا چاہیئے لیکن اگر وہ جاتی تو حج فوت ہو جاتا جب امام علیہ السلام سے پوچھا تو فرمایا اسی جگہ سے احرام باندھے اللہ اس کی نیت کا جاننے والا ہے۔ (مرسل)

۶۔ میں نے کہا ایک شخص میقات سے گزرا جہاں سے لوگ احرام باندھتے ہیں وہ بھول گیا یا جاہل مسئلہ تھا اس نے احرام نہ باندھا اور اسی حالت میں مکہ چلا گیا اب وہ اس سے ڈرا کہ اگر میقات سے احرام باندھ کر آئے گا تو حج فوت ہو جائے گا امام نے فرمایا وہ حرم سے باہر جا کر احرام باندھے یہی اس کے لئے کافی ہے۔ (ص)

۷۔ میں نے پوچھا ایک شخص احرام سے جاہل تھا وہ بے احرام داخل مکہ ہو گیا تو کیا کرے فرمایا حرم سے باہر جائے اور احرام باندھے اور وہیں سے ہلہلہ حج کرے۔ (مجہول)

۸۔ پوچھا اس شخص کے بارے میں جو بھول گیا یا جاہل تھا کہ اس نے احرام نہ باندھا اور تمام مناسک و طواف و سعی بجا لایا، فرمایا اس کی نیت کافی ہے اگر نیت کر لی ہے تو اس کا حج پورا ہو گیا اور ہلہلہ کرے اور اس مریض کے متعلق فرمایا جو میقات پر پہنچنے کے وقت بیہوش تھا کہ وہ وہیں سے احرام باندھے۔ (مرسل)

۹۔ پوچھا کہ اگر غرہ سے احرام باندھا جائے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں میرے نزدیک عقیق سے زیادہ بہتر ہے (موثق)

۱۰۔ میں نے پوچھا اس عورت کے متعلق جو ایک قوم کے ساتھ ہو اور اسے حیض آجائے اور وہ ان سے معلوم کرے وہ کہیں کہ تو نہیں جانتی کہ تیرے لئے احرام لازم ہے لیکن تو حائض ہے پس وہ اسے چھوڑ دیں اور وہ مکہ میں داخل ہو جائے۔ فرمایا اگر اس کا حیض ختم ہو جائے تو وہ میقات پر جائے اور وہاں سے احرام باندھ کر آئے اور اگر وہاں تک نہ جا سکے تو لوٹے حرم سے دور جتنا جا سکے جائے اور اتنی دور کہ حج فوت نہ ہو (ص)

۱۱۔ فرمایا جو مکہ سے دس میل دور نکل جائے تو وہاں سے احرام باندھ کر آئے۔ (مجہول)

۱۲۔ میں نے کہا ایک عورت ہمارے ساتھ تھی وہ احرام سے واقف نہ تھی اس لئے احرام نہ باندھا، ہم مکہ میں داخل ہوئے اور یہ بھول گئے کہ اسے احرام باندھنے کو کہیں، فرمایا اس سے کہو جہاں ہو وہیں احرام باندھے مکہ کے اندر یا مسجد سے۔ (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

﴿ باب ﴾

(ما يجب لعقد الاحرام)

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان ؛ وابن أبي عمير جميعاً ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا انتهيت إلى العقيق من قبل العراق أو إلى الوقت من هذه المواقيت وأنت تريد الإحرام إن شاء الله فانتف إبطيك وقلّم أظفارك واطّل عانتك وخذ من شاربك ولا يضرّك بأيّ ذلك بدءت ثمّ استك واغتسل والبس ثوبيك وليكن فراغك من ذلك إن شاء الله عند زوال الشمس وإن لم يكن عند زوال الشمس فلا يضرّك غير أنّي أحبّ أن يكون ذلك مع الاختيار عند زوال الشمس .

٢ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : السنّة في الإحرام تقليم الأظفار وأخذ الشارب و حلق العانة .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة قال : سأل أبوبصير أباعبدالله عليه السلام وأنا حاضر فقال : إذا طليت للإحرام الأوّل كيف أصنع في الطلية الأخيرة وكم بينهما ؟ قال : إذا كان بينهما جمعتان خمسة عشر يوماً فاطّل .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن مهزيار قال : كتب الحسن بن سعيد إلى أبي الحسن عليه السلام : رجل أحرم بغير غسل أو بغير صلاة عالم أو جاهل ماعليه في ذلك وكيف ينبغي أن يصنع ؟ فكتب عليه السلام : يعيد .

٥ ـ بعض أصحابنا ، عن ابن جمهور ، عن محمّد بن القاسم ، عن عبدالله بن أبي يعفور قال : كنّا بالمدينة فلاحاني زرارة في نتف الإبط و حلقه ، فقلت : حلقه أفضل ؛ وقال زرارة : نتفه أفضل فاستأذنّا على أبي عبدالله عليه السلام فأذن لنا وهو في الحمّام يطلي وقد أطلى إبطيه ، فقلت لزرارة : يكفيك ؟ قال : لا لعلّه فعل هذا لما لا يجوز لي أن أفعله ، فقال : فيما أنتما ؟ فقلت : إنّ زرارة لاحاني في نتف الإبط وحلقه ، قلت : حلقه

Presented by www.ziaraat.com

أفضل وقال زرارة : نتفه أفضل ، فقال : أصبت السنّة وأخطأها زرارة حلقه أفضل من نتفه وطليه أفضل من حلقه ، ثمّ قال لنا : اطّليا فقلنا فعلنا منذ ثلاث ، فقال : أعيدا فإنّ الإطّلاء طهور .

باب

احرام کے وقت کیا واجب ہے

۱۔ فرمایا جب تم عقیق پر پہنچو عراق کی طرف سے یا کسی میقات پر، ان میقاتوں میں سے اور احرام کا ارادہ کرو تو اپنی بغلوں کے بال صاف کرو، ناخن تراشو، اپنی شرمگاہ کے بال صاف کرو، اپنی مونچھیں کٹواؤ، کوئی حرج نہیں جس صورت سے ہو پھر مسواک کرو اور غسل کرو اور احرام کے دونوں کپڑے پہنو اور ان سب باتوں سے فراغت زوال سے پہلے ہو جائے اور اگر نہ ہو تو باوجود زوال آفتاب سے پہلے اختیار ہونے کے بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ (حسن)

۲۔ فرمایا احرام میں سنت ہے ناخن کاٹنا، مونچھیں کتروانا اور موئے زہار صاف کرنا۔ (حسن)

۳۔ راوی نے کہا جب احرام اوّل کے لئے موئے زہار مونڈے تو پھر کتنے دن بعد ایسا کرے فرمایا دو جمعوں کے بعد یعنی پندرہ دن۔ (م)

۴۔ میں نے پوچھا ایک شخص نے بغیر غسل و نماز احرام باندھ لیا۔ عالم ہو یا جاہل اسے کیا کرنا چاہیئے فرمایا اسے دوبارہ احرام باندھنا چاہیئے۔ (ض)

۵۔ ہم مدینہ میں تھے زرارہ نے مجھ سے بحث کی بغلوں کے بال نوچنے اور مونڈنے ہیں۔ میں نے کہا مونڈنا افضل ہے زرارہ نے کہا نوچنا۔ ہم نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے اذن دخول چاہا آپ نے اجازت دی درآنحالیکہ آپ حمام میں تھے اور اپنی بغلوں میں نورہ لگائے ہوئے تھے۔ میں نے زرارہ سے کہا تمہیں سمجھنے کے لئے یہی کافی ہے اس نے کہا نہیں شاید حضرت نے وہ عمل کیا ہو جو میرے لئے جائز نہ ہو، حضرت نے فرمایا تم دونوں کے درمیان کیا جھگڑا ہے میں نے کہا زرارہ کہتے ہیں بغل کے بال نوچنا افضل ہے میں کہتا ہوں مونڈنا افضل ہے فرمایا تم صحیح کہتے ہو زرارہ غلطی پر ہے مونڈنا افضل ہے نوچنے سے اور نورہ لگانا افضل ہے مونڈنے سے، پھر فرمایا تم دونوں نورہ لگاؤ۔ پس ہم نے تین دن ایسا کیا فرمایا ایسا ہی کرنا نورہ لگانا پاکیزگی ہے۔ (ض)

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب﴾

(ما يجزىء من غسل الاحرام وما لا يجزىء)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن عمر بن يزيد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : غسل يومك ليومك وغسل ليلتك لليلتك .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عليّ ابن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سألته عن الرَّجل يغتسل بالمدينة لإحرامه أيجزئه ذلك من غسل ذي الحليفة ؟ قال : نعم فأتاه رجلٌ و أنا عنده ، فقال : اغتسل بعض أصحابنا فعرضت له حاجة حتّى أمسى ؟ قال : يعيد الغسل يغتسل نهاراً ليومه ذلك وليلاً لليلته .

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يغتسل للإحرام ثمَّ ينام قبل أن يحرم ، قال : عليه إعادة الغسل .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ ابن أبي حمزة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل اغتسل للإحرام ثمَّ لبس قميصاً قبل أن يحرم ، قال : قد انتقض غسله .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن رجل اغتسل للإحرام ثمَّ نام قبل أن يحرم قال : عليه إعادة الغسل .

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن بعض أصحابه ، عن أبي جعفر عليه السلام في رجل اغتسل لإحرامه ثمَّ قلّم أظفاره ، قال : يمسحها بالماء ولا يعيد الغسل .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن سالم قال : أرسلنا إلى أبي عبدالله عليه السلام ونحن جماعة و نحن بالمدينة : إنّا نريد أن نودّعك ،

فأرسل إلينا أن اغتسلوا بالمدينة فإنّي أخاف أن يعسر عليكم الماء بذي الحليفة، فاغتسلوا بالمدينة والبسوا ثيابكم الّتي تحرمون فيها ثمّ تعالوا فرادى أو مثاني.

٨ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد، عن علاء بن رزين عن محمّد بن مسلم، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إذا اغتسل الرّجل وهو يريد أن يحرم فلبس قميصاً قبل أن يلبّي فعليه الغسل.

٩ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن ابن درّاج عن أحدهما عليهما السلام في الرّجل يغتسل للإحرام ثمّ يمسح رأسه بمنديل؟ قال: لا بأس به.

باب

غسل احرام میں کیا کافی ہے کیا نہیں

۱۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے دن کا غسل تمہارے دن کے لئے اور رات کا غسل تمہاری رات کے لئے۔ (حسن)

۲۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جس نے مدینہ میں احرام کے لئے غسل کیا آیا یہ ذوالحلیفہ (میقات) کے لئے کافی ہے اس نے کہا ہاں ایک شخص ان کے پاس آیا اور کہنے لگا میرے ایک ساتھی نے غسل کیا پھر اسکو کوئی ضرورت پیش آگئی یہاں تک کہ شام ہوگئی حضرت نے کہا اس کو اعادہ غسل کرنا چاہیئے۔ دن کا غسل دن کے لئے ہے اور رات کا رات کے لئے (ض)

۳۔ میں نے حضرت سے ایک شخص کے متعلق پوچھا جو غسل احرام کرکے بغیر احرام باندھے سو گیا فرمایا وہ دوبارہ غسل کرے۔ (ض)

۴۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جس نے غسل احرام کیا اور احرام باندھنے سے پہلے قمیص پہن لی۔ فرمایا اس کا غسل ٹوٹ گیا۔ (ض)

۵۔ ترجمہ نمبر ۳ میں گزرا (ض)

۶۔ فرمایا حضرت نے جو غسل احرام کے بعد ناخن تراشے تو اس کو چاہیئے کہ ان ناخنوں پر پانی مل دے اعادۂ غسل کی ضرورت نہیں۔ (مرسل)

۷۔ ہشام کہتے ہیں ہم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہلا بھیجا کہ ہماری ایک جماعت مدینہ میں ہے ہم آپ سے رخصت کے لئے آنا چاہتے ہیں۔ آپ نے پیغام بھیجا کہ تم لوگ مدینہ میں غسل کرلو مجھے ڈر ہے کہ منزل ذوالحلیفہ میں

Presented by www.ziaraat.com

پانی نہ ملے لہٰذا مدینہ میں غسل کرکے احرام کا لباس پہن لو پھر ایک یا دو دو کرکے آؤ۔ (م)

۸۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ جب بہ قصد احرام غسل کرے اور تلبیہ سے پہلے قمیض پہن لے تو اس کو غسل کرنا چاہیئے (ض)

۹۔ جو کوئی بقصد احرام غسل کرے پھر رومال سے سرکو ملے تو کوئی حرج نہیں۔

﴿باب ۸۴﴾

(مايجوز للمحرم بعد اغتساله من الطيب والصيد وغير ذلك)
(قبل ان يلبي)

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة قال : سألته عن الرّجل يدّهن بدهن فيه طيب وهو يريد أن يحرم قال : لاتدّهن حين تريد أن تحرم بدهن فيه مسك ولاعنبر تبقى رائحته في رأسك بعد ما تحرم وادّهن بما شئت من الدّهن حين تريد أن تحرم قبل الغسل و بعده فإذا أحرمت فقد حرم عليك الدّهن حتّى تحلّ .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لاتدّهن حين تريد أن تحرم بدهن فيه مسك ولا عنبر من أجل رائحة تبقى في رأسك بعد ما تحرم و ادّهن بما شئت من الدّهن حين تريد أن تحرم فإذا أحرمت فقد حرم عليك الدّهن حتّى تحلّ .

٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان ، عن عبدالرّحمن ابن أبي عبدالله ؛ وفضيل ؛ ومحمّد بن مسلم ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الطيّب عند الإحرام والدّهن فقال : كان عليّ صلوات الله عليه لايزيد على السليخة .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن داود بن النعمان ، عن أبي أيّوب ، عن محمّد بن مسلم قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : لا بأس بأن يدّهن الرّجل قبل أن يغتسل للإحرام أو بعده و كان يكره الدّهن الخاثر الّذي يبقى

٥ ـ أحمد ، عن عليّ بن الحكم ، عن الحسين بن أبي العلاء قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل المحرم يدّهن بعد الغسل ، قال : نعم فادّهنّا عنده بسليخة بان ؛ و

Presented by www.ziaraat.com

ذكر أنّ أباه كان يدّهن بعد ما يغتسل للإحرام وأنّه يدّهن بالدّهن مالم يكن غالية أودهناً فيه مسك أوعنبر .

٦ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن عبدالله بن مسكان عن عليّ بن عبدالعزيز قال : اغتسل أبوعبدالله عليه السلام للإحرام ثمّ دخل مسجد الشجرة فصلّى ثمّ خرج إلى الغلمان فقال : هاتوا ما عندكم من لحوم الصيد حتّى نأكله .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل إذا تهيّأ للإحرام فله أن يأتي النساء مالم يعقد التلبية أويلبّ .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن بعض أصحابنا ، عن أحدهما عليهما السلام في رجل صلّى الظهر في مسجد الشجرة و عقد الإحرام ثمّ مسّ طيباً أوصاد صيداً أو واقع أهله ، قال : ليس عليه شيء مالم يلبّ .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن بعض أصحابه قال : كتبت إلى أبي إبراهيم عليه السلام رجل دخل مسجد الشجرة فصلّى وأحرم وخرج من المسجد فبداله قبل أن يلبّي أن ينقض ذلك بمواقعة النساء أله ذلك ؟ فكتب عليه السلام نعم ـ أولا بأس به ـ .

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن زياد ابن مروان قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : ما تقول في رجل تهيّأ للإحرام و فرغ من كلّ شيء الصلاة و جميع الشروط إلّا أنّه لم يلبّ أله أن ينقض ذلك و يواقع النساء ؟ فقال : نعم .

باب ۴۵

غسل کے بعد محرم کے لئے کیا جائز ہے

۱- میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو سر میں ایسا تیل ڈالے جس میں خوشبو ہو اور وہ احرام کا ارادہ رکھتا ہو فرمایا جب احرام کا ارادہ ہو تو ایسا تیل نہ لگاؤ جس میں مشک یا عنبر ہو اور اس کی خوشبو احرام میں تمہارے

Presented by www.ziaraat.com

سر میں باقی رہے اور تیل ڈالو جیسا چاہو قبل غسل اور اس کے بعد لیکن احرام کے بعد تیل ڈالنا حرام ہے جب تک محل نہ ہو۔ (ضا)

۲۔ فرمایا حضرت نے جب احرام کا ارادہ ہو تو تیل نہ لگاؤ احرام کے بعد تیل کا استعمال حرام ہے جب تک محل نہ ہو (حسن)

۳۔ حضرت سے پوچھا احرام میں خوشبو اور تیل کے استعمال کے متعلق، فرمایا حضرت علی علیہ السلام سلیخہ (وہ خوشبو جو جلد اڑ جائے) کو زیادہ استعمال نہیں کرتے تھے۔ (ضا)

۴۔ فرمایا حضرت نے غسل احرام سے پہلے یا اسکے بعد تیل لگانے میں کوئی حرج نہیں اور مکروہ ہے ایسا تیل لگانا جس کی خوشبو باقی رہے (ص)

۵۔ میں نے پوچھا اس محرم کے متعلق جو بعد غسل تیل لگائے۔ فرمایا ہاں پس ہم نے تیل لگایا ایسی خوشبو کا جو جلد اڑنے والی تھی اور حضرت نے بیان کیا کہ ان کے والد ماجد غسل احرام کے بعد لگاتے تھے لیکن ایسا تیل جس میں کوئی خوشبو نہ ہو اور نہ مشک و عنبر کی آمیزش ہو۔ (ضا)

۶۔ راوی کہتا ہے ابو عبداللہ علیہ السلام نے احرام کے لئے غسل کیا پھر مسجد شجرہ میں داخل ہوئے اور نماز پڑھی پھر نوکروں کے پاس آئے اور فرمایا تمہارے پاس جو شکار کا گوشت ہے لے آؤ یہاں تک کہ ہم نے اسے کھایا۔ (مجہول)

۷۔ فرمایا جب کوئی احرام کا ارادہ کرے تو جب تک نیت تلبیہ نہ کی ہو یا تلبیہ نہ کیا ہو وہ عورتوں کے پاس جا سکتا ہے۔ (حسن)

۸۔ میں نے کہا ایک شخص نے نماز پڑھی اور نیت احرام کی پھر اگر وہ خوشبو کو مس کرے یا شکار کرے یا عورت کے پاس جائے تو فرمایا جب تک تلبیہ نہ کہے کوئی گناہ نہیں۔ (مرسل)

۹۔ میں نے حضرت کو لکھا ایک شخص مسجد شجرہ میں داخل ہوا اور نماز پڑھ کر احرام باندھا جب مسجد سے نکلا تو تلبیہ کرنے سے قبل اس پر ظاہر ہوا کہ اس میں نقص واقع ہوا ہے عورتوں سے مجامعت پر، حضرت نے لکھا کوئی مضائقہ نہیں۔ (کیونکہ وہ احرام سے پہلے تھا) (مرسل)

۱۰۔ میں نے پوچھا آپ کیا فرماتے ہیں اس شخص کے بارے میں جس نے تہیۂ احرام کیا ہو اور نماز وغیرہ کے تمام شروط سے فارغ ہو گیا ہو تو کیا مجامعت زنان سے نقص واقع ہو گا فرمایا ہاں۔ (مجہول)۔

Presented by www.ziaraat.com

«باب»

(صلاة الاحرام وعقده و الاشتراط فيه)

١ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ؛ و معاوية بن عمّار جميعاً، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لا يضرّك بليل أحرمت أم نهار إلّا أنّ أفضل ذلك عند زوال الشمس.

٢ - عليّ، عن أبيه، عن ابن أبي عمير؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان عن صفوان، عن ابن أبي عمير جميعاً، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال: لا يكون إحرام إلّا في دبر صلاة مكتوبة أحرمت في دبرها بعد التسليم وإن كانت نافلة صلّيت ركعتين و أحرمت في دبرهما فإذا انفتلت من صلاتك فاحمد الله واثن عليه وصلّ على النبيّ صلّى الله عليه وآله وقل: «اللّهمّ إنّي أسألك أن تجعلني ممّن استجاب لك وآمن بوعدك و اتّبع أمرك فإنّي عبدك وفي قبضتك لا اُوقى إلّا ما وقيت، ولا آخذ إلّا ما أعطيت وقد ذكرت الحجّ فأسألك أن تعزم لي عليه على كتابك و سنّة نبيّك و تقوّيني على ما ضعفت عنه و تسلّم منّي مناسكي في يسر منك و عافية و اجعلني من وفدك الّذين رضيت وارتضيت و سمّيت و كتبت اللّهمّ فتمّم لي حجّي و عمرتي، اللّهمّ إنّي اُريد التمتّع بالعمرة إلى الحجّ على كتابك وسنّة نبيّك صلّى الله عليه وآله فإن عرض لي شيء يحبسني فحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ، اللّهمّ إن لم تكن حجّة فعمرة أحرم لك شعري وبشري و لحمي و دمي و عظامي و مخّي و عصبي من النساء والثياب والطيب أبتغي بذلك وجهك والدّار الآخرة» قال: و يجزئك أن تقول هذا مرّة واحدة حين تحرم ثمّ قم فامش هنيئة فإذا استوت بك الأرض ماشياً كنت أو راكباً فلبّ.

٣ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد بن عثمان، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قلت له: إنّي اُريد أن أتمتّع بالعمرة إلى الحجّ فكيف أقول: قال: تقول: «اللّهمّ إنّي اُريد أن أتمتّع بالعمرة إلى الحجّ على كتابك و سنّة نبيّك صلّى الله عليه وآله وإن شئت أضمرت الّذي تريد.

Presented by www.ziaraat.com

٤ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته أليلاً أحرم رسول الله صلى الله عليه وآله أم نهاراً ؟ فقال : نهاراً ، قلت : أيّ ساعة ؟ قال : صلاة الظهر ، فسألته متى ترى أن نحرم ؟ فقال : سواء عليكم إنّما أحرم رسول الله صلى الله عليه وآله صلاة الظهر لأنّ الماء كان قليلاً كان يكون في رؤوس الجبال فيهجر الرّجل إلى مثل ذلك من الغد ولا يكاد يقدرون على الماء ، وإنّما أحدثت هذه المياه حديثاً .

٥ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي إبراهيم عليه السلام : إنّ أصحابنا يختلفون في وجهين من الحجّ يقول بعض : أحرم بالحجّ مفرداً فإذا طفت بالبيت وسعيت بين الصفا والمروة فأحلّ واجعلها عمرة و بعضهم يقول : أحرم و انو المتعة بالعمرة إلى الحجّ . أيّ هذين أحبّ إليك ؟ قال : انو المتعة .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن حمزة بن حمران قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الّذي يقول : حلّني حيث حبستني قال : هو حلّ حيث حبسه ؛ قال أو لم يقل .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن زرارة عن أبي عبدالله عليه السلام قال : هو حلّ إذا حبس اشترط أو لم يشترط .

٨ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن سيف بن عميرة ، عن أبي بكر الحضرميّ ؛ وزيد الشحّام ؛ ومنصور بن حازم قالوا : أمرنا أبو عبدالله عليه السلام أن نلبّي ولا نسمّي شيئاً وقال : أصحاب الإضمار أحبّ إليّ

٩ ـ أحمد ، عن عليّ ، عن سيف ، عن إسحاق بن عمّار أنّه سأل أبا الحسن موسى عليه السلام قال : الإضمار أحبّ إليّ فلبّ ولا تسمّ .

١٠ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصبّاح الكنانيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أرأيت لو أنّ رجلاً أحرم في دبر صلاة مكتوبة أكان يجزئه ذلك ؟ قال : نعم .

١١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ؛ و

Presented by www.ziaraat.com

عبدالرّحمن بن الحجّاج ؛ وحمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ جميعاً ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : إذا صلّيت في مسجد الشجرة فقل وأنت قاعدٌ في دبر الصلاة قبل أن تقوم ما يقول المحرم ، ثمّ قم فامش حتّى تبلغ الميل وتستوي بك البيداء ، فإذا استوت بك فلبّه .

١٢ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عبدالله بن سنان أنّه سأل أباعبدالله عليه السلام : هل يجوز للمتمتّع بالعمرة إلى الحجّ أن يظهر التلبية في مسجد الشجرة ؟ فقال : نعم إنّما لبّى النبيّ صلى الله عليه وآله على البيداء لأنّ الناس لم يكونوا يعرفون التلبية فأحبّ أن يعلّمهم كيف التلبية .

١٣ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قلت له : إذا أحرم الرّجل في دبر المكتوبة أيلبّي حين ينهض به بعيره أو جالساً في دبر الصلاة ؟ قال : أيّ ذلك شاء صنع .

قال الكلينيّ : وهذا عندي من الأمر المتوسّع إلّا أنّ الفضل فيه أن يظهر التلبية حيث أظهر النبيّ صلى الله عليه وآله على طرف البيداء و لا يجوز لأحد أن يجوز ميل البيداء إلّا وقد أظهر التلبية وأوّل البيداء أوّل ميل يلقاك عن يسار الطريق .

١٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : صلّ المكتوبة ثمّ أحرم بالحجّ أو بالمتعة وأخرج بغير تلبية حتّى تصعد إلى أوّل البيداء إلى أوّل ميل عن يسارك فإذا استوت بك الأرض راكباً كنت أو ماشياً فلبّ فلا يضرّك ليلاً أحرمت أو نهاراً ومسجد ذي الحليفة الّذي كان خارجاً عن السقائف عن صحن المسجد ثمّ اليوم ليس شيء من السقائف منه .

١٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن عليّ بن رئاب عن فضيل بن يسار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المعتمر عمرة مفردة يشترط على ربّه أن يحلّه حيث حبسه ومفرد الحجّ يشترط على ربّه أن لم يكن حجّة فعمرة .

١٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عثمان بن عيسى ، عن أبي المغرا ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : كانت بنو إسرائيل إذا قربت القربان تخرج نارٌ تأكل قربان من قبل منه وإنّ الله جعل الإحرام مكان القربان .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۹

نمازِ احرام

۱۔ فرمایا حضرت نے کوئی حرج نہیں چاہے رات میں احرام باندھے چاہے دن میں لیکن افضل یہ ہے کہ زوال شمس کے بعد ہو (حسن)۔

۲۔ فرمایا حضرت نے نماز واجب کے بعد ہو سلام ختم کرنے کے بعد اور اگر نماز نافلہ ہو تو دو رکعت پڑھنے کے بعد احرام باندھے جونہی نماز سے فارغ ہو تو اللہ کی حمد و ثنا کرے اور نبی کریم اور ان کی آل پر درود بھیجے اور کہے۔

اللّهمّ إنّي أسألك أن تجعلني ممّن استجاب لك وآمن بوعدك و اتّبع أمرك فإنّي عبدك وفي قبضتك لا أوقى إلّا ما وقيت ولا آخذ إلّا ما أعطيت وقد ذكرت الحجّ فأسألك أن تعزم لي عليه على كتابك و سنّة نبيّك و تقوّيني على ما ضعفت عنه و تسلّم منّي مناسكي في يسر منك و عافية و اجعلني من وفدك الّذين رضيت وارتضيت و سمّيت و كتبت اللّهمّ فتمّم لي حجّي و عمرتي، اللّهمّ إنّي أريد التمتّع بالعمرة إلى الحجّ على كتابك وسنّة نبيّك صلّى الله عليه وآله فإن عرض لي شيء يحبسني فحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ، اللّهمّ إن لم تكن حجّة فعمرة أحرم لك شعري وبشري و لحمي و دمي و عظامي و مخّي و عصبي من النساء والثياب والطيب أبتغي بذلك وجهك والدّار الآخرة

یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میں تیرا فرمانبردار ہوں تیرے وعدے پر ایمان لاؤں تیرے حکم کو بجالاؤں کہ میں تیرا عبد ہوں تیرے قبضہ میں ہوں تجھ جیسا وعدہ کا پورا کرنے والا نہیں اور جو تو دے اسے کوئی لینے والا نہیں تو نے حج کا حکم دیا میں سوال کرتا ہوں کہ اپنی کتاب اور سنت نبی پر میرے ارادہ کو قائم رکھ۔ اور اگر مجھ سے کمزوری ظاہر ہو تو مجھے قوت دے اور میرے مناسک کو میری آسانی اور عافیت کے ساتھ قبول کرلے اور مجھے اپنے گھر کے ان آنے والوں میں قرار دے جن سے تو راضی ہوا اور جن کو تو نے پسند کیا ہو اور جن کو تو نے نام اور کیفیت سے پکارا ہو میرے حج اور عمرہ کو پورا کر۔ یا اللہ میں عمرہ کے ساتھ حج

تمتع کا ارادہ کرتا ہوں تیری کتاب اور تیرے نبی کی سُنّت کے مطابق اگر کوئی شے مجھے اس امر خیر سے روکے تو میری اس رکاوٹ کو برطرف کر یا اللہ اگر حج نہ کر سکوں تو عمرہ ہی بجا لاؤں میں نے احرام باندھا ہے تاکہ میرے بال میری جلد میرا گوشت، میرا خون، میری ہڈی، میری مینگ اور میرے اعصاب عورتوں کے پاس جانے سے محفوظ رہیں اور خوشبو سے بھی میں تیری خوشنودی اور دار آخرت کی فلاح چاہتا ہوں۔

امام نے فرمایا احرام کے وقت یہ دعا ایک بار کر دپھر کھڑے ہو جاؤ اور چلو جب زمین ہموار ہو تو سوار رہو یا تلبیہ کرو۔ (حسن)

۳۔ میں نے پوچھا اگر میں عمرۂ تمتع کا ارادہ کروں تو کیا کہوں فرمایا۔ یہ کہو

اللّٰهمّ إنّي أُريد أن أتمتّع بالعمرة إلى الحجّ على كتابك و سنّة نبيّك

یا اللہ میں تیری کتاب و سنت کے مطابق تمتع کے عمرہ کو بجا لاتا ہوں اور اگر چاہو تو یہ نیت میں رکھو یعنی الفاظ میں نہ کہو (حسن)

۴۔ میں نے پوچھا آیا رسول اللہ نے رات کو احرام باندھا تھا یا دن میں فرمایا دن میں، میں نے کہا کس وقت فرمایا نماز ظہر کے بعد، میں نے کہا ہم کب احرام کی نیت کریں فرمایا تمہیں اختیار ہے رسول اللہ نے تو نماز ظہر کے وقت باندھا تھا کیونکہ پانی کم تھا اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر ملتا تھا اس لئے صبح کو لوگ لے آتے تھے اس کے بعد پانی لانے پر قادر نہ ہوتے تھے۔ (حسن)

۵۔ میں نے کہا ہمارے اصحاب مختلف ہیں حج کی دو صورتوں میں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ احرام حج مفرد کا باندھو اور جب کعبہ کا طواف کر لو اور صفا و مروہ کے درمیان سعی سے فارغ ہو تو احرام کھول دو اور اسے عمرہ قرار دو اور کچھ لوگ کہتے ہیں احرام باندھو اور عمرہ حج تمتع کی نیت کرو، آپ کے نزدیک ان دونوں میں سے کون زیادہ محبوب ہے فرمایا تمتع کی نیت کرو (موثق)

۶۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو وقت احرام کہے یا اللہ مجھے آزاد کر جس طرح تو نے مجھے پابند کیا ہے فرمایا وہ اسی طرح آزاد ہے جس طرح پابند ہوا فرمایا کہے یا نہ کہے (مجہول)

۷۔ حضرت نے فرمایا وہ شرط کرے یا نہ کرے وہ محل ہو گا جس طرح وہ بحالت احرام پابند ہوا ہے۔ (ض)

۸۔ ہمیں حضرت نے حکم دیا کہ تلبیہ کریں اور کسی شے کو نامزد نہ کریں اور فرمایا دل میں رکھنے والوں کو میں دوست رکھتا ہوں۔ (ض)

۹۔ فرمایا حضرت نے کہا چھپانا میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے پس تلبیہ کرو نام نہ لو۔ (موثق)۔

۱۰۔ میں نے حضرت سے کہا ایک شخص نے نماز واجب کے بعد احرام باندھا آیا اس کے لئے یہ کافی ہے فرمایا ہاں (موثق)

Presented by www.ziaraat.com

۱۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب مسجد شجرہ میں نماز پڑھ چکو تو نماز کے بعد کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھ کر وہ کہو جو احرام والا کہتا ہے پھر کھڑے ہو جاؤ اور چلو ایک میل جب جنگل آ جائے تو کھلے مقام میں آ جاؤ تو تلبیہ کرو (م)

۱۲۔ میں نے پوچھا حج تمتع کے متعلق کہ تلبیہ کو مسجد شجرہ سے کہے فرمایا ہاں رسولؐ اللہ نے بیدار مقام سے تلبیہ کیا اس لئے کہ لوگ تلبیہ سے واقف نہ تھے میں چاہتا ہوں کہ لوگ جانیں کہ تلبیہ کیسے کیا جاتا ہے۔ (مجہول)

۱۳۔ میں نے کہا جب کوئی بعد نماز واجب احرام باندھے تو کیا تلبیہ کرے اس وقت جبکہ اونٹ اٹھے یا بعد نماز بیٹھ کر ما فرمایا جیسے چاہے کرے۔ کلینی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں میرے نزدیک یہ امر وسعتِ وقت پر مبنی ہے ورنہ فضیلت اسی میں ہے کہ تلبیہ کرے۔ جیسے نبیؐ نے کیا۔ بیدار کے کنارے سے اور نہیں جائز ہے کسی کے لئے بیدار سے ایک میل آگے جاکر کرنا بلکہ وہیں سے تلبیہ کرے اور بیدار کا اوّل پہلا میل ہے جو تمہارے راستہ کے بائیں طرف ہے (موثق)

۱۴۔ فرمایا حضرت نے نماز واجب پڑھو پھر حج یا حج تمتع کا احرام باندھو اور بغیر تلبیہ نکلو یہاں تک کہ تم چڑھو بیدار کے اول حصہ پر بائیں طرف کے پہلے میل پر، جب ہموار زمین آ جائے تو سوار ہو یا پیادہ وہاں سے تلبیہ کرو، کوئی مضائقہ نہیں چاہے تم نے دن میں احرام باندھا ہو یا رات میں اور مسجد ذی الحلیفہ وہ ہے جو ان چھتوں سے خارج تھی جو صحن مسجد کے علاوہ تھیں اب ان چھتوں میں سے کچھ باقی نہیں۔ (حسن)

۱۵۔ فرمایا عمرہ مفردہ والا اپنے رب سے یہ شرط کرتا ہے کہ محل کرے اس کو جس حیثیت سے اسے پابند کیا ہے اور حج مفردہ میں وہ اپنے رب سے کہتا ہے اگر حج نہ ہو تو عمرہ ہی ہو جائے۔ (ض)

۱۶۔ فرمایا حضرت نے بنی اسرائیل جب قربانی پیش کرتے تھے تو آگ نکل کر اس قربانی کو کھا جاتی تھی اللہ تعالیٰ نے اس قربانی کی جگہ احرام قرار دیا۔ (موثق)

﴿ بابُ التلبية ﴾

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ قال : سألته لم جعلت التلبية ؟ فقال : إنَّ الله عزَّ وجلَّ أوحى إلى إبراهيم عليه السلام أن « أذِّن في النّاس بالحجِّ يأتوك رجالاً وعلى كلِّ ضامر يأتين من كلِّ فجٍّ عميق » فنادى فاُجيب من كلِّ وجه يلبّون .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليِّ ، عن السكونيِّ ، عن جعفر ، عن أبيه عليهما السلام أنَّ عليّاً صلوات الله عليه قال : تلبية الأخرس و تشهّده و قراءته القرآن في الصلاة تحريك لسانه وإشارته بإصبعه .

٣ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان عن صفوان ؛ و ابن أبي عمير جميعاً ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : التلبية : «لبّيك اللّهمّ لبّيك لبّيك لا شريك لك لبّيك إنّ الحمد والنعمة لك والملك لاشريك لك لبّيك ذا المعارج لبّيك لبّيك داعياً إلى دار السلام لبّيك لبّيك غفّار الذّنوب لبّيك لبّيك أهل التلبية لبّيك لبّيك ذا الجلال والإكرام لبّيك لبّيك مرهوباً و مرغوباً إليك لبّيك لبّيك تبدىء والمعاد إليك لبّيك لبّيك كشّاف الكرب العظام لبّيك لبّيك عبدك وابن عبديك لبّيك لبّيك ياكريم لبّيك» تقول ذلك في دبر كلّ صلاة مكتوبة أو نافلة وحين ينهض بك بعيرك و إذا علوت شرفاً أو هبطت وادياً أو لقيت راكباً أو استيقظت من منامك و بالأسحار وأكثر ما استطعت منها واجهر بها وإن تركت بعض التلبية فلا يضرّك غير أنّ تمامها أفضل .

واعلم أنّه لابدّ من التلبيات الأربع في أوّل الكلام وهي الفريضة وهي التوحيد وبها لبّى المرسلون وأكثر من ذي المعارج فإنّ رسول الله صلّى الله عليه وآله كان يكثر منها و أوّل من لبّى إبراهيم عليه السلام قال : «إنّ الله عزّ وجلّ يدعوكم إلى أن تحجّوا بيته فأجابوه بالتلبية» فلم يبق أحد أخذ ميثاقه بالموافاة في ظهر رجل ولا بطن امرأة إلّا أجاب بالتلبية .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن الحسن بن عليّ بن يقطين ، عن أسد بن أبي العلاء ، عن محمّد بن الفضيل ، عمّن رأى أبا عبدالله عليه السلام و هو محرم قد كشف عن ظهره حتّى أبداه للشمس و هو يقول : لبّيك في المذنبين لبّيك .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز رفعه قال : إنّ رسول الله صلّى الله عليه وآله لمّا أحرم أتاه جبرئيل عليه السلام فقال له : مر أصحابك بالعجّ والثجّ والعجّ رفع الصوت بالتلبية والثجّ نحر البدن وقال : قال جابر بن عبدالله : مابلغنا الرّوحاء حتّى بحّت أصواتنا .

٦ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لابأس بأن تلبّي وأنت على غير طهر وعلى كلّ حال .

Presented by www.ziaraat.com

۷ - علي، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن أبي أيّوب الخزّاز، عن أبي سعيد المكاري، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: ليس على النساء جهر بالتلبية.

۸ - عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن أبي عبدالله، عن ابن فضّال، عن رجال شتّى، عن أبي جعفر عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله: من لبّى في إحرامه سبعين مرّة إيماناً و احتساباً أشهد الله له ألف ألف ملك ببراءة من النّار و براءة من النفاق.

باب ۸۰

تلبیہ

۱- میں نے پوچھا تلبیہ کیوں ہے فرمایا اللہ تبارک تعالیٰ نے وحی کی ابراہیم علیہ السلام کو کہ تم لوگوں کو حج کے لیے بلاؤ لوگ ہر طرف سے دبلی پتلی اونٹنیوں پر سوار ہو کر ہر گہری گھاٹی سے اس گھر کی طرف آئیں گے پس ابراہیم نے ندا کی ہر طرف سے لوگوں نے لبیک کر اس دعوت کو قبول کیا (حسن)

۲- امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ گونگے کا تلبیہ اور تشہد اور نماز میں قرأت اس کا زبان کو حرکت دینا اور انگلی سے اشارہ کرنا ہے۔ (ض)

۳- میں نے تلبیہ کو پوچھا فرمایا یوں کہے۔

لبّيك اللّهمّ لبّيك لبّيك لا شريك لك لبّيك إنّ الحمد والنعمة لك والملك لاشريك لك لبّيك ذاالمعارج لبّيك لبّيك داعياً إلى دار السلام لبّيك لبّيك غفّار الذّنوب لبّيك لبّيك أهل التلبية لبّيك لبّيك ذاالجلال والإكرام لبّيك لبّيك مرهوباً و مرغوباً إليك لبّيك لبّيك تبدىء والمعاد إليك لبّيك لبّيك كشّاف الكرب العظام لبّيك لبّيك عبدك وابن عبديك لبّيك لبّيك ياكريم لبّيك

اور یہ نماز کے بعد کہو خواہ وہ نماز واجب ہو یا نافلہ اور جب تمہارا اونٹ تمہیں لے کر اٹھے اور جب تم بلند ہو یا جب وادی میں اترو یا کسی سوار سے ملو یا نیند سے بیدار ہو، صبح کے وقت اور زیادہ جتنا ممکن ہو آواز بلند

Presented by www.ziaraat.com

کہو اور اگر کچھ حصہ ترک ہو جائے تو کوئی حرج نہیں لیکن پورا کہنا افضل ہے اور جان لو کہ وہ چاروں تلبیات فروری ہیں جو اوّل کتاب میں مذکور ہوئیں وہ فریضہ ہے وہ توحید ہے مرسلین نے تلبیہ کیا ہے رسول اللہ اکثر تلبیہ کرتے تھے اور سب سے پہلے تلبیہ کرنے والے حضرت ابراہیم ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ تم کو حج کرنے کے لئے اپنے گھر بلاتا ہے پس تم تلبیہ سے جواب دو، پس کوئی شخص ایسا نہ رہا جس نے اس عہد کو پورا کرنے کے لئے لبیک نہ کہا ہو خواہ وہ پشت پدر میں بصورت نطفہ ہو یا رحم مادر میں (ض)

۴۔ راوی نے دیکھا ابو عبداللہ علیہ السلام کو بحالت احرام کہ دھوپ میں آپ کی پیٹھ کھلی ہوئی ہے اور آپ فرما رہے ہیں لبیک ہے گنہگاروں میں لبیک ہے۔ (ض)

۵۔ فرمایا حضرت رسولؐ خدا نے جب احرام باندھا تو جبرئیل نے آکر کہا اپنے اصحاب عج اور ثج کا حکم دیجیے۔ عج یعنی بلند آواز سے کہنا تلبیہ کا اور ثج یعنی بدن کی قربانی اور جابرؓ نے فرمایا ہم روحا تک نہ پہنچے پائے تھے کہ ہماری آوازیں بیٹھ گئیں (مرفوع)

۶۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر تلبیہ بے طہارت بھی کیا جائے اور ہر حالت میں کیا جائے۔ (حسن)

۷۔ عورتوں کے لئے باآواز بلند تلبیہ نہیں (ض)

۸۔ فرمایا حضرت رسولؐ خدا نے جو بحالت احرام ستر بار تلبیہ کہے ایمان اور شمار کے ساتھ تو ہزار ہا فرشتے اسے دوزخ اور نفاق سے بچانے کے لئے اللہ سے درخواست کرتے ہیں۔ (موثق)

﴿باب ۸۱﴾

☆(ماينبغي تركه للمحرم من الجدال وغيره)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزَّ وجلَّ : «الحجُّ أشهر معلومات فمن فرض فيهنَّ الحجَّ فلا رفث ولا فسوق ولا جدال في الحجّ » فقال : إنَّ الله عزَّ وجلَّ اشترط على النّاس شرطاً وشرط لهم شرطاً قلت : فما الّذي اشترط عليهم وما الّذي اشترط لهم ؟ فقال : أمّا الّذي اشترط عليهم فإنّه قال : « الحجُّ أشهر معلومات فمن فرض فيهنَّ الحجَّ فلا رفث ولا فسوق ولا جدال في الحجّ » وأمّا ما شرط لهم فإنّه قال : «فمن تعجّل في يومين فلا إثم عليه ومن تأخّر فلا إثم عليه لمن اتّقى » قال : يرجع لا ذنب له . قال : قلت : أرأيت من ابتلي بالفسوق ما عليه ؟ قال : لم يجعل الله له حدّاً يستغفر الله ويلبّي . قلت : فمن ابتلي بالجدال ما عليه ؟ قال : إذا جادل فوق مرّتين فعلى المصيب دم يهريقه و على المخطىء بقرة .

Presented by www.ziaraat.com

٢ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمَّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان في قول الله عزَّ وجلَّ : «وأتمّوا الحجَّ والعمرة لله » قال : إتمامها أن لارفث ولافسوق ولاجدال في الحجِّ .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمَّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير جميعاً ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا أحرمت فعليك بتقوى الله وذكر الله كثيراً وقلّة الكلام إلّا بخير فإنَّ من تمام الحجِّ والعمرة أن يحفظ المرء لسانه إلّا من خير كما قال الله عزَّ وجلَّ فإنَّ الله عزَّ وجلَّ يقول : «فمن فرض فيهنَّ الحجَّ فلا رفث ولا فسوق ولاجدال في الحجِّ» والرَّفث الجماع ، والفسوق الكذب والسباب ، والجدال قول الرَّجل لاوالله ، وبلى والله .

٤ ـ الحسين بن محمَّد ، عن معلّى بن محمَّد ، عن الحسن بن عليٍّ ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي بصير ، عن أحدهما عليهما السلام قال : إذا حلف ثلاث أيمان متتابعات صادقاً فقد جادل وعليه دم وإذا حلف بيمين واحدة كاذباً فقد جادل وعليه دم .

٥ ـ أبو عليٍّ الأشعريُّ ، عن محمَّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن عبدالله بن مسكان ، عن أبي بصير قال : سألته عن المحرم يريد أن يعمل العمل فيقول له صاحبه : والله لاتعمله فيقول : والله لأعملنّه ، فيخالفه مراراً أيلزمه مايلزم [صاحب] الجدال ؟ قال : لا إنّما أراد بهذا إكرام أخيه إنّما ذلك ما كان [لله] فيه معصية .

٦ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمَّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن أبي المغرا ، عن سليمان بن خالد قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : في الجدال شاةٌ وفي السباب والفسوق بقرةٌ والرَّفث فساد الحجِّ .

باب ۸۱

مُحرم کو کیا کرنا چاہیئے

۱۔ فرمایا اس آیت کے متعلق حج معلوم چند مہینے ہیں پس جن مہینوں میں حج فرض ہے ان میں نہ زنا ہے نہ بداعمالی اور نہ لڑائی جھگڑا ، ایک شرط لوگوں کے لئے رکھی ہے اور ان کے متعلق رکھی ہے میں نے پوچھا لوگوں کے لئے اور

Presented by www.ziaraat.com

ان کے متعلق کیا ہے فرمایا شرط وہی ہے کہ حج میں نہ جماع کرے نہ بدگوئی اور نہ لڑائی جھگڑا، اور رعایت یہ ہے کہ اگر دو یوم پہلے کرے تو گناہ نہیں اور دو یوم بعد ہو تو گناہ نہیں، مرد متقی کے لئے اور وہ گناہوں سے پاک ہو کر پلٹے گا۔ میں نے کہا جو بدگوئی عمل میں لائے گا اس کے لئے کیا سزا ہے فرمایا اللہ نے اس کے لئے کوئی سزا نہیں رکھی ہاں وہ استغفار کرنے کے بعد تلبیہ کرے۔ میں نے کہا جو لڑائی جھگڑا کرے فرمایا اگر دو بار سے زیادہ لڑے تو جو حق پر ہو وہ ایک بکری ذبح کرے اور جو غلطی پر ہو وہ ایک گائے کی قربانی کرے۔ (حسن)

۲۔ میں نے اس آیت کے متعلق پوچھا واتموا الحج والعمرۃ الخ فرمایا اتمام حج یہ ہے کہ نہ تو جماع کرے نہ جھوٹ بولے اور نہ گالی دے اور نہ جھگڑا کرے (ص)

۳۔ فرمایا حضرت نے جب احرام باندھو تو تقویٰ کے ساتھ باندھو اور اللہ کا ذکر زیادہ کرو اور جوبات کرو نیکی پر مبنی ہو حج وعمرہ کا تمام ہونا موقوف ہے اس امر پر کہ آدمی اپنی زبان کی حفاظت کرے اور خیر کے سوا کچھ نہ کہے جیسا کہ خدا نے فرمایا ہے جن پر حج فرض ہے وہ جماع نہ کریں جھوٹ نہ بولیں اور جدال نہ کریں۔ رفث کے معنی جماع کے ہیں فسوق کے معنی جھوٹ اور گالی ہیں اور جدال جھوٹی قسم لا واللہ وبلیٰ واللہ کہہ کر۔

۴۔ اگر کوئی تین قسمیں سچی کھائے تو اس نے جدال کیا اس پر قربانی ہے (بکری کی) اور اگر جھوٹی ایک قسم کھائی ہے تو اس پر ایک قربانی ہے۔ (ض)

۲۔ حضرت نے فرمایا میں طواف کر رہا تھا اور سفیان ثوری میرے قریب تھا مجھ سے کہنے لگا ۔ اے ابو عبداللہ، رسول اللہ کا عمل حجر اسود کے پاس آ کر کیا ہوتا تھا ۔ میں نے آنحضرت ہر طواف میں خواہ فریضہ ہو یا نافلہ استلام کرتے تھے یہ سن کر وہ مجھ سے کچھ دور ہٹ گیا جب میں حجر کے پاس گیا تو آگے بڑھ گیا استلام نہ کیا ۔ اس نے کہا ۔ اے ابو عبداللہ کیا آپ نے یہ نہیں بتایا کہ رسول اللہ ہر طواف کے بعد استلام حجر اسود کیا کرتے تھے نافلہ ہو یا فریضہ لیکن آپ بغیر استلام کے گزر گئے میں نے کہا ہاں ایسا ہی ہوا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ رسول اللہ کے لیے جو روا رکھتے تھے ہمارے لیے روا نہیں رکھتے ۔ جب حضرت حجر تک پہنچتے تھے لوگ پھٹ جاتے تھے اور آپ استلام کر لیتے تھے ہمیں اژدحام مانع ہے ۔ (حسن)

۳۔ میں نے حضرت سے کہا جب میں حجر اسود کے پاس آیا تو میں نے بہت ہجوم پایا اپنے ایک دوست سے اس کے متعلق

پوچھا اس نے کہا استلام ضروری ہے فرمایا اگر خالی جگہ ہو تو کرو ورنہ دور سے بوسہ دے لو۔ (ح)

۴۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص نے حج کیا استلام نہیں کیا۔ فرمایا وہ سنت ہے اگر قدرت نہ ہو تو اللہ بہتر عذر کا جاننے والا ہے۔

۵۔ میں نے کہا میں حجر اسود تک نہیں پہنچ سکا فرمایا جب تم نے طواف فریضہ ادا کر لیا تو کوئی حرج نہیں۔ (ح)

۶۔ میں نے حضرت سے کہا اگر حجر کو مس کرنا ممکن نہ ہو اور ہجوم زیادہ ہو۔ فرمایا شیخ کبیر اور ضعیف اور مریض کے لیے اجازت ہے اور میں مس کرنے کے ترک کو پسند نہیں کرتا مگر جب چارہ کار نہ ہو۔ (مرسل)

۷۔ امام رضا علیہ السلام سے پوچھا گیا حجر اسود کے بارے میں کہ آیا جب لوگوں کی کثرت ہو تو ان کو بزور پیچھے ہٹانے کے لیے لڑائی کی جائے فرمایا اگر ایسی صورت ہو تو ہاتھ سے اشارہ کیا جائے۔ (مجہول)

۸۔ فرمایا عورتیں بآواز بلند تلبیہ نہ کریں اور نہ استلام حجر کریں اور نہ خانۂ کعبہ کے اندر داخل ہوں اور نہ سعی صفا و مروہ میں ہرولہ کریں۔ (حسن)

۹۔ حضرت نے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے استلام حجر کرو کہ وہ بمنزلہ خدا کے داہنے ہاتھ کے ہے اس کی مخلوق میں جس سے وہ اپنی مخلوق سے مصافحہ کرتا ہے یہ مصافحہ بندہ کا خدا سے ہے یہ حجر اپنے استلام کرنے والے کے عہد پورا کرنے کی گواہی دے گا۔ (مجہول)

۱۰۔ میں نے استلام حجر کے متعلق پوچھا دروازہ کی طرف سے۔ فرمایا کیا ایسا نہیں کہ تم رکن کے استلام کا ارادہ رکھتے ہو۔ میں نے کہا ہاں ارادہ تو ہے فرمایا تو یہ کافی ہے اگر ہاتھ وہاں تک نہیں پہنچتا۔ (ح)

﴿ باب ۲۲ ﴾

(الطواف و استلام الاركان)

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : طف بالبيت سبعة أشواط وتقول في الطواف : «اللّهمَّ إنّي أسألك باسمك الّذي يمشى به على طلل الماء كما يمشى به على جدد الأرض وأسألك باسمك الّذي يهتزُّ له عرشك وأسألك باسمك الّذي تهتزُّ له أقدام ملائكتك وأسألك باسمك الّذي دعاك به موسى من جانب الطور فاستجبت له وألقيت عليه محبّة منك وأسألك باسمك الّذي غفرت به لمحمد صلى الله عليه وآله ما تقدّم من ذنبه وما تأخّر وأتممت عليه نعمتك أن تفعل بي كذا و

كذا - ما أحببت من الدُّعاء - ؛ وكلّما انتهيت إلى باب الكعبة فصلّ على النبيّ صلّى الله عليه وآله و تقول فيما بين الركن اليمانيّ والحجر الأسود : «ربّنا آتنا في الدُّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار» وقل في الطّواف : «اللّهمّ إنّي إليك فقير وإنّي خائف مستجير فلا تغيّر جسمي ولا تبدّل اسمي».

٢ - عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن سنان عن عبدالله بن مسكان قال : حدَّثني أيّوب أخو اُديم ، عن الشيخ قال : قال لي أبي : كان أبي عليه السلام إذا استقبل الميزاب قال : «اللّهمّ أعتق رقبتي من النّار وأوسع عليَّ من رزقك الحلال وادرء عني شرَّ فسقة الجنّ والإنس وأدخلني الجنّة برحمتك».

٣ - أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن إبراهيم بن أبي البلاد ، عن عبدالسلام ابن عبدالرَّحمن بن نعيم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : دخلت طواف الفريضة فلم يفتح لي شيء من الدُّعا إلّا الصلاة على محمّد و آل محمّد وسعيت فكان كذلك ؟ فقال : ما اُعطي أحدٌ ممّن سأل أفضل ممّا أعطيت .

٤ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ما أقول إذا استقبلت الحجر ؟ فقال : كبّر وصلّ على محمّد وآله ، قال : وسمعته إذا أتى الحجر يقول : «الله أكبر السلام على رسول الله صلّى الله عليه وآله».

٥ - عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن عاصم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليُّ بن الحسين عليهما السلام إذا بلغ الحجر قبل أن يبلغ الميزاب يرفع رأسه ثمَّ يقول : «اللّهمّ أدخلني الجنّة برحمتك - وهو ينظر إلى الميزاب - و أجرني برحمتك من النار وعافني من السقم وأوسع عليَّ من الرِّزق الحلال وادرء عنّي شرَّ فسقة الجنّ والإنس وشرَّ فسقة العرب والعجم».

٦ - عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول لمّا انتهى إلى ظهر الكعبة حين يجوز الحجر : «ياذا المنّ والطول والجود والكرم إنَّ عملي ضعيفٌ فضاعفه لي وتقبّله منّي إنّك أنت السميع العليم».

٧ - عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن

Presented by www.ziaraat.com

سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يستحبّ أن تقول بين الرّكن والحجر : «اللّهمّ آتنا في الدّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار» وقال : إنّ ملكاً موكّلاً يقول : آمين .

٨ - أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن يحيى ، عن غياث بن إبراهيم ، عن جعفر ، عن أبيه عليهما السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله لايستلم إلّا الرّكن الأسود و اليماني ثمّ يقبّلهما و يضع خدّه عليهما ورأيت أبي يفعله .

٩ - أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن صالح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف بالبيت فإذا رجل يقول : ما بال هذين الركنين يستلمان ولا يستلم هذان ؟ فقلت : إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله استلم هذين ولم يعرّض لهذين فلاتعرّض لهما إذا لم يعرّض لهما رسول الله صلى الله عليه وآله ؛ قال جميل : ورأيت أبا عبدالله عليه السلام يستلم الأركان كلّها .

١٠ - أحمد بن محمّد ، عن البرقيّ ، رفعه ، عن زيد الشحّام أبي أسامة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف مع أبي عبدالله عليه السلام وكان إذا انتهى إلى الحجر مسحه بيده وقبّله و إذا انتهى إلى الرّكن اليماني التزمه فقلت : جعلت فداك تمسح الحجر بيدك وتلتزم اليماني ؟ فقال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : ما أتيت الرّكن اليمانيّ إلّا وجدت جبرئيل قد سبقني إليه يلتزمه .

١١ - أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن عليّ ، عن ربعيّ ، عن العلاء بن المقعد قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : إنّ الله عزّ وجلّ وكّل بالرّكن اليماني ملكاً هجّيراً يؤمّن على دعائكم .

١٢ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن العلاء بن المقعد قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : إنّ ملكاً موكّلاً بالرّكن اليمانيّ منذ خلق الله السماوات و الأرضين ليس له هجّير إلّا التأمين على دعائكم فلينظر عبد بما يدعو ، فقلت له : ما الهجّير ؟ فقال : كلام من كلام العرب أي ليس له عمل . وفي رواية أُخرى ليس له عمل غير ذلك .

١٣ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية [بن عمّار] ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الرّكن اليمانيّ باب من أبواب الجنّة لم يغلقه الله منذ فتحه .

وفي رواية أُخرى بابنا إلى الجنّة الّذي منه ندخل .

Presented by www.ziaraat.com

١٤ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن عليٍّ بن النعمان ، عن إبراهيم بن سنان ، عن أبي مريم قال : كنت مع أبي جعفر عليه السلام أطوف فكان لا يمرُّ في طواف من طوافه بالرُّكن اليمانيّ إلّا استلمه ثمَّ يقول : اللّهمَّ تب عليَّ حتّى أتوب و اعصمني حتّى لا أعود .

١٥ ـ عدَّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن أبي الفرج السنديِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف معه بالبيت فقال : أيُّ هذا أعظم حرمة؟ فقلت : جعلت فداك أنت أعلم بهذا منّي فأعاد عليَّ فقلت له : داخل البيت ، فقال : الرُّكن اليمانيُّ على باب من أبواب الجنّة مفتوح لشيعة آل محمّد ، مسدود عن غيرهم ، وما من مؤمن يدعو بدعاء عنده إلّا صعد دعاؤه حتّى يلصق بالعرش ، ما بينه و بين الله حجابٌ .

١٦ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنَّ في هذا الموضع ـ يعني حين يجوز الرُّكن اليمانيَّ ـ ملكاً اُعطي سماع أهل الأرض فمن صلّى على رسول الله صلى الله عليه وآله حين يبلغه أبلغه إيّاه .

١٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليٍّ ـ أو غيره ـ عن حمّاد ابن عثمان قال : كان بمكّة رجل مولى لبني اُميّة يقال له : ابن أبي عوانة له عنادة و كان إذا دخل إلى مكّة أبو عبدالله عليه السلام أو أحدٌ من أشياخ آل محمّد عليهم السلام يعبث به و إنّه أتى أبا عبدالله عليه السلام وهو في الطواف فقال : يا أبا عبدالله ما تقول في استلام الحجر ؟ فقال : استلمه رسول الله صلى الله عليه وآله فقال له : ما أراك استلمته ، قال : أكره أن اُوذي ضعيفاً أو أتأذّى قال : فقال : قد زعمت أنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله استلمه ؟ قال : نعم ولكن كان رسول الله صلى الله عليه وآله إذا رأوه عرفوا له حقّه وأنا فلا يعرفون لي حقّي .

١٨ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليِّ ، عن السكونيِّ ، عن جعفر ، عن آبائه عليهم السلام أنَّ عليّاً صلوات الله عليه سئل كيف يستلم الأقطع الحجر ، قال : يستلم الحجر من حيث القطع فإن كانت مقطوعة من المرفق استلم الحجر بشماله .

١٩ ـ محمّد بن يحيى ، عمّن ذكره ، عن محمّد بن جعفر النوفليّ ، عن إبراهيم بن عيسى عن أبيه ، عن أبي الحسن عليه السلام أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله طاف بالكعبة حتّى إذا بلغ الرّكن اليمانيّ رفع رأسه إلى الكعبة ثمّ قال : « الحمد لله الّذي شرّفك وعظّمك و الحمد لله الّذي بعثني نبيّاً وجعل عليّاً إماماً ، اللّهمّ اهد له خيار خلقك وجنّبه شرار خلقك » .

باب ۱۲۲

طوافِ واستلامِ ارکان

۱۔ فرمایا خانۂ کعبہ کا طواف سات بار کرو اور طواف میں کہو۔
یا اللہ میں تیرے اس نام سے سوال کرتا ہوں جس کی برکت سے پانی میں اور نا ہموار زمین چلتے ہیں اور اس نام سے سوال کرتا ہوں جو عرش کو حرکت دیتا ہے اور عرش اس سے تجھ سے ملتا ہے اور سوال کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے ملائکہ وجد میں آتے ہیں اور دعا کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے موسیٰؑ نے طور پر دعا کی تھی اور تو نے اس کو قبول کیا اور ان پر رحمت نازل کی اور دعا کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے تو نے محمد مصطفیٰؐ کے اگلے پچھلے گناہ معاف کیے اور نعمتوں کو ان پر تمام کیا۔ میرے ساتھ ایسا ایسا کر جو کچھ میری دعا سے تو پسند کرے اور جب دروازۂ کعبہ پہنچے تو درود بھیج نبی پر اور ان کی آل پر اور رکن یمانی اور حجرۂ اسود کے درمیان کہے۔ اے ہمارے رب دنیا و آخرت دونوں میں نیکی دے اور عذاب دوزخ سے بچا اور طواف میں کہو یا اللہ میں تیری بارگاہ کا فقیر ہوں تجھ سے خائف ہوں اور تیری پناہ چاہنے والا میرا جسم متغیر نہ کرنا اور میرے نام کو نہ بدلنا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا میرے والد ماجد جب پرنالۂ کعبہ کے سامنے آتے تو کہتے یا اللہ میری گردن نار سے آزاد کر اور اپنے رزق حلال کو میرے اوپر زیادہ کر اور فاسق جن و انس کے شر کو مجھ سے دور رکھ اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل کر۔ (ضم)

۳۔ میں نے کہا میں نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن سوائے محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنے کے میں نے کوئی دعا نہیں پڑھی اسی طرح سعی کی فرمایا تمہیں سب سے بہتر اس کی جزا ملے گی۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا میں حجر اسود کے مقابل جا کر میں کیا کہوں فرمایا تکبیر کہو محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجو راوی کہتا ہے میں نے سنا کہ جب آپ حجر کے پاس آئے تو فرمایا اللہ اکبر اور سلام ہو رسول اللہ پر۔ (م)

۵۔ حضرت میزاب تک پہنچنے سے پہلے جب حجر کے پاس آئے تو آپ نے سر اٹھا کر فرمایا یا اللہ اپنی رحمت سے مجھے جنت میں

Presented by www.ziaraat.com

داخل کر اور آپ میزاب کی طرف دیکھتے جاتے تھے اور مجھے نار دوزخ سے پناہ دے اور بیماری سے بچا اور رزق حلال میں زیادتی کر اور فاسق جن و انسان اور عرب و عجم کے شر سے بچائے۔ (ص)

۶۔ میں نے حضرت سے سنا جب آپ پشت کعبہ کی طرف آئے تو یہ دعا کی۔ اے صاحب احسان و طاقت حمد و کرم میرا عمل کمزور ہے اسے زیادہ کر اور مجھ سے قبول کر بے شک تو سمیع و علیم ہے (حسن)

۷۔ فرمایا مستحب ہے یہ کہنا رکن و حجر کے درمیان یا اللہ مجھے دنیا و آخرت میں نیکی دے اور عذاب نار سے بچائے فرمایا کہ اس کا ملک موکل آمین کہتا ہے۔ (ص)

۸۔ فرمایا کہ رسول اللہ استلام نہیں کرتے تھے مگر حجر اسود اور رکن یمانی کا پھر ان دونوں کو بوسہ دیتے اور اپنا رخسارہ اس پر رکھتے، میرے والد بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (موثق)

۹ فرمایا میں طواف کر رہا تھا کہ ایک شخص کو یہ کہتے سنا کہ کیا بات ہے کہ ان دونوں رکنوں کا استلام کرتے ہیں اور ان دو کا نہیں کرتے ہیں نے کہا حضرت رسول اللہ انہی دو کا استلام کرتے تھے پس تم بھی ان دو سے تعرض نہ کرو جبکہ رسول اللہ نے نہیں کیا۔ جمیل کہتا ہے میں نے دیکھا کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام تمام ارکان کا استلام کرتے تھے (م)

۱۰۔ فرمایا راوی نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کے ساتھ طواف کر رہا تھا جب آپ حجر کے پاس پہنچے تو آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا اور بوسہ دیا اور جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو اس سے چمٹ گئے میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں آپ نے حجر کو تو اپنے ہاتھ سے مس کیا اور رکن یمانی کو چمٹ گئے فرمایا رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ جب میں رکن یمانی کے پاس آیا تو جبرئیل نے مجھ سے آگے بڑھ کر اسے اپنے سے لپٹایا۔ (م)

۱۱۔ فرمایا حضرت نے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو رکن یمانی پر معین کیا ہے جو اس سے لپٹا ہوا ہے اور تمہاری دعاؤں پر آمین کہتا ہے۔ (موثق)

۱۲۔ فرمایا حضرت نے اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو رکن یمانی پر معین کیا ہے جب سے اس نے آسمان و زمین کو خلق فرمایا ہے اس کا کام صرف یہ ہے کہ وہ صرف تمہاری دعاؤں پر آمین کہے لہٰذا بندہ کو سوچ سمجھ کر دعا کرنی چاہیے۔ میں نے کہا ہجر کیا ہے فرمایا یہ ایک کلام ہے کلام عرب سے یعنی اس کا کوئی عمل نہیں۔ (حسن)

۱۳۔ فرمایا رکن یمانی ایک دروازہ ہے جنت کے دروازوں سے جب سے خدا نے اسے کھولا ہے بند نہیں کیا اور ایک روایت میں ہے وہ ہمارا دروازہ ہے جنت کی طرف جس سے ہم داخل ہوں گے (حسن)

۱۴۔ میں امام باقر علیہ السلام کے ساتھ تھا حضرت ہر طواف میں جب رکن یمانی کی طرف سے گزرتے تو اس سے لپٹ جاتے پھر فرماتے یا اللہ جب میں توبہ کروں میری توبہ قبول کر اور بچا مجھے جب میں نہ لوٹوں۔ (ض)

۱۵۔ میں حضرت کے ساتھ طواف کر رہا تھا فرمایا خدا کی قسم یہ بڑی حرمت والا ہے میں نے کہا میں آپ کے فدا ہوں آپ اس کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں اس کا حضرت نے پھر اعادہ فرمایا میں نے کہا کیا اس سے داخل بیت مراد ہے فرمایا

Presented by www.ziaraat.com

رکن یمانی مراد ہے جو جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جو کھلا ہوا ہے شیعان آل محمدؑ کے لئے نہ کہ ان کے غیر پر، جو بندۂ مومن اس کے پاس دعا کرتا ہے اس کی دعا عرش تک پہنچتی ہے اور اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں رہتا۔ (ضـ)

۱۶۔ فرمایا یہ ہے وہ جگہ یعنی جب رکن یمانی کسی فرشتہ کو گزرتا پاتا ہے تو جو اہل ارض سے سنتا ہے وہ لے لیتا ہے پس جو محمد و آل محمد پر درود بھیجتا ہے اور اس تک پہنچتا ہے تو وہ اس فرشتہ تک پہنچاتا ہے۔ (حسن)

۱۷۔ مکہ میں ایک شخص ابن ابی عوانہ نامی رہتا تھا جو بنی امیہ کا غلام تھا جبکہ ہیں امام جعفر صادق علیہ السلام یا آل محمد میں سے کوئی [illegible] مس آتے تو ان سے بحث کرتا وہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا جبکہ آپ طواف میں تھے کہنے لگا۔ اے ابو عبد اللہ آپ استلام حجر اسود کے متعلق کیا کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ نے اس کا استلام کیا اس نے کہا میں نے آپ کو تو استلام کرتے نہیں دیکھا۔ فرمایا میں نے اچھا نہ سمجھا کہ کسی کمزور کو ایذا دوں یا ایذا پاؤں اس نے کہا رسول اللہ تو استلام کرتے تھے فرمایا لیکن ان کا حق پہچانتے تھے اور میں ہوں کہ لوگ میرا حق نہیں پہچانتے۔

۱۸۔ میں نے کہا جس کا ہاتھ کٹ گیا ہو وہ استلام کیسے کرے۔ فرمایا اگر کہنی سے کٹ گیا ہے تو بائیں ہاتھ سے کرے۔ (ضـ)

۱۹۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے کعبہ کا طواف کیا جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو کعبہ کی طرف سر اٹھا کر فرمایا حمد ہے اس کی جس نے مجھے نبی اور علی کو امام بنایا یا اللہ اس کی طرف نیک بندوں کو بھیج اور شریر بندوں سے اسے بچا (مرسل)

﴿باب ۱۲۳﴾

☆(الملتزم و الدعاء عنده)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن العلاء بن رزين ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قلت له : من أين أستلم الكعبة إذا فرغت من طوافي ؟ قال : من دبرها .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصّباح الكنانيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن استلام الكعبة فقال : من دبرها .

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا كنت في الطواف السابع فائت المتعوَّذ وهو إذا قمت في دبر الكعبة حذاء الباب فقل : « اللّهمَّ البيت بيتك و

Presented by www.ziaraat.com

العبد عبدك و هذا مقام العائذ بك من النّار ، اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج ، ثمّ استلم الرّكن اليمانيّ ثمّ ائت الحجر فاختم به .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه كان إذا انتهى إلى الملتزم قال لمواليه : أميطوا عنّي حتّى أقرّ لربّي بذنوبي في هذا المكان فإنّ هذا مكان لم يقرّ عبد لربّه بذنوبه ثمّ استغفر الله إلّا غفرالله له .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : إذا فرغت من طوافك وبلغت مؤخّر الكعبة ـ وهو بحذاء المستجار دون الرّكن اليمانيّ بقليل ـ فابسط يديك على البيت وألصق بطنك وخدّك بالبيت و قل : « اللّهمّ البيت بيتك والعبد عبدك وهذا مكان العائذ بك من النّار » ثمّ أقرّ لربّك بما عملت فإنّه ليس من عبد مؤمن يقرّ لربّه بذنوبه في هذا المكان إلّا غفرالله له إن شاء الله و تقول : « اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج والعافية ، اللّهمّ إنّ عملي ضعيف فضاعفه لي و اغفرلي ما اطلعت عليه منّي وخفي على خلقك » ثمّ تستجير بالله من النّار و تخيّر لنفسك من الدّعاء ثمّ استلم الرّكن اليمانيّ ثمّ ائت الحجر الأسود .

باب ۱۳۲

ملتزم اور اس کے قریب دعا

۱۔ میں نے پوچھا جب میں طواف کر چکوں تو استلام کہاں سے کروں فرمایا پیچھے کی طرف سے ۔ (ح)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے ۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا جب تم ساتویں طواف میں ہو اور کعبہ کے پیچھے آؤ دروازہ کے مقابل تو کہو

اللّهمّ البيت بيتك و العبد عبدك و هذا مقام العائذ بك من النّار ، اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج

یا اللہ گھر تیرا ہی گھر ہے اور بندہ

تیرا بندہ ہے اور یہ جگہ ہے تجھ سے پناہ مانگنے کی دوزخ سے یا اللہ تیری طرف سے رُوح ہے فرحت ہے اس کے بعد رکن یمانی کا استلام کرے پھر حجر کے پاس آکر ختم کرے۔ (م)

۴۔ حضرت جب ملتزم کے پاس آتے تو اپنے غلاموں سے فرماتے میرے پاس سے ہٹ جاؤ تاکہ میں اپنے رب کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کروں اس جگہ، یہ وہ جگہ ہے کہ جس بندہ نے اپنے رب کے سامنے اقرار گناہ کیا اللہ نے اس کا گناہ بخش دیا۔ (حسن)

۵۔ فرمایا جب تم طواف سے فارغ ہو اور کعبہ کے موخر حصہ میں پہنچو جو مستجار کے مقابل ہے رکن یمانی کے علاوہ کچھ دور، پس اپنے ہاتھ کعبہ پر پھیلاؤ اور اپنا بدن اور رخسارے اس سے لگاؤ اور کہو

«اللّهمّ البيت بيتك والعبد عبدك وهذا مكان العائذ بك من النّار

یا اللہ گھر تیرا گھر ہے اور بندہ تیرا بندہ ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں بندہ نار دوزخ سے تیری پناہ چاہتا ہے پھر اپنے رب کے سامنے جو گناہ کئے ہیں ان کا اقرار کرو جو بندہ مومن ایسا کرے گا اللہ اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے انشاء اللہ اور کہو

اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج والعافية، اللّهمّ إنّ عملي ضعيف فضاعفه لي واغفرلي ما اطلعت عليه منّي وخفي على خلقك »

یا اللہ تیری طرف سے راحت ہے فرحت ہے عافیت ہے یا اللہ میرا عمل کمزور ہے اسے زیادہ کر اور مجھے بخش دے تو میرے ہر عمل پر مطلع ہے اور تیری مخلوق سے پوشیدہ ہے پھر نار دوزخ سے پناہ مانگ اور اپنے نفس کے لئے دعا کر پھر استلام رکن یمانی کر پھر حجر اسود کے پاس آ۔ (حسن)

باب ۱۲۴

(فضل الطواف)

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن أبي عبدالله، عن الحسن بن يوسف، عن ذكريّا المؤمن، عن عليّ بن ميمون الصائغ قال: قدم رجل على عليّ بن الحسين عليهما السلام

فقال : قدمت حاجاً ؟ فقال : نعم ، فقال : أتدري ما للحاج ؟ قال : لا ، قال : من قدم حاجاً وطاف بالبيت وصلّى ركعتين كتب الله له سبعين ألف حسنة ومحى عنه سبعين ألف سيّئة و رفع له سبعين ألف درجة وشفّعه في سبعين ألف حاجة و كتب له عتق سبعين ألف رقبة قيمة كلّ رقبة عشرة آلاف درهم .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر اليماني عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان أبي يقول : من طاف بهذا البيت اُسبوعاً وصلّى ركعتين في أيّ جوانب المسجد شاء كتب الله له ستّة آلاف حسنة ومحى عنه ستّة آلاف سيّئة ورفع له ستّة آلاف درجة و قضى له ستّة آلاف حاجة ، فما عجّل منها فبرحمة الله وما أخّر منها فشوقاً إلى دعائه .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عمّن أخبره ، عن العبد الصالح عليه السلام قال : دخلت عليه وأنا اُريد أن أسأله عن مسائل كثيرة فلمّا رأيته عظم عليّ كلامه فقلت له : ناولني يدك أو رجلك اُقبّلها فناولني يده فقبّلتها فذكرت [قول] رسول الله صلى الله عليه وآله فدمعت عيناي فلمّا رآني مطأطئاً رأسي قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : ما من طائف يطوف بهذا البيت حين تزول الشمس حاسراً عن رأسه حافياً يقارب بين خطاه ويغضّ بصره ويستلم الحجر في كلّ طواف من غير أن يؤذي أحداً ولا يقطع ذكر الله عزّ وجلّ عن لسانه إلّا كتب الله عزّ وجلّ له بكلّ خطوة سبعين ألف حسنة ومحى عنه سبعين ألف سيّئة ورفع له سبعين ألف درجة وأعتق عنه سبعين ألف رقبة ثمن كلّ رقبة عشرة آلاف درهم وشفّع في سبعين من أهل بيته وقضيت له سبعون ألف حاجة إن شاء فعاجله و إن شاء فآجله .

باب ۱۲۲

فضیلت طواف

۱۔ ایک شخص علی بن الحسین علیہ السلام کے پاس آیا آپ نے اس سے پوچھا کیا تم حج کو آئے ہو اس نے کہا ہاں فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ حج کا کیا ثواب ہے اس نے کہا نہیں، فرمایا جو حج کے لئے آئے اور طواف بیت کرے اور دو رکعت نماز

Presented by www.ziaraat.com

پڑھے تو اللہ اس کے نام پر ستر ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور ستر ہزار برائیاں محو کرتا ہے اور ستر ہزار درجات بلند کرتا ہے اور ستر ہزار حاجتیں بر لاتا ہے اور ستر ہزار ایسے غلام آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے جس میں ایک غلام کی قیمت دس ہزار درہم ہو۔ (ض)

۲۔ فرمایا میرے والد ماجد نے فرمایا ہے جو اس گھر کے سات طواف کرے اور دو رکعت نماز مسجد کے کسی جانب پڑھے اللہ اس کے لئے چھ ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور چھ ہزار گناہ محو کرتا ہے اور چھ ہزار درجے بلند کرتا ہے اور چھ ہزار حاجتیں بر لاتا ہے پس جلدی کی جائے اللہ کی رحمت کے لئے اور زیادہ دیر ٹھہرا جائے شوق دعا میں (حسن)

۳۔ میں ایک دن امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ چند مسائل دریافت کروں جب میں نے حضرت کو دیکھا تو ان کے کلام کی عظمت میرے دل میں قائم ہوئی۔ میں نے کہا اپنا ہاتھ یا پیر اٹھائیے تاکہ میں بوسہ دوں، حضرت نے ہاتھ بڑھایا میں نے بوسہ دیا پھر میں نے قول رسول ذکر کیا۔ میری آنکھوں میں آنسو تھے اور سر جھکا ہوا تھا حضرت نے فرمایا رسول اللہ نے فرمایا ہے جو اس گھر کا طواف کرے اس طرح کہ ننگے سر اور ننگے پیر ہو اور پاس پاس قدم رکھے اور آنکھیں جھکائے ہو اور ہر طواف میں استلام حجر کرے بغیر اس کے کہ کسی کو ایذا دے اور اپنی زبان پر ذکر خدا برابر جاری رکھے تو اللہ اس کے ہر قدم پر ستر ہزار حسنہ لکھتا ہے اور ستر ہزار گناہ محو کرتا ہے اور ستر ہزار درجے بلند کرتا ہے اور ستر ہزار ایسے غلاموں کو آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے جبکہ ہر غلام کی قیمت دس ہزار درہم ہوں اور شفاعت کرتا ہے اس کے خاندان کے ستر آدمیوں کے لئے ان کی ستر حاجتیں بر لاتا ہے خواہ جلد یا بدیر۔ (مرسل)

﴿ باب ۱۲۵ ﴾

[(ان الصلاة والطواف ايهما افضل)]

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من أقام بمكّة سنة فالطواف أفضل له من الصلاة ومن أقام سنتين خلط من ذا ومن ذا ومن أقام ثلاث سنين كانت الصلاة أفضل [له من الطواف] .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الطواف لغير أهل مكّة أفضل من الصلاة و الصلاة لأهل مكّة أفضل .

Presented by www.ziaraat.com

۳ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن فضّال ، عن ابن القدّاح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : طواف قبل الحجّ أفضل من سبعين طواف بعد الحجّ .

باب ۱۲۵

صلوٰۃ و طواف دونوں میں کیا افضل ہے

۱۔ فرمایا جو اقامت کرے مکہ میں ایک سال تو اس کا طواف نماز سے افضل ہوگا اور جو دو سال قیام کرے تو برابر صورت ہوگی اور جو تین سال قیام کرے تو نماز افضل ہوگی (حسن)

۲۔ فرمایا جو لوگ ساکن مکہ نہیں ان کا طواف نماز سے افضل ہے اور اہل مکہ کی نماز افضل ہے۔ (حسن)

۳۔ فرمایا طواف قبل حج افضل ہے ستر طوافوں سے بعد حج۔ (ض)

﴿ باب ۱۲۶ ﴾

✿(حد موضع الطواف)✿

۱ ـ محمّد بن يحيى ؛ وغيره ، عن محمّد بن أحمد ، عن محمّد بن عيسى ، عن ياسين الضرير عن حريز بن عبدالله ، عن محمّد بن مسلم قال : سألته عن حدّ الطواف بالبيت الّذي من خرج منه لم يكن طائفاً بالبيت ، قال : كان الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله يطوفون بالبيت والمقام وأنتم اليوم تطوفون ما بين المقام وبين البيت فكان الحدّ موضع المقام اليوم فمن جازه فليس بطائف والحدّ قبل اليوم واليوم واحد قدر ما بين المقام و بين البيت من نواحي البيت كلّها فمن طاف فتباعد من نواحيه أبعد من مقدار ذلك كان طائفاً بغير البيت بمنزلة من طاف بالمسجد لأنّه طاف في غير حدّ ولا طواف له .

باب ۱۲۶

حد موضع طواف

۱۔ میں نے پوچھا حد طواف بیت کے متعلق اس کے لیے جو اس سے نکلے بغیر طواف بیت کے فرمایا عہد رسول میں لوگ طواف

کرتے تھے بیت اور مقام ابراہیم کا اور اب تم طواف کرتے ہو درمیان مقام اور بیت کے۔ پس اب حد ہے جائے مقام جو اس سے تجاوز کرے اس کا حج نہیں اور حد آج سے پہلے کی ہے اور اب مابین مقام و بیت ہے تمام نواحی بیت سے، پس جس نے طواف کیا وہ دور ہوا ایک نواحی سے اور اس کی دوری بقدر اس کے ہوگی اور وہ بیت کا طواف کرنے والا نہ ہوگا بلکہ مسجد الحرام کا طواف کرنے والا ہوگا کیونکہ وہ حد معین کے خلاف طواف کرے گا۔ پس اس کا طواف نہ ہوگا۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۲۷ ﴾

☆(حد المشي في الطواف)☆

۱ - عدةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمد بن عيسى، عن البرقيّ، عن عبد الرَّحمن ابن سيابة قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الطواف فقلت: أسرع وأكثر أو أبطيء؟ قال: مشي بين المشيين.

باب ۱۲۷

طواف میں چلنے کی حد

۱۔ میں نے پوچھا کہ طواف میں تیز دوڑے یا آہستہ چلے فرمایا دونوں کے درمیان چال ہو۔

﴿ باب ۱۲۸ ﴾

☆(الرجل يطوف فتعرض له الحاجة أو العلة)☆

۱ - عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن جميل، عن أبان بن تغلب، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل طاف شوطاً أو شوطين ثمَّ خرج مع رجل في حاجة فقال: إن كان طواف نافلة بنى عليه وإن كان طواف فريضة لم يبن عليه.

۲ - عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن بعض أصحابنا، عن أحدهما عليهما السلام في الرَّجل يحدث في طواف الفريضة وقد طاف بعضه قال: يخرج فيتوضّأ فإن كان

جاز النصف بنى على طوافه وإن كان أقلّ من النصف أعاد الطواف .

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن فضّال عن حمّاد بن عيسى ، عن عمران الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه‌السلام عن رجل طاف بالبيت ثلاثة أشواط من الفريضة ثمَّ وجد خلوة من البيت فدخله كيف يصنع ؟ فقال : يقضي طوافه وقد خالف السنّة فليعد طوافه .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ ، عن أبي عبدالله عليه‌السلام قال : إذا طاف الرَّجل بالبيت أشواطاً ثمَّ اشتكى أعاد الطواف ـ يعني الفريضة ـ .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليِّ ابن رئاب ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي الحسن عليه‌السلام في رجل طاف طواف الفريضة ثمَّ اعتلَّ علّة لا يقدر معها على تمام الطواف ، فقال : إن كان طاف أربعة أشواط أمر من يطوف عنه ثلاثة أشواط فقد تمَّ طوافه وإن كان طاف ثلاثة أشواط ولا يقدر على الطواف فإنَّ هذا ممّا غلب الله عليه فلا بأس بأن يؤخّر الطواف يوماً و يومين فإن خلّته العلّة عاد فطاف أُسبوعاً وإن طالت علّته أمر من يطوف عنه أُسبوعاً ويصلّي هو ركعتين ويسعى عنه وقد خرج من إحرامه وكذلك يفعل في السعي و في رمي الجمار .

٦ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن الحكم ، عن عليِّ بن عبد العزيز ، عن أبي عزَّة قال : مرَّ بي أبو عبدالله عليه‌السلام وأنا في الشوط الخامس من الطواف فقال لي : انطلق حتّى نعوده ههنا رجلاً . فقلت له : إنّما أنا في خمسة أشواط فأتمُّ أُسبوعي قال : اقطعه و احفظه من حيث تقطع حتّى تعود إلى الموضع الّذي قطعت منه فتبني عليه .

٧ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع ، عن أبي إسماعيل السرَّاج ، عن سكين بن عمّار ، عن رجل من أصحابنا يكنّى أبا أحمد قال : كنت مع أبي عبدالله عليه‌السلام في الطواف يده في يدي إذ عرض لي رجل له إليَّ حاجة فأومأت إليه بيدي فقلت له : كما أنت حتّى أفرغ من طوافي ، فقال لي أبو عبدالله عليه‌السلام : ما هذا ؟ قلت : أصلحك الله

Presented by www.ziaraat.com

رجل جاءني في حاجة ، فقال لي : مسلم هو ؟ قلت : نعم ، فقال لي : اذهب معه في حاجته ، فقلت له : أصلحك الله فأقطع الطواف ؟ فقال : نعم ، قلت : و إن كنت في المفروض ؟ قال : نعم وإن كنت في المفروض ؛ قال : وقال أبوعبدالله عليه السلام : من مشى مع أخيه المسلم في حاجته كتب الله له ألف ألف حسنة و محى عنه ألف ألف سيئة ورفع له ألف ألف درجة .

باب ۱۲۸

اگر طواف میں کوئی حاجت یا بیماری ہو

۱۔ پوچھا اس شخص کے بارے میں جس نے طواف کا ایک چکر یا دو لگانے کے بعد وہ ایک شخص کے ساتھ کسی ضرورت سے باہر نکلے۔ فرمایا اگر طواف نافلہ تھا تو بقیہ شوط پورا کرے اور اگر فریضہ تھا تو شروع سے کرے۔ (حسن)

۲۔ کسی نے پوچھا اگر طواف فریضہ میں حدث صادر ہو جائے فرمایا باہر آجائے اور وضو کرے اگر نصف سے زیادہ طواف کر چکا تھا تو باقی اور کر لے اور اگر نصف سے کم تھے تو از سر نو طواف کرے (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ میں سے تین شوط کیے تھے کہ اسے بیت اللہ خالی نظر آیا وہ اس میں داخل ہو گیا فرمایا طواف کا اعادہ کرے۔ (موثق)

۴۔ اگر طواف فریضہ میں چند شوط کے بعد کوئی شکایت پیدا ہو تو طواف کا اعادہ کرے۔ (حسن)

۵۔ پوچھا ایک شخص طواف فریضہ کر رہا تھا کہ بیمار ہو گیا اور اس قابل نہ رہا کہ طواف پورا کرے۔ فرمایا اگر چار شوط کر لئے تھے تو کسی سے کہے کہ اس کی طرف سے تین شوط کرے اس طرح اس کا طواف پورا ہو جائے گا اور اگر تین شوط کیے ہیں اور طواف پر قادر نہیں تو چونکہ یہ اللہ کی طرف رکاوٹ ہے لہذا کوئی مضائقہ نہیں، اگر ایک یا دو روز تاخیر سے بجالائے اگر بیماری دور ہو جائے تو اعادہ کرے اور سات شوط کرے اور بیماری اگر طول پکڑ جائے تو کسی اور سے طواف کرنے کو کہے اسے چاہیئے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور اس کی طرف سے سعی کرے احرام کے ساتھ اسی طرح رمی الجمرات کرے۔ (ض)

۶۔ حضرت میری طرف سے گزرے جبکہ میں طواف کا پانچواں شوط کر رہا تھا فرمایا چلے آؤ تاکہ یہاں سے دوسرے شخص کو لوٹاؤ۔ میں نے کہا میں پانچواں شوط کر رہا ہوں سات پورے ہو جانے دیجیے۔ فرمایا قطع کرو اور یاد رکھو جہاں سے قطع کیا ہے تاکہ واپس آکر وہیں سے شروع کرو اور پہلے پر بنا رکھو (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

۷۔ میں حضرت کے ساتھ طواف میں تھا حضرت کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا کہ ایک شخص میرے سامنے آیا جس کی کوئی حاجت تھی میں نے کہا ٹھہرو تا کہ میں طواف سے فارغ ہو جاؤں حضرت نے پوچھا کیا معاملہ ہے میں نے کہا اس کی مجھ سے کوئی حاجت ہے فرمایا کیا یہ کوئی مسلمان ہے میں نے کہا ہاں، فرمایا تو اس کے ساتھ حاجت پوری کرنے جاؤ۔ میں نے کہا تو کیا میں طواف قطع کر دوں فرمایا ہاں میں نے کہا چاہے طواف فریضہ ہو، فرمایا ہاں چاہے طواف فریضہ ہو اور حضرت نے فرمایا جو کوئی بندۂ مسلم کی حاجت براری کو جائے گا اللہ اس کے لئے ہزاروں حسنہ لکھے گا اور ہزاروں گناہ معاف کرے گا اور ہزارہا درجات بلند کرے گا۔

﴿ باب ۲۹ ﴾

(الرجل يطوف فيعيي أو تقام الصلاة أو يدخل عليه وقت الصلاة)

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن شهاب ، عن هشام عن أبي عبد الله عليه السلام أنّه قال في رجل كان في طواف فريضة فأدركته صلاة فريضة قال : يقطع طوافه ويصلّي الفريضة ثمّ يعود ويتمّ مابقي عليه من طوافه .

٢ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبد الرحمن بن الحجّاج ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يكون في الطواف قد طاف بعضه وبقي عليه بعضه فيطلع الفجر فيخرج من الطوف إلى الحجر أو إلى بعض المسجد إذا كان لم يوتر فيوتر ثمّ يرجع إلى مكانه فيتمّ طوافه أفترى ذلك أفضل أم يتمّ الطواف ثمّ يوتر وإن أسفر بعض الإسفار ؟ قال : ابدء بالوتر و اقطع الطواف إذا خفت ذلك ثمّ أتمّ الطواف بعد .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبد الله بن المغيرة ، عن عبد الله سنان قال : سألت أبا عبد الله عليه السلام عن رجل كان في طواف الفريضة فاُقيمت الصلاة ، قال : يصلّي معهم الفريضة فإذا فرغ بنى من حيث قطع .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ بن رئاب قال : قلت لأبي عبد الله عليه السلام : الرّجل يعيى في الطواف أله أن يستريح ؟ قال : نعم يستريح ثمّ يقوم فيبني على طوافه في فريضة أو غيرها و يفعل ذلك في سعيه و جميع

مناسكه .

٥ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن ابن أبي يعفور ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الرّجل يستريح في طوافه فقال : نعم أنا قد كانت توضع لي مرفقة فأجلس عليها .

باب ۱۲۹

وقت طواف وقت نماز آجانا

۱۔ فرمایا اگر کوئی طواف فریضہ کر رہا ہو اور نماز فریضہ کا وقت آجائے تو طواف کو قطع کر کے نماز ادا کرے اس کے بعد جو طواف باقی رہ گیا ہے اسے پورا کرے ۔ (م)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کر لیا ہے اور کچھ باقی ہے کہ صبح طلوع ہونے لگی اور وہ طواف سے باہر آ کر حجر کی طرف یا کسی مسجد کی طرف جبکہ نماز وتر اس نے ادا نہ کی ہو پس ادا کرے پھر اپنی جگہ پر آ کر طواف پورا کرے تو آیا آپ کے نزدیک یہ افضل ہے یا طواف کو ختم کر کے نماز وتر پڑھنا ، فرمایا پہلے وتر پڑھے اور پھر طواف کرے اگر وقت جانے کا خوف ہو نماز کے بعد طواف پورا کرے ۔ (م)

۳۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص طواف فریضہ ادا کر رہا ہے کہ نماز جماعت کے لئے اقامت ہونے لگی فرمایا لوگوں کے ساتھ نماز پڑھے بعد نماز جہاں سے طواف قطع کیا تھا پورا کرے ۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص طواف میں تھک جاتا ہے کیا جائز ہے کہ وہ آرام کرلے۔ فرمایا ہاں کرے پھر جہاں سے چھوٹا ہے طواف بجا لائے گر فریضہ ہو یا نافلہ ، ایسا ہی سعی اور تمام مناسک میں کرے ۔ (م)

۵۔ حضرت سے پوچھا گیا کیا طواف میں وقت تکان آرام کر سکتا ہے فرمایا ہاں ۔ (م)

﴿ باب ۱۳۰ ﴾

☆(السهو في الطواف)☆

١ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف طواف الفريضة فلم يدر ستّة

طاف أم سبعة ، قال : فليعد طوافه،قلت : ففاته ؟ قال : ماأرى عليه شيئاً والاعادةأحبّ إليّ و أفضل .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل لم يدر ستّة طاف أو سبعة ؟ قال : يستقبل .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : سألته ، عمّن طاف بالبيت طواف الفريضة فلم يدرستّة طاف أو سبعة ؟ قال : يستقبل ، قلت : ففاته ذلك ؟ قال : ليس عليه شيء .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل شكّ في طواف الفريضة قال : يعيد كلّما شكّ ، قلت : جعلت فداك شكّ في طواف نافلة ؟ قال : يبني على الأقلّ .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن يحيى الحلبيّ ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي بصير قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بالبيت ثمانية أشواط المفروض ، قال : يعيد حتّى يثبته .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن سماعة ابن مهران ، عن أبي بصير قال : قلت : رجل طاف بالبيت طواف الفريضة فلم يدر ستّة طاف أم سبعة أم ثمانية ؟ قال : يعيد طوافه حتّى يحفظ ، قلت : فإنّه طاف و هو متطوّع ثماني مرّات وهو ناس ؟ قال : فليتمّه طوافين ثمّ يصلّي أربع ركعات فأمّا الفريضة فليعد حتّى يتمّ سبعة أشواط .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن حنان بن سدير قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ما تقول في رجل طاف فأوهم ـ فقال : طفت أربعة أو طفت ثلاثة ـ ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : أيّ الطوافين كان طواف نافلة أم طواف فريضة ؟ قال : إن كان طواف فريضة فليلق ما في يده وليستأنف و إن كان طواف نافلة فاستيقن ثلاثة وهو في شكّ من الرّابع أنّه طاف فليبن على الثلاثة فإنّه يجوز له .

Presented by www.ziaraat.com

٨ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق ابن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجل طاف بالبيت ثمّ خرج إلى الصفا فطاف بين الصفا والمروة فبينا هو يطوف إذ ذكر أنّه قد ترك بعض طوافه بالبيت ؟ قال : يرجع إلى البيت فيتمّ طوافه ثمّ يرجع إلى الصفا والمروة فيتمّ ما بقي .

٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير عن الحسن بن عطيّة قال : سأله سليمان بن خالد و أنا معه عن رجل طاف بالبيت ستّة أشواط ، قال أبوعبدالله عليه السلام : و كيف يطوف ستّة أشواط ؟ قال : استقبل الحجر و قال : الله أكبر و عقد واحداً فقال أبوعبدالله عليه السلام : يطوف شوطاً ، قال سليمان : فإنّه فاته ذلك حتّى أتى أهله قال : يأمر من يطوف عنه .

١٠ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن عليّ بن عقبة ، عن أبي كهمس قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل نسي فطاف ثمانية أشواط ، قال : إن ذكر قبل أن يبلغ الرّكن فليقطعه .

باب ۱۳

طواف میں سہو

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن یہ یاد نہ رہا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات فرمایا طواف کا اعادہ کرے۔ میں نے کہا وہ اگر ختم کر چکا ہو فرمایا اس پر کچھ نہیں لیکن میں اعادہ کو اچھا اور افضل سمجھتا ہوں (م)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کیا مگر اسے شک ہوا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات، فرمایا اسے پورا کرے۔

۳۔ میں نے کہا ایک شخص طواف فریضہ ادا کرتے کرتے بھول گیا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات فرمایا اسے چھ قرار دے کر پورا کرے میں نے کہا اگر ختم کر چکا۔ فرمایا تو کچھ نہیں۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا اگر طواف فریضہ میں کسی کو شک ہو۔ فرمایا جب شک ہو اعادہ کرے۔ میں نے کہا اگر طواف نافلہ میں شک ہو فرمایا کم پر بنا رکھے۔ (ض)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے آٹھ شوط طواف واجب کے کئے فرمایا اعادہ کرے تاکہ طواف درست ہو جائے۔ (م)

۶۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن بھول گیا کہ یہ شوط چھٹا ہے یا ساتواں یا آٹھواں فرمایا اپنے طواف کا اعادہ کرے اور یاد رکھے۔ میں نے کہا اگر طواف نافلہ ہو اور بھول کر آٹھ شوط کرلے فرمایا وہ طواف تمام کرے پھر چار رکعت نماز بجالائے اگر فریضہ ہو تو اعادہ کرے تاکہ سات شوط پورے ہوں۔ (مجہول)

۷۔ میں نے کہا ایک شخص کو طواف میں شک ہوا کہ چوتھا ہے یا تیسرا، فرمایا دو طوافوں میں سے کون سا طواف تھا طواف نافلہ یا طواف فریضہ، اگر طواف فریضہ تھا تو جو کچھ کرچکا ہے اُسے چھوڑے اور پھر سے طواف کرے اور اگر طواف نافلہ ہے تو یقین کرے کہ تیسرا ہے اور اس کے بعد چار طواف اور کرے یہ اس کے لئے جائز ہے (موثق)

۸۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کیا پھر صفا کی طرف گیا اور صفا و مروہ کا طواف اثنائے طواف میں یاد آیا کہ طواف بیت میں کچھ چھوٹ گیا ہے فرمایا وہ پلٹ آئے اور طواف کو پورا کرکے پھر صفا و مروہ کی طرف آئے اور باقی کو پورا کرے (موثق)

۹۔ ایک شخص نے چھ شوط کئے حضرت نے فرمایا وہ ایک اور کرے اس نے کہا وہ ختم کرکے گھر چلا گیا فرمایا کسی سے کہے کہ اس کی طرف سے ایک طواف کردے۔ (حسن)

۱۰۔ میں نے کہا ایک شخص نے بھول کر آٹھ شوط کرلئے۔ فرمایا اگر رکن تک پہنچنے سے پہلے یاد آیا ہے تو اسے قطع کردے۔ (مجہول)

باب ۱۳۱

(الاقران بین الاسابیع)

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن سنان ، عن عبدالله بن مسكان ، عن زرارة قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : إنّما يكره أن يجمع الرَّجل بين الأسبوعين والطوافين في الفريضة فأمّا في النافلة فلابأس .

٢ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن أبي حمزة قال : سألت أباالحسن عليه السلام عن الرَّجل يطوف يقرن بين اُسبوعين فقال : إن شئت رويت لك عن أهل مكّة ؟ قال : فقلت : لا والله مالي في ذلك من حاجة جعلت فداك ولكن ارولي ما أدين الله عزَّ وجلَّ به ، فقال : لاتقرن بين اُسبوعين كلّما طفت اُسبوعاً فصلّ ركعتين و أمّا أنا فربّما قرنت الثلاثة و الأربعة ، فنظرت إليه ؛ فقال : إنّي مع هؤلاء .

۳ ـ أحمد بن محمد ، عن محمد بن أحمد النهدي ، عن محمد بن الوليد ، عن عمر بن يزيد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّما يكره القران في الفريضة فأمّا النّافلة فلا والله ما به بأس .

باب ۱۳

دو طوافوں کو ملانا

۱۔ فرمایا مکروہ ہے کہ کوئی دو طوافوں کو جو فریضہ ہوں بغیر دو رکعت بیچ میں پڑھے ملا دے۔ ہاں طواف نافلہ میں کوئی حرج نہیں۔ (ض)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص طواف کرتا ہے اور دو سات شوطوں کو ملا دیتا ہے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تم سے عمل اہل مکہ بیان کروں میں نے کہا لا واللہ مجھے اس کی ضرورت نہیں، لیکن آپ مجھ سے بیان فرما دیں تاکہ معلوم ہو کہ حکم خدا کیا ہے فرمایا دو سات شوطوں کو مت ملاؤ جب سات شوط پورے کر لو تو دو رکعت نماز پڑھو لیکن ملا دیتا ہوں تین اور چار کو، یہ سن کر میں نے حضرت کی طرف دیکھا۔ فرمایا (مجبوراً) میں ان لوگوں کے ساتھ ہوں (ض)

۳۔ میں نے حضرت سے سنا مکروہ ہے ملانا فریضہ میں لیکن نافلہ میں حرج نہیں۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۳ ﴾

☆(من طاف واختصر في الحجر)☆

۱ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يطوف بالبيت [فاختصر] قال : يقضي ما اختصر من طوافه .

۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من اختصر في الحجر في الطواف فليعد طوافه من الحجر الأسود إلى الحجر الأسود .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۱۳۲

جو طواف کو حجر تک مختصر کردے

۱۔ فرمایا جو بیت کا طواف کرے وہ پورا کرے جو اس نے کم کیا ہے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا جو مختصر کرے طواف حجر میں اس کا اعادہ کرنا چاہیے حجر اسود سے حجر اسود تک۔ (حسن)

﴿ باب ۱۳۳ ﴾

✿(من طاف على غير وضوء)✿

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد ، عن مثنّى ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يطوف على غير وضوء أيعتدُّ بذلك الطواف ؟ قال : لا .

٢ ـ سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن أبي حمزة ، عن أبي جعفر عليه السلام أنّه سئل أينسك المناسك و هو على غير وضوء ؟ فقال : نعم إلّا الطواف بالبيت فإنَّ فيه صلاة .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن علاء بن رزين ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أحدهما عليهما السلام عن رجل طاف طواف الفريضة و هو على غير طهور ، قال : يتوضّأ ويعيد طوافه وإن كان تطوّعاً توضّأ وصلّى ركعتين .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن العمركيِّ بن عليٍّ ، عن عليِّ بن جعفر ، عن أخيه أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن رجل طاف بالبيت وهو جنب فذكر وهو في الطواف قال : يقطع طوافه ولا يعتدُّ بشيء ممّا طاف ؛ و سألته عن رجل طاف ثمَّ ذكر أنّه على غير وضوء قال : يقطع طوافه ولا يعتدُّ به .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۱۳۳

بغیر وضو طواف کرنا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص بغیر وضو طواف کرتا ہے کیا یہ طواف میں شمار ہوگا۔ فرمایا نہیں۔ (م ض)

۲۔ پوچھا گیا کیا مناسک حج بے وضو ادا کر سکتے ہیں فرمایا ہاں سوائے طواف بیت کے کہ اس میں نماز ہے (م ض)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص طواف بے وضو ادا کرتا ہے فرمایا وضو کر کے طواف کا اعادہ کرے اور اگر طواف نافلہ ہے تو وضو کرے دو رکعت نماز نافلہ پڑھے۔ (ح)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص نے بحالت جنابت طواف بیت کیا اور طواف میں ذکر کیا فرمایا وہ طواف کو قطع کرے اس کو کسی شمار میں نہ لایا جائے۔ میں نے کہا اگر کسی کو اثنائے طواف یاد آئے کہ اس نے وضو نہیں کیا ہے۔ فرمایا طواف قطع کرے وہ کسی شمار میں نہیں (ح)

﴿باب ۱۳۴﴾

﴿من بدأ بالسعي قبل الطواف أو طاف و أخر السعي﴾

١ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجلٌ طاف بالكعبة ثمّ خرج فطاف بين الصّفا والمروة فبينما هو يطوف إذ ذكر أنّه قد ترك من طوافه بالبيت قال : يرجع إلى البيت فيتمّ طوافه ثمّ يرجع إلى الصفا والمروة فيتمّ مابقي ، قلت : فإنّه بدء بالصفا والمروة قبل أن يبدء بالبيت ؟ فقال : يأتي البيت فيطوف به ثمّ يستأنف طوافه بين الصفا والمروة ، قلت : فما فرق بين هذين ؟ قال : لأنّ هذا قد دخل في شيء من الطواف وهذا لم يدخل في شيء منه .

٢ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بين الصفا والمروة قبل أن يطوف بالبيت ، فقال : يطوف بالبيت ثمّ يعود إلى الصفا والمروة فيطوف بينهما .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن

Presented by www.ziaraat.com

سويد، عن عبدالله بن سنان قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرَّجل يقدم حاجّاً وقد اشتدَّ عليه الحرُّ فيطوف بالكعبة ويؤخّر السعي إلى أن يبرد فقال: لا بأس به وربّما فعلته.

٤ - أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن فضالة بن أيّوب، عن رفاعة قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرَّجل يطوف بالبيت، فيدخل وقت العصر أيسعى قبل أن يصلّي أو يصلّي قبل أن يسعى؟ قال: لا بل يصلّي ثمَّ يسعى.

٥ - محمّد بن يحيى، عن محمّد بن الحسين، عن صفوان بن يحيى، عن العلاء بن رزين قال: سألته عن رجل طاف بالبيت فأعيى أيؤخّر الطواف بين الصفا والمروة إلى غد؟ قال: لا.

باب ۱۳۰

سعی قبل طواف

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے کعبہ کا طواف کیا پھر وہاں سے نکل صفا و مروہ کے درمیان طواف کیا بحالت طواف یاد آیا کہ اس نے طواف بیت نہیں کیا فرمایا وہ بیت کی طرف لوٹ آئے اور اپنا طواف پورا کر کے صفا و مروہ کی طرف جائے اور مابقی کو تمام کرے۔ میں نے کہا اس نے صفا و مروہ سے ابتدا کی قبل بیت فرمایا بیت کی طرف آئے اور طواف کرے پھر صفا و مروہ کے درمیان طواف شروع کرے میں نے کہا ان دونوں میں فرق کیا ہے فرمایا یہ داخل ہو چکا تھا طواف میں اور وہ داخل نہیں ہوا تھا۔ (موثق)

۲۔ فرمایا اگر کوئی قبل طواف بیت صفا و مروہ کا طواف کرے تو اسے پہلے طواف بیت کرنا چاہیے پھر صفا و مروہ کے درمیان طواف کرے۔ (مجہول)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص حج کو آرہا تھا گرمی کا اس پر اثر ہو گیا پس اس نے کعبہ کا طواف تو کر لیا مگر سعی میں گرمی کا اثر زائل ہونے تک تاخیر کی فرمایا کوئی مضائقہ نہیں کبھی میں بھی ایسا کرتا ہوں۔ (ص)

۴۔ میں نے کہا ایک آدمی طواف بیت کر رہا ہے کہ وقت نماز عصر داخل ہو گیا آیا وہ نماز سے پہلے سعی کرے یا سعی سے پہلے نماز پڑھے فرمایا سعی سے پہلے نماز پڑھے۔ (ص)

Presented by www.ziaraat.com

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے بیت کا طواف کیا اور تھک گیا تو کیا وہ کل سعی کر سکتا ہے فرمایا نہیں۔ (م)

﴿باب ۱۳۵﴾

☆(طواف المريض ومن يطاف به محمولاً من غير علة)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن الرَّبيع بن خيثم قال : شهدت أباعبدالله عليه السلام و هو يطاف به حول الكعبة في محمل وهو شديد المرض فكان كلّما بلغ الرُّكن اليمانيَّ أمرهم فوضعوه بالأرض فأخرج يده من كوَّة المحمل حتّى يجرُّها على الأرض ثمَّ يقول : ارفعوني فلمّا فعل ذلك مراراً في كلِّ شوط قلت له : جعلت فداك يا ابن رسول الله إنَّ هذا يشقُّ عليك فقال : إنّي سمعت الله عزَّ وجلَّ يقول : « ليشهدوا منافع لهم » فقلت : منافع الدُّنيا أو منافع الآخرة فقال : الكلُّ .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عبد الرَّحمن بن الحجّاج ومعاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المبطون والكسير يطاف عنهما ويرمى عنهما الجمار .

٣ ـ أبو عليٍّ الأشعريُّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن المريض المغلوب يطاف عنه بالكعبة؟ قال : لا ، ولكن يطاف به .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الصبيان يطاف بهم ويرمى عنهم ، قال : وقال أبو عبدالله عليه السلام : إذا كانت المرأة مريضة لا تعقل يطاف بها أو يطاف عنها .

٥ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر اليمانيِّ عن إسماعيل بن عبدالخالق قال : كنت إلى جنب أبي عبدالله عليه السلام و عنده ابنه عبدالله وابنه الّذي يليه فقال له رجلٌ : أصلحك الله يطوف الرَّجل عن الرَّجل وهو مقيم بمكّة ليس به علّة؟ فقال : لا ، لو كان ذلك يجوز لأمرت ابني فلاناً فطاف عنّي ـ سمّى الأصغر ـ وهما يسمعان .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۱۳۵

طواف مریض

۱۔ میں حاضر خدمت حضرت ابوعبداللہ ہوا آپ محمل میں بیٹھے ہوئے کعبہ کے گرد طواف فرما رہے تھے اور سخت بیمار تھے جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو آپ نے حکم دیا کہ محمل کو زمین پر رکھو پھر آپ نے اپنا ہاتھ محمل کے روشندان سے نکالا اور اس کو زمین پر کھینچا پھر فرمایا مجھے اٹھاؤ جب چند بار ایسا ہی ہر شوط میں ہوا تو میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں یہ تو آپ کے لئے بڑا تکلیف دہ امر ہے فرمایا میں نے سنا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے چاہیئے کہ لوگ حاضر ہوں اپنے منافع کے لیے میں نے کہا منافع دنیا یا منافع آخرت فرمایا دونوں۔

۲۔ فرمایا استسقار کا بیمار اور جس کے اعضاء شکست ہو گئے ہوں ان کی طرف سے دوسرا طواف و رمی جمرات کرے۔ (حسن)

۳۔ میں نے اس مریض کے متعلق جو مرض سے مغلوب ہو پوچھا کہ اس کی طرف سے طواف کیا جائے فرمایا نہیں بلکہ وہ خود کرے۔ (موثق)

۴۔ فرمایا جو عورت مریض ہو اور صاحب عقل کامل نہ ہو تو وہ خود کرے یا اس کی طرف سے کوئی کرے۔ (حسن)

۵۔ میں حضرت کے پہلو میں بیٹھا تھا اور میرے پاس آپ کے فرزند عبداللہ اور دوسرے فرزندان کے پاس بیٹھے تھے۔ ایک شخص نے آکر پوچھا کیا اس شخص کی طرف سے طواف کیا جا سکتا ہے جو مکہ میں مقیم ہو اور اس کو کوئی بیماری بھی نہ ہو فرمایا اگر یہ جائز ہوتا تو میں اپنے بیٹے فلاں کو حکم دیتا کہ وہ میری طرف سے طواف کرے بیٹے کا نام اصغر لیا اور وہ دونوں صاحبزادے سن رہے تھے۔ (حسن)

باب ۱۳۶

(ركعتي الطواف ووقتهما و القراءة فيهما والدعاء)

١ - عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : إذا فرغت من طوافك فائت مقام إبراهيم عليه السلام فصلّ ركعتين واجعله أماماً واقرء في الاُولى منهما سورة التوحيد «قل هو الله أحد» وفي الثانية «قل يا أيّها الكافرون» ثمَّ تشهّد و احمد الله و اثن عليه و صلّ على النبيّ صلى الله عليه وآله و اسأله أن يتقبّل منك و هاتان الركعتان هما الفريضة ليس يكره لك أن تصلّيهما في أيّ الساعات شئت ، عند طلوع

Presented by www.ziaraat.com

الشمس وعند غروبها ولا تؤخّرهما ساعة تطوف وتفرغ فصلّهما .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن الحسين بن عثمان قال : رأيت أبا الحسن موسى عليه السلام يصلّي ركعتي طواف الفريضة بحيال المقام قريباً من ظلال المسجد .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أبا جعفر عليه السلام عن رجل طاف طواف الفريضة وفرغ من طوافه حين غربت الشمس قال : وجبت عليه تلك الساعة الرّكعتان فليصلّهما قبل المغرب .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن إبراهيم بن أبي محمود قال : قلت للرّضا عليه السلام : اُصلّي ركعتي طواف الفريضة خلف المقام حيث هو الساعة أو حيث كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله ؟ قال : حيث هو الساعة .

٥ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق ابن عمّار ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ما رأيت الناس أخذوا عن الحسن والحسين عليهما السلام إلّا الصلاة بعد العصر وبعد الغداة في طواف الفريضة .

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن بعض أصحابنا قال : قال أحدهما عليهما السلام : يصلّي الرّجل ركعتي الطواف طواف الفريضة والنافلة بقل هو الله أحد وقل يا أيّها الكافرون .

٧ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يطوف الطواف الواجب بعد العصر أيصلّي الركعتين حين يفرغ من طوافه قال : نعم أما بلغك قول رسول الله صلى الله عليه وآله : يا بني عبد المطلب لا تمنعوا الناس من الصلاة بعد العصر فتمنعوهم من الطواف .

٨ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن بعض أصحابنا ، عن أبان بن عثمان ، عن زرارة ، عن أحدهما عليهما السلام قال : لا ينبغي أن تصلّي ركعتي طواف الفريضة إلّا عند مقام إبراهيم عليه السلام فأمّا التطوّع فحيث شئت من المسجد .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد بن عثمان ،

Presented by www.ziaraat.com

عن يحيى الأزرق، عن أبي الحسن عليه السلام قال: قلت له: إنّي طفت أربعة أسابيع فأعييت أفأصلّي ركعاتها و أنا جالس؟ قال: لا، قلت: فكيف يصلّي الرّجل إذا اعتلّ و وجد فترة صلاة اللّيل جالساً و هذا لا يصلّي؟ قال: فقال: يستقيم أن تطوف وأنت جالس؟ قلت: لا، قال: فصلّ وأنت قائم.

باب ۱۳۶

دو رکعت طواف ان کا وقت اور ان میں قرأت

۱۔ فرمایا جب تم اپنے طواف سے فارغ ہو جاؤ تو مقام ابراہیم پر آؤ اور دو رکعت نماز پڑھو مقام کو سامنے رکھ کر رکعت اوّل میں سورۂ قل ہو اللہ اور رکعت ثانی میں قل یا ایہا الکافرون، پھر تشہد کے بعد حمد و ثنائے الٰہی کرو اور محمد و آل محمد پر درود بھیجو اور اللہ سے سوال کرو کہ وہ تمہارے عمل کو قبول کرے، یہ دونوں رکعتیں فرض ہیں کوئی مجبوری نہیں، جب چاہو طلوع فجر سے غروب تک پڑھ لو لیکن یہ خیال رہے کہ طواف سے فارغ ہوتے ہی ان کو پڑھا جائے۔ (حسن)

۲۔ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو دیکھا دو رکعت نماز طواف فریضہ کی پڑھتے ہوئے مقام جہاں میں ظلال المسجد کے قریب۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا، ادا کے بعد سورج غروب ہو گیا فرمایا اس پر واجب تھیں دو رکعت جو اسے قبل مغرب پڑھنی چاہیے تھیں۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا طواف میں واجب کی دو رکعت پڑھتا ہوں خلاف مقام اس حیثیت سے کہ وہ وقت ہوتا ہے یا اس حیثیت سے کہ وہ عہد رسولؐ میں تھا فرمایا اس حیثیت سے کہ وہ اس کا وقت ہے۔ (ص)

۵۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے کہ لوگوں نے نہیں لیا امام حسن اور امام حسین علیہم السلام سے مگر بعد نماز عصر اور بعد نماز صبح طواف فریضہ میں۔ (موثق)

۶۔ فرمایا نماز طواف فریضہ ہو یا نافلہ سورۂ قل ہو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون پڑھنی چاہیے (مرسل)

۷۔ میں نے کہا ایک شخص طواف واجب کرتا ہے بعد عصر، کیا وہ دو رکعت طواف سے فارغ ہوتے ہی ادا کرے فرمایا ہاں، کیا تم تک رسول خدا کا یہ کلام نہیں پہنچا، آپ نے فرمایا اے اولاد عبد المطلب لوگوں کو نماز بعد عصر سے منع نہ کرو

Presented by www.ziaraat.com

اور ان کو طواف سے فائدہ اٹھانے دو۔ (حسن)

۸۔ فرمایا طواف فریضہ کی نماز مقام ابراہیم کے پاس پڑھو اور نافلہ طواف کی جس مسجد میں چاہو پڑھ لو۔ (ض)

۹۔ میں نے کہا میں نے سات شوط والے چار طواف کئے اور میں تھک گیا تو کیا ان کی رکعات بیٹھ کر پڑھ لوں فرمایا نہیں، میں نے کہا یہ کیسے جبکہ ایک بیمار آدمی جو سست پڑ گیا ہو نماز شب بیٹھ کر پڑھتا ہے اور یہ نہیں پڑھ سکتا۔ کیا تم طواف بیٹھ کر کر سکتے ہو؟ میں نے کہا نہیں فرمایا تو نماز بھی کھڑے ہو کر پڑھو۔ (ض)

﴿باب ۱۳﴾

(السهو في ركعتي الطواف)

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكنانيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل نسي أن يصلّي الرّكعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام في طواف الحجّ والعمرة ، فقال : إن كان بالبلد صلّى ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام فإنّ الله عزّ وجلّ يقول : «واتّخذوا من مقام إبراهيم مصلّى» وإن كان قد ارتحل فلا آمره أن يرجع

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ و صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجل نسي الركعتين خلف مقام إبراهيم عليه السلام فلم يذكر حتّى ارتحل من مكّة ؛ قال : فليصلّهما حيث ذكر وإذ ذكرهما وهو في البلد فلا يبرح حتّى يقضيهما .

٨ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن النضر بن سويد، عن محمّد بن أبي حمزة، عن بعض أصحابه، عن أبي بصير قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: المرأة تجيء متمتّعة فطمثت قبل أن تطوف بالبيت فيكون طهرها يوم عرفة فقال: إن كانت تعلم أنّها تطهر و تطوف بالبيت و تحلّ من إحرامها و تلحق بالناس فلتفعل.

٩ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن فضالة بن أيّوب عن معاوية بن عمّار قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن امرأة طافت بالبيت ثمّ حاضت قبل أن تسعى، قال: تسعى، قال: وسألته عن امرأة سعت بين الصفا و المروة فحاضت بينهما، قال: تتمّ سعيها.

١٠ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن ابن أبي نجران، عن مثنّى الحنّاط، عن أبي بصير قال: سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول في المرأة المتمتّعة إذا أحرمت وهي طاهر ثمّ حاضت قبل أن تقضي متعتها سعت ولم تطف حتّى تطهر ثمّ تقضي طوافها وقد تمّت متعتها وإن هي أحرمت وهي حائض لم تسع ولم تطف حتّى تطهر.

باب ۱۵

ادائے مناسک میں حائض پر کیا واجب ہے

۱۔ فرمایا جو حج تمتع کرے اگر وہ مکہ میں آنے کے بعد حائض ہو قیام کرے ترویہ تک اگر طاہر ہو جائے تو بیت اللہ کا طواف کرے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور اگر طاہر نہ ہو یوم ترویہ تک تو غسل کرے فرج پر روئی باندھے پھر صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے پھر منیٰ کی طرف جائے جب مناسک پورے کرے اور کعبہ کی زیارت کرے تو

بیت اللہ کا طواف عمرہ کرے۔ پھر طواف حج کرے پھر چلے اور سعی کرے جب یہ کرچکے تو اس کے لئے ہر وہ شے حلال ہوگی جو محرم پر حرام تھی سوائے اپنے شوہر کے فرش پر جانے کے جب سات طواف کرنے تو یہ بھی حلال ہو جائے گا۔ (م)

۲۔ میں نے کہا ایک عورت حج تمتع کے لئے مکہ آئی تو اسے خون آنے لگا۔ فرمایا وہ صفا و مروہ کے درمیان طواف کرے پھر اپنے گھر بیٹھے۔ اگر پاک ہو جائے تو بیت اللہ کا طواف کرے اور اگر طاہرہ نہ ہو تو جب یوم ترویہ آئے تو اپنے اوپر پانی ڈالے اور قصد حج کرے اپنے گھر سے اور منیٰ کی طرف جائے اور کل مناسک ادا کرے جب مکہ آئے تو بیت اللہ کے دو طواف کرے پھر صفا و مروہ میں سعی کرے۔ جب یہ کرچکے تو سوائے شوہر کے پاس جانے کے ہر شے اس پر حلال ہے۔ (ضو)

۳۔ ترجمہ اوپر گزرا (ض)

راوی کہتا ہے کہ میں نے اور عبید اللہ بن صالح نے یہ حدیث مسجد میں سنی عبید اللہ امام رضاؑ کی خدمت میں آیا اس نے میری طرف آکر کہا میں نے امام علیہ السلام سے روایت عجلان (سابقہ نمبر ۲) کے متعلق پوچھا۔ آپ نے وہی فرمایا جو روایت عجلان میں ہے۔

۴۔ میں نے کہا حج تمتع کرنے والی ایک عورت نے طواف کیا اس کے بعد اسے حیض آنے لگا فرمایا وہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور پورا کرے تمتع کو۔ (ض)

۵۔ حضرت نے فرمایا تمتع والی عورت اگر احرام بحالت طہارت باندھے۔ پھر تمتع سے پہلے حیض آنے لگے تو وہ سعی کرے اور پاک ہونے تک طواف نہ کرے، پھر طواف کرے عمرہ پورا ہوگیا اور اگر احرام کے ساتھ ہی حیض آئے تو سعی نہ کرے اور طہارت سے پہلے طواف نہ کرے۔ (مرسل)

۶۔ فرمایا جب عورت عمرہ کررہی ہو اور اسے حیض آنے لگے طواف سے پہلے تو وہ سعی کرے اور مناسک میں موجود رہے جب طاہر ہو جائے اور حج سے لوٹے تو ادا کرے طواف عمرہ اور طواف حج اور طواف نساء بس ہر شے اس کے لئے حلال ہے۔ (م)

۷۔ فرمایا تمتع والی عورت اگر طواف سے قبل حائض ہو تو وہ لوگوں کے ساتھ منیٰ کی طرف جائے گویا یہ اس کا عمرہ اور حج نہیں، اسے ایک طواف عمرہ کا اور ایک طواف حج کا کرنا چاہیئے۔ (مرسل)

۸۔ میں نے کہا ایک عورت تمتع کے لئے آئی اور وہ طواف بیت سے پہلے حائض ہوگئی اور اس کا طہر یوم عرفہ ہوگا فرمایا اگر وہ اپنے طہر کو جانتی ہے تو کعبہ کا طواف کرے اور اپنا احرام ختم کرے اور لوگوں سے مل جائے اسے یہی کرنا چاہیئے (مرسل)

۹۔ میں نے کہا ایک عورت نے بیت کا طواف کیا۔ پھر سعی سے قبل حائض ہوگئی فرمایا سعی کرے، میں نے کہا جو عورت صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے حائض ہو جائے فرمایا اپنی سعی کو تمام کرے۔ (م)

۱۰۔ فرمایا جو متمتع عورت بحالت طہارت احرام باندھے پھر حیض آنے لگے قبل تمتع پورا کرنے کے تو سعی تو کرلے لیکن طاہر ہونے

Presented by www.ziaraat.com

تک کعبہ کا طواف نہ کرے پاک ہونے پر طواف کرے تو اس کا تمتع پورا ہوا اور طہارت سے پہلے طواف نہ کرے۔ (رض)

﴿باب ۵﴾

☆(المرأة تحيض بعد ما دخلت في الطواف)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكنانيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن امرأة طافت بالبيت في حجّ أو عمرة ثمّ حاضت قبل أن تصلّي الرّكعتين ، قال : إذا طهرت فلتصلّ ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام وقد قضت طوافها .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحسن ، عن عليّ بن أبي حمزة ؛ ومحمّد بن زياد ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا حاضت المرأة وهي في الطّواف بالبيت أو بين الصفا والمروة فجازت النصف فعلمت ذلك الموضع فإذا طهرت رجعت فأتمّت بقيّة طوافها من الموضع الّذي علمته فإن هي قطعت طوافها في أقلّ من النصف فعليها أن تستأنف الطّواف من أوّله .

٤ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن ابن مسكان ، عن إسحاق بيّاع اللّؤلؤ قال : أخبرني من سمع أباعبدالله عليه السلام يقول : المرأة المتمتّعة إذا طافت بالبيت أربعة أشواط ثمّ رأت الدّم فمتعتها تامّة .

باب ۵

طواف میں حیض آنا

۱۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے اس عورت کے متعلق پوچھا جس نے حج یا عمرہ کا طواف کیا پھر حائض ہوگئی قبل اس کے کہ دو رکعت نماز طواف پڑھے فرمایا جب طاہر ہو جائے تو مقام ابراہیم کے پاس دو رکعت نماز پڑھے بس اس کا طواف پورا ہوگیا

۲۔ فرمایا عورت طواف بیت کر رہی ہو یا صفا و مروہ کے درمیان ہو اور نصف کر چکی ہو اور اسے معلوم ہو وہ جگہ تو پاک ہونے کے بعد وہاں آئے اور بقیہ طواف پورا کرے جہاں سے اسے حیض کا علم ہوا تھا پس اگر اس نے طواف کو نصف

اوّل میں قطع کیا تھا تو اسے چاہیے کہ از سرِ نو طواف کرے۔ (ض)

۳۔ اگر کوئی عورت کعبہ کے چار طواف کرے اور پھر حائض ہو تو اس کا تمتع پورا ہو گیا۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۵۲ ﴾

☆(ان المستحاضة تطوف بالبيت)☆

١ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام أنّ أسماء بنت عميس نفست بمحمّد بن أبي بكر فأمرها رسول الله صلى الله عليه وآله حين أرادت الإحرام من ذي الحليفة أن تحتشي بالكرسف والخرق وتهلّ بالحجّ فلمّا قدموا مكّة و قد نسكوا المناسك و قد أتى لها ثمانية عشرة يوماً فأمرها رسول الله صلى الله عليه وآله أن تطوف بالبيت وتصلّي ولم ينقطع عنها الدّم ففعلت ذلك .

٢ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن أسلم ، عن يونس بن يعقوب ، عمّن حدّثه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المستحاضة تطوف بالبيت وتصلّي ولا تدخل الكعبة .

باب ۱۵۲

طوافِ مستحاضہ

۱۔ فرمایا اسماء بنت عمیس کو خون نفاس آیا ولادت محمد بن ابی بکر میں پس جب انھوں نے احرام کا ارادہ کیا منزل ذی حلیفہ سے تو رسول اللہ نے حکم دیا کہ روئی سے صاف کر کے گدی باندھیں اور حج کا اہلال کریں۔ جب لوگ مکہ میں آئے اور مناسک ادا کرنے لگے تو بنت عمیس کو اٹھارہ دن ہو گئے تھے رسول اللہ نے حکم دیا کہ وہ طواف بیت کریں اور نماز پڑھیں حالانکہ خون بند نہ ہوا تھا انھوں نے ایسا ہی کیا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا رسول اللہ نے کہ استحاضہ والی عورت طواف کرے کعبہ کا اور نماز پڑھے مگر کعبہ کے اندر داخل نہ ہو۔ (ض)

﴿ باب ۱۵۳ نادر ﴾

١ - أبو عليٍّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن

إسحاق بن عمّار قال: سألت أبا الحسن عليه السلام عن جارية لم تحض خرجت مع زوجها وأهلها فحاضت فاستحيت أن تعلم أهلها و زوجها حتّى قضت المناسك وهي على تلك الحال فواقعها زوجها ثمّ رجعت إلى الكوفة فقالت لأهلها: كان من الأمر كذا و كذا، قال: عليها سوق بدنة وعليها الحجّ من قابل وليس على زوجها شيء.

٢ - محمّد بن يحيى، عن سلمة بن الخطّاب، عن عليّ بن الحسين، عن محمّد بن زياد، عن حمّاد، عن رجل قال: سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول: إذا طافت المرأة الحائض ثمّ أرادت أن تودّع البيت فلتقف على أدنى باب من أبواب المسجد ولتودّع البيت.

٣ - أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال: أرسلت إلى أبي عبدالله عليه السلام أنّ بعض من معنا من صرورة النساء قد اعتللن فكيف تصنع؟ فقال: تنتظر ما بينها وبين التروية فإن طهرت فلتهلّ وإلّا فلا تدخلنّ عليها التروية إلّا وهي محرمة.

٤ - حميد بن زياد، عن ابن سماعة، عن غير واحد، عن أبان بن عثمان، عن فضيل ابن يسار، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إذا طافت المرأة طواف النساء، وطافت أكثر من النصف فحاضت نفرت إن شاءت.

٥ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن أبي أيّوب الخزّاز قال: كنت عند أبي عبدالله عليه السلام فدخل عليه رجل ليلاً فقال: أصلحك الله امرأة معنا حاضت ولم تطف طواف النساء؟ فقال: لقد سئلت عن هذه المسألة اليوم، فقال: أصلحك الله أنا زوجها وقد أحببت أن أسمع ذلك منك، فأطرق كأنّه يناجي نفسه وهو يقول: لا يقيم عليها جمّالها ولا تستطيع أن تتخلّف عن أصحابها، تمضي وقد تمّ حجّها.

باب ۵۱۳

نادر

۱- امام رضا علیہ السلام سے میں نے کہا کہ ایک کنیز جس کو حیض نہیں آیا تھا اپنے شوہر اور گھر والوں کے ساتھ حج کو

چلی اور اسے حیض آنے لگا مگر شرم کی وجہ سے نہ تو اپنے گھر والوں سے کہا نہ اپنے شوہر سے اسی حال میں مناسک حج ادا کیے پھر وہ کوفہ آئی تب گھر والوں کو بتایا کہ معاملہ یہ ہے فرمایا وہ قربانی کا ایک اونٹ بھیجے اور اگلے سال دوبارہ حج کرے۔ اس کے شوہر پر کچھ نہیں۔ (موثق)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب عورت طواف کرے حیض میں پھر خانۂ کعبہ کو رخصت کرنا چاہے تو ابواب مسجد میں جو دروازہ سے زیادہ قریب ہو اس سے رخصت کریں۔ (ض)

۳۔ میں نے اس عورت کے متعلق پوچھا جسے حیض آرہا ہو فرمایا وہ انتظار کرے اس کے اور ترویہ کے درمیان اگر طاہر ہو جائے تو حج کرے ورنہ نہیں مگر جبکہ وہ محرمہ ہو۔ (م)

۴۔ فرمایا حضرت نے اگر عورت طواف نصف سے زیادہ کر چکی ہو اور وہ حائض ہو جائے۔ پس اگر وہ چاہے تو مکہ سے چلی جائے۔ (مرسل)

۵۔ میں حضرت کی خدمت میں تھا کہ رات کو ایک شخص آیا اور کہا اللہ آپ کی حفاظت کرے ایک عورت ہمارے ساتھ ہے وہ حائض ہو گئی ہے درانحالیکہ طواف نساء نہیں کر پائی تھی۔ فرمایا تم نے یہ مسئلہ آج پوچھا۔ اس نے کہا میں اس کا شوہر ہوں چاہتا ہوں کہ اس کا جواب آپ سے سنوں حضرت نے تھوڑی دیر تامل کے بعد فرمایا اگر اس کا اونٹ والا نہیں ٹھہر سکتا اور وہ اپنے ساتھیوں کو نہیں چھوڑ سکتی تو اس کا حج پورا ہو گیا۔ (حسن)

﴿باب ۱۵۴﴾

☆(علاج الحائض)☆

۱ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ـ أو غيره ـ عن الحسن بن علي بن يقطين ، عن أخيه الحسين قال : حججت مع أبي و معه [ي] اُخت لي فلمّا قدمنا مكّة حاضت فجزعت جزعاً شديداً خوفاً أن يفوتها الحجّ فقال لي أبي : ائت أبا الحسن عليه السلام وقل له : إنّ أبي يقرئك السلام ويقول لك : إنّ فتاة لي قد حججت بها وقد حاضت وجزعت جزعاً شديداً مخافة أن يفوتها الحجّ فما تأمرها ؟ قال : فأتيت أبا الحسن عليه السلام و كان في المسجد الحرام فوقفت بحذاه فلمّا نظر إليّ أشار إليّ فأتيته وقلت له : إنّ أبي يقرئك السلام ـ وأدّيت إليه ما أمرني به أبي ـ فقال : أبلغه السلام و قل له فليأمرها أن تأخذ قطنة بماء اللّبن فلتستدخلها فإنّ الدّم سينقطع عنها و تقضي مناسكها كلّها ، قال : فانصرفت إلى أبي

Presented by www.ziaraat.com

فأدَّيت إليه قال: فأمرها بذلك ففعلته فانقطع عنها الدَّم وشهدت المناسك كلّها فلمّا أن ارتحلت من مكّة بعد الحجّ وصارت في المحمل عاد إليها الدَّم .

باب ۱۵۵

علاج حائض

۱۔ میں اپنے باپ کے ساتھ حج کو گیا میرے ساتھ میری بہن تھی مکہ پہنچے تو وہ حائض ہوگئی وہ سخت مضطرب تھی اس خیال سے کہ اب وہ حج نہ کرسکے گی میرے باپ نے کہا ابوالحسن علیہ السلام کے پاس جاؤ اور یہ واقعہ بیان کرو اور پوچھو آپ کیا فرماتے ہیں۔ میں حضرت کے پاس گیا آپ مسجد الحرام میں تھے۔ میں آپ کے سامنے کھڑا ہوا اور جو کچھ میرے باپ نے کہا تھا بیان کیا۔ فرمایا اپنی بہن سے کہو روئی کو آب شیر میں بھگو کر رکھے خون بند ہو جائے گا اور وہ مناسک حج ادا کرسکے گی چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا خون بند ہوگیا اور اس نے سب مناسک ادا کئے۔ حج کے بعد جب مکہ سے نکلی اور محمل میں بیٹھی خون پھر جاری ہوگیا۔ (مرسل)

﴿ باب ۱۵۵ ﴾

✡(دعاء الدم)✡

١ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن صفوان بن يحيى، وابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا أشرفت المرأة على مناسكها وهي حائض فلتغتسل ولتحتش بالكرسف ولتقف هي ونسوة خلفها فيؤمّن على دعائها وتقول: «اللّهمَّ إنّي أسألك بكلِّ اسم هو لك أو تسمّيت به لأحد من خلقك أو استأثرت به في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم وبكلِّ حرف أنزلته على موسى وبكلِّ حرف أنزلته على عيسى وبكلِّ حرف أنزلته على محمّد صلى الله عليه وآله إلّا أذهبت عنّي هذا الدَّم» وإذا أرادت أن تدخل المسجد الحرام أو مسجد الرَّسول صلى الله عليه وآله فعلت مثل ذلك، قال: وتأتي مقام جبرئيل عليه السلام وهو تحت الميزاب فإنّه كان مكانه إذا استأذن على نبيِّ الله صلى الله عليه وآله قال: فذلك مقام لا تدعو الله فيه

حائض تستقبل القبلة وتدعو بدعاء الدّم إلّا رأت الطّهر إن شاء الله .

۲ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عمّن ذكره ، عن ابن بكير ، عن عمر بن يزيد قال : حاضت صاحبتي وأنا بالمدينة و كان ميعاد جمّالنا وإبّان مقامنا وخروجنا قبل أن تطهر ولم تقرب المسجد ولا القبر ولا المنبر فذكرت ذلك لأبي عبدالله عليه السلام فقال : مرها فلتغتسل ولتأت مقام جبرئيل عليه السلام فإنّ جبرئيل كان يجيىء فيستأذن على رسول الله صلى الله عليه وآله وإن كان على حال لا ينبغي أن يأذن له قام في مكانه حتّى يخرج إليه وإن أذن له دخل عليه ، فقلت : وأين المكان ؟ فقال : حيال الميزاب الّذي إذا خرجت من الباب الّذي يقال له : باب فاطمة بحذاء القبر إذا رفعت رأسك بحذاء الميزاب والميزاب فوق رأسك والباب من وراء ظهرك وتجلس في ذلك الموضع وتجلس معها نساء ولتدع ربّها ويؤمّنّ على دعائها ، قال : فقلت : وأيّ شيء تقول ؟ قال : تقول : « اللّهمّ إنّي أسألك بأنّك أنت الله ليس كمثلك شيء أن تفعل لي كذا وكذا » قال : فصنعت صاحبتي الّذي أمرني فطهرت و دخلت المسجد ، قال : وكان لنا خادم أيضاً فحاضت فقالت : يا سيّدي ألا أذهب أنا زادة فأصنع كما صنعت سيّدتي ، فقلت : بلى ، فذهبت فصنعت مثل ما صنعت مولاتها فطهرت ودخلت المسجد .

۳ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحسن ، عن عبدالله بن عثمان ، عن عبدالله بن مسكان ، عن بكر بن عبدالله الأزديّ شريك أبي حمزة الثماليّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : جعلت فداك إنّ امرأة مسلمة صحبتني حتّى انتهيت إلى بستان بني عامر فحرمت عليها الصلاة فدخلها من ذاك أمر عظيم فخافت أن تذهب متعتها فأمرتني أن أذكر ذلك لك وأسألك كيف تصنع ، فقال : قل لها فلتغتسل نصف النهار وتلبس ثياباً نظافاً وتجلس في مكان نظيف وتجلس حولها نساء يؤمّنّ إذا دعت وتعاهدها زوال الشمس فإذا زالت فمرها فلتدع بهذا الدّعاء وليؤمّنّ النساء على دعائها حولها كلّما دعت تقول : « اللّهمّ إنّي أسألك بكلّ اسم هولك وبكلّ اسم تسمّيت به لأحد من خلقك وهو مرفوع مخزون في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم الّذي إذا سئلت به كان حقّاً عليك أن تجيب أن تقطع عنّي هذا الدّم فإن انقطع

الدم وإلّا دعت بهذا الدّعاء الثاني فقل لها فلتقل: «اللّهم إنّي أسألك بكلّ حرف أنزلته على محمّد صلى الله عليه وآله وبكلّ حرف أنزلته على موسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته على عيسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته في كتاب من كتبك وبكلّ دعوة دعاك بها ملك من ملائكتك أن تقطع عنّي هذا الدّم» فإن انقطع فلم تريومها ذلك شيئاً وإلّا فلتغتسل من الغد في مثل تلك الساعة الّتي اغتسلت فيها بالأمس فإذا زالت الشمس فلتصلّ ولتدع بالدّعاء وليؤمّن النسوة إذا دعت، ففعلت ذلك المرأة فارتفع عنها الدّم حتّى قضت متعتها وحجّها وانصرفنا راجعين فلمّا انتهينا إلى بستان بني عامر عاودها الدّم فقلت له: أدعو بهذين الدّعائين في دبر صلاتي فقال: ادع بالأوّل إن أحببت وأمّا الآخر فلا تدع به إلّا في الأمر الفظيع ينزل بك.

باب ۱۵۱

دعائے دم

۱- فرمایا جب حج کے ایام عورت کو حیض آ جائے تو وہ غسل کرے اور اپنی گدی بدلے اور وہ ٹھہرے اور عورتیں اس کے پیچھے اس کی دعا پر آمین کہیں، وہ یوں دعا کرے۔ «اللّهم إنّي أسألك بكلّ اسم هولك أو تسمّيت به لأحد من خلقك أو استأثرت به في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم وبكلّ حرف أنزلته على موسى وبكلّ حرف أنزلته على عيسى وبكلّ حرف أنزلته على محمّد صلى الله عليه وآله

پھر وہ مقام جبرئیل پر آئے جو تحت میزاب ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں جبرئیل نے حضرت رسولؐ خدا سے آنے کی اجازت چاہی تھی حائض رو بقبلہ ہو کر یہاں خدا سے دعا کرے اور دعائے دم کرنے کے بعد اس کو طہر ہو جائے گا

۲- جب میں مدینہ میں تھا تو میری زوجہ حائض ہو گئی اور ہمارے اونٹ والے سے چلنے کا وقت مقرر تھا اور ہمارا ٹھہرنا اور چلنا اس کے طاہر ہونے سے پہلے ہونا تھا میں نے اس کا ذکر ابو عبداللہ علیہ السلام سے کیا۔ فرمایا اس سے کہو کہ غسل کرے اور مقام جبرئیل پر آئے۔ جبرئیل علیہ السلام جب آتے تھے تو رسول اللہ سے اذن طلب کرتے تھے اگر حضرت مشغول ہوتے تو

Presented by www.ziaraat.com

ان کو اذن نہ دیتے اور اپنے مقام پر ٹھہرے رہتے یہاں تک کہ حضرتؑ کے پاس آتے اگر اذن مل جاتا تو داخل ہوتے، میں نے کہا وہ مقام کہاں ہے فرمایا میزاب کے پاس یہ وہ جگہ ہے کہ جب تم اس دروازے سے نکلو جو باب فاطمہ کہلاتا ہے مقابل قبر مبارک تو جب سر اٹھاؤ گے تو مقابل میزاب کے ہوگے اور میزاب تمہارے سر پر ہوگا اور دروازہ تمہاری پشت پر، پس عورت اس جگہ بیٹھے اور اس کے ساتھ کچھ اور عورتیں ہوں جو اس کی دعا پر آمین کہیں، میں نے کہا کیا کہے وہ کہے یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتی ہوں تو اللہ ہے تیری مثل کوئی شے نہیں، پس تو میرے ساتھ ایسا ایسا کر، راوی کہتا ہے میری ساتھی نے ایسا ہی کیا اور وہ پاک ہوگئی اور وہ مسجد میں داخل ہوگئی اور ہمارے ساتھ ایک خادمہ بھی تھی وہ بھی حائض ہوگئی اس نے کہا اے میرے سردار میں بھی نہیں جاسکتی کیا میں بھی ایسا ہی کروں جیسا میری مالکہ نے کیا ہے۔ میں نے کہا ہاں پس اس نے بھی ایسا ہی کیا وہ بھی پاک ہوگئی اور داخل مسجد ہوئی۔ (مرسل)

۳۔ میں نے کہا ایک مسلمان عورت ہمارے ساتھ تھی جب بستان بنی عامر پہنچے تو وہ نماز سے محروم ہوگئی (حیض آنے لگا) اس سے اسے بڑا صدمہ ہوا اور یہ خوف ہوا کہ وہ حج تمتع نہ کرسکے گی اس نے مجھ سے کہا کہ اس کا ذکر میں آپ سے کروں اور پوچھوں کہ وہ کیا کرے۔ فرمایا اس سے کہو کہ وہ غسل کرے دوپہر کو اور پاک کپڑے پہنے اور پاک جگہ پر بیٹھے اور اس کے گرد آمین کہنے کے لیے کچھ عورتیں ہوں وہ زوال شمس تک انتظار کرے جب زوال پذیر ہو جائے تو اس طرح دعا کرے اور اس کے گرد والی عورتیں آمین کہیں۔

اللّٰهمَّ إنّي أسألك بكلّ اسم هولك وبكلّ اسم تسمّيت به لأحد من خلقك وهو مرفوعٌ مخزونٌ في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم الّذي إذا سئلت به كان حقّاً عليك أن تجيب أن تقطع عنّي هذا الدّم

اگر خون بند ہو جائے تو خیر ورنہ یہ دوسری دعا کرے۔

اللّٰهم إنّي أسألك بكلّ حرف أنزلته على محمد ﷺ وبكلّ حرف أنزلته على موسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته على عيسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته في كتاب من كتبك وبكلّ دعوة دعاك بها ملك من ملائكتك أن تقطع عنّي هذا الدّم

اگر خون بند ہو جائے اور دن کچھ نہ دیکھے تو خیر ورنہ پھر دعا کرے اور عورتیں آمین کہیں اس نے ایسا ہی کیا خون بند ہو گیا اس نے حج تمتع کر لیا جب وہاں سے لوٹ کر ہم بستان بنی عامر میں آئے تو پھر جاری ہو گیا۔ میں نے حضرت سے کہا کیا نماز کے بعد میں بھی یہ دعا پڑھ لیا کروں فرمایا اگر چاہو تو پہلی دعا پڑھ لیا کرو، رہی تو اسے کسی سخت مصیبت کے وقت پڑھو

﴿باب ۵﴾

۞(الاحرام يوم التروية)۞

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان يوم التروية إن شاء الله فاغتسل و ألبس ثوبيك و ادخل المسجد حافياً وعليك السّكينة والوقار ، ثمَّ صلِّ ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام أو في الحجر ثمَّ اقعد حتّى تزول الشمس فصلِّ المكتوبة ثمَّ قل في دبر صلاتك كما قلت حين أحرمت من الشجرة وأحرم بالحجِّ ، ثمَّ امض وعليك السّكينة و الوقار فإذا انتهيت إلى الرفضاء دون الرَّدم فلبِّ فإذا انتهيت إلى الرَّدم و أشرفت على الأبطح فارفع صوتك بالتلبية حتّى تأتي منى .

٢ ـ وفي رواية أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أردت أن تحرم يوم التروية فاصنع كما صنعت حين أردت أن تحرم وخذ من شاربك ومن أظفارك وأطل عانتك إن كان لك شعرٌ وانتف إبطيك واغتسل وألبس ثوبيك ثمَّ ائت المسجد الحرام فصلِّ فيه ستَّ ركعات قبل أن تحرم وتدعو الله وتسأله العون وتقول : «اللّهمَّ إنّي أُريد الحجَّ فيسّره لي وحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدَّرت عليَّ» وتقول : «أحرم لك شعري وبشري ولحمي ودمي من النساء والطّيب والثياب أُريد بذلك وجهك والدّار الآخر وحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدَّرت عليَّ» ثمَّ تلبّ من المسجد الحرام كما لبّيت حين أحرمت وتقول : «لبّيك بحجّة تمامها و بلاغها عليك» وإن قدرت أن يكون [في] رواحك إلى منى زوال الشمس و إلّا فمتى ما تيسّر لك من يوم التروية .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألته عن رجل أتى المسجد الحرام و قد أزمع بالحجِّ يطوف بالبيت ؟ قال : نعم ما لم يحرم .

٤ ـ أبو عليّ الأشعريُّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن أبي أحمد عمرو بن حريث الصيرفيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : من أين أُهلُّ بالحجِّ ؟ فقال : إن شئت من رحلك و إن شئت من الكعبة وإن شئت من الطريق .

Presented by www.ziaraat.com

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام من أيّ المسجد أحرم يوم التروية ؟ فقال : من أيّ المسجد شئت .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن سليمان بن محمّد ، عن حريز ، عن زرارة قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : متى اُلبّي بالحجّ ؟ فقال : إذا خرجت إلى منى ، ثمّ قال : إذا جعلت شعب دبّ على يمينك و العقبة عن يسارك فلبّ بالحجّ .

باب ۱۵۶

احرام روزِ ترویہ

۱۔ فرمایا جب یوم ترویہ ہو تو غسل کرے دونوں کپڑے پہنے اور ننگے پاؤں مسجد میں داخل ہو اور سکینہ و وقار کے ساتھ آؤ اور مقام ابراہیم یا حجر کے پاس دو رکعت نماز پڑھو پھر زوال شمس تک بیٹھو پھر نماز فریضہ پڑھو اور نماز کے بعد وہی کہو جو شجرہ سے احرام باندھتے وقت اور احرام حج کے وقت کہا تھا پھر سکینہ و وقار سے چلو جب ردم کے قریب مقام فضا پر پہنچو تو تلبیہ کرو اور جب ردم پر اور ابطح پر آؤ تو بلند آواز سے تلبیہ کرو یہاں تک کہ منیٰ پہنچو۔ (صح)

۲۔ فرمایا اگر تم یوم ترویہ احرام باندھنا چاہو تو وہی کرو جو تم نے احرام کے وقت کیا تھا اپنی مونچھیں کترواؤ ناخن ترشواؤ بغلوں کے بال صاف کراؤ اور موئے زہار صاف کرو غسل کرو اور دونوں کپڑے پہنو اور مسجد حرام میں آؤ وہاں چھ رکعت نماز پڑھو قبل احرام کے اور اللہ سے دعا کرو مدد چاہو اور کہو

«اللّهمّ إنّي اُريد الحجّ فيسّره لي وحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ

پھر کہو

«أحرم لك شعري وبشري ولحمي ودمي من النساء والطّيب والثياب اُريد بذلك وجهك والدّار الآخرة وحلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ

پھر تلبیہ کرو مسجد الحرام سے اسی طرح جیسے تلبیہ احرام کے وقت کیا تھا اور کہو:

لبّيك بحجّة تمامها و بلاغها عليك، وإن قدرت

اگر زوال آفتاب کے وقت منیٰ جا سکو تو جاؤ ورنہ جب ممکن ہو یوم ترویہ سے۔ (مرسل)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص مسجد الحرام میں آیا اور حج کا ارادہ رکھتا ہے وہ طواف بیت کرتا ہے تو یہ ٹھیک ہے فرمایا ہاں جب تک احرام نہ باندھے۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا کہاں سے لبیک کہے فرمایا اگر چاہے تو اپنی سواری سے اگر چاہے تو کعبہ سے اگر چاہے تو راستہ سے (م)

۵۔ میں نے کہا یوم ترویہ کس مسجد سے احرام باندھوں فرمایا جس مسجد سے چاہو۔ (موثق)

۶۔ میں نے کہا کب تلبیہ حج کروں فرمایا جب منیٰ کو چلو پھر فرمایا جب شعیب درب تمہارے داہنی طرف ہو اور عقبہ بائیں طرف تو حج کے لئے تلبیہ کرو۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۵ ﴾

✿(الحج ماشياً وانقطاع مشي الماشي)✿

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن فضّال ، عن ابن بكير قال : قلت لأبي عبدالله عليه‌السلام : إنّا نريد أن نخرج إلى مكّة مشاة ؛ فقال لنا : لا تمشوا واخرجوا ركباناً قلت : أصلحك الله إنّه بلغنا عن الحسن بن عليّ صلوات الله عليهما أنّه كان يحجّ ماشياً فقال : كان الحسن بن عليّ عليه‌السلام يحجّ ماشياً وتساق معه المحامل والرّحال .

٢ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن سيف التمّار قال : قلت لأبي عبدالله : إنّا كنّا نحجّ مشاة فبلغنا عنك شيء فما ترى ؟ قال : إنّ النّاس ليحجّون مشاة ويركبون ، قلت : ليس عن ذلك أسألك ، قال : فعن أيّ شيء سألت ؟ قلت : أيّهما أحبّ إليك أن نصنع ؟ قال : تركبون أحبّ إليّ فإنّ ذلك أقوى لكم على الدّعاء والعبادة .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه‌السلام عن المشي أفضل أو الرّكوب ؟ فقال : إذا كان

Presented by www.ziaraat.com

الرجل موسراً فمشى ليكون أقلّ لنفقته فالرّكوب أفضل .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة ؛ وابن بكير ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الحجّ ماشياً أفضل أو راكباً ، قال : بل راكباً فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله حجّ راكباً .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن رفاعة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن مشي الحسن عليه السلام من مكّة أو من المدينة ، قال : من مكّة . وسألته إذا زرت البيت أركب أو أمشي ؟ فقال : كان الحسن عليه السلام يزور راكباً . وسألته عن الرّكوب أفضل أو المشي ؟ فقال : الركوب ، قلت : الرّكوب أفضل من المشي ؟ فقال : نعم لأنّ رسول الله صلى الله عليه وآله ركب .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن إسماعيل بن همام ، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : قال أبو عبدالله عليه السلام في الّذي عليه المشي في الحجّ : إذا رمى الجمار زار البيت راكباً وليس عليه شيء .

باب ١٥

پاپیادہ حج

۱۔ میں نے کہا ہم پاپیادہ مکہ جانا چاہتے ہیں فرمایا پیادہ نہ جاؤ سواری پر جاؤ ، میں نے کہا ہم نے سنا ہے کہ امام حسنؑ پاپیادہ حج کیا کرتے تھے فرمایا ضرور ایسا تھا لیکن ان کے ساتھ محملیں ہوتی تھیں لوگ ہوتے تھے (موثق)

۲۔ میں نے کہا ہم پیادہ حج کرتے تھے ہم نے آپ کے متعلق کچھ سنا ہے تو آپ کی کیا رائے ہے فرمایا لوگ پیادہ بھی حج کرتے ہیں اور سوار ہو کر بھی۔ میں نے کہا میرا یہ سوال نہیں ، فرمایا پھر کیا ہے میں نے کہا میں تو یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کے نزدیک کون سا طریقہ بہتر ہے فرمایا سوار ہو کر جانا تمہارے لئے یہی بہتر ہے تاکہ تم اچھی طرح دعا اور عبادت کر سکو۔ (ح)

۳۔ میں نے کہا حج پیادہ کرنا افضل ہے یا سواری پر ، فرمایا اگر وہ مالدار ہے تو پیدل چلے تاکہ اپنے خرچ میں کمی کرے اور سواری پر چلنا زیادہ بہتر ہے۔ (ض)

۴۔ میں نے پوچھا حج پیادہ کرنا افضل ہے یا سواری پر ، فرمایا سواری پر ، رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ حج سوار ہو کر کرو (حسن)

Presented by www.ziaraat.com

۵۔ میں نے کہا امام حسنؑ کا پیدل چلنا مکہ سے ہوتا تھا یا مدینہ سے فرمایا مکہ سے، میں نے کہا جب خانۂ کعبہ کی زیارت کرتے تھے تو سوار ہوتے تھے یا پیدل فرمایا سواری سے زیارت کرتے تھے۔ میں نے کہا سواری افضل ہے یا پیادہ چلنا، فرمایا سواری افضل ہے کیونکہ رسول اللہ سوار ہو کر جاتے تھے۔ (م)

۶۔ فرمایا رمی جمرات پیادہ کرے اور زیارت کعبہ سوار ہو کر تو کوئی گناہ نہیں

﴿باب ۱۵۸﴾

☆(تقديم طواف الحج للمتمتع قبل الخروج الى منى)☆

١ ـ أبوعليّ الأشعري، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن إسحاق بن عمّار قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن المتمتّع إذا كان شيخاً كبيراً أو امرأة تخاف الحيض تعجّل طواف الحجّ قبل أن تأتي منى؟ فقال: نعم من كان هكذا يعجّل. قال: وسألته عن الرّجل يحرم بالحجّ من مكّة ثمّ يرى البيت خالياً فيطوف به قبل أن يخرج عليه شيء؟ فقال: لا، قلت: المفرد بالحجّ إذا طاف بالبيت و بالصفا و المروة يعجّل طواف النساء؟ فقال: لا إنّما طواف النساء بعد ما يأتي منى.

٢ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن الحكم، عن عليّ بن أبي حمزة قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن رجل يدخل مكّة ومعه نساء قد أمرهنّ فتمتّعن قبل التروية بيوم أو يومين أو ثلاثة فخشي على بعضهنّ الحيض، فقال: إذا فرغن من متعتهنّ وأحللن فلينظر إلى الّتي يخاف عليها الحيض فيأمرها تغتسل وتهلّ بالحجّ من مكانها ثمّ تطوف بالبيت وبالصّفا والمروة فإن حدث بها شيء قضت بقيّة المناسك وهي طامث فقلت: أليس قد بقي طواف النساء؟ قال: بلى، قلت: فهي مرتهنة حتّى تفرغ منه؟ قال: نعم، قلت: فلم لاتتركها حتّى تقضي مناسكها؟ قال: يبقى عليها منسك واحد أهون عليها من أن تبقى عليها المناسك كلّها مخافة الحدثان، قلت: أبى الجمّال أن يقيم عليها و الرفقة؟ قال: ليس لهم ذلك تستعدي عليهم حتّى يقيم عليها حتّى تطهر و تقضي مناسكها.

٣ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن إسماعيل بن مرّار، عن يونس، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي بصير [عن أبي عبدالله عليه السلام] قال: قلت: رجل كان متمتّعاً أو أهلّ بالحجّ

قال : لايطوف بالبيت حتّى يأتي عرفات فإذا هو طاف قبل أن يأتي منى من غير علّة فلا يعتدّ بذلك الطواف .

۴ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن إسماعيل ابن عبدالخالق قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : لابأس أن يعجّل الشيخ الكبير والمريض والمرأة والمعلول طواف الحجّ قبل أن يخرج إلى منى .

باب ۱۵۸

منیٰ جانے سے پہلے طواف حج تمتع

۱۔ میں نے پوچھا اس متمتع کے متعلق جو بہت بوڑھا ہو یا وہ عورت جو حیض سے ڈر کر جلدی کرے طواف حج میں قبل منیٰ جانے کے، فرمایا ہاں جو ایسا ہو تو وہ جلدی کر سکتا ہے میں نے کہا حج کے لئے مکہ سے احرام باندھ آئے، پھر بیت اللہ کو خالی پاکر طواف کرتا ہے قبل اس کے کہ کچھ اور کرے فرمایا نہیں، میں نے کہا حج افراد میں طواف بیت کرے اور صفا و مروہ میں سعی کرے اور جلدی سے طواف نساء کرلے فرمایا ایسا نہ کرے طواف نساء منیٰ کے بعد ہے۔ (موثق)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص مکہ میں داخل ہوا اس کے ساتھ کچھ عورتیں ہیں اس نے حکم دیا کہ وہ یوم ترویہ (۸ ذی الحجہ) سے ایک دن یا دو دن یا تین دن پہلے ارکان تمتع بجا لائیں کیوں کہ اسے بعض کے حائض ہونے کا خوف تھا فرمایا جب تمتع سے فارغ ہو کر محل ہو جائیں تو ان پر نظر کرے جن سے حیض آنے کا خوف تھا پس انھیں حکم دے کر غسل کرکے اپنی جگہ حج کا ہلہلہ کریں پھر طواف بیت کریں۔ اور صفا و مروہ کا اگر کوئی شے حادث ہو تو بحالت حیض بقیہ مناسک ادا کرے۔ میں نے کہا طواف نساء تو باقی رہ جائے گا۔ فرمایا ہاں میں نے کہا وہ تو فارغ ہونے تک پابند ہے فرمایا ہاں میں نے کہا تمام مناسک ادا کرنے تک اسے ترک کیوں نہ کرے فرمایا ایک ہی عبادت تو اس کی باقی رہ جائے گی جس کا ادا کرنا اس کے لئے آسان ہوگا بہ نسبت سب مناسک ادا کرنے کے، دونوں حدثوں کے خوف سے اگر بجا نہ لائے۔ میں نے کہا اگر اونٹ والا ٹھہرنا نہیں چاہتا اور مہربانی نہیں کرتا۔ فرمایا لوگ اسے مجبور نہیں کرسکتے کہ وہ عورت کے طاہر ہونے اور مناسک ادا کرنے تک رکے رہیں۔ (ض)

۳۔ میں نے کہا ایک تمتع والے نے ہلہلہ حج کیا۔ فرمایا جب تک عرفات نہ جائے طواف بیت نہ کرے اگر بغیر کسی علت کے منیٰ میں جانے سے پہلے طواف کرے گا تو وہ طواف شمار نہ ہوگا۔ (حسن)

۴۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر بوڑھا آدمی، بیمار آدمی، عورت یا مجبور منیٰ میں جانے سے پہلے طواف کرے۔ (ض)

Presented by www.ziaraat.com

﴿ باب ۵۹ ﴾

☆(تقديم الطواف للمفرد)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن زرارة قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن المفرد للحجّ يدخل مكّة يقدّم طوافه أو يؤخّره فقال: سواء .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان بن يحيى ، عن حمّاد بن عثمان قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن مفرد الحجّ يقدّم طوافه أو يؤخّره ؛ فقال : هو والله سواء عجّله أو أخّره .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن ابن بكير ، عن زرارة قال: سألت أباجعفر عليه السلام عن مفرد الحجّ يقدّم طوافه أو يؤخّره ، قال : يقدّمه فقال رجل إلى جنبه : لكنّ شيخي لم يفعل ذلك ، كان إذا قدم أقام بفخ حتّى إذا رجع النّاس إلى منى راح معهم ، فقلت له : من شيخك ؟ قال : عليّ بن الحسين عليهما السلام ، فسألت عن الرّجل فإذا هو أخو عليّ بن الحسين عليهما السلام لامّه

باب ۵۹

تقدیم طواف برائے مفرد

۱۔ میں نے کہا حج مفرد کرنے والا مکہ میں آتا ہے اور طواف کو مقدم کرتا ہے یا موخر فرمایا برابر ہے (موثق)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے۔

۳۔ میں نے حج مفرد کے متعلق پوچھا۔ طواف مقدم ہے یا موخر، فرمایا مقدم، ایک شخص جو پہلو میں بیٹھا تھا کہنے لگا لیکن میرا شیخ ایسا نہیں کرتا وہ مقام فخ میں رہتا ہے جب تک لوگ منیٰ جائیں وہ ان کے ساتھ جاتا ہے میں نے کہا تمہارا شیخ کون ہے کہا علی بن الحسینؑ میں نے کہا یہ شخص کون ہے۔ معلوم ہوا وہ حضرت علی بن الحسینؑ کے سوتیلے بھائی ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب ۱۶﴾

☆(الخروج الى منى)☆

١ ـ أبوعليّ الأشعري، عن محمّد بن عبد الجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن إسحاق بن عمّار، عن أبي الحسن عليه السلام قال: سألته عن الرّجل يكون شيخاً كبيراً أو مريضاً يخاف ضغاط النّاس وزحامهم يحرم بالحجّ ويخرج إلى منى قبل يوم التروية؟ قال: نعم، قلت: يخرج الرّجل الصحيح يلتمس مكاناً ويتروّح بذلك المكان؟ قال: لا، قلت: يعجّل بيوم؟ قال: نعم، قلت: بيومين؟ قال: نعم، قلت: ثلاثة؟ قال: نعم، قلت: أكثر من ذلك؟ قال: لا.

٢ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن جميل بن درّاج، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: على الإمام أن يصلّي الظهر بمنى ثمّ يبيت بها ويصبح حتّى تطلع الشمس ثمّ يخرج إلى عرفات.

٣ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد، عن رفاعة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سألته هل يخرج النّاس إلى منى غدوة؟ قال: نعم إلى غروب الشمس.

٤ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا توجّهت إلى منى فقل: «اللّهمّ إيّاك أرجو وإيّاك أدعو فبلّغني أملي وأصلح لي عملي».

باب ۱۶

منیٰ کو جانا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص بہت بوڑھا ہے یا مریض ہے وہ لوگوں کے اژدہام اور کشمکش سے گھبراتا ہے احرام حج باندھتا ہے اور روز ترویہ سے پہلے منیٰ جاتا ہے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا ایک تندرست آدمی مکان کی تلاش میں نکلتا ہے اور وہاں پہنچ جاتا ہے فرمایا نہیں میں نے کہا ایک دن کی تعجیل ہو سکتی ہے فرمایا ہاں میں نے کہا دو دن کی فرمایا ہاں میں نے کہا تین دن کی فرمایا ہاں میں نے کہا اس سے زیادہ فرمایا نہیں (موثق)

۲۔ فرمایا امام ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھتا ہے اور رات کو وہاں رہتا ہے صبح کو سورج نکلنے پر وہاں سے عرفات جاتا ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا کیا لوگ بوقت صبح منیٰ جا سکتے ہیں فرمایا غروب شمس تک (مؤ)

۴۔ فرمایا منیٰ پہنچو تو کہو۔

اے اللہ میری امید تجھ سے ہے اور میری دعا تجھ سے ہے پس میری امید پوری کر اور میرے عمل کو درست کر۔ (حسن)

﴿ باب ١٦١ ﴾

☆(نزول منى وحدودها)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا انتهيت إلى منى فقل : « اللّهمَّ هذه منى وهي ممّا مننت بها علينا من المناسك فأسألك أن تمنَّ علينا بما مننت به على أنبيائك ، فإنّما أنا عبدك وفي قبضتك » ثمَّ تصلّي بها الظّهر والعصر والمغرب والعشاء الآخرة والفجر والإمام يصلّي بها الظّهر لا يسعه إلّا ذلك وموسّع عليك أن تصلّي بغيرها إن لم تقدر ثمَّ تدركهم بعرفات ، قال : وحدُّ منى من العقبة إلى وادي محسّر .

باب ١٦١

نزولِ منیٰ اور اس کے حدود

۱۔ فرمایا جب منیٰ پہنچو تو کہو،

اللّهمَّ هذه منى وهي ممّا مننت بها علينا من المناسك فأسألك أن تمنَّ

علينا بما مننت به على أنبيائك ، فإنّما أنا عبدك وفي قبضتك

Presented by www.ziaraat.com

یا اللہ یہ منیٰ ہے اور اس سے تو نے احسان کیا ہمارے اوپر مناسک کا، پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم پر احسان کر جیسے تو نے اس کی وجہ احسان کیا ہے اپنے انبیاء پر، میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے قبضے میں ہوں، پھر ظہر و عصر و مغرب و عشاء اور صبح کی نماز وہاں پڑھو اور امام وہاں ظہر کی نماز پڑھیں ان کے لئے اس سے زیادہ کی وسعت نہیں تمہارے لئے توسیع ہے کہ اگر قدرت نہیں اس کے علاوہ پڑھنے کی قو نہ پڑھو، پھر لوگوں سے عرفات میں مل جاؤ اور منیٰ کی حد وادی عقبہ سے وادی محسر تک ہے۔

﴿ باب ۱۶۲ ﴾

✿(الغدو الى عرفات وحدودها)✿

١ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عمّن ذكره ، عن أبان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من السنّة ألّا يخرج الإمام من منى إلى عرفة حتّى تطلع الشمس .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن يحيى بن عمران الحلبي ، عن عبد الحميد الطائي قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّا مشاة فكيف نصنع ؟ قال : أمّا أصحاب الرّحال فكانوا يصلّون الغداة بمنى وأمّا أنتم فامضوا حتّى تصلّوا في الطريق .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا غدوت إلى عرفة فقل : وأنت متوجّه إليها : « اللّهمّ إليك صمدت وإيّاك اعتمدت ووجهك أردت فأسألك أن تبارك لي في رحلتي وأن تقضي لي حاجتي وأن تجعلني اليوم ممّن تباهي به من هو أفضل منّي » ثمّ تلبّ وأنت غاد إلى عرفات فإذا انتهيت إلى عرفات فاضرب خباك بنمرة ـ ونمرة هي بطن عرنة دون الموقف ودون عرفة ـ فإذا زالت الشمس يوم عرفة فاغتسل وصلّ الظهر والعصر بأذان واحد وإقامتين وإنّما تعجّل العصر وتجمع بينهما لتفرغ نفسك للدّعاء فإنّه يوم دعاء ومسألة ؛ قال : وحدّ عرفة من بطن عرنة وثويّة ونمرة إلى ذي المجاز وخلف الجبل موقف .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبي قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : الغسل يوم عرفة إذا زالت الشمس وتجمع بين الظهر والعصر

Presented by www.ziaraat.com

باذان وإقامتين .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختري ؛ وهشام ابن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قيل له : أيّما أفضل الحرم أو عرفة ؛ فقال : الحرم فقيل : وكيف لم تكن عرفات في الحرم ؛ فقال : هكذا جعلها الله عزَّ وجلَّ .

٦ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل ، عن عليِّ بن النعمان عن ابن مسكان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : حدُّ عرفات من المأزمين إلى أقصى الموقف .

باب ۱۶۲

عرفات میں اگلا دن اور اس کے حدود

۱۔ فرمایا سنت ہے کہ امام منیٰ سے عرفات نہ جائے جب تک سورج نہ نکلے۔ (مرسل)

۲۔ میں نے کہا پیدل ہوں تو کیا کروں فرمایا جو سواریوں والے ہیں وہ صبح کی نماز منیٰ میں پڑھیں اور تم لوگ چلتے رہو اور نماز صبح راستہ میں پڑھو۔ (ح)

۳۔ فرمایا جب عرفہ میں صبح کرو تو اس کی طرف متوجہ ہو کر کہو "اللّهم إليك صمدت وإياك اعتمدت ووجهك أردت فأسألك أن تبارك لي في رحلتي وأن تقضي لي حاجتي وأن تجعلني اليوم ممّن تباهي به من هو أفضل منّي"

پھر تلبیہ کرو صبح عرفات میں ہو جب عرفات پہنچو تو نمرہ میں ٹھہرو اور نمرہ بطن عرفہ میں ہے موقف کے پاس اور عرفہ کے نزدیک، جب عرفہ میں زوال شمس ہو جائے تو غسل کرو اور نماز ظہر و عصر ایک اذان اور دو اقامتوں سے پڑھو اور عصر کی نماز میں جلدی کرو اور دونوں نمازیں ایک ساتھ پڑھو تاکہ تم فارغ ہو جاؤ دعا کے لئے کیونکہ یہ دن دعا اور سوال کا ہے فرمایا حد عرفہ بطن عرنہ و ثویہ و نمرہ سے ذی المجاز تک ہے اور پہاڑ کے عقب میں موقف ہے (حسن)

۴۔ فرمایا یوم عرفہ غسل کرے جب زوال شمس ہو جائے تو ظہر و عصر کی نماز ایک ساتھ پڑھے ایک اذان اور دو اقامت سے (حسن)

۵۔ حضرت سے پوچھا گیا کون افضل ہے حرم یا عرفہ، فرمایا حرم، اس نے کہا عرفات حرم میں کیوں نہیں فرمایا اللہ نے اس

گویا یہی قرار دیا ہے۔ (حسن)

۴۔ فرمایا حد عرفات مازمین سے انتہائی موقف تک ہے (م)

﴿ باب ۱۶۳ ﴾

☆(قطع تلبية الحاج)☆

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن علي بن الحكم ، عن العلاء بن رزين ، عن محمد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام أنه قال : الحاج يقطع التلبية يوم عرفة زوال الشمس .

٢ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قطع رسول الله صلى الله عليه وآله التلبية حين زاغت الشمس يوم عرفة وكان علي بن الحسين عليهما السلام يقطع التلبية إذا زاغت الشمس يوم عرفة ؛ قال : أبو عبدالله عليه السلام : فإذا قطعت التلبية فعليك بالتهليل والتحميد و التمجيد والثناء على الله عز و جل .

باب ۱۶۳

قطع تلبیہ

۱۔ فرمایا کہ حاجی زوال آفتاب کے بعد یوم عرفہ تلبیہ قطع کرے۔ (م)

۲۔ فرمایا زوال آفتاب کے وقت رسول اللہ نے تلبیہ قطع کیا عرفہ کے دن اور علی بن الحسین علیہما السلام تلبیہ کو قطع کرتے تھے جب سورج ڈھلک جاتا عرفہ کے دن، حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا تلبیہ بند کرو تو اس کے بعد اللہ کی تہلیل و تحمید و تمجید و ثنا کرو۔ (حسن)

﴿ باب ۱۶۴ ﴾

☆(الوقوف بعرفة وحد الموقف)☆

١ ـ عدة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن مسمع ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : عرفات كلها موقف وأفضل الموقف سفح الجبل .

Presented by www.ziaraat.com

٢ - محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا وقفت بعرفات فادن عن الهضاب - و الهضاب هي الجبال - فإنّ النبيّ صلى الله عليه وآله قال : إنّ أصحاب الأراك لا حجّ لهم - يعني الّذين يقفون عند الأراك - .

٣ - عليّ بن أبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله في الموقف : ارتفعوا عن بطن عرنة ؛ وقال : أصحاب الأراك لاحجّ لهم .

٤ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، و محمّد بن اسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ و صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قف في ميسرة الجبل فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله وقف بعرفات في ميسرة الجبل فلمّا وقف جعل النّاس يبتدرون إخفاف ناقته فيقفون إلى جانبه فنحّاها ففعلوا مثل ذلك فقال : أيّها النّاس إنّه ليس موضع إخفاف ناقتي الموقف و لكن هذا كلّه موقف [وأشار بيده إلى الموقف] و فعل مثل ذلك في المزدلفة ؛ فإذا رأيت خللاً فسدّه بنفسك و راحلتك فإنّ الله عزّ و جلّ يحبّ أن تسدّ تلك الخلال و انتقل عن الهضاب واتّق الأراك فإذا وقفت بعرفات فاحمد الله و هلّله و مجّده واثن عليه و كبّره مائة تكبيرة و اقرء قل هو الله أحد مائة مرّة و تخيّر لنفسك من الدّعاء ما أحببت و اجتهد فإنّه يوم دعاء و مسألة و تعوّذ بالله من الشيطان فإنّ الشيطان لن يذهلك في موضع أحبّ إليه من أن يذهلك في ذلك الموضع و إيّاك أن تشتغل بالنظر إلى النّاس واقبل قبل نفسك وليكن فيما تقول : « اللّهمّ ربّ المشاعر كلّها فكّ رقبتي من النّار وأوسع عليّ من الرّزق الحلال وادرء عنّي شرّ فسقة الجنّ والإنس ، اللّهمّ لاتمكربي ولا تخدعني ولا تستدرجني يا أسمع السامعين ويا أبصر النّاظرين و يا أسرع الحاسبين و يا أرحم الرّاحمين أسألك أن تصلّي على محمّد و آل محمّد و أن تفعل بي كذا و كذا » وليكن فيما تقول و أنت رافع يديك إلى السّماء : « اللّهمّ حاجتي الّتي إن أعطيتها لم يضرّني ما منعتني و إن منعتنيها لم ينفعني ما أعطيتني أسألك خلاص رقبتي من النّار اللّهمّ إنّي عبدك و ملك يدك و ناصيتي بيدك و أجلي بعلمك أسألك أن توفّقني لما يرضيك عنّي وأن تسلم منّي مناسكي الّتي أريتها إبراهيم خليلك و دللت عليها حبيبك

Presented by www.ziaraat.com

محمداً صلى الله عليه وآله ، وليكن فيما تقول : « اللّهمّ اجعلني ممّن رضيت عمله وأطلت عمره وأحييته بعد الموت حياة طيّبة » .

٥ - عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن عبدالله بن ميمون قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله وقف بعرفات فلمّا همّت الشمس أن تغيب قبل أن تندفع قال : « اللّهمّ إنّي أعوذ بك من الفقر ومن تشتّت الأمر ومن شرّ مايحدث باللّيل والنّهار أمسى ظلمي مستجيراً بعفوك و أمسى خوفي مستجيراً بأمانك و أمسى ذلّي مستجيراً بعزّك و أمسى وجهي الفاني مستجيراً بوجهك الباقي ياخير من سئل ويا أجود من أعطى جلّلني برحمتك وألبسني عافيتك واصرف عنّي شرّ جميع خلقك » ؛ قال عبدالله بن ميمون : و سمعت أبي يقول : « ياخير من سئل و يا أوسع من أعطى و يا أرحم من استرحم » ثمّ سل حاجتك .

٦ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن الحسن بن عليّ ، عن صالح بن أبي الأسود ، عن أبي الجارود ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ليس في شيء من الدّعاء عشيّة عرفة شيءٌ موقّت .

٧ - عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه قال : رأيت عبدالله بن جندب بالموقف فلم أر موقفاً كان أحسن من موقفه مازال مادّاً يديه إلى السّماء و دموعه تسيل على خدّيه حتّى تبلغ الأرض فلمّا انصرف النّاس قلت له : يا أبا محمّد ما رأيت موقفاً قطّ أحسن من موقفك ، قال : والله مادعوت إلّا لإخواني و ذلك أنّ أباالحسن موسى بن جعفر عليهما السلام أخبرني أنّه من دعا لأخيه بظهر الغيب نودي من العرش : ولك مائة ألف ضعف مثله ، فكرهت أن أدع مائة ألف ضعف مضمونة لواحد لا أدري يستجاب أم لا .

٨ - عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن عيسى بن عبيد ، عن ابن أبي عمير قال : كان عيسى بن أعين إذا حجّ فصار إلى الموقف أقبل على الدّعاء لإخوانه حتّى يفيض النّاس . قال : فقلت له : تنفق مالك و تتعب بدنك حتّى إذا صرت إلى الموضع الّذي تبثّ فيه الحوائج إلى الله عزّ وجلّ أقبلت على الدّعاء لإخوانك وتركت نفسك ؛ قال : إنّي على ثقة من دعوة الملك لي و في شكّ من الدّعاء لنفسي .

٩ - أحمد بن محمّد العاصميُّ ، عن عليّ بن الحسين السّلميّ ، عن عليّ بن أسباط عن إبراهيم بن أبي البلاد - أو عبدالله بن جندب - قال . كنت في الموقف فلمّا أفضت لقيت

Presented by www.ziaraat.com

إبراهيم بن شعيب فسلّمت عليه و كان مصاباً بإحدى عينيه و إذا عينه الصّحيحة حمراء كأنّها علقة دم فقلت له : قد أصبت بإحدى عينيك و أنا والله مشفق على الأُخرى فلو قصرت من البكاء قليلاً ؟ فقال : والله يا أبا محمّد ما دعوت لنفسي اليوم بدعوة ، فقلت : فلمن دعوت ؟ قال : دعوت لإخواني لأنّي سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : من دعا لأخيه بظهر الغيب وكّل الله به ملكاً يقول : ولك مثلاه ، فأردت أن أكون إنّما أدعو لإخواني و يكون الملك يدعو لي لأنّي في شكّ من دعائي لنفسي ولست في شكّ من دعاء الملك لي .

١٠ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن النضر بن سويد ، عن عمرو بن أبي المقدام قال : رأيت أبا عبدالله عليه السلام يوم عرفة بالموقف و هو ينادي بأعلى صوته : أيّها النّاس إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان الإمام ثمّ كان عليّ بن أبي طالب ثمّ الحسن ثمّ الحسين ثمّ عليّ بن الحسين ثمّ محمّد بن علي عليهما السلام ثمّ هه فينادي ثلاث مرّات لمن بين يديه و عن يمينه وعن يساره ومن خلفه اثني عشر صوتاً. وقال عمرو : فلمّا أتيت منى سألت أصحاب العربيّة عن تفسير «هه» فقالوا : هه لغة بني فلان : أنا فسألوني . قال : ثمّ سألت غيرهم أيضاً من أصحاب العربيّة فقالوا مثل ذلك .

١١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن سماعة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إذا ضاقت عرفة كيف يصنعون ؟ قال : يرتفعون إلى الجبل .

باب ۱۶۷

عرفہ میں وقوف اور حدِ موقف

۱۔ فرمایا کہ عرفات پورا موقف ہے اور افضل موقف زیریں جبل ہے (م ۔ ۱)

۲۔ فرمایا جب عرفات میں وقوف ہو تو جہاں تک ہو سکے پہاڑ سے قریب ہو رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ اصحاب کے لئے حج نہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو اراک کے پاس ٹھہرتے ہیں۔ (ض)

۳۔ فرمایا رسول اللہ نے کہ بطن عرنہ سے بلندی پر رہو اور اصحاب اراک کا حج نہیں ہوتا۔ (حسن)

۴۔ فرمایا پہاڑ کی بائیں طرف ٹھہرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرفات میں وقوف اسی طرح کیا تھا جب لوگ آپ کے ناقہ کو موزہ پہنانے میں جلدی کرنے لگے اور ٹھہرنے میں بھی اس کی ایک طرف، پس ناقہ کو روکا لوگوں نے ایسا ہی کیا

Presented by www.ziaraat.com

تب آپؐ نے فرمایا لوگو یہ جگہ میرے ناقہ کو موزہ پہنانے کی نہیں ہے یہ سب کا سب موقف ہے اور موقف کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا یہ کل موقف ہے اور ایسا ہی مزدلفہ میں کیا اگر کوئی خلل دیکھو تو اپنی سواری کو روک لو، خدا پسند کرتا ہے اس روکنے کو پھر منتقل ہو ہضاب سے اور بچو اراک سے، جب عرفات میں ٹھہرو تو اللہ کی حمد کرو تہلیل و تمجید و ثنا کرو اور سو بار تکبیر کہو اور سو بار قل ہو اللہ پڑھو پھر جو دعا چاہو کرو اور دیر تک مانگو کیونکہ یہ دن دعا و سوال کا ہے شیطان سے پناہ مانگو کیونکہ شیطان ایسی جگہ تمہیں غافل نہ کر دے جو خدا کے نزدیک زیادہ محبوب ہے اور اپنے کو اس سے بچاؤ کہ لوگوں کی طرف نظر کرو اور اپنے نفس کی طرف توجہ کرو اور یہ کہنا چاہیے۔

اللّهمّ ربّ المشاعر كلّها فكّ رقبتي من النّار وأوسع عليّ من الرّزق الحلال وادرء عنّي شرّ فسقة الجنّ والإنس ، اللّهمّ لاتمكربي ولا تخدعني ولا تستدرجني يا أسمع السامعين ويا أبصر النّاظرين و يا أسرع الحاسبين و يا أرحم الرّاحمين أسألك أن تصلّي على محمّد و آل محمّد و أن تفعل بي

اور یہ بھی کہنا چاہیے درآنحالیکہ تمہارے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھے ہوں

اللّهمّ حاجتي الّتي إن أعطيتها لم يضرّني مامنعتني و إن منعتنيها لم ينفعني ماأعطيتني أسألك خلاص رقبتي من النّار اللّهمّ إنّي عبدك و ملك يدك و ناصيتي بيدك و أجلي بعلمك أسألك أن توفّقني لما يرضيك عنّي وأن تسلم منّي مناسكي الّتي أريتها إبراهيم خليلك و دللت عليها حبيبك محمّداً صلّى الله عليه وآله ،

اور یہ بھی کہنا چاہیے۔

اللّهمّ اجعلني ممّن رضيت عمله وأطلت عمره وأحييته بعد الموت حياة طيّبة ،

فرمایا کہ رسول اللہ نے جب عرفات میں قیام کیا تو سورج غروب ہونے سے ذرا پہلے کہا اللّهمّ إنّي أعوذ بك من الفقر ومن تشتّت الأمر ومن شرّ مايحدث باللّيل والنّهار أمسى ظلمي مستجيراً بعفوك و أمسى خوفي مستجيراً بأمانك و أمسى ذلّي مستجيراً بعزّك و أمسى وجهي الفاني مستجيراً بوجهك الباقي ياخير من سئل ويا أجود من أعطى جلّلني برحمتك وألبسني عافيتك واصرف عنّي شرّ جميع خلقك ،

Presented by www.ziaraat.com

اور عبداللہ بن میمون نے کہا۔ میں یہ کہتے

۶۔ فرمایا عرفات کی رات سے بہتر دعا کے لئے وقت نہیں۔ (ض)

۷۔ میں نے عبداللہ بن جندب کو موقف میں دیکھا میں نے اس سے بہتر موقف میں کسی کو نہیں پایا اس کے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھے ہوئے تھے رخساروں سے آنسو ڈھلک کر زمین تک پہنچ گئے تھے جب لوگ چلے گئے تو میں نے کہا۔ اے ابو محمد میں نے تم سے بہتر موقف میں کسی کو نہیں پایا۔ انھوں نے کہا میری دعا صرف اپنے بھائیوں کے لئے تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ ابوالحسن موسیٰ بن جعفرؑ نے مجھے بتایا کہ انھوں نے شبانہ دعا اپنے بھائی کے لئے کی۔ تحت عرش سے ندا آئی تمہارے لئے لاکھوں اجر ہیں پس میں نے برا جانا اس امر کو کہ ایک دعا کے عوض اتنا کثیر ثواب جس کا ہوا سے ترک کر دوں میں نہیں جانتا کہ یہ دعا قبول ہوگی یا نہیں۔ (حسن)

۸۔ راوی نے کہا عیسیٰ بن اعین جب حج کر کے موقف میں آئے تو اپنے بھائیوں کے لئے دعا کرتے رہے جب تک لوگ وہاں رہے۔ میں نے کہا تم نے اپنا مال خرچ کیا اور اپنے بدن کو تکلیف دی، جب تم اس مقام پر آئے جہاں اللہ سے حاجتیں بیان کی جاتی ہیں تو تم اپنے بھائیوں کے لئے دعا مانگنے لگے اور اپنے لئے کوئی دعا نہیں مانگتے انھوں نے کہا مجھے دوسروں کے لئے دعا کے قبول ہونے کا یقین ہے اور اپنے میں شک ہے۔ (ض)

۹۔ میں موقف سے جب فارغ ہوا تو ابراہیم بن شعیب سے ملا، میں نے ان پر سلام کیا ان کی ایک آنکھ جاتی رہی تھی اور صحیح آنکھ خون کے لوتھڑے کی طرح سرخ ہو رہی تھی، میں نے کہا آپ ایک آنکھ تو کھو بیٹھے، مجھے دوسری کا بھی ڈر ہے۔ بہتر ہوگا کہ آپ رونا کچھ کم کر دیں انھوں نے کہا واللہ اے ابو محمد میں اپنے نفس کے لئے کوئی دعا نہیں مانگتا میں نے کہا پھر کس کے لئے انھوں نے کہا اپنے بھائیوں کے لئے میں نے حضرت ابو عبداللہ سے سنا ہے جو اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرتا ہے خدا ایک فرشتہ کو موکل کرتا ہے وہ کہتا ہے اس کا دوگنا تجھ کو ملے گا اس لئے میں نے اپنے بھائیوں کے لئے دعا کی اور ایک فرشتہ میرے لئے دعا کرتا ہے میں اپنے نفس کے لئے اپنی دعا کے قبول ہونے میں شک کرتا ہوں اور میرے لئے جو دعا فرشتہ کرتا ہے اس میں مجھے شک نہیں۔ (مجہول)

۱۰۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام کو روز عرفہ دیکھا کہ بلند آواز سے فرما رہے ہیں کہ رسول اللہ صلعم امام تھے ان کے بعد علی ابن ابی طالبؑ تھے ان کے بعد حسنؑ اور ان کے بعد حسینؑ ان کے بعد محمد بن علی ان کے بعد ھہ تین بار آپ نے یہی فرمایا سامنے اور داہنے اور بائیں طرف والوں سے بارہ مرتبہ پیچھے والوں سے عمرو نے کہا جب میں منیٰ میں آیا تو میں نے عرب کے لغت والوں سے لفظ ھہ کے معنی پوچھے ایک نے کہا بنی فلاں کی زبان میں اس کے معنی میں کے ہیں پھر میں نے اور لوگوں سے پوچھا۔ انھوں نے بھی یہی بتایا۔ (ض)

۱۱۔ میں نے کہا اگر وقت عرفہ تنگ ہو جائے تو لوگ کیا کریں فرمایا پہاڑ پر چڑھیں۔ (ض)

﴿باب ٦٥﴾

✿(الافاضة من عرفات)✿

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : متى الإفاضة من عرفات ؟ قال : إذا ذهب الحمرة ـ يعني من الجانب الشرقيّ ـ .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : إنّ المشركين كانوا يفيضون من قبل أن تغيب الشمس فخالفهم رسول الله صلى الله عليه وآله فأفاض بعد غروب الشمس قال : وقال أبوعبدالله عليه السلام إذا غربت الشمس فأفض مع الناس وعليك السكينة والوقار وأفض بالاستغفار فإنّ الله عزّ وجلّ يقول : «ثمّ أفيضوا من حيث أفاض الناس واستغفروا الله إنّ الله غفور رحيم» فإذا انتهيت إلى الكثيب الأحمر عن يمين الطريق فقل : «اللّهمّ ارحم موقفي وزد في علمي وسلّم لي ديني و تقبّل مناسكي» و إيّاك والوجيف الّذي يصنعه الناس فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله قال : أيّها الناس إنّ الحجّ ليس بوجيف الخيل ولا إيضاع الابل ولكن اتّقوا الله وسيروا سيراً جميلاً ، لاتوطئوا ضعيفاً ولاتوطئوا مسلماً وتوءّدوا واقتصدوا في السير فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان يكفّ ناقته حتّى يصيب رأسها مقدّم الرّحل ويقول أيّها الناس عليكم بالدّعة فسنّة رسول الله صلى الله عليه وآله تتّبع ، قال معاوية : و سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : «اللّهمّ أعتقني من النار» و كرّرها حتّى أفاض ، فقلت : ألا تفيض فقد أفاض النّاس ؟ فقال : إنّي أخاف الزّحام و أخاف أن أشرك في عنت إنسان .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن عثمان بن عيسى ، عن هارون بن خارجة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول في آخر كلامه حين أفاض : «اللّهمّ إنّي أعوذ بك أن أظلم أو اُظلم أو أقطع رحماً أو اُوذي جاراً» .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، و أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ بن رئاب ، عن ضريس الكناسيّ ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن رجل أفاض من عرفات قبل أن تغيب الشمس ، قال : عليه بدنة ينحرها يوم النحر فان لم يقدر

Presented by www.ziaraat.com

صام ثمانية عشر يوماً بمكة أو في الطريق أو في أهله .

٥ ـ أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يوكّل الله عزّ وجلّ ملكين بمأزمي عرفة فيقولان : سلّم سلّم .

٦ ـ وعنه ، عن عليّ بن النّعمان ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ملكان يفرّجان للناس ليلة مزدلفة عند المأزمين الضيّقين .

باب ۱۶۵

عرفات سے چلنا

۱۔ میں نے حضرت سے کہا عرفات سے کب چلیں فرمایا جب مشرق کی سرخی غائب ہو جائے۔ (موثق)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب سورج غروب ہو جائے تو لوگوں کے ساتھ چل دو مگر سکینہ اور وقار کے ساتھ اور استغفار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے چلو جس طرف لوگ چلیں اور اللہ سے استغفار کرو بے شک اللہ غفور و رحیم ہے۔ جب کثیب احمر پر پہنچو جو راستہ کے داہنی طرف ہے تو کہو خداوندا میرے موقف پر رحم کر، میرے علم میں زیادتی کر اور میرے دین کو سالم رکھ اور مناسک کو قبول کر، اور تیز چلانے سے اونٹوں کے بچو رسول اللہ نے فرمایا ہے لوگو حج نہ تو گھوڑوں کی دوڑ ہے نہ اونٹوں کی بھاگ بلکہ اللہ سے ڈرو اور چلو آہستہ آہستہ، نہ تو کسی ضعیف کو کچلو اور نہ کسی مسلمان کو پامال کرو بلکہ درمیانی چال اختیار کرو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ناقہ کو اس طرح روکتے تھے کہ اس کا سر پیروں سے مل جاتا تھا اور فرماتے تھے لوگو ہلکی چال چلو، پس سنت رسولؐ کا اتباع کرنا چاہیئے۔ معاویہ نے کہا حضرت ابوعبداللہ کو میں نے فرماتے سنا، یا اللہ مجھے نار سے آزاد کر، جب چلتے یہی فرماتے۔ میں نے کہا لوگ چلنے لگے آپ کیوں نہیں چلتے۔ فرمایا میں ہجوم سے ڈرتا ہوں مجھے خوف ہے کہ میں کسی انسان کو تکلیف دینے میں شریک نہ ہو جاؤں۔ (حسن)

باب ۲۰۴

عمرۂ مفروضہ میں کیا کافی ہے

۱۔ فرمایا جب حج تمتع کا عمرہ پورا ہو گیا تو فریضۂ عمرہ سے جو اس پر واجب ہے وہ پورا ہو گیا۔ (حسن)

۲۔ میں نے کہا کیا عمرہ واجب ہے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا جو حج تمتع کرے اس کے لئے یہ عمرہ کافی ہو گا فرمایا ہاں (م)

﴿باب۲۰۵﴾

(العمرة المبتولة)

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : إنّ عليّاً عليه السلام كان يقول : في كلّ شهر عمرة .

٢ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : في كتاب عليّ عليه السلام : في كلّ شهر عمرة .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عليّ بن أبي حمزة قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن رجل يدخل مكّة في السنة المرّة أو المرّتين أو الأربعة كيف يصنع ؟ قال : إذا دخل فليدخل ملبّياً و إذا خرج فليخرج محلّاً ؛ قال : ولكلّ شهر عمرة ، فقلت : يكون أقلّ ؟ قال : لكلّ عشرة أيّام عمرة ، ثمّ قال : و حقّك لقد كان في عامي هذه السنة ستّ عمر ، قلت : لم ذاك ؟ فقال : كنت مع محمّد بن إبراهيم بالطائف فكان كلّما دخل دخلت معه .

باب ۲۰۵

وہ عمرہ جو حج سے علیحدہ کیا جائے

۱۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے ہر مہینے میں عمرہ ہو سکتا ہے۔ (م)

۲۔ فرمایا کتاب علی میں ہے کہ ہر ماہ میں عمرہ ہے۔ (م)

۳۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص مکہ میں داخل ہوتا ہے ایک سال کے اندر ایک بار دو بار یا چار بار

Presented by www.ziaraat.com

تو وہ کیا کرے۔ فرمایا داخل ہو لبیک کہہ کر اور نکلے محل ہو کر اور فرمایا ہر مہینہ عمرہ ہے۔ میں نے کہا اس سے کم مدت بھی ہے فرمایا دس دن میں ایک عمرہ پھر فرمایا تیرے حق کی قسم میں نے چھ عمرے کئے ہیں میں نے کہا وہ کیسے فرمایا میں محمد بن ابراہیم کے ساتھ طائف میں تھا جب وہ مکہ آیا میں بھی اس کے ساتھ آیا۔ (۱۰)

﴿باب ۲۰٦﴾

☆(العمرة المبتولة في أشهر الحج)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لابأس بالعمرة المفردة في أشهر الحجّ ثمَّ يرجع إلى أهله .

٢ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لابأس بالعمرة المفردة في أشهر الحجّ ثمَّ يرجع إلى أهله إن شاء .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر اليمانيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن رجل خرج في أشهر الحجّ معتمراً ثمَّ رجع إلى بلاده ، قال : لابأس و إن حجَّ في عامه ذلك و أفرد الحجَّ فليس عليه دم فإنَّ الحسين بن عليّ عليهما السلام خرج قبل التروية بيوم إلى العراق وقد كان دخل معتمراً .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن معاوية ابن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : من أين افترق المتمتّع و المعتمر ؟ فقال : إنَّ المتمتّع مرتبط بالحجّ والمعتمر إذا فرغ منها ذهب حيث شاء وقد اعتمر الحسين بن عليّ عليهما السلام في ذي الحجّة ثمَّ راح يوم التروية إلى العراق والناس يروحون إلى منى ولابأس بالعمرة في ذي الحجّة لمن لا يريد الحجّ .

Presented by www.ziaraat.com

باب ۲۰

عمرہ مفردہ ماہِ حج میں

۱۔ فرمایا اگر ماہ حج میں صرف عمرہ کیا جائے تو کوئی حرج نہیں عمرہ کے بعد اپنے گھر لوٹ آئے۔ (م)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے (ض)

۳۔ میں نے پوچھا ایک شخص حج کے مہینے میں عمرہ کرتا ہے اور پھر اپنے شہر کو لوٹ جاتا ہے فرمایا کچھ حرج نہیں اگر اسی سال حج کرے اور علیحدہ حج کرے تو اس پر قربانی نہیں۔ امام حسین علیہ السلام یوم ترویہ سے ایک دن قبل عازم عراق ہوئے اور آپ عمرہ بجا لائے۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا کہاں سے اختراق ہوتا ہے، متمتع اور معتمر میں؟ فرمایا تمتع کرنے والا مرتبط ہے حج سے اور عمرہ کرنے والا فارغ ہو کر جہاں چاہے جا سکتا ہے۔ امام حسین علیہ السلام نے عمرہ کیا ذی الحجہ میں پھر یوم ترویہ راہی عراق ہوئے، رجوع کا ارادہ نہ کرے وہ ذی الحجہ میں عمرہ بجا لائے تو کوئی حرج نہیں۔ (مجہول)

﴿باب ۲۰﴾

﴿الشهور التي تستحب فيها العمرة ومن أحرم في شهر وأحل في اخر﴾

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد، عن حمّاد بن عثمان، عن الوليد بن صبيح قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: بلغنا أنّ عمرة في شهر رمضان تعدل حجّة، فقال: إنّما كان ذلك في امرأة وعدها رسول الله صلى الله عليه وآله فقال لها: اعتمري في شهر رمضان فهي لك حجّة.

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد؛ و أحمد بن محمّد جميعاً، عن عليّ بن مهزيار، عن عليّ بن حديد قال: كنت مقيماً بالمدينة في شهر رمضان سنة ثلاث عشرة و مائتين فلمّا قرب الفطر كتبت إلى أبي جعفر عليه السلام أسأله عن الخروج في عمرة شهر رمضان أفضل أو اُقيم حتّى ينقضي الشهر واُتمّ صومي؛ فكتب إليّ كتاباً قرأته بخطّه سألت رحمك الله عن أيّ العمرة أفضل عمرة شهر رمضان أفضل يرحمك الله.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال، عن ابن بكير، عن عيسى

Presented by www.ziaraat.com

الفرّاء، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا أهلّ بالعمرة في رجب وأحلّ في غيره كانت عمرته لرجب وإذا أهلّ في غير رجب وطاف في رجب فعمرته لرجب.

٤ ـ الحسين بن محمد، عن معلّى بن محمد، عن الحسن بن عليّ، عن حمّاد بن عثمان قال: كان أبوعبدالله عليه السلام إذا أراد العمرة انتظر إلى صبيحة ثلاث وعشرين من شهر رمضان ثمّ يخرج مهلاً في ذلك اليوم.

٥ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أحرم في شهر وأحلّ في آخر فقال: يكتب له في الّذي قد نوى أو يكتب له في أفضلهما.

٦ ـ محمد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن صفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المعتمر يعتمر في أيّ شهور السنة شاء وأفضل العمرة عمرة رجب.

٧ ـ الحسين بن محمد، عن معلّى بن محمد، عن الحسن بن عليّ الوشّاء، عن أبان بن عثمان، عن عبدالرّحمن بن أبي عبدالله، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قلت له: العمرة بعد الحجّ؟ قال: إذا أمكن الموسى من الرأس.

باب ۲۱

عمرہ کے مہینے

۱۔ میں نے کہا ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ماہ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے فرمایا یہ تھا اس عورت کے لئے جس سے رسول اللہؐ نے وعدہ کیا تھا اور فرمایا تھا کہ تو ماہ رمضان میں عمرہ کر وہ تیرے ایک حج کے برابر ہوگا۔ (ضعیف)

۲۔ میں ماہ رمضان میں ۲۱۳ھ میں مدینہ میں مقیم تھا جب عید الفطر کا وقت قریب آیا تو میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو لکھا میں ماہ رمضان میں عمرہ جا کر کروں یا عید تک یہیں رو کر روزے پورے کروں کون ان میں افضل ہے حضرت نے اپنے قلم سے تحریر کیا کہ شہر رمضان کے عمرہ سے افضل کون سا عمرہ ہو سکتا ہے۔ (ضعیف)

۳۔ فرمایا جب رجب میں عمرہ کا اہلال کرے اور محل ہو اس کے غیر میں تو اس کا عمرہ رجب میں شامل ہوگا اور اگر اہلال غیر رجب میں کرے اور طواف کرے رجب میں تو عمرہ رجب ہوگا۔ (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

۴۔ حضرت جب عمرہ کا ارادہ کرتے تو ۲۳ ویں رمضان کا انتظار کرتے پھر تشریف لے جاتے۔ (مو)

۵۔ پوچھا حضرت سے اس شخص کے متعلق جو احرام باندھے ایک مہینے میں اور کھولے دوسرے مہینے میں، فرمایا لکھا جائے گا اس مہینہ میں جس میں نیت کی ہے یا اس میں جو افضل ہوگا۔ (حسن)

۶۔ فرمایا عمرہ جس ماہ میں چاہے کرے مگر افضل وہ ہے جو رجب میں ہو۔

۷۔ میں نے کہا عمرہ (مفردہ) حج کے بعد کرے جب سر کے لیے استرہ مل جائے (مو)

﴿باب ۲۰۸﴾

(قطع تلبية المحرم وما عليه من العمل)

١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن مرازم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: يقطع صاحب العمرة المفردة التلبية إذا وضعت الإبل أخفافها في الحرم.

٢ ـ حميد بن زياد، عن ابن سماعة، عن غير واحد، عن أبان، عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: يقطع تلبية المعتمر إذا دخل الحرم.

٣ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن صفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: من اعتمر من التنعيم فلا يقطع التلبية حتّى ينظر إلى المسجد.

٤ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن أبان بن عثمان، عن زرارة قال: سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول: إذا قدم المعتمر مكّة و طاف و سعى فإن شاء فليمض على راحلته وليلحق بأهله.

٥ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن سنان، عن ابن مسكان، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: العمرة المبتولة يطوف بالبيت و بالصفا والمروة ثمّ يحلّ فإن شاء أن يرتحل من ساعته ارتحل.

٦ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن عبدالله بن سنان، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يجيىء معتمراً عمرة مبتولة قال: يجزئه إذا طاف بالبيت و سعى بين الصفا والمروة و حلق أن يطوف طوافاً واحداً بالبيت ومن شاء أن يقصّر قصّر.

Presented by www.ziaraat.com

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن إبراهيم بن عبدالحميد ، عن عمر أو غيره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المعتمر يطوف ويسعى و يحلق قال : ولابدّ له بعد الحلق من طواف آخر .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابنا ، عن إسماعيل بن رياح ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن مفرد العمرة عليه طواف النساء ؟ قال : نعم .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن محمّد بن عيسى قال : كتب أبوالقاسم مخلّد بن موسى الرّازي إلى الرّجل يسأله عن العمرة المبتولة هل على صاحبها طواف النساء و العمرة الّتي يتمتّع بها إلى الحجّ فكتب أمّا العمرة المبتولة فعلى صاحبها طواف النساء و أمّا الّتي يتمتّع بها إلى الحجّ فليس على صاحبها طواف النساء .

باب ۲۱۸

قطع تلبیہ محرم

۱۔ فرمایا عمرہ مفردہ والا تلبیہ کو قطع کرے حرم میں پہنچ کر اونٹ کے چمڑے کے موزے اتار لئے جائیں (حسن)

۲۔ فرمایا جب عمرہ کرنے والا حرم میں داخل ہو تو تلبیہ قطع کرے

۳۔ جو عمرہ کا احرام منزل تنعیم سے باندھے جب تک اسے مسجد الحرام نظر نہ آئے تلبیہ کو قطع نہ کرے۔ (حسن)

۴۔ جب عمرہ کے لئے مکہ آئے اور طواف و سعی کرلے تو پھر چاہے تو اپنی سواری لیکر اور اپنے اہل و عیال سے جا ملے (ض)

۵۔ عمرہ مفردہ والا طواف بیت و سعی صفا و مروہ کے بعد محل ہو جاتا ہے اگر چاہے تو چلا جائے۔ (ض)

۶۔ جو عمرہ مفردہ کے لئے آئے تو اس کے لئے کافی ہے طواف بیت اور سعی صفا و مروہ اور سر منڈوانا اور بیت کا ایک طواف اگر چاہے تو تقصیر کرے۔ (ص)

۷۔ عمرہ والا طواف کرے سعی کرے سر منڈوائے اور اس کے بعد طواف آخر کرنا ضروری ہے۔ (مجہول)

۸۔ میں نے کہا عمرہ مفردہ والا طواف نساء کرے فرمایا ہاں۔ (مجہول)

۹۔ فرمایا عمرہ مفردہ والے پر طواف نساء ہے اور عمرۂ تمتع والے پر نہیں۔ (م)

Presented by www.ziaraat.com

﴿باب﴾

☼(المعتمر يطأ أهله وهو محرم والكفارة في ذلك)☼

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أحمد بن أبي عليٍّ ، عن أبي جعفر عليه السلام في رجل اعتمر عمرة مفردة فوطىء أهله و هو محرمٌ قبل أن يفرغ من طوافه وسعيه قال : عليه بدنة لفساد عمرته وعليه أن يقيم بمكّة حتّى يدخل شهر آخر فيخرج إلى بعض المواقيت فيحرم منه ثمَّ يعتمر .

٢ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليِّ بن رئاب ، عن مسمع ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرَّجل يعتمر عمرة مفردة ويطوف بالبيت طواف الفريضة ثمَّ يغشي أهله قبل أن يسعى بين الصفا والمروة ، قال : قد أفسد عمرته و عليه بدنة و يقيم بمكّة محلاً حتّى يخرج الشهر الّذي اعتمر فيه ثمَّ يخرج إلى الوقت الّذي وقّته رسول الله صلى الله عليه وآله لأهل بلاده فيحرم منه و يعتمر .

٣ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان ، عن زرارة قال : قال : من جاء بهدي في عمرة في غير حجّ فلينحره قبل أن يحلق رأسه .

٤ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن معاوية ابن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المعتمر إذا ساق الهدي يحلق قبل أن يذبح .

٥ ـ أبوعليٍّ الأشعريُّ ، عن الحسن بن عليٍّ الكوفيِّ ، عن عليِّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : من ساق هدياً في عمرة فلينحره قبل أن يحلق و من ساق هدياً و هو معتمر نحر هديه بالمنحر و هو بين الصفا والمروة وهي الحزورة ، قال : و سألته عن كفّارة العمرة أين تكون ؟ فقال : بمكّة إلّا أن يؤخّرها إلى الحجّ فيكون بمنى و تعجيلها أفضل و أحبُّ إليَّ .

باب ۲۴۹

کفارہ اس عمرہ والے کا جو احرام میں جماع کرے

ا۔ فرمایا اگر عمرہ مفردہ کرنے والا اپنی اہلیہ سے مجامعت کرے بحالت احرام قبل طواف و سعی سے فارغ ہوئے تو اس

Presented by www.ziaraat.com

کا کفارہ ایک بدنہ ہے عمرہ کے فاسد ہونے کی وجہ سے اور اسے لازم ہے کہ دوسرے مہینوں کے داخل ہونے تک مکہ میں قیام کرے پھر بعض مواقیت کے لئے نکلے اور احرام کے ساتھ عمرہ کرے۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا جو کوئی عمرہ مفردہ کرے اور طواف فریضہ کرنے کے بعد اپنی بی بی سے مباشرت کرے سعی سے پہلے تو اس کا عمرہ فاسد ہو گیا اس کا کفارہ ایک بدنہ ہے اور وہ محل ہو کر مکہ میں رہے اور جو وقت رسول خدا نے اہل شہر کے لئے عمرہ کا معین کیا ہے اس میں مکہ سے نکلے احرام باندھے اور عمرہ بجا لائے۔ (ق)

۳۔ جو بغیر حج کے عمرہ کے لئے ہدی لے کر آئے تو اسے چاہیئے کہ حلق راس سے پہلے نحر کرے۔ (مرسل)

۴۔ فرمایا جو عمرہ کے لئے ہدی لائے وہ ذبح سے پہلے سر منڈوائے (مجہول)

۵۔ فرمایا جو عمرہ کے لئے ہدی لے کر آئے تو سر منڈوانے سے پہلے اس کو نحر کرے اور جو عمرہ میں ہدی لائے وہ اس کو صفا و مروہ کے درمیان حزورہ کے نام سے جو مذبح ہے وہاں نحر کرے، میں نے کہا عمرہ کا کفارہ کہاں ہو، فرمایا مکہ میں مگر حج کے وقت تک اسے روکے رکھے اور منیٰ میں ہو اور اس میں جلدی کرنا افضل ہے اور مجھے پسند ہے (ح)

﴿ باب ۱۲ ﴾

☆(الرجل يبعث بالهدي تطوعا و يقيم في أهله)☆

۱ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن . . بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكناني قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل بعث بهدي مع قوم و واعدهم يوم يقلّدون فيه هديهم و يحرمون فيه ، فقال : يحرم عليه مايحرم على المحرم في اليوم الّذي واعدهم حتّى يبلغ الهدي محلّه ؛ فقلت : أرأيت إن اخلفوا في ميعادهم و أبطؤا في السير عليه جناح في اليوم الّذي واعدهم ؟ قال : لا و يحلّ في اليوم الّذي واعدهم .

۲ ـ حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد بن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان ، عن سلمة ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ عليّاً عليه السلام كان يبعث بهديه ثمّ يمسك عمّا يمسك عنه المحرم غير أنّه لا يلبّي و يواعدهم يوم ينحر فيه بدنة فيحلّ .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل يبعث بالهدي تطوّعاً ليس بواجب ، قال : يواعد أصحابه يوماً فيقلّدونه فإذا كانت تلك الساعة اجتنب

Presented by www.ziaraat.com

مايجتنب المحرم إلى يوم النحر فاذا كان يوم النحر أجزء عنه .

٤ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن هارون بن خارجة قال : إنّ مراداً بعث ببدنة وأمر أن تقلّد و تشعر في يوم كذا و كذا فقلت له : إنّما ينبغي أن لايلبس الثياب فبعثني إلى أبي عبدالله عليه السلام بالحيرة فقلت له : إنّ مراداً صنع كذا و كذا و إنّه لايستطيع أن يترك الثياب لمكان زياد ، فقال : مره أن يلبس الثياب وليذبح بقرة يوم الأضحى عن نفسه .

باب ۲

ہدی کو تطوعاً بھیجنا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے کچھ لوگوں کے ساتھ ہدی بھیجی اور ان سے وعدہ لیا کہ فلاں روز وہ ہدی کے قلادہ ڈالیں اور احرام باندھیں فرمایا وہ اپنے اوپر حرام کریں ہر اس چیز کو جو محرم پر حرام ہوتی ہے اور جب تک ہدی اپنے مقام پہ پہنچے وہ احرام میں رہیں میں نے کہا اگر وہ اس وعدہ کے خلاف کریں اور چلنے میں تاخیر کریں تو کیا وعدہ کے دن نہ پہنچنے کا اس پر کفارہ ہو گا فرمایا نہیں ، وہ محل ہو گا اس دن جس کا وعدہ اس نے ان سے کیا ہو گا ۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا حضرت نے کہ حضرت علی علیہ السلام ہدی بھیجتے تھے اور باز رہتے تھے ان تمام چیزوں سے جن سے ایک محرم باز رہتا ہے سوائے اس کے کہ تلبیہ نہیں کرتے تھے اور لے جانے والوں سے وعدہ لیتے تھے کہ روز نحر ، نحر کر کے محل ہو ۔ (مجہول)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص استحباباً ہدی بھیجنا چاہتا ہے فرمایا وہ اپنے اصحاب سے وعدہ لے کہ یوم معین پر اس کی گردن میں قلادہ ڈالے ، جب وہ وقت آئے تو ان تمام چیزوں سے پرہیز کرے جن سے ایک محرم پرہیز کرتا ہے روز نحر تک ، جب روز نہر ذبح ہو جائے تو اس کی طرف سے کافی ہو گا ۔ (حسن)

۴۔ راوی نے کہا مراد نے بدنہ بھیجا اور کہا فلاں فلاں دن اس کے پٹہ ڈالا جائے اور اشعار کیا جائے ، میں نے کہا کیا وہ لباس نہ پہنے اس نے مجھے ابو عبداللہ کے پاس حیرہ بھیجا میں نے ان سے کہا مراد نے ایسا ایسا کیا وہ مکان زیاد میں ہونے کی وجہ سے کپڑے نہیں (اتار) سکتا ۔ فرمایا اسے حکم دو کہ وہ کپڑے پہنے رہے اور روز قربانی اپنی طرف سے گائے ذبح کرے ۔ (م)

باب ۲ النوادر

١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن أصرم بن حوشب ، عن عيسى بن

عبدالله ، عن جعفر بن محمّد عليهما السلام قال : أودية الحرم تسيل في الحلّ وأودية الحلّ لاتسيل في الحرم .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل ، عن أبان بن تغلب قال : كنت مع أبي جعفر عليه السلام في ناحية من المسجد الحرام وقوم يلبّون حول الكعبة فقال : أترى هؤلاء الّذين يلبّون والله لأصواتهم أبغض إلى الله من أصوات الحمير .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل لبّى بحجّة أو عمرة وليس يريدالحجّ ، قال : ليس بشيء ولاينبغي له أن يفعل .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال في هؤلاء الّذين يفردون الحجّ إذا قدموا مكّة وطافوا بالبيت أحلّوا وإذا لبّوا أحرموا فلايزال يحلّ ويعقد حتّى يخرج إلى منى بلاحجّ ولاعمرة .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن منصور بن العبّاس ، عن الحسن ابن عليّ بن يقطين ، عن حفص المؤذّن قال : حجّ إسماعيل بن عليّ بالناس سنة أربعين ومائة فسقط أبوعبدالله عليه السلام عن بغلته فوقف عليه إسماعيل فقال له أبوعبدالله عليه السلام : سر فإنّ الإمام لايقف .

٦ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالله ابن مسكان ، عن الحسن بن سريّ قال : قلت له : ماتقول في المقام بمنى بعدما ينفر الناس قال : إذا قضى نسكه فليقم ماشاء وليذهب حيث شاء .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سأله رجل في المسجد الحرام من أعظم الناس وزراً ؟ فقال : من يقف بهذين الموقفين عرفة والمزدلفة وسعى بين هذين الجبلين ثمّ طاف بهذا البيت وصلّى خلف مقام إبراهيم عليه السلام ثمّ قال : في نفسه أو ظنّ أنّ الله لم يغفر له فهو من أعظم الناس وزراً .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن صالح بن السنديّ ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنّا عنده نذكروا الماء في طريق مكّة وثقله فقال : الماء لايثقل إلّا أن ينفرد به الجمل فلايكون عليه إلّا الماء .

Presented by www.ziaraat.com

٩ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن السنديّ بن الربيع ، عن محمّد بن القاسم بن الفضيل ، عن فضيل بن يسار ، عن أحدهما عليهما السلام قال : من حجّ ثلاث سنين متوالية ثمّ حجّ أولم يحجّ فهو بمنزلة مدمن الحجّ ؛ وروي أنّ مدمن الحجّ الّذي إذا وجد الحجّ حجّ كما أنّ مدمن الخمر الّذي إذا وجده شربه .

١٠ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من ركب راحلة فليوص .

١١ - محمّد بن يحيى ، عن بعض أصحابه ، عن العبّاس بن عامر ، عن أحمد بن رزق الغشاني ، عن عبدالرَّحمن بن الأشل بيّاع الأنماط ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كانت قريش تلطخ الأصنام الّتي كانت حول الكعبة بالمسك و العنبر وكان يغوث قبال الباب و كان يعوق عن يمين الكعبة وكان نسر عن يسارها و كانوا إذا دخلوا خرّوا سجّداً ليغوث ولا ينحنون ثمّ يستديرون بحيالهم إلى يعوق ثمّ يستديرون بحيالهم إلى نسر ثمّ يلبّون فيقولون : «لبّيك اللّهمّ لبّيك لبّيك لاشريك لك إلّا شريك هو لك تملكه وما ملك» قال : فبعث الله ذباباً أخضر له أربعة أجنحة فلم يبق من ذلك المسك والعنبر شيئاً إلّا أكله و أنزل الله تعالى : « يا أيّها النّاس ضرب مثل فاستمعوا له إنّ الّذين يدعون من دون الله لن يخلقوا ذباباً ولو اجتمعوا له و إن يسلبهم الذّباب شيئاً لايستنقذوه منه ضعف الطّالب والمطلوب » .

١٢ - الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن عمر بن يزيد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لايلي الموسم مكّيّ .

١٣ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن الحسن بن موسى ، عن غياث بن كلوب عن إسحاق بن عمّار ، عن جعفر ، عن آبائه عليهم السلام أنّ عليّاً صلوات الله عليه كان يكره الحجّ والعمرة على الإبل الجلّالات .

١٤ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عليّ بن محمّد بن شيرة ، عن عليّ بن سليمان قال : كتبت إليه أسأله عن الميّت يموت بعرفات يدفن بعرفات أو ينقل إلى الحرم فأيّهما أفضل ؟ فكتب : يحمل إلى الحرم و يدفن فهو أفضل .

١٥ - حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله جلّ ثناؤه : « ثمّ ليقضوا تفثهم » قال : هو مايكون من

Presented by www.ziaraat.com

الرّجل في إحرامه فإذا دخل مكّة فتكلّم بكلام طيّب كان ذلك كفّارة لذلك الّذي كان منه .

١٦ ـ أحمد بن محمّد ، عمّن حدّثه ، عن محمّد بن الحسين ، عن وهيب بن حفص ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ القائم عليه السلام إذا قام ردّ البيت الحرام إلى أساسه و مسجد الرّسول إلى أساسه و مسجد الكوفة إلى أساسه . وقال أبو بصير : إلى موضع التمّارين من المسجد .

١٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالرحمن بن حمّاد ، عن إبراهيم بن عبدالحميد قال : سمعته يقول : من خرج من الحرمين بعد ارتفاع النهار قبل أن يصلّي الظهر والعصر نودي من خلفه لاصحبك الله .

١٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن بنان بن محمّد ، عن موسى بن القاسم ، عن عليّ بن جعفر ، عن أخيه أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن رجل جعل جاريته هدياً للكعبة كيف يصنع ؛ فقال : إنّ أبي أتاه رجل قد جعل جاريته هدياً للكعبة فقال له : قوّم الجارية أو بعها ثمّ مر منادياً يقوم على الحجر فينادي : ألا من قصرت به نفقته أو قطع به أو نفد طعامه فليأت فلان بن فلان ومره أن يعطي أوّلاً فأوّلاً حتّى ينفد ثمن الجارية .

١٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن عبدالله بن هلال ، عن عقبة بن خالد ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المرأة تلد يوم عرفة كيف تصنع بولدها أيطاف عنه أم كيف يصنع به ؟ قال : ليس عليه شيء .

٢٠ ـ محمّد بن يحيى ؛ وغيره ، عن محمّد بن أحمد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن يحيى بن المبارك ، عن عبدالله بن جبلة ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قلت : جعلت فداك كان عندي كبش سمين لاُضحّي به فلمّا أخذته و أضجعته نظر إليّ فرحمته و رققت عليه ثمّ إنّي ذبحته ، قال : فقال لي : ما كنت اُحبّ لك أن تفعل ، لا تربّين شيئاً من هذا ثمّ تذبحه .

٢١ ـ محمّد بن يحيى ، عن حمدان بن سليمان ، عن الحسن بن محمّد بن سلام ، عن أحمد بن بكر بن عصام ، عن داود الرقي قال : دخلت على أبي عبدالله عليه السلام ولي على رجل مال قد خفت تواه فشكوت إليه ذلك فقال لي : إذا صرت بمكّة فطف عن عبدالمطّلب طوافاً وصلّ ركعتين عنه وطف عن أبي طالب طوافاً وصلّ عنه ركعتين وطف عن عبدالله

طوافاً وصلّ عنه ركعتين وطف عن آمنة طوافاً وصلّ عنها ركعتين وطف عن فاطمة بنت أسد طوافاً وصلّ عنها ركعتين ثمّ ادع أن يردّ عليك مالك، قال: ففعلت ذلك ثمّ خرجت من باب الصفا وإذا غريمي واقف يقول: يا داود حبستني تعال اقبض مالك.

٢٢ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن عبدالله بن عمر قال: كنّا بمكّة فأصابنا غلاء من الأضاحيّ فاشترينا بدينار ثمّ بدينارين ثمّ لم نجد بقليل ولا كثير فرقّع هشام المكاريّ رقعة إلى أبي الحسن عليه السلام وأخبره بما اشترينا ثمّ لم نجد بقليل ولا كثير، فوقّع: انظروا الثمن الأوّل والثاني والثالث ثمّ تصدّقوا بمثل ثلثه

٢٣ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن الحسين بن عثمان؛ و محمّد بن أبي حمزة، عن إسحاق بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرَّجل يحجّ عن آخر فاجترح في حجّه شيئاً يلزمه فيه الحجّ من قابل أو كفّارة؟ قال: هي للأوّل تامّة و على هذا ما اجترح.

٢٤ - عليّ بن إبراهيم، عن صالح بن السنديّ، عن جعفر بن بشير، عن أبان، عن أبي الحسن، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: جاء رجلٌ إلى أبي جعفر عليه السلام فقال: إنّي أهديت جارية إلى الكعبة فأعطيت خمسمائة دينار فما ترى؟ قال: بعها ثمّ خذ ثمنها ثمّ قم على هذا الحائط - حائط الحجر - ثمّ ناد و أعط كلّ منقطع به و كلّ محتاج من الحاجّ.

٢٥ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال؛ و الحجّال، عن ثعلبة، عن أبي خالد القمّاط، عن عبد الخالق الصيقل قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ: «ومن دخله كان آمناً» فقال: لقد سألتني عن شيء ما سألني أحدٌ إلّا من شاء الله قال: من أمّ هذا البيت و هو يعلم أنّه البيت الّذي أمره الله عزّ وجلّ به و عرفنا أهل البيت حقّ معرفتنا كان آمناً في الدّنيا والآخرة.

٢٦ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن إسماعيل الخثعميّ قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّا إذا قدمنا مكّة ذهب أصحابنا يطوفون و يتركوني أحفظ متاعهم؟ قال: أنت أعظمهم أجراً.

٢٧ - بإسناده، عن ابن أبي عمير، عن مرازم بن حكيم قال: زاملت محمّد بن مصادف فلمّا دخلنا المدينة اعتللت فكان يمضي إلى المسجد و يدعني وحدي فشكوت ذلك إلى

مصادف فأخبر به أباعبدالله عليه السلام فأرسل إليه قعودك عنده أفضل من صلاتك في المسجد .

۲۸ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن فضّال ، عن سفيان بن إبراهيم الجريريّ ، عن الحارث بن الحصيرة الأسدي ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : كنت دخلت مع أبي الكعبة فصلّى على الرُّخامة الحمراء بين العمودين فقال : في هذا الموضع تعاقد القوم إن مات رسول الله صلى الله عليه وآله أو قتل ألا يردُّوا هذا الأمر في أحد من أهل بيته أبداً ، قال : قلت : ومن كان ؟ قال : كان الأوَّل والثانيُّ وأبوعبيدة بن الجرّاح و سالم ابن الحبيبة .

۲۹ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن هارون بن مسلم ، عن مسعدة بن صدقة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سئل أمير المؤمنين صلوات الله عليه عن إساف و نائلة و عبادة قريش لهما ، فقال : نعم كانا شابّين صبيحين وكان بأحدهما تأنيث وكانا يطوفان بالبيت فصادفا من البيت خلوة فأراد أحدهما صاحبه ففعل فمسخهما الله فقالت قريش : لولا أنَّ الله رضي أن يعبد هذان معه ماحوَّلهما عن حالهما .

۳۰ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليِّ بن أسباط ، عن عليِّ بن أبي عبدالله ، عن الحسين بن يزيد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول ـ وقد قال له أبوحنيفة ـ : عجب الناس منك أمس وأنت بعرفة تماكس ببدنك أشدَّ مكاساً يكون ، قال : فقال له أبوعبدالله عليه السلام : ومالله من الرِّضا أن اُغبن في مالي ، قال : فقال أبوحنيفة : لا والله مالله في هذا من الرِّضا قليل و لا كثير و ما نجيئك بشيء إلّا جئتنا بما لا مخرج لنا منه .

۳۱ ـ سهل ، عن عليِّ بن أسباط ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا ينبغي لأحد أن يحتبي قبالة الكعبة .

۳۲ ـ سهل ، عن منصور بن العبّاس ، عن ابن أبي نجران ـ أو غيره ـ عن حنان ، عن أبيه ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : شكت الكعبة إلى الله عزَّ وجلَّ ما تلقى من أنفاس المشركين ، فأوحى الله إليها قرّي كعبة فإنّي مبدِّلك بهم قوماً يتنظّفون بقضبان الشجر فلمّا بعث الله محمّداً صلى الله عليه وآله أوحى إليه مع جبرئيل عليه السلام بالسواك و الخلال .

۳۳ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن بعض

Presented by www.ziaraat.com

أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت : نكون بمكّة أو بالمدينة أو الحيرة أو المواضع الّتي يرجى فيها الفضل فربّما خرج الرّجل يتوضّأ فيجيىء آخر فيصير مكانه قال : من سبق إلى موضع فهو أحقّ به يومه وليلته .

٣٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن يحيى بن المبارك ، عن عبدالله ابن جبلة ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من أماط أذى عن طريق مكّة كتب الله له حسنة ومن كتب له حسنة لم يعذّبه .

٣٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لايزال العبد في حدّ الطواف بالكعبة مادام حلق الرأس عليه .

٣٦ ـ أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن إبراهيم التيمليّ ، عن عليّ بن أسباط ، عن رجل من أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان أيّام الموسم بعث الله عزّ وجلّ ملائكة في صور الآدميّين يشترون متاع الحاجّ والتجّار ، قلت : فمايصنعون به ؟ قال : يلقونه في البحر .

٣٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن الحسين بن مسلم ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : يوم الأضحى في اليوم الّذي يصام فيه ويوم العاشوراء في اليوم الّذي يفطر فيه .

باب

نوادر

۱۔ فرمایا حرم کی زمین بلند ہونے کی وجہ سے پانی بہتا ہے جل کی طرف اور جل کا پانی بہہ حرم کی طرف نہیں آتا (حسن)

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے مراۃ العقول میں اس حدیث کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جس طرح مقام حرم کو مقام جل پر صوری بلندی حاصل ہے اسی طرح محمد وآل محمد کو عوام الناس پر فوقیت و برتری حاصل ہے۔ (حسن)

۲۔ میں امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں مسجد الحرام کے ایک طرف حاضر تھا اور بہت سے لوگ کعبہ کے گرد تلبیہ کر رہے تھے حضرت نے فرمایا تم ان لوگوں کو دیکھ رہے ہو جو تلبیہ کر رہے ہیں خدا کے نزدیک ان کی آواز گدھے کی آواز سے بھی زیادہ بری ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص بغیر ارادہ حج، حج یا عمرہ کا تلبیہ کرے فرمایا بیکار ہے اسے ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ (حسن)

۴۔ فرمایا ان لوگوں کے متعلق جو حج افراد کریں کہ جب مکہ آئیں اور بیت کا طواف کریں تو محل ہوئے اور جب تلبیہ کریں تو احرام میں ہوئے اسی طرح کبھی کشادگی کبھی بندش یہاں تک کہ وہ منیٰ کی طرف جائیں بغیر حج و عمرہ کے۔ (حسن)

۵۔ محمد بن اسماعیل نے سنہ ۱۴۰ھ میں لوگوں کے ساتھ حج کیا۔ حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام اپنے خچر سے گر پڑے اسمٰعیل ٹھہر گئے حضرت نے فرمایا تم چلو امام توقف نہیں کرتا۔ (ض)

۶۔ میں نے کہا آپ فرماتے ہیں منیٰ میں قیام کے متعلق جبکہ لوگ چل دیں فرمایا جب مناسک ادا کر لے تو جب تک چاہو ٹھہرو جب چاہو چل دو۔ (مجہول)

۷۔ ایک شخص نے مسجد الحرام میں حضرت سے پوچھا سب سے زیادہ گنہگار کون ہے فرمایا جو ان دونوں موقفوں عرفہ و مزدلفہ میں وقوف کرے اور ان دونوں پہاڑوں کے درمیان سعی کرے اور بیت اللہ کا طواف کرے اور مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھے پھر اپنے دل میں کہے یا گمان کرے کہ اللہ اس کے گناہ نہیں بخشے گا یہ سب سے بڑا گنہگار ہے کہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہوتا ہے۔ (مرسل)

۸۔ ہم ابو عبداللہ علیہ السلام کے پاس تھے لوگوں نے پانی کا ذکر کیا مکہ کے راستہ میں اور اس کے وزن کا۔ فرمایا اتنا بار ہو کہ اگر جدا گانہ اونٹ پر لادا جائے کہ پانی کے سوا اور کچھ اس پر نہ ہو۔ (مجہول)

۹۔ فرمایا جو کوئی تین سال پے در پے حج کر لے تو پھر حج کرے یا نہ کرے وہ بمنزلہ دوامی حج کرنے والوں کے ہو جاتا ہے اور مدمن الحج سے مراد وہ ہے کہ جب موقع پائے حج کر لے جیسے دائم الخمر کہ جب اسے کہیں شراب ملے پی لے۔ (مجہول)

۱۰۔ فرمایا جو سواری پر بیٹھے اسے چاہیئے کہ وصیت کرے۔ (م)

۱۱۔ فرمایا قریش ان بتوں پر جو کعبہ کے گرد تھے مشک و عنبر ملتے تھے یغوث بت دروازۂ بیت کے سامنے تھا یعوق کعبہ کے داہنی طرف اور نسر بائیں طرف تھا۔

اور جب حرم میں داخل ہوتے تو یغوث کو سجدہ کرتے اس کے سامنے جھکتے نہ تھے پھر نسر کی طرف آ کر کہتے لبیک لبیک الخ خدا نے ایک مکھی کو بھیجا جو سبز رنگ کی اور چار پیروں والی تھی وہ سارا مشک و عنبر چاٹ گئی، اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق فرمایا ہے۔

اے لوگو یہ ایک مثال ہے اسے کان لگا کر سنو! اللہ کے سوا وہ جن کو پکارتے ہیں انھوں نے تو ایک مکھی بھی پیدا نہیں کی۔ اگر وہ سب جمع ہو کر بھی چاہیں تو پیدا نہیں کر سکتے بلکہ مکھی اگر ان کی کوئی چیز لے اڑے تو وہ اس کو اس سے لے نہیں سکتے کتنے کمزور ہیں طالب و مطلوب (م)

۱۲۔ موسم حج کی امیری امیر حاج سے متعلق ہے نہ امیر مکہ سے (م)

Presented by www.ziaraat.com

۱۳۔ حضرت ابوعبداللہ نجاست خور اونٹوں پر حج وغیرہ کرنا مکروہ جانتے تھے (ض)

۱۴۔ جو شخص عرفات میں مر جائے اسے حرم میں لا کر دفن کرنا افضل ہے (ض)

۱۵۔ فرمایا اس آیت کے متعلق "ثم لیقضوا تفثہم پھر اپنی نجاست دور کریں"، یعنی جب تک احرام میں ہے ناخن کٹوانا بدن کے زیادہ بال صاف کروانا وغیرہ اور جب مکہ میں آئے تو ذکر الٰہی کرے تاکہ ان فروگزاشتوں کا کفارہ ہو جائے جو بحالت احرام ہو گئی ہوں۔ (مرسل)

۱۶۔ فرمایا حضرت نے جب قائم آل محمد ظہور فرمائیں گے تو کعبہ کو مسجد رسولؐ اور مسجد کوفہ کو اس کی اصل بنیادوں پر لائیں گے ابوبصیر نے کہا اس جگہ تک جو مسجد سے متعلق تھی۔ (مرسل)

۱۷۔ فرمایا جو کوئی حرمین سے سورج بلند ہونے کے بعد قبل نماز ظہر و عصر پڑھنے کے چل دے اسے پیچھے سے پکارنے والا کہے گا اللہ تیرا بھلا نہ کرے۔ (مجہول)

۱۸۔ میں نے کہا ایک شخص نے اپنی کنیز تحفہ میں دیا تو وہ کیا کرے فرمایا میرے والد (امام موسیٰ کاظم علیہ السلام) کے پاس ایک شخص آیا جس نے اپنی کنیز کعبہ کی نذر کی تھی حضرت نے فرمایا چاہیے اس کی قیمت خود دے یا بیچ ڈالے۔ پھر اس سے کہو کہ حجر کے پاس کھڑے ہو کر ندا کرے، جس کے پاس نفقہ نہ رہا ہو یا راستہ میں لٹ گیا ہو یا کھانا ختم ہو گیا ہو وہ فلاں بن فلاں کے پاس آئے پس پہلے آنے والوں کو دیا جائے تا اینکہ جاریہ کی قیمت ختم ہو جائے۔ (مجہول)

۱۹۔ پوچھا ایک عورت یوم عرفہ بچہ جنتی ہے تو کیا کرے آیا اس کی طرف سے طواف کرے۔ فرمایا کچھ نہیں کرنا۔ (مجہول)

۲۰۔ میں نے کہا میرے پاس ایک موٹا تازہ مینڈھا ذبح کرنے کے لیے تھا میں نے اسے پکڑ کر لٹایا تو دیکھنے لگا مجھے اس پر رحم آیا اور دل میں نرمی پیدا ہوئی مگر میں نے اسے ذبح کر دیا۔ فرمایا میں تمہارے لیے اسے اچھا نہیں سمجھتا کسی پالتو جانور کو ذبح نہ کرو۔ (مجہول)

۲۱۔ میں نے کہا میرا ایک شخص کے پاس مال ہے اور اس کا پتہ نہیں فرمایا جب تم مکہ پہنچو تو حضرت عبدالمطلب، حضرت ابوطالب حضرت عبداللہ، حضرت آمنہ، حضرت فاطمہ بنت اسد ہر ایک کے نام سے طواف کرو اور ہر ایک طواف کے بعد ان کی طرف سے دو رکعت نماز پڑھو پھر خدا سے دعا مانگو روپیہ مل جائے گا۔

راوی کہتا ہے میں نے یہ عمل کیا پھر جب میں باب صفا سے نکلا تو میرا قرضدار کھڑا ہوا تھا اس نے کہا اے داؤد میں تمہاری وجہ سے رکا ہوا ہوں آؤ اپنا مال لے لو۔ (مجہول)

۲۲۔ ہم مکہ میں تھے کہ قربانی کے جانور گراں ہو گئے۔ ہم نے پہلے ایک دینار میں خریدا پھر دو میں پھر نہ کم میں ملا نہ زیادہ میں۔ کرایہ والا ہشام نامی میرا خط امام رضا علیہ السلام کے پاس لے گیا حضرت نے تحریر فرمایا پہلی اور دوسری قیمت دیکھو پھر تیسری قیمت تصدق کر دو (مجہول)

Presented by www.ziaraat.com

۲۳۔ میں نے کہا ایک شخص دوسرے کی طرف سے حج کو جاتا ہے اور اس کے حج میں کوئی ایسی چیز پیدا ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سال آئندہ حج کرنا لازم ہو جاتا ہے یا کفارہ دینا پڑتا ہے فرمایا پہلے شخص کا حج تو پورا ہو گا اور جو غلطی ہوئی ہے اس کا ذمہ دار اجیر ہے۔ (حسن)

۲۴۔ میں نے کہا میں نے ایک کنیز کعبہ کو نذر دی مجھے اس کی قیمت ملتی ہے فرمایا بیچ ڈالو اور اس کی قیمت لے کر حجر کے پاس کھڑے ہو جاؤ اور ندا کرو اور جو حاجی ضرورتمند ہو اسے دو۔ (مجہول)

۲۵۔ میں نے آیہ ومن دخلہ کان آمنا کے معنی پوچھے۔ فرمایا تم نے ایسا سوال کیا جو کسی نے نہیں پوچھا۔ سنو جو شخص جو کوئی اس گھر میں یہ جان کر آئے کہ یہ وہ گھر ہے کہ جس میں آنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور ہم اہلبیت کو اس طرح پہچانے جو حق معرفت ہے تو وہ دنیا و آخرت میں امن سے رہے گا۔ (مجہول)

۲۶۔ میں نے کہا ہم مکہ آئے میرے ساتھی طواف کرنے لگے اور مجھے اپنے سامان کی حفاظت کے لئے چھوڑ دیا فرمایا تیرا اجر ان سے زیادہ ہے۔ (مجہول)

۲۷۔ میں محمد بن مسعادف کا ہمسفر تھا جب ہم پہنچے تو میں بیمار ہو گیا وہ مجھے اکیلا چھوڑ کر مسجد میں چلا گیا اس کی اطلاع ابوعبداللہؑ کو دی گئی آپ نے اس کو کہلا بھیجا کہ تمہارا اس کے پاس بیٹھنا مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر تھا۔ (م)

۲۸۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے میں اپنے والد کے ساتھ کعبہ میں آیا انھوں نے دونوں ستونوں کے درمیان رخامۃ الحمراء پر نماز پڑھی اور فرمایا یہی وہ جگہ ہے جہاں قوم نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ اگر رسولؐ مر جائیں تو امر خلافت کو ہرگز اہلبیت میں سے کسی کی طرف ہرگز نہ جانے دینا۔ میں نے کہا وہ کون لوگ تھے فرمایا اوّل و ثانی اور ابوعبیدہ بن جراح اور سالم بن حبیبہ۔ (ض)

۲۹۔ فرمایا کسی نے امیرالمومنین علیہ السلام سے اساف اور نائلہ کے متعلق پوچھا اور یہ کہ قریش ان کی پوجا کیوں کرتے تھے فرمایا وہ دو جوان تندرست تھے اور ان میں سے ایک مخنث تھا یہ دونوں طواف بیت کر رہے تھے اور اس وقت وہاں کوئی نہ تھا پس ایک نے اپنے ساتھی سے خلوت کی پس اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو مسخ کر دیا۔ قریش نے کہا اللہ اگر اس پر راضی نہ ہوتا کہ اس کی عبادت کی جائے تو ان کو اس حالت میں کیوں لاتا۔ (ض)

۳۰۔ حضرت نے فرمایا کہ ابوحنیفہ نے کہا کل جبکہ آپ عرفات میں تھے آپ کے ایک امر نے لوگوں کو تعجب میں ڈالا۔ آپ نے اپنے بدنہ خریدنے میں قیمت کم کرانے کے لئے بڑا جھگڑا کیا حضرت نے فرمایا اللہ اس سے راضی نہیں ہوتا کہ میں اپنے مال میں بے پروائی کروں ابوحنیفہ نے کہا واللہ اس میں اللہ کی مرضی نہیں کم ہو یا زیادہ، ہم آپ کے پاس وہی چیز لاتے ہیں جو ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ (ض)

۳۱۔ فرمایا جائز نہیں کسی کے لئے کہ پشت اور پنڈلیاں کھولے ہوئے کعبہ کے سامنے آئے۔ (ض)

Presented by www.ziaraat.com

۳۲۔ فرمایا کعبہ نے (بزبان حال) اللہ سے شکایت کی مشرکین کی نجس سانسوں کی۔ خدا نے وحی کی میں ان کو بدل دوں گا ایسے لوگوں سے جو دانتوں کو صاف کریں گے درخت کی شاخ سے، جب اللہ نے حضرت رسول خدا کو مبعوث کیا تو خدا نے جبرئیل علیہ السلام کو مسواک اور خلال کے ساتھ بھیجا۔ (ض)

۳۳۔ میں نے کہا اگر ہم مکہ مدینہ، حیرہ یا کوئی اور فضیلت والی جگہ ہوں اور ایک شخص وہاں وضو کر رہا ہو دوسرا شخص اس کی جگہ پر آکر بیٹھ جائے۔ فرمایا جو پہلے بیٹھا ہے حق اسی کا ہے دن ہو یا رات۔

۳۴۔ فرمایا جو کسی تکلیف دہ امر کی وجہ سے مجبوراً راہ مکہ سے ہٹ گیا ہو اس کے نام پر خدا نیکی لکھتا ہے اور جس کے نام پر نیکی لکھی جائے وہ معذب نہ ہوگا۔ (ض)

۳۵۔ فرمایا جب تک حلق راس نہ ہو حد طواف کعبہ سے نہ ہٹے۔ (حسن)

۳۶۔ فرمایا موسم حج میں اللہ ملائکہ کو انسانی صورت میں بھیجتا ہے تاکہ وہ حاجیوں اور تاجروں کا سامان خریدیں (مکہ اور منیٰ میں تجارت کے فروغ کے لیے) میں نے کہا وہ کیا کرتے ہیں فرمایا دریا میں ڈال دیتے ہیں)۔ (مجہول)

۳۷۔ فرمایا یوم اضحیٰ ان دنوں میں سے ہے جن میں روزہ رکھا جاتا ہے اور یوم عاشورہ ان ایام میں سے ہے جن میں روزہ افطار کر لیا جاتا ہے۔

﴿ ابواب الزيارات ﴾

﴿باب ۲۷۲﴾

☆(زيارة النبي صلى الله عليه وآله)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن ابن أبي نجران قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : جعلت فداك ما لمن زار رسول الله صلى الله عليه وآله متعمّداً ؛ فقال : له الجنّة .

٢ ـ أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن حريز ، عن فضيل بن يسار قال : إنّ زيارة قبر رسول الله صلى الله عليه وآله و زيارة قبور الشهداء و زيارة قبر الحسين عليه السلام تعدل حجّة مع رسول الله صلى الله عليه وآله .

٣ ـ أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن أبان ، عن السدوسيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : من أتاني زائراً كنت شفيعه يوم القيامة .

٤ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن عثمان بن عيسى ، عن المعلّى أبي شهاب قال : قال الحسين عليه السلام لرسول الله صلى الله عليه وآله : يا أبتاه ما لمن زارك ؛ فقال رسول الله

Presented by www.ziaraat.com

صلى الله عليه وآله : يا بنيّ من زارني حيّاً أو ميّتاً أو زار أباك أو زار أخاك أو زارك كان حقّاً عليّ أن أزوره يوم القيامة وأخلّصه من ذنوبه .

٥ - عليّ بن محمّد بن بندار ، عن إبراهيم بن إسحاق ، عن محمّد بن سليمان الدّيلمي عن أبي حجر الأسلمي ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : من أتى مكّة حاجّاً ولم يزرني إلى المدينة جفوته يوم القيامة ومن أتاني زائراً وجبت له شفاعتي ومن وجبت له شفاعتي وجبت له الجنّة ومن مات في أحد الحرمين مكّة والمدينة لم يعرض ولم يحاسب ومن مات مهاجراً إلى الله عزّ وجلّ حشر يوم القيامة مع أصحاب بدر .

باب ۱۲۱

زیارت نبی صلعم

۱۔ جو رسولؐ کی زیارت کرے اس کے لئے جنت ہے ۔ (م)

۲۔ زیارت قبر رسولؐ، قبور شہداء اور قبر امام حسینؑ کا ثواب برابر ہے اس حج کے ثواب کے جو رسول اللہ کے ساتھ ہو (موثق)

۳۔ فرمایا حضرت رسولؐ خدا نے جو میری قبر کی زیارت کو آئے گا تو میں روز قیامت اس کی شفاعت کروں گا۔ (مجہول)

۴۔ حضرت امام حسین علیہ السلام نے حضرت رسول خدا سے پوچھا جو آپ کی زیارت کرے، فرمایا اے فرزند جو زندگی یا مرنے پر میری زیارت کرے یا تمہارے باپ، بھائی اور تمہاری زیارت کرے تو روز قیامت میں اس سے ملوں گا اور گناہوں سے اسے نجات دلاؤں گا۔ (مجہول)

۵۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا جو حج کرنے مکہ آئے اور مدینہ آکر میری زیارت نہ کرے تو روز قیامت میں اس سے الگ رہوں گا اور جو میری زیارت کو آئے گا تو میری شفاعت اس کے لئے واجب ہوگی اور میری شفاعت پر اس کے لئے جنت واجب ہوگی اور جو حرمین میں کسی جگہ مکہ یا مدینہ میں مرے گا تو روز قیامت اس سے محاسبہ نہ ہوگا اور جو راہ خدا میں ہجرت کرکے آئے گا وہ اصحاب بدر کے ساتھ محشور ہوگا۔ (ض)

باب ۱۲۲

(اتباع الحج بالزيارة)

١ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن أذينة ، عن زرارة ،

Presented by www.ziaraat.com

عن أبي جعفر عليه السلام قال : إنّما اُمر الناس أن يأتوا هذه الأحجار فيطوفوا بها ثمّ يأتونا فيخبرونا بولايتهم و يعرضوا علينا نصرهم .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن سنان ، عن عمّار بن مروان ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : تمام الحجّ لقاء الإمام .

٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن عليّ بن أسباط ، عن يحيى بن يسار قال : حججنا فمررنا بأبي عبدالله عليه السلام فقال : حاجّ بيت الله و زوّار قبر نبيّه صلى الله عليه وآله و شيعة آل محمّد ! هنيئاً لكم .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن سليمان ، عن زياد القنديّ ، عن عبدالله بن سنان ، عن ذريح المحاربيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّ الله أمرني في كتابه بأمر فأحبّ أن أعمله ، قال : و ما ذاك ؟ قلت : قول الله عزّ وجلّ : « ثمّ ليقضوا تفثهم و ليوفوا نذورهم » قال : ليقضوا تفثهم لقاء الإمام و ليوفوا نذورهم تلك المناسك ، قال : عبدالله بن سنان فأتيت أبا عبدالله عليه السلام فقلت : جعلت فداك قول الله عزّ وجلّ : « ثمّ ليقضوا تفثهم وليوفوا نذورهم » قال : أخذ الشارب وقصّ الأظفار وما أشبه ذلك ، قال : قلت : جعلت فداك إنّ ذريح المحاربيّ حدّثني عنك بأنّك قلت له : « ليقضوا تفثهم » لقاء الإمام وليوفوا نذورهم تلك المناسك ، فقال : صدق ذريح وصدقت إنّ للقرآن ظاهراً و باطناً و من يحتمل ما يحتمل ذريح ؟! .

باب ۲۱۳

لقاء امام

۱۔ فرمایا لوگ ان پتھریلی جگہوں میں آئیں اور طواف کریں پھر ہمارے پاس آئیں اور اپنی ولایت و نصرت کی خبر دیں۔ (حسن)

۲۔ فرمایا تمام حج موقوف ہے لقاء امام پر (ض)

۳۔ راوی کہتا ہے ہم نے حج کیا اور حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کے پاس گئے آپ نے فرمایا اے بیت اللہ کے حاجیو، قبر نبی کے زایرو اور آل محمدؐ کے شیعو، مبارک ہو تمہیں۔ (ض)

۴۔ میں نے کہا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے اپنی کتاب میں ایک امر کا پس میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں فرمایا وہ کیا ہے میں نے کہا اللہ نے فرمایا ہے اپنی کثافت کو دور کرو اور اپنی نذروں کو وفا کرو فرمایا کثافت دور کرنے سے مراد ہے لقاء امام اور

نذریں وفا کرنے سے مراد ہے مناسک کا ادا کرنا۔ عبداللہ بن سنان نے کہا میں حضرت کے پاس آیا اور اس آیت کا مطلب پوچھا فرمایا کثافت دور کرنے سے مراد ہے مونچھیں کٹوانا، ناخن کٹوانا اور جوان سے مشابہ ہیں میں نے کہا میں نے ذریح المحاربی سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ کثافت دور کرنے سے لقاء امام مراد ہے اور نذور سے مراد مناسک ہیں فرمایا ذریح نے سچ کہا اور میں نے بھی سچ کہا، قرآن کے دو بطن ہیں ظاہر اور باطن اور کون طاقت رکھتا ہے اس امر کے اٹھانے کی جو ذریح نے اٹھایا ہے۔(م)

﴿باب ۲۱۴﴾

☆(فضل الرجوع الى المدينة)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن المثنّى ، عن سدير ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ابدؤوا بمكّة واختموا بنا .

٢ ـ عليٌّ بن محمّد بن عبدالله ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن أبيه ، قال : سألت أباجعفر عليه السلام أبدء بالمدينة أو بمكّة ؟ قال : ابدء بمكّة واختم بالمدينة فإنّه أفضل .

باب ۲۱۴

مدینہ جانے کی فضیلت

۱۔ فرمایا مکہ سے شروع کرو اور ہم پر ختم کرو۔(مجہول)

۲۔ میں نے کہا مدینہ سے شروع کروں یا مکہ سے فرمایا مکہ سے شروع کرو کیونکہ یہ افضل ہے۔(مجہول)

﴿باب ۲۱۵﴾

☆(دخول المدينة و زيارة النبي صلى الله عليه والدعاء عند قبره)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان ؛ و ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا دخلت المدينة فاغتسل قبل أن تدخلها أو حين تدخلها ثمّ تأتي قبر النبيّ صلى الله عليه وآله ثمّ تقوم فتسلّم على رسول الله صلى الله عليه وآله ثمّ تقوم عند الاُسطوانة المقدّمة من جانب القبر الأيمن عند رأس القبر عند زاوية القبر و أنت مستقبل القبلة و منكبك الأيسر إلى جانب القبر ومنكبك الأيمن ممّا يلي المنبر ، فإنّه موضع رأس رسول الله صلى الله عليه وآله وتقول :

« أشهد أن لا إله إلّا الله وحده لا شريك له و أشهد أنّ محمّداً عبده و رسوله و أشهد أنّك رسول الله ، و أشهد أنّك محمّد بن عبد الله ، و أشهد أنّك قد بلّغت رسالات ربّك و نصحت لاُمّتك ، و جاهدت في سبيل الله ، و عبدت الله [مخلصاً] حتّى أتاك اليقين بالحكمة و الموعظة الحسنة و أدّيت الّذي عليك من الحقّ و أنّك قد روفت بالمؤمنين و غلظت على الكافرين فبلغ الله بك أفضل شرف محلّ المكرّمين ، الحمد لله الّذي استنقذنا بك من الشرك و الضلالة ، اللّهمّ فاجعل صلواتك و صلوات ملائكتك المقرّبين و عبادك الصالحين و أنبيائك المرسلين و أهل السماوات والأرضين و من سبّح لك يا ربّ العالمين من الأوّلين والآخرين على محمّد عبدك و رسولك و نبيّك و أمينك و نجيّك و حبيبك و صفيّك و خاصّتك و صفوتك و خيرتك من خلقك ، اللّهمّ أعطه الدرجة و الوسيلة من الجنّة وابعثه مقاماً محموداً يغبطه به الأوّلون و الآخرون ، اللّهمّ إنّك قلت : « ولو أنّهم إذظلموا أنفسهم جاؤك فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توّاباً رحيماً » و إنّي أتيت نبيّك مستغفراً تائباًمن ذنوبي وإنّي أتوجّه بك إلى الله ربّي و ربّك ليغفر لي ذنوبي » .

۲ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن الحسين بن عليّ الكوفيّ ، عن عليّ بن مهزيار ، عن الحسن بن عليّ بن عثمان بن عليّ بن الحسين بن عليّ بن أبي‌طالب ، عن عليّ بن جعفر ، عن أخيه أبي‌الحسن موسى ، عن أبيه ، عن جدّه عليه السلام قال : كان أبي عليّ بن الحسين عليهما السلام يقف على قبر النبيّ صلّى الله عليه وآله فيسلّم عليه و يشهد له بالبلاغ و يدعو بما حضره ثمّ يسند ظهره إلى المروة الخضراء الدّقيقة العرض ممّا يلي القبر ويلتزق بالقبر و يسند ظهره إلى القبر و يستقبل القبلة فيقول : « اللّهمّ إليك ألجأت ظهري و إلى قبر محمّد عبدك و رسولك أسندت ظهري و القبلة الّتي رضيت لمحمّد صلّى الله عليه وآله استقبلت ، اللّهمّ إنّي أصبحت لا أملك لنفسي خيرما أرجو ولا أدفع عنها شرّ ما أحذر عليها و أصبحت الاُمور بيدك فلافقير أفقر منّي إنّي لما أنزلت إليّ من خير فقير ، اللّهمّ اردُدني منك بخير فإنّه لارادّ لفضلك ، اللّهمّ إنّي أعوذ بك من أن تبدّل اسمي أوتغيّر جسمي أوتزيل نعمتك عنّي ، اللّهمّ كرّمني بالتقوى و جمّلني بالنعم و اغمرني بالعافية وارزقني شكر العافية .

Presented by www.ziaraat.com

٣ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : كيف السلام على رسول الله صلى الله عليه وآله عند قبره ؟ فقال : قل : « السلام على رسول الله ، السلام عليك يا حبيب الله ، السلام عليك يا صفوة الله ، السلام عليك يا أمين الله أشهد أنّك قد نصحت لأُمّتك و جاهدت في سبيل الله و عبدته حتّى أتاك اليقين فجزاك الله أفضل ما جزى نبيّاً عن أُمّته ، اللّهمّ صلّ على محمّد و آل محمّد أفضل ما صلّيت على إبراهيم و آل إبراهيم إنّك حميدٌ مجيدٌ » .

٤ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن الحسن بن عليّ الكوفيّ ، عن عليّ بن مهزيار ، عن حمّاد بن عيسى ، عن محمّد بن مسعود قال : رأيت أبا عبدالله عليه السلام انتهى إلى قبر النبيّ صلى الله عليه وآله فوضع يده عليه وقال : « أسأل الله الّذي اجتباك واختارك و هداك وهدى بك أن يصلّي عليك » ثمّ قال : « إنّ الله وملائكته يصلّون على النبيّ يا أيّها الّذين آمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً » .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد بن عثمان ، عن إسحاق بن عمّار أنّ أبا عبدالله عليه السلام قال لهم : مرّوا بالمدينة فسلّموا على رسول الله صلى الله عليه وآله من قريب وإن كانت الصلاة تبلغه من بعيد .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن صفوان بن يحيى قال : سألت أبا الحسن عليه السلام[٢] عن المرّ في مؤخّر مسجد رسول الله صلى الله عليه وآله ولا أسلّم على النبيّ صلى الله عليه وآله ، فقال : لم يكن أبو الحسن عليه السلام يصنع ذلك ، قلت : فيدخل المسجد فيسلّم من بعيد لا يدنو من القبر ؟ فقال : لا ، قال : سلّم عليه حين تدخل وحين تخرج ومن بعيد .

٧ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن معاوية بن وهب قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : صلّوا إلى جانب قبر النبيّ صلى الله عليه وآله وإن كانت صلاة المؤمنين تبلغه أينما كانوا .

٨ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن حسّان ، عن بعض أصحابنا قال : حضرت أبا الحسن الأوّل عليه السلام و هارون الخليفة و عيسى بن جعفر و جعفر بن يحيى بالمدينة قد جاؤوا إلى قبر النبيّ صلى الله عليه وآله فقال هارون لأبي الحسن عليه السلام : تقدّم فأبى فتقدّم هارون فسلّم وقام ناحية وقال عيسى بن جعفر لأبي الحسن عليه السلام : تقدّم فأبى فتقدّم عيسى فسلّم ووقف مع هارون ، فقال : جعفر لأبي الحسن عليه السلام : تقدّم فأبى فتقدّم

Presented by www.ziaraat.com

جعفر فسلّم ووقف مع هارون وتقدّم أبوالحسن عليه السلام فقال : السلام عليك يا أبه أسأل الله الّذي اصطفاك واجتباك وهداك وهدى بك أن يصلّي عليك ، فقال : هارون لعيسى : سمعت ماقال ؟ قال : نعم ، فقال هارون : أشهد أنّه أبوه حقّاً

باب

دخول مدینہ و زیارت نبیؐ

۱۔ فرمایا جب مدینہ میں داخل ہو تو داخلہ سے پہلے غسل کرو یا داخلہ کے وقت پھر قبر نبی کے پاس جاکر سلام کرو پھر اس ستون کے قریب کھڑے ہو جو قبر کے داہنی طرف ہے قبر کے سرہانے قبر کے گوشہ کے پاس اور روبقبلہ ہو، تمہارا بایاں کندھا جانب قبر ہو اور داہنا متصل قبر، کیونکہ سر اقدس رسول اللہ کی یہی جگہ ہے اور کہو۔

« أشهد أن لا إله إلّا الله وحده لا شريك له و أشهد أنّ محمّداً عبده و رسوله و أشهد أنّك رسول الله ، و أشهد أنّك محمّد بن عبد الله ، و أشهد أنّك قد بلّغت رسالات ربّك و نصحت لاُمّتك ، و جاهدت في سبيل الله ، و عبدت الله [مخلصاً] حتّى أتاك اليقين بالحكمة و الموعظة الحسنة و أدّيت الّذي عليك من الحقّ و أنّك قد روفت بالمؤمنين و غلظت على الكافرين فبلغ الله بك أفضل شرف محلّ المكرّمين ، الحمد لله الّذي استنقذنا بك من الشرك و الضّلالة ، اللّهمّ فاجعل صلواتك و صلوات ملائكتك المقرّبين و عبادك الصالحين و أنبيائك المرسلين و أهل السماوات والأرضين و من سبّح لك يا ربّ العالمين من الأوّلين والآخرين على محمّد عبدك و رسولك و نبيّك و أمينك و نجيّك و حبيبك و صفيّك و خاصّتك و صفوتك و خيرتك من خلقك ، اللّهمّ أعطه الدّرجة و الوسيلة من الجنّة وابعثه مقاماً محموداً يغبطه به الأوّلون و الآخرون ، اللّهمّ إنّك قلت : « ولو أنّهم إذظلموا أنفسهم جاؤك فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توّاباً رحيماً » و إنّي أتيت نبيّك مستغفراً تائباً من ذنوبي وإنّي أتوجّه بك إلى الله ربّي و ربّك ليغفر لي ذنوبي » .

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور یہ کہ محمد خدا کے عبد و رسول ہیں اور یہ کہ آپ اللہ کے

Presented by www.ziaraat.com

رسولؐ ہیں اور پسر عبداللہ ہیں اور یہ کہ آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنی امت کو نصیحت کر دی اور راہ خدا میں جہاد کیا اور مرتے وقت تک اللہ کی عبادت کی اور حکمت اور موعظہ حسنہ سے کام لیا اور جو حق ادا کرنے کا تھا اس طرح ادا کیا اور آپ مومنین پر مہربان ہیں اور کافروں پر سخت اللہ تعالیٰ نے تمام صاحب کرامت انبیاء پر آپ کو شرف بخشا ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ آپ کی وجہ سے ہم شرک سے بچ گئے یا اللہ تیری صلوٰۃ ہو، تیری، تیرے ملائکہ مقربین کی عباد مخلصین کی تیرے انبیاء مرسلین کی اور اہل سموات و ارض کی اور ان سب کی جو تیری تسبیح کرتے ہیں اولین سے ہوں یا آخرین سے، محمد اپنے عبد و رسول و نبی و امین و نجی و حبیب و صفی و خاصہ و صاحب صفوت اور تمام مخلوق میں اپنے بہتر بندہ پر یا اللہ ان کو جنت میں اعلیٰ درجہ و وسیلہ عطا کر اور اس مقام محمود کو عطا کر جو باعث غبطہ ہو اولین و آخرین کے لیے، یا اللہ تو نے فرمایا ہے اگر وہ لوگ جنھوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا ہے تمہارے پاس آئیں اور اللہ سے استغفار کریں اور رسولؐ بھی سفارش کریں تو اللہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے یا اللہ میں تیرے نبی کے پاس استغفار اور توبہ کرتا ہوا آیا ہوں اپنے گناہوں سے، اے رسول میں اپنے اور آپ کے رب اللہ سے عرض کرتا ہوں کہ وہ آپ کے واسطہ میرے گناہ بخش دے۔

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ میرے والد علی بن الحسین علیہ السلام قبر نبی پر آئے اور سلام کیا اور گواہی دی ان کی تبلیغ کی اور پھر اپنی پیٹھ مروہ خضرا پتھر سے لگائی جو متصل قبر تھا اور قبر سے لپٹ گئے اور اپنی پشت کو قبر سے لگا کر اور رو بقبلہ ہو کر فرمایا:

اللّهمّ إليك ألجأت ظهري و إلى قبر محمّد عبدك و رسولك أسندت ظهري و القبلة الّتي رضيت لمحمّد ﷺ استقبلت، اللّهمّ إنّي أصبحت لا أملك لنفسي خير ما أرجو ولا أدفع عنها شرّ ما أحذر عليها و أصبحت الأمور بيدك فلافقير أفقر منّي إنّي لما أنزلت إليّ من خير فقير، اللّهمّ اردُدني منك بخير فإنّه لارادّ لفضلك، اللّهمّ إنّي أعوذ بك من أن تبدّل اسمي أو تغيّر جسمي أو تزيل نعمتك عنّي، اللّهمّ كرّمني بالتقوى و جمّلني بالنعم و اغمرني بالعافية وارزقني شكر العافية.

یا اللہ اپنی پشت کو جھکایا ہے تیری طرف اور تیرے بندے اور رسول محمدؐ کی طرف اور اس قبلہ کی طرف جس سے تو نے محمدؐ کو راضی کیا یا اللہ میرا حال یہ ہے کہ میں اپنے نفس پر قابو نہیں رکھتا جو میں امید کرتا ہوں اور اس شر کو دفع نہیں کر سکتا میرے معاملات تیرے ہاتھ میں ہیں مجھ سے زیادہ کوئی محتاج نہیں، یا اللہ نیکی کو میری طرف لوٹا، تیرے فضل کا کوئی رد کرنے والا نہیں یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میرا نام بدل جائے یا میرے جسم میں تغیر پیدا ہو جائے یا تیری نعمت زائل ہو جائے یا اللہ مجھے تقویٰ دے اور مجھے نعمتوں سے لاد دے اور عافیت سے بھرپور کر اور شکر و عافیت کی توفیق

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ (مجہول)

۳۔ میں نے کہا قبر رسول پر سلام کیسے کریں، فرمایا کہو۔

